# صابر دہلوی کے کلام کی تدوین و مقدمہ

تحقیقی مقالہ برائے ایم فل (اردو)

۱۹۹۶ء

نگران
ڈاکٹر انوار احمد
صدر شعبۂ اردو
بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان

مقالہ نگار
عذرا بتول رول نمبر ۲۶۳۶۴۶ ۷ے
اسسٹنٹ پروفیسر شعبۂ اردو
گورنمنٹ کالج برائے خواتین ملتان

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

*

(مراسلہ نمبر ایف ۴-۱۶/۹۵ مورخہ ۲۳ جولائی ۱۹۹۵ء کے تحت منظور شدہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


# BAHAUDDIN ZAKARIYA UNIVERSITY,


UNIVERSITY CAMPUS MULTAN (PAKISTAN)

*Telephone No. 520101-4*


اس امر کی تصدیق میرے لیے باعث مسرت ہے کہ عزیزہ عذرا بتول طالبہ ایم فل (اردو) ، رول نمبر 72636 ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ، اسلام آباد نے میری زیر نگرانی اپنا ایم فل کا تحقیقی مقالہ بعنوان " صابر دہلوی کے کلام کی تدوین اور مقدمہ" مکمل کر لیا ہے۔ میں ان کے تحقیقی و تنقیدی کام سے مطمئن ہوں اور میرے خیال میں یہ مقالہ معیار و مقدار کے لحاظ سے ایم فل کی سطح کا ہے ، اس لیے اسے ایم فل ڈگری کے لیے پیش کرنے کی اجازت دیتا ہوں۔

انوار احمد

( ڈاکٹر انوار احمد )
پروفیسر ، شعبہ اردو
**PROFESSOR**
Department of Urdu,
Bahauddin Zakariya,
University, Multan.


بسم اللہ الرحمن الرحیم

# انتساب

اپنے محترم والدین

خدائے مجازی

پیارے بیٹوں علی اور رافع کے نام

# نظم بیادِ صابر

## صابر دہلوی

زہر لگتی ہے گلستاں کی فضا تیرے بعد
کاٹتی ہے مجھے ہر موجِ ہوا تیرے بعد

میں جسے جانِ سکوں میں جسے پہچان سکوں
میرے کانوں میں نہ گونجی وہ صدا تیرے بعد

کون رکھتا ہے کسی کے دلِ نازک کا خیال
ہو گیا ختم وہ معیارِ وفا تیرے بعد

اب تو ہر سانس پہ ہچکی کا گماں ہوتا ہے
واقعہ یہ ہے کہ دل ٹوٹ گیا تیرے بعد

کون سمجھے گا ترے بعد مرے دل کی زباں
کس سے پاؤں گا میں شعروں کا صلہ تیرے بعد

میری غزلوں میں یہ کوتاہئ اظہار و بیاں
نہ ہوئے شوق کے مضمون ادا تیرے بعد

تیرے مرنے سے محبّت کی سپر ٹوٹ گئی
بڑھ گئی تیزئ شمشیرِ جفا تیرے بعد

نگہِ دوست سے ہوتا تھا تغزّل شاداب
شعر کہنے کا وہ موسم نہ رہا تیرے بعد

لُٹ گئی قدرِ وفا، مِٹ گئی تہذیبِ وفا
مدّتوں روئیں گے اربابِ وفا تیرے بعد

(صابر دہلوی کی یاد میں عاصی کرنالی کی نظم)

عاصی کرنالی، "تمام و نا تمام" (کلیات) طبع اول، ایجوکیشنل پریس کراچی ۱۹۹۴ء ص ۶۴۴

# مندرجات

| نمبر شمار | مصرعِ اولیٰ | بحر | کل اشعار | بیاض | حواشی | ناکمل مصرعے | مقاماتِ قیاس | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | **نعت و منقبت** (ردیف "الف") | | | | | | | |
| ۱ | رکھتا ہوں عشق دل میں رسالت مآبؐ کا | مضارع مثمن مکفوف | ۷ | اول ص ۳۴ سوم ص ۴۸ | ۲ | - | - | ۹۷ |
| | **ردیف "ل"** | | | | | | | |
| ۲ | روح کو تڑپا رہی ہے یادِ گیسوئے رسولؐ | رمل مثمن محذوف | ۸ | اول ص ۱۰۱، ۷۰ | ۴ | - | - | ۹۹ |
| | **ردیف "ن"** | | | | | | | |
| ۳ | بیکسوں کا آسرا ہو یا حبیبِ ذوالمننؐ | رمل مثمن محذوف | ٦ | اول ص ۴۸ | ۲ | - | - | ۱۰۱ |
| ۴ | بے خود و سرشار ہو کر لاکھ ہوشیاروں میں ہوں | رمل مثمن محذوف | ٦ | اول ص ۲٦ | ۲ | - | - | ۱۰۱ |
| | **ردیف "و"** | | | | | | | |
| ۵ | وا کیوں نہ اُس کے واسطے جنت کا باب ہو | مضارع مثمن مکفوف | ۵ | اول ص ۱ | - | - | - | ۱۰۳ |
| | **ردیف "ہ"** | | | | | | | |
| ٦ | سمجھا مجھے ہر شخص نے میخوارِ مدینہ | اہزوجہ مثمن | ۱٦ | اول ص ۸۰ دوم ص ۵۰ سوم ص ۲۰ | ۱ | - | ۲ | ۱۰۵ |
| ۷ | اللہ رے یہ عظمتِ دارائے مدینہ | اہزوجہ مثمن | ۵ | سوم ص ۱۱۳ | ۱ | - | ۱ | ۱۰۵ |
| | **ردیف "ے"** | | | | | | | |
| ۸ | جس سمت نگاہیں اُٹھیں گی انوارِ محمد دیکھیں گے | متقارب اثرم مضاعف | ٦ | اول ص ٦۷ سوم ص ۴۷ | - | - | ۲ | ۱۰۷ |
| ۹ | غنچے ترے لئے گُلِ خنداں ترے لئے | مضارع مثمن | ۱۰ | اول ص ۴۷ سوم ص ۹۱ | ۱ | - | ۱ | ۱۰۷ |
| ۱۰ | مبارک دورِ فصلِ گُل چمن میں آنے والا ہے | ہزج مثمن سالم | ٦ | اول ص ۳۴ | - | - | ۱ | ۱۰۷ |
| ۱۱ | مانوسِ اعتبارِ تمنّا کہیں جسے | مضارع مثمن | ۹ | اول ص ۸۲ دوم ص ۵۱ | - | ۱ | - | ۱۰۸ |
| ۱۲ | آج یہ مژدہ جاں بخش صبا لائی ہے | ارمولہ مثمن | ۱۰ | سوم ص ۷۸ | ۱ | - | - | ۱۰۸ |
| | **غزلیات** (ردیف "الف") | | | | | | | |
| ۱۳ | چل دئیے پھیر کے منہ وہ دلِ شیدا دیکھا | ارمولہ مثمن | ۹ | اول ص ۷۷ | ۵ | - | ۱ | ۱۱۱ |
| ۱۴ | یہ مستیاں نظر میں یہ عالم شباب کا | مضارع مثمن | ۷ | اول ص ۷۹ | ۱ | - | ۲ | ۱۱۱ |
| ۱۵ | میں نے پوچھا تھا کہ پورا مرا ارماں ہو گا | ارمولہ مثمن | ۴ | اول ص ٦۷ | ۴ | - | - | ۱۱۱ |
| ۱٦ | تماشا بزم میں تیری یہ اے بیداد گر دیکھا | ہزج مثمن سالم | ۸ | اول ص ٦۷ سوم ص ۴۷ | ۲ | - | - | ۱۱۲ |
| ۱۷ | تو نے یہ احسان مجھ پر چشمِ گریاں کر دیا | رمل مثمن محذوف | ۱۱ | اول ص ٦۵ | ۲ | - | - | ۱۱۲ |
| ۱۸ | کیا کرے سوزِ ناتمام اُن کا | خفیف مسدس | ۱۵ | اول ص ۵۹ | ۱ | - | - | ۱۱۲ |
| ۱۹ | آخرش عجز و نیازِ عشق کام آہی گیا | رمل مثمن محذوف | ۱۴ | اول ص ۵۸ | ۳ | - | ۱ | ۱۱۳ |
| ۲۰ | تک رہی ہے میری جانب نرگسِ مستانہ کیا | رمل مثمن محذوف | ۱۰ | اول ص ۴۷ | ۵ | - | ۲ | ۱۱۴ |
| ۲۱ | کوئی دیوانہ تیری بزم میں داخل تو کیا ہو گا | ہزج مثمن سالم | ۹ | اول ص ۲۸، ۳۰ دوم ص ۳۱ | ۲ | - | - | ۱۱۴ |

| نمبر شمار | مصرعِ اولیٰ | بحر | کل اشعار | بیاض | حواشی | نامکمل مصرعے | مقاماتِ قیاس | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۲۲ | غم و آلام میں آتا ہے مجھ کو شاداں ہونا | ہزج مثمن سالم | ۷ | اوّل ص ۲۶ سوم ص ۳۳ | ۳ | - | ۲ | ۱۱۵ |
| ۲۳ | رنجشِ بے پناہ نے مارا | خفیف مسدس | ۴ | اوّل ص ۲۰ دوم ص ۲۱ | ۱ | - | - | ۱۱۵ |
| ۲۴ | رخ ہے گلشن کی طرف عزم ہے ویرانے کا | ارمولہ مثمن | ۱۲ | اوّل ص ۹ دوم ص ۶ سوم ص ۹۰ | ۳ | - | - | ۱۱۵ |
| ۲۵ | کام کچھ ساقیٔ میخانہ بنایا ہوتا | ارمولہ مثمن | ۴ | اوّل ص ۹ دوم ص ۳۹ | - | - | - | ۱۱۶ |
| ۲۶ | یوں مشکلاتِ عشق کو آساں بنادیا | مضارع مثمن | ۱۶ | دوم ص ۵۵ سوم ص ۵۴ | ۲ | - | - | ۱۱۶ |
| ۲۷ | غلط کیا ہے دلِ مضطر جو بہلایا نہیں جاتا | ہزج مثمن سالم | ۴ | دوم ص ۴۵ سوم ص ۶۸ | ۱ | - | - | ۱۱۷ |
| ۲۸ | سوچتا ہوں اپنے دل میں ہائے یہ کیا ہو گیا | رمل مثمن محذوف | ۶ | اوّل ص ۲۸ دوم ص ۴۴ | ۲ | - | ۱ | ۱۱۷ |
| ۲۹ | میرا دل اب بھی یونہی شعلہ بجاں ہے کہ جو تھا | ارمولہ مثمن | ۱۱ | سوم ص ۱۹ | - | - | - | ۱۱۷ |
| ۳۰ | ضرور آئے گا وہ دن ضرور آئے گا | مجتث مثمن | ۱۰ | سوم ص ۳۶ | - | - | - | ۱۱۸ |
| ۳۱ | وا نہ ہوتے لبِ اظہار تو اچھا ہوتا | ارمولہ مثمن | ۸ | سوم ص ۲۷ | - | - | - | ۱۱۸ |
| ۳۲ | گلہ کیوں ہو کسی کی کجروی کا | رجز | ۱۰ | سوم ص ۴۲ | - | - | - | ۱۱۸ |
| ۳۳ | مر جاؤں گا نکلا نہ گر ارمانِ تمنا | اہزوجہ مثمن | ۱۳ | سوم ص ۶۱ | ۲ | - | - | ۱۱۹ |
| ۳۴ | تیرا جلوہ جو مرے کام نہ آیا ہوتا | ارمولہ مثمن | ۷ | سوم ص ۷۱ | - | - | - | ۱۲۰ |
| ۳۵ | مجھے تو آپ ہی اپنا نشاں نہیں ملتا (مصرع ثانی) | مجتث مثمن | ۴ | سوم ص ۱۱۱ | - | - | - | ۱۲۰ |
| ۳۶ | ضبط کا پاس مجھے دیدہ گریاں نہ رہا | ارمولہ مثمن | ۵ | سوم ص ۱۱۶ | - | - | - | ۱۲۰ |
| | **ردیف "ب"** | | | | | | | |
| ۳۷ | کبھی زمیں کے کبھی کھائے آسماں کے فریب | مجتث مثمن | ۸ | سوم ص ۴۰ | ۲ | - | - | ۱۲۲ |
| | **ردیف "پ"** | | | | | | | |
| ۳۸ | تسکینِ اضطراب نہ فرمائیے گا آپ | مضارع مثمن | ۹ | اوّل ص ۸۳ دوم ۱۶ | ۲ | - | ۳ | ۱۲۴ |
| | **ردیف "ت"** | | | | | | | |
| ۳۹ | چلا خنجرِ بے نیامِ محبّت | متقارب مثمن سالم | ۸ | اوّل ص ۷ دوم ص ۴ | ۱ | - | - | ۱۲۶ |
| ۴۰ | مجھ سے یہ کہہ رہی ہے مری تلخیِ حیات | مضارع مثمن اغیر مردّف | ۳ | اوّل ص ۲۰ دوم ۲۲ | ۱ | - | - | ۱۲۶ |
| ۴۱ | میں ہی تھا جب تری نفرت کا نشانہ اے دوست | ارمولہ مثمن | ۶ | سوم ص ۹۹ | ۲ | - | ۱ | ۱۲۶ |
| | **ردیف "د"** | | | | | | | |
| ۴۲ | یہ دشمنی درست نہیں دوستی کے بعد | مضارع مثمن | ۱۲ | اوّل ص ۷۱ سوم ص ۵۶ | ۱ | - | ۲ | ۱۲۸ |
| ۴۳ | خدا کی شان کہ اب وہ ہیں مائلِ فریاد | مجتث مثمن اغیر مردّف | ۱۵ | دوم ص ۴۲ سوم ص ۹۵ | ۱ | - | - | ۱۲۸ |
| ۴۴ | اب ہے زمیں کی یاد نہ کچھ آسماں کی یاد | مضارع مثمن | ۷ | سوم ص ۳۱ | - | - | - | ۱۲۹ |
| ۴۵ | عشق کا حسن ہی باقی نہ رہا میرے بعد | ارمولہ مثمن | ۷ | سوم ص ۵۶ | ۱ | - | - | ۱۲۹ |

| نمبر شمار | مصرعِ اولیٰ | بحر | کل اشعار | بیاض | حواشی | نامکمل مصرعے | مقاماتِ قیاس | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | **ردیف "ر"** | | | | | | | |
| ۴۶ | وہ ملتفت بھی اگر ہوں تو اعتبار نہ کر | مجتث مثمن | ۱۶ | اول ص ۲۷ دوم ص ۲۹ سوم ص ۴۳ | ۳ | - | - | ۱۳۱ |
| ۴۷ | مجھے اب پیار آتا ہے جنونِ فتنہ ساماں پر | ہزج مثمن سالم | ۷ | اول ص ۳۷ | ۱ | - | ۱ | ۱۳۱ |
| ۴۸ | مری روح میں میرے دل میں سما کر | متقارب مثمن سالم | ۷ | اول ص ۶۳ | ۲ | - | - | ۱۳۲ |
| ۴۹ | ظاہر کروں گا عشق کو اس بدگمان پر | مضارع مثمن | ۶ | اول ص ۲۳ دوم ص ۲۶ | ۱ | - | - | ۱۳۲ |
| ۵۰ | تم جو آجاؤ مری زیست کا حاصل ہو کر | ارمولہ مثمن | ۹ | اول ص ۱۵ دوم ص ۱۲ | ۳ | - | - | ۱۳۲ |
| ۵۱ | کہہ غزل صابر ابھی تُو بھی بہ عنوانِ بہار | رمل مثمن مقصور | ۱۵ | سوم ص ۸۲ | - | - | - | ۱۳۳ |
| ۵۲ | اپنا سکہ دلِ دشمن پہ بٹھائیں کیونکر | ارمولہ مثمن | ۶ | سوم ص ۱۱۵ | ۱ | - | ۱ | ۱۳۳ |
| | **ردیف "ض"** | | | | | | | |
| ۵۳ | پرسشِ غم کیوں دلِ درد آشنا سے کیا غرض | رمل مثمن محذوف | ۸ | اول ص ۱۸، ۱۹ دوم ص ۱۸ | ۲ | - | - | ۱۳۵ |
| | **ردیف "ک"** | | | | | | | |
| ۵۴ | نہ میں سمجھا نہ وہ سمجھے یہ اسرارِ نہاں اب تک | ہزج مثمن سالم | ۱۳ | اول ص ۳۶ سوم ص ۴۳، ۱۰۲ | - | - | ۲ | ۱۳۷ |
| ۵۵ | جہانِ حسن پر آخر رہوں بارِ گراں کب تک | ہزج مثمن سالم | ۱۱ | اول ص ۵۲، ۵۳ | ۲ | - | ۱ | ۱۳۷ |
| | **ردیف "ل"** | | | | | | | |
| ۵۶ | تیرے بغیر کس سے کہوں داستانِ دل | مضارع مثمن | ۳۰ | اول ص ۶۸ تا ۷۰ | ۳ | - | ۴ | ۱۳۹ |
| ۵۷ | گریاں کبھی ہے تو کبھی خنداں ہے آج کل | مضارع مثمن | ۱۴ | اول ص ۳۳ | ۱ | - | - | ۱۴۰ |
| ۵۸ | لحہ لحہ آپ تک جاتا ہے اور آتا ہے دل | رمل مثمن محذوف | ۷ | اول ص ۱۹ دوم ص ۱۹ | ۱ | - | - | ۱۴۱ |
| | **ردیف "م"** | | | | | | | |
| ۵۹ | لیں گے جو کام جذبۂ دل کے اثر سے ہم | مضارع مثمن | ۱۰ | اول ص ۲ سوم ص ۱۷ | ۳ | - | - | ۱۴۳ |
| ۶۰ | ہوئی جو عشق کی ہر آہ رائیگاں معلوم | مجتث مثمن | ۷ | اول ص ۱۱ دوم ص ۷ سوم ص ۳۴ | - | - | ۱ | ۱۴۳ |
| ۶۱ | نہ دن کو چین میسر نہ رات کو آرام | مجتث مثمن اغیر مرذف | ۶ | سوم ص ۲۱ | ۱ | ۱ | - | ۱۴۴ |
| ۶۲ | تُو ظلم کر کہیں گے وفا. اب جفا کو ہم | مجتث مثمن | ۴ | سوم ص ۶۳ | - | ۱ | - | ۱۴۴ |
| ۶۳ | نہ جانے آج کہاں مسکرا رہے ہو تم | مضارع مثمن | ۹ | سوم ص ۷۹ | ۲ | - | - | ۱۴۴ |
| ۶۴ | دلِ تباہ ہوا گم کہاں نہیں معلوم | مجتث مثمن | ۴ | اول ص ۱۱ دوم ص ۸ | - | - | - | ۱۴۵ |
| | **ردیف "ن"** | | | | | | | |
| ۶۵ | پھر دکھا جلوہ بنا پھر اپنا دیوانہ ہمیں | رمل مثمن محذوف | ۱۰ | دوم ص ۴۶ سوم ص ۳۷ | ۴ | - | - | ۱۴۷ |
| ۶۶ | تیرا منہ گردشِ ایّام کہاں تک دیکھوں | ارمولہ مثمن | ۱۲ | دوم ص ۳ | ۳ | - | - | ۱۴۷ |
| ۶۷ | یہ میری سعیِ لاحاصل کا حاصل ہے جہاں میں ہوں | ہزج مثمن سالم | ۹ | اول ص ۵۴ | ۳ | ۱ | - | ۱۴۸ |
| ۶۸ | دیدہ و دل سے جب وہ دور نہیں | خفیف مسدس | ۱۴ | اول ص ۳۸ | ۲ | - | - | ۱۴۸ |

| نمبر شمار | مصرعِ اولیٰ | بحر | کل اشعار | بیاض | حواشی | نامکمل مصرعے | مقاماتِ قیاس | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۶۹ | کیا کریں اپنے دلِ وحشی سے ہم مجبور ہیں | رمل مثمن محذوف | ۱۵ | اول ص ۲۹ دوم ص ۳۰ | - | - | - | ۱۴۹ |
| ۷۰ | زاہدِ خشک تُو اگر درد سے آشنا نہیں | متزاوج مثمن | ۱۰ | اول ص ۱۷ دوم ص ۱۵ | - | - | - | ۱۴۹ |
| ۷۱ | اگر وہ مسکرا کر رہ گئے ہیں | رجز | ۷ | اول ص ۳ دوم ص ۴۸ سوم ص ۹۸ | ۱ | ۱ | - | ۱۵۰ |
| ۷۲ | ستائے جاتے ہیں پیہم ستائے جاتے ہیں | مجتث مثمن | ۶ | اول ص ۵۱ | ۱ | - | - | ۱۵۰ |
| ۷۳ | وہ ہر جگہ ہے کہاں اسکی جلوہ گاہ نہیں | مجتث مثمن | ۷ | اول ص ۵۰ | ۲ | - | - | ۱۵۰ |
| ۷۴ | عالمِ بالا کی جب حد سے گزر جاتا ہوں میں | رمل مثمن محذوف | ۱۱ | اول ص ۴۹ | ۲ | - | - | ۱۵۱ |
| ۷۵ | زمانے کو بھلاتا جا رہا ہوں | رجز | ۶ | اول ص ۴۵ | ۳ | - | ۱ | ۱۵۱ |
| ۷۶ | مجھ سے یہ کہہ کے وہ سدھارے ہیں | خفیف مسدس | ۶ | اول ص ۲۱ دوم ص ۲۳ | ۳ | - | - | ۱۵۱ |
| ۷۷ | دوستی تجھ سے جو ہم اے حیلہ جُو کرتے نہیں | رمل مثمن محذوف | ۸ | اول ص ۸ دوم ص ۳۸ | ۲ | - | - | ۱۵۲ |
| ۷۸ | جلوۂ مہر وماہ کیا شام وسحر میں کچھ نہیں | متزاوج مثمن | ۷ | دوم ص ۵۶ سوم ص ۴۵ | - | ۱ | - | ۱۵۲ |
| ۷۹ | لاکھ سہی ناکامِ محبت پھر بھی میں ناکام نہیں | چامہ مثمن محذوف | ۷ | دوم ص ۴۰ سوم ص ۸۹ | ۱ | - | - | ۱۵۲ |
| ۸۰ | کیا آفتیں ہیں زندگیٔ مستعار میں | مضارع مثمن | ۶ | اول ص ۶۷ | - | - | ۳ | ۱۵۳ |
| ۸۱ | وہ مجھ سے امتحاں کیا کیا خدا کی شان لیتے ہیں | ہزج مثمن سالم | ۴ | اول ص ۶۳ | ۴ | - | - | ۱۵۳ |
| ۸۲ | بے وفا نکلا جسے اک باوفا سمجھا تھا میں | رمل مثمن محذوف | ۴ | اول ص ۵۵ | ۱ | - | - | ۱۵۳ |
| ۸۳ | نظر انجام پر کیوں ہو جو کچھ سوچیں طبیعت میں | ہزج مثمن سالم | ۵ | اول ص ۳۱ دوم ص ۳۴ | - | - | - | ۱۵۳ |
| ۸۴ | مانا کہ عشق میں مجھے حاصل خوشی نہیں | مضارع مثمن | ۱۴ | اول ص ۶ دوم ص ۲ | ۳ | - | ۱ | ۱۵۳ |
| ۸۵ | دلِ تباہ جو خنداں نہیں تو کچھ بھی نہیں | مجتث مثمن | ۵ | سوم ص ۱۳ | - | - | - | ۱۵۴ |
| ۸۶ | ہوا ہے جن کی محبت میں میرا حال زبوں | مجتث مثمن اغیر مردف | ۷ | سوم ص ۲۵ | - | - | - | ۱۵۴ |
| ۸۷ | بے چین ہے کیوں یہ برق بھلا، گرنی ہے کدھر معلوم نہیں | متقارب مثمن اثرم | ۱۲ | سوم ص ۴۸، ۵۲ | ۱ | ۱ | ۱ | ۱۵۵ |
| ۸۸ | ہنگامہ ہائے دہر میں عزلت گزیں ہوں میں | مضارع مثمن | ۱۵ | سوم ص ۴۹ | - | - | - | ۱۵۵ |
| ۸۹ | کبھی کبھی تو یہ لمحے نصیب ہوتے ہیں | مجتث مثمن | ۶ | سوم ص ۶۰ | - | - | - | ۱۵۶ |
| ۹۰ | جو غمِ عشق سے بیزار نظر آتے ہیں | ارمولہ مثمن | ۱۲ | سوم ص ۶۷ | - | - | - | ۱۵۶ |
| ۹۱ | رہ طلب میں کیا یہ انقلاب دیکھتا ہوں میں | نشید | ۹ | سوم ص ۷۳ | ۱ | - | - | ۱۵۷ |
| ۹۲ | کچھ غمِ عشق کا اظہار کروں یا نہ کروں | ارمولہ مثمن | ۱۰ | سوم ص ۸۷ | - | - | - | ۱۵۷ |
| ۹۳ | کسی سے کام ہی کیا کیوں کسی کی بات کریں | مجتث مثمن | ۳ | سوم ص ۹۲ | ۱ | - | - | ۱۵۷ |
| ۹۴ | مرے دل کو وہ اپنی یاد کے قابل سمجھتے ہیں | ہزج مثمن سالم | ۱۶ | سوم ص ۱۰۷، ۱۰۸ | ۱ | - | ۱ | ۱۵۸ |
| ۹۵ | تجھکو اپنی زندگی کا پاسباں سمجھا تھا میں | رمل مثمن محذوف | ۲۱ | اول ص ۵۵ سوم ص ۶۶ | - | - | - | ۱۵۸ |
| | **ردیف "و"** | | | | | | | |
| ۹۶ | عشق سے حُسن کی رسوائی کا ساماں کیوں ہو | ارمولہ مثمن | ۱۲ | اول ص ۷۳ | - | - | - | ۱۶۱ |

| نمبر شمار | مصرعِ اولیٰ | بحر | کل اشعار | بیاض | حواشی | نامکمل مصرعے | مقاماتِ قیاس | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۹۷ | او جفا کیش بس اب اور جفا کوش نہ ہو | ارمولہ مثمن | ۷ | اول ص ۴۱ | ۱ | - | ۱ | ۱۶۱ |
| ۹۸ | کھینچ لایا ہے وہاں ذوقِ فراواں مجھکو | ارمولہ مثمن | ۱۰ | اول ص ۳۲ سوم ص ۱۵، ۵۵ | - | - | ۱ | ۱۶۱ |
| ۹۹ | رحم کر او بدگمان آرزو | ارمولہ مسدس مقصور | ۱۱ | اول ص ۱۶ دوم ص ۱۴ الف | - | - | - | ۱۶۲ |
| ۱۰۰ | یہاں تک جذب کر لے اے خیالِ گلستاں مجھکو | ہزج مثمن سالم | ۶ | اول ص ۵ دوم ص ۱ | ۱ | - | - | ۱۶۲ |
| ۱۰۱ | اب نہ یوں دل کو مرے مائلِ فریاد کرو | ارمولہ مثمن | ۷ | سوم ص ۱۱۷ | - | - | - | ۱۶۳ |
| | **ردیف "ہ"** | | | | | | | |
| ۱۰۲ | کوئی چمن ہے نظر میں نہ کوئی ویرانہ | مجتث مثمن اغیر مردف | ۱۲ | اول ص ۵۶ | ۳ | - | ۱ | ۱۶۵ |
| ۱۰۳ | اے نگاہ یار تیرا شکریہ | ارمولہ مسدس مقصور | ۷ | اول ص ۶ دوم ص ۳۶ | ۱ | - | - | ۱۶۵ |
| ۱۰۴ | ساقی کسے کہتے ہیں کیا چیز ہے میخانہ | مہزوج مثمن اغیر مردف | ۷ | اول ص ۶۱ | ۱ | - | ۲ | ۱۶۵ |
| ۱۰۵ | کیا ہے کیوں ترے وعدوں کا اعتبار نہ پوچھ (مصرع ثانی) | مجتث مثمن | ۴ | سوم ص ۱۱ | - | - | - | ۱۶۶ |
| ۱۰۶ | ظلم اور ظلم بھی اک بندۂ بے دام کے ساتھ | ارمولہ مثمن | ۱۷ | سوم ص ۳۲ | - | ۴ | - | ۱۶۶ |
| ۱۰۷ | محبت بڑھی جس طرف والہانہ | متقارب مثمن سالم اغیر مردف | ۸ | سوم ص ۱۰۵ | ۱ | - | - | ۱۶۷ |
| ۱۰۸ | اس حسنِ بے جہت کو تصور میں لا کے دیکھ | مضارع مثمن | ۶ | سوم ص ۱۰۶ | - | - | - | ۱۶۷ |
| ۱۰۹ | اپنی وفا پہ غور کر حُسن کی برہمی نہ دیکھ (مصرع ثانی) | متزاوج مثمن | ۳ | سوم ص ۵۱ | - | - | - | ۱۶۷ |
| | **ردیف "ی"** | | | | | | | |
| ۱۱۰ | وہ جب پردے کے باہر ہوں گے جب جلوہ گری ہو گی | ہزج مثمن سالم | ۹ | اول ص ۸۳ سوم ص ۱۱۸ | ۲ | - | ۲ | ۱۶۹ |
| ۱۱۱ | ان کے اندازِ تغافل میں کمی ہونے لگی | رمل مثمن محذوف | ۱۲ | اول ص ۱۴ دوم ص ۱۱ سوم ص ۲۴ | ۲ | - | ۱ | ۱۶۹ |
| ۱۱۲ | شامِ فرقت نہ کبھی صبحِ مسرت دیکھی | ارمولہ مثمن | ۱۴ | اول ص ۶۰ سوم ص ۶، ۱۷ | ۱ | - | ۱ | ۱۶۹ |
| ۱۱۳ | نہ اٹھے گی ترے در سے جبینِ عاشقی اپنی | ہزج مثمن سالم | ۱۴ | اول ص ۵۷ | ۲ | ۱ | ۲ | ۱۷۰ |
| ۱۱۴ | ہر آہ در آغوش اثر ہو کے رہے گی | اہزوجہ مثمن | ۱۰ | اول ص ۴۲ | - | - | - | ۱۷۱ |
| ۱۱۵ | کسی سے پھر کوئی امید واقعی نہ رہی | مجتث مثمن | ۱۰ | اول ص ۳۵ | ۲ | - | - | ۱۷۱ |
| ۱۱۶ | تم تھے خفا تو غم میں مرے پختگی ہوئی | مضارع مثمن | ۶ | اول ص ۶۱ | ۱ | - | - | ۱۷۲ |
| ۱۱۷ | حقیقت کیا محبت میں جنونِ فتنہ ساماں کی | ہزج مثمن سالم | ۵ | اول ص ۵۳ | ۲ | - | - | ۱۷۲ |
| ۱۱۸ | پھر وہی اشکوں سے بحرِ غم میں طغیانی ہوئی | رمل مثمن محذوف | ۵ | اول ص ۵۱ | ۱ | - | - | ۱۷۲ |
| ۱۱۹ | کہہ رہی ہے مجھ سے ویرانی مری | ارمولہ مسدس مقصور | ۹ | اول ص ۴۱، سوم ص ۱۳، ۲۳ | ۱ | - | - | ۱۷۳ |
| ۱۲۰ | قدر کرتا ہے وہ اب ماہ جبیں تھوڑی سی | ارمولہ مثمن | ۶ | اول ۳۹ | ۱ | - | - | ۱۷۳ |
| ۱۲۱ | یہ پھیر ہے قسمت کا یہ قدرت ہے خدا کی | اہزوجہ مثمن | ۹ | اول ص ۳۷ | ۱ | - | - | ۱۷۳ |
| ۱۲۲ | مرے جذباتِ رنگیں کی فراوانی نہیں جاتی | ہزج مثمن سالم | ۷ | اول ص ۱۸ دوم ص ۱۷ | ۳ | - | ۱ | ۱۷۴ |
| ۱۲۳ | کروٹیں بدلتا ہے رات دن زمانہ بھی | مقتضب مثمن | ۱۷ | اول ودوم ص ۱۶ سوم ص ۸ | - | ۱ | - | ۱۷۴ |

| نمبر شمار | مصرعِ اولیٰ | بحر | کل اشعار | بیاض | حواشی | نامکمل مصرعے | مقاماتِ قیاس | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۲۴ | عشق کی بربادیوں کا اک یہی حاصل سہی | رمل مثمن محذوف | ۷ | سوم ص ۵ | ۱ | - | - | ۱۷۵ |
| ۱۲۵ | یوں شبِ غم مری مختصر ہو گئی | متدارک مثمن سالم | ۱۱ | سوم ص ۱۸ | - | - | - | ۱۷۵ |
| ۱۲۶ | جنوں ہے خام ابھی، آہ ناتواں ہے ابھی | مجتث مثمن | ۱۵ | سوم ص ۷۷ | - | - | - | ۱۷۶ |
| ۱۲۷ | مدت کے بعد پرسشِ حالات ہو گئی | مضارع مثمن | ۸ | سوم ص ۸۳ | - | - | - | ۱۷۶ |
| ۱۲۸ | ختم کیوں دورِ جام ہے ساقی | خفیف مسدس | ۸ | سوم ص ۸۵ | - | - | - | ۱۷۷ |
| ۱۲۹ | دیکھا گیا ہے یوں بھی تماشا کبھی کبھی | مضارع مثمن | ۱۰ | سوم ص ۸۶ | - | - | - | ۱۷۷ |
| ۱۳۰ | شہرت سنی جو آمدِ فصلِ بہار کی | مضارع مثمن | ۸ | سوم ص ۱۰۳ | - | - | - | ۱۷۸ |
| | **ردیف "ے"** | | | | | | | |
| ۱۳۱ | باوصف لکھو کھا پردوں کے ہم ان کا جلوہ دیکھیں گے | متقارب اثرم مضاعف | ۱۱ | دوم ص ۵۴ | ۲ | - | ۵ | ۱۸۰ |
| ۱۳۲ | جس طرف دیکھئے رنگِ شبِ تنہائی ہے | ارمولہ مثمن | ۱۰ | اول ص ۸۵ دوم ص ۵۳ سوم ص ۸۸ | - | - | ۱ | ۱۸۰ |
| ۱۳۳ | صبرِ عاشق کو بہر حال خدا دیتا ہے | ارمولہ مثمن | ۱۶ | دوم ص ۴۱ سوم ص ۱۱۹ | ۲ | - | - | ۱۸۱ |
| ۱۳۴ | مرتا ہوں مگر موت کا ہنگام نہیں ہے | اہزوجہ مثمن | ۱۳ | اول ص ۸۴ دوم ص ۳۹ سوم ص ۷۲ | ۲ | - | - | ۱۸۱ |
| ۱۳۵ | کیا خبر کہہ دیا کیا آپ نے دیوانے سے | ارمولہ مثمن | ۲۴ | اول ص ۸۱ سوم ص ۳،۴ | ۱ | ۱ | ۳ | ۱۸۲ |
| ۱۳۶ | ممکن نہیں کہ عشق میں غم سے مفر ملے | مضارع مثمن | ۱۱ | اول ص ۷۸ دوم ص ۳۵، ۳۳ سوم ۱۰۹ | ۲ | - | ۱ | ۱۸۳ |
| ۱۳۷ | عشق کو ہر حال میں مجبور رہنا چاہئیے | رمل مثمن محذوف | ۱۰ | اول ص ۷۵ | - | - | ۱ | ۱۸۳ |
| ۱۳۸ | خوشی نہ کوئی خوشی ہے نہ غم کوئی غم ہے | مجتث مثمن | ۱۴ | اول ص ۴۴ سوم ص ۶۴ | ۳ | - | - | ۱۸۴ |
| ۱۳۹ | ہر اک ذرّہ اب ان کا آستاں معلوم ہوتا ہے | ہزج مثمن سالم | ۸ | اول ص ۳۱ دوم ص ۳۲ | ۱ | - | - | ۱۸۵ |
| ۱۴۰ | نگاہ دل اگر محوِ جمالِ یار ہو جائے | ہزج مثمن سالم | ۱۱ | اول ص ۲۴، ۶۴ دوم ص ۲۸ | ۱ | - | - | ۱۸۵ |
| ۱۴۱ | کسے تلاش کریں شرحِ آرزو کے لئے | مجتث مثمن | ۱۴ | اول ص ۳۶ | ۱ | - | ۱ | ۱۸۶ |
| ۱۴۲ | جنونِ شوق کو دیوانہ پن کہنا ہی پڑتا ہے | ہزج مثمن سالم | ۱۳ | اول ص ۶۲ | - | - | ۲ | ۱۸۶ |
| ۱۴۳ | کیا جانے کیا طلسم تمہاری نظر میں ہے | مضارع مثمن | ۱۷ | اول ص ۵۴ دوم ص ۳۵، ۳۶ | ۲ | - | ۲ | ۱۸۷ |
| ۱۴۴ | نگاہِ لطف سے دیکھو نہ بار بار مجھے | مجتث مثمن | ۱۳ | اول ص ۲۲ دوم ص ۲۵ | - | - | ۱ | ۱۸۸ |
| ۱۴۵ | قائم اس آرزو پہ ہماری حیات ہے | مضارع مثمن | ۸ | اول ص ۷۹ | ۱ | - | - | ۱۸۸ |
| ۱۴۶ | محبت میں کیا اک یہ بھی کارِ آخری میں نے | ہزج مثمن سالم | ۷ | اول ص ۵۵- ۷۲ | ۲ | - | ۱ | ۱۸۹ |
| ۱۴۷ | طبیعت جس قدر بھی لااُبالی ہوتی جاتی ہے | ہزج مثمن سالم | ۴ | اول ص ۱۳- دوم ص ۱۰ | - | - | - | ۱۸۹ |
| ۱۴۸ | ایسے میں مرے دل کا اللہ نگہباں ہے | مہزوج مثمن | ۶ | اول ص ۴۸ | - | ۱ | - | ۱۸۹ |
| ۱۴۹ | اگر آپ کے کچھ اشارے نہ ہوتے | متقارب مثمن سالم | ۹ | اول ص ۴۰ دوم ص ۳۸ | ۱ | - | - | ۱۸۹ |
| ۱۵۰ | تعلق اس طرح ثابت ہوا ہے جسم کا جاں سے | ہزج مثمن سالم | ۵ | اول ص ۳۹ | - | - | - | ۱۹۰ |
| ۱۵۱ | کچھ زمانے کا عجب انداز ہے | ارمولہ مسدس مقصور | ۷ | اول ص ۲۱ دوم ص ۲۴ | - | - | - | ۱۹۰ |

| نمبر شمار | مصرعِ اولیٰ | بحر | کل اشعار | بیاض | حواشی | نامکمل مصرعے | مقاماتِ قیاس | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۵۲ | وہ نہ جفائیں چھوڑیں گے غم سے نہ ہم گھبرائیں گے | چامہ مثمن محذوف | ۴ | اول ص ۴۳ | - | - | - | ۱۹۱ |
| ۱۵۳ | ہونے بھی دے وہ اگر تجھ سے خفا ہوتا ہے | ارمولہ مثمن | ۷ | اول ص ۱۵ دوم ص ۱۳ | - | - | - | ۱۹۱ |
| ۱۵۴ | مجھ عشق کے بندے کو تجھ حُسن کے پیکر سے | مہزوج مثمن | ۹ | اول ص ۱۰ | ۱ | - | ۴ | ۱۹۱ |
| ۱۵۵ | کچھ عجب عالم میں جانِ عاشقِ ناشاد ہے | رمل مثمن محذوف | ۵ | اول ص ۱۰ | ۱ | - | ۱ | ۱۹۲ |
| ۱۵۶ | فصل گل آئی مری وحشت کا ساماں دیکھئے | رمل مثمن محذوف | ۴ | اول ص ۱۰ | - | - | - | ۱۹۲ |
| ۱۵۷ | جہاں میں کوئی تیرا ثانی نہیں ہے | متقارب مثمن سالم | ۷ | اول ص ۷ دوم ص ۵ | ۱ | - | - | ۱۹۲ |
| ۱۵۸ | جس قدر میری نگاہوں سے وہ چھپتا جائے ہے | رمل مثمن محذوف | ۶ | اول ص ۵ دوم ص ۳۷ | - | - | - | ۱۹۲ |
| ۱۵۹ | دیکھ کے حسنِ بے مثال دید کی تاب لا سکے | متزاوج مثمن | ۶ | اول ص ۴ | - | ۱ | - | ۱۹۳ |
| ۱۶۰ | دہائی ہے غمِ جاناں تری دہائی ہے | مجتث مثمن | ۶ | اول ص ۴ سوم ۶۹ | - | - | - | ۱۹۳ |
| ۱۶۱ | نگاہ ناز تُو کیا مجھ سے برہم ہوتی جاتی ہے | ہزج مثمن سالم | ۷ | اول ص ۱۳ دوم ص ۹ | - | - | - | ۱۹۳ |
| ۱۶۲ | ہر ظلم سے کچھ تیرے خبردار ہمیں تھے | اہزوجہ مثمن | ۵ | اول ص ۷۲ | ۱ | - | ۲ | ۱۹۴ |
| ۱۶۳ | ترے تخیل میں غرق ہو کر تراہی ہم سامنا کریں گے | مرغوب مثمن | ۶ | اول ص ۶۶ | - | - | ۱ | ۱۹۴ |
| ۱۶۴ | عشق کی موت کا ساماں ہے خدا خیر کرے | ارمولہ مثمن محذوف | ۳ | اول ص ۵۰ | - | - | - | ۱۹۴ |
| ۱۶۵ | پڑے رہتے تھے ہم جو در پر کسی کے | متقارب مثمن سالم | ۴ | اول ص ۲۴ | - | - | - | ۱۹۴ |
| ۱۶۶ | بغیر عشق بھلا حسن کس حساب میں ہے | مجتث مثمن | ۶ | اول ص ۲۳ دوم ص ۲۷ | - | - | ۱ | ۱۹۴ |
| ۱۶۷ | بار کیوں اٹھتے نہیں ہیں اب تری بیداد کے | رمل مثمن محذوف | ۶ | اول ص ۸ دوم ص ۶ | - | - | ۱ | ۱۹۵ |
| ۱۶۸ | اب دل ہے تیرے غم کا سہارا لیے ہوئے | مضارع مثمن | ۸ | اول ص ۳ سوم ص ۴۱،۲۹ | - | - | - | ۱۹۵ |
| ۱۶۹ | نہ برہمی کبھی دیکھی نہ بے رخی میں نے | مجتث مثمن | ۹ | سوم ص ۱۰ | - | ۱ | - | ۱۹۵ |
| ۱۷۰ | چاند تاروں کو نیند آئی ہے (مصرع ثانی) | خفیف مسدس | ۵ | سوم ص ۱۲ | - | - | - | ۱۹۶ |
| ۱۷۱ | ہٹا دو آئنے کو آئنے کا دیکھنا کیا ہے | ہزج مثمن سالم | ۷ | سوم ص ۱۴ | - | - | - | ۱۹۶ |
| ۱۷۲ | عظیم تر نہ ہوا انساں تو بات ہی کیا ہے | مجتث مثمن | ۹ | سوم ص ۱۶ | ۱ | ۱ | - | ۱۹۶ |
| ۱۷۳ | کہوں کیوں ستایا ہے مجھکو کسی نے | متقارب مثمن سالم | ۱۲ | سوم ص ۲۸ | - | ۱ | - | ۱۹۷ |
| ۱۷۴ | میں ہوں وہ،ہیں بادۂ گلفام ہے | ارمولہ مسدس مقصور | ۵ | سوم ص ۴۱ | - | - | - | ۱۹۷ |
| ۱۷۵ | بے وفا مجھ کو کہہ دیا تُو نے | خفیف مسدس | ۹ | سوم ص ۴۴ | - | ۱ | - | ۱۹۸ |
| ۱۷۶ | کیا تم بھی آج عشق کی منزل مین آگئے | مضارع مثمن | ۱۱ | سوم ص ۵۰ | - | - | - | ۱۹۸ |
| ۱۷۷ | بے رخی جس کو ساز گار آئے | خفیف مسدس | ۱۹ | سوم ص ۵۳ | - | - | - | ۱۹۸ |
| ۱۷۸ | حضورِ شمع تو جلتے رہے ہیں پروانے (مصرع ثانی) | مجتث مثمن اغیر مردف | ۴ | سوم ص ۵۵ | - | - | - | ۱۹۹ |
| ۱۷۹ | منزل کا ٹھکانہ ہے نہ جادہ طلبی ہے | اہزوجہ مثمن | ۱۶ | سوم ص ۵۷ | - | - | - | ۲۰۰ |
| ۱۸۰ | اب دل ہے عشرتِ غم جاناں لیے ہوئے | اہزوجہ مثمن | ۱۴ | سوم ص ۵۸،۴۱ | - | - | - | ۲۰۰ |

| نمبر شمار | مصرعِ اولیٰ | بحر | کل اشعار | بیاض | حواشی | نامکمل مصرعے | مقاماتِ قیاس | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۸۱ | ہے جو ماضی وہ اپنا حال بھی ہے | خفیف مسدس | ۹ | سوم ص ۶۵ | - | - | - | ۲۰۱ |
| ۱۸۲ | ہاں ہاں نہیں ہے آپ سے کوئی گلہ مجھے | مضارع مثمن | ۶ | سوم ص ۷۵ | - | - | - | ۲۰۱ |
| ۱۸۳ | تمہارے حسن کا اے دلنشیں کوئی ٹھکانہ ہے | ہزج مثمن سالم | ۶ | سوم ص ۸۰ | ۲ | - | - | ۲۰۲ |
| ۱۸۴ | دل گرفتہ جو کوئی عاشقِ زار آجائے | ارمولہ مثمن | ۱۰ | سوم ص ۸۴ | - | - | - | ۲۰۲ |
| ۱۸۵ | دُور تیرا خیال ہو جائے (مصرع ثانی) | خفیف مسدس | ۳ | اول ص ۶ دوم ص ۳۶ | - | - | - | ۲۰۲ |
| ۱۸۶ | کافر ترے لئے نہ مسلماں ترے لئے | مضارع مثمن | ۱۲ | اول ص ۱۹ دوم ص ۲۰ سوم ص ۱۰۴ | ۱ | ۱ | ۱ | ۲۰۳ |
| ۱۸۷ | ٹکنے دیا نہ غم نے ترے ہم جہاں رہے | مضارع مثمن | ۷ | سوم ص ۱۱۰ | - | ۲ | - | ۲۰۳ |
| ۱۸۸ | نصیب کی کہیں خامی مٹائی جاتی ہے | مجتث مثمن | ۱۲ | دوم ص ۵۲ سوم ص ۳۹ | ۲ | - | - | ۲۰۳ |
| ۱۸۹ | جب عیش میسّر تھا اب رنج اٹھانا ہے | مہزوج مثمن | ۴ | اول ص ۸۵ | - | - | ۱ | ۲۰۴ |
| ۱۹۰ | ترا غم تازیانہ ہو گیا ہے (مصرع ثانی) | رجز | ۳ | سوم ص ۱۱۲ | - | - | - | ۲۰۴ |
| ۱۹۱ | یوں تو جو چاہے تری راہگزر سے گزرے | ارمولہ مثمن | ۵ | سوم ص ۹۴ | - | ۲ | - | ۲۰۴ |
| ۱۹۲ | تم کو کیا مطلب کسی ناکام سے | ارمولہ مسدس مقصور | ۵ | سوم ص ۷۶ | - | ۱ | - | ۲۰۵ |
| ۱۹۳ | وہ سلسلۂ رسمِ ملاقات نہیں ہے | اہزوجہ مثمن | ۵ | سوم ص ۶۲ | - | ۲ | - | ۲۰۵ |
| ۱۹۴ | لائی کہاں مجھے مری قسمت نہ پوچھیے | مضارع مثمن | ۴ | دوم ص ۷۴ سوم ص ۹۷ | - | ۱ | ۱ | ۲۰۵ |
| ۱۹۵ | جو تم آؤ گے محفل میں تو دیوانے بھی آئیں گے | ہزج مثمن سالم | ۵ | سوم ص ۱۰۱ | ۱ | - | - | ۲۰۵ |
| | **قطعات** (ردیف "ر") | | | | | | | |
| ۱۹۶ | رہے لاکھ پردوں میں مستور ہو کر | متقارب مثمن سالم | ۲ | اول ص ۱ | - | - | - | ۲۰۸ |
| ۱۹۷ | گزر رہے ہیں عجب طرح اپنے لیل و نہار | مجتث مثمن اغیر مردف | ۲ | سوم ص ۹۳ | - | - | - | ۲۰۸ |
| | **ردیف "م"** | | | | | | | |
| ۱۹۸ | جہاں جہاں تری تصویر پا رہے ہیں ہم | مجتث مثمن | ۲ | سوم ص ۸۱ | - | - | - | ۲۱۰ |
| | **ردیف "ن"** | | | | | | | |
| ۱۹۹ | جسے بہار زمانہ کہے بہار نہیں (مصرع ثانی) | مجتث مثمن | ۲ | سوم ص ۱۰۰ | - | - | - | ۲۱۲ |
| | **ردیف "و"** | | | | | | | |
| ۲۰۰ | جب مجھے زندگی کی آس نہ ہو | خفیف مسدس | ۲ | سوم ص ۳۶ | - | - | - | ۲۱۴ |
| | **ردیف "ے"** | | | | | | | |
| ۲۰۱ | کہیئے انصاف سے کیا خاک مرا دل ٹھہرے | ارمولہ مثمن | ۲ | سوم ص ۱۱۴ | - | - | - | ۲۱۶ |
| ۲۰۲ | زلفِ جاناں تو سیدھی سادی ہے (مصرع ثانی) | خفیف مسدس | ۲ | سوم ص ۱ | ۱ | - | - | ۲۱۶ |
| ۲۰۳ | نور ہی نور ہے رعنائی ہی رعنائی ہے | ارمولہ مثمن | ۲ | سوم ص ۱ | ۱ | - | - | ۲۱۶ |

| نمبر شمار | مصرعِ اولیٰ | بحر | کل اشعار | بیاض | حواشی | نامکمل مصرعے | مقاماتِ قیاس | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | **رباعیات** (ردیف "الف") | | | | | | | |
| ۲۰۴ | احباب کا یاں رنگ نرالا دیکھا | ہزج مثمن اخرب | ۲ | سوم ص ۳۰ | ۱ | - | - | ۲۱۹ |
| ۲۰۵ | ملتان کی تاریخ کو دہراؤں گا | ہزج مثمن اخرب | ۲ | سوم ص ۳۰ | - | - | - | ۲۱۹ |
| | ردیف "ف" | | | | | | | |
| ۲۰٦ | اے دوست عجب شہر ہے ملتان شریف | ہزج مثمن اخرب | ۲ | سوم ص ۳۰ | - | - | - | ۲۲۱ |
| ۲۰۷ | **متفرقات** (ردیف "ر") یہ جلسہ تنظیم ہے بر پرچم قلندر | اہزوجہ مثمن | ۱ | سوم ص ۵۳ | - | - | - | ۲۲۴ |
| ۲۰۸ | (ردیف "م") بس آپ ہیں مری قسمت کسی کو کیا معلوم (مصرع ثانی) | مجتث مثمن | ۱ | اول ص ۲۵ | - | - | - | ۲۲٦ |
| | (ردیف "ن") | | | | | | | |
| ۲۰۹ | قیود رسم کہن مٹا کر میں اک نئی راہ پا رہا ہوں (مصرع ثانی) | مرغوب مثمن | ۲ | اول ص ۷۱ | - | - | - | ۲۲۸ |
| ۲۱۰ | جب دل حسیں نہیں ہے تو دنیا حسیں نہیں (مصرع ثانی) | مضارع مثمن | ۱ | سوم ص ۳٦ | - | - | - | ۲۲۸ |
| ۲۱۱ | وہ آنکھ کیا جو ترے غم میں آب آب نہیں | مجتث مثمن | ۱ | اول ص ۲۵ | - | - | - | ۲۲۸ |
| | ردیف "ہ" | | | | | | | |
| ۲۱۲ | لب میرے شکایت کو نہ ہوں گے کبھی وا دیکھ | اہزوجہ مثمن | ۳ | اول ص ۸۵ | - | ۲ | - | ۲۳۰ |
| | ردیف "ے" | | | | | | | |
| ۲۱۳ | آج وہ محو خود نمائی ہے | خفیف مسدس | ۲ | سوم ص ۱۲ | - | - | - | ۲۳۲ |
| ۲۱۴ | وعدہ تو کیجئے مگر ایفا نہ کیجئے (مصرع ثانی) | مضارع مثمن | ۳ | سوم ص ۵۹ | - | ۱ | - | ۲۳۲ |
| ۲۱۵ | وہ وقت آئے مرے محترم خدا نہ کرے | مجتث مثمن | ۲ | سوم ص ۴٦ | - | - | - | ۲۳۲ |
| ۲۱٦ | دل کی آواز اگر لفظ و بیاں تک پہنچے (مصرع ثانی) | ارمولہ مثمن | ۲ | سوم ص ۳۳ | - | - | - | ۲۳۲ |
| ۲۱۷ | جو لکھا تھا میرے نصیب میں اسے آپ بھی نہ مٹا سکے (مصرع ثانی) | کامل مثمن سالم | ۲ | سوم ص ۴۷ | - | - | - | ۲۳۲ |
| ۲۱۸ | یہ کیا کہ دوسروں کے سہاروں میں ڈھل گئے (مصرع ثانی) | مضارع مثمن | ۱ | سوم ص ۲۲ | - | - | - | ۲۳۲ |
| ۲۱۹ | پینے والے کہہ اٹھے یا پیرِ میخانہ مجھے (مصرع ثانی) | رمل مثمن محذوف | ۱ | سوم ص ۲ | - | - | - | ۲۳۲ |
| ۲۲۰ | جہاں انسانیت، انسانیت آزار ہو جائے | ہزج مثمن سالم | ۱ | سوم ص ۱۲ | - | - | - | ۲۳۲ |
| ۲۲۱ | رہِ وفا میں مگر پاؤں ڈگمگا نہ سکے (مصرع ثانی) | مجتث مثمن | ۱ | سوم ص ۲۹ | - | - | - | ۲۳۲ |
| ۲۲۲ | غریب دل کی داستاں ہے داستاں لئے ہوئے (مصرع ثانی) | نشید | ۱ | سوم ص ۴۱ | - | - | - | ۲۳۲ |
| ۲۲۳ | **نظمیں** (ردیف "پ") کہاں پائیے گا آپ | مضارع مثمن | ۱۲ | اول ص ۱۲، دوم ص ۱۴ | - | - | - | ۲۳۵ |
| ۲۲۴ | ردیف "و" چوں قصنا آمد | رمل مثمن محذوف | ۳ | سوم ص ۵۲ | - | - | - | ۲۳۷ |
| ۲۲۵ | ردیف "ی" کہانی | خفیف مسدس | ۸ | سوم ص ۹٦ | - | - | - | ۲۳۹ |
| ۲۲٦ | بیانِ دلّی | ارمولہ مثمن | ۸ | سوم ص ۷۰ | - | - | - | ۲۴۰ |

# ابتدائیہ

کسی بھی محقق کے لئے موضوعِ تحقیق کا انتخاب انتہائی نازک اور دشوار گزار مرحلہ ہوا کرتا ہے۔ بعض اوقات وہ موضوع انتخاب اور منظور کروانے میں تو کامیاب ہو جاتا ہے لیکن موضوع سے اس کی طبعی نامناسبت کام میں رکاوٹ بن جایا کرتی ہے۔ اور یوں یہ دشوار مرحلہ اور بھی دشوار محسوس ہونے لگتا ہے۔

ایم فل کے تحقیقی مقالے کے لئے موضوع انتخاب کرنے کا وقت آیا تو میں نے صابر دہلوی کی شاعری کی تدوین کا کام کرنے کا فیصلہ کیا۔ صابر دہلوی اردو غزل کی دہلوی روایت کے وہ شاعر ہیں جنہوں نے تقسیم ہند کے بعد دہلی میں ہونے والے فسادات کے باعث ہجرت کی اور ملتان کو اپنا مسکن بنایا۔ وہ نہ صرف ملتان کے مشہور و مقبول شاعر رہے بلکہ ان کا شمار اپنے دور کے ممتاز غزل گو شاعروں میں ہوتا ہے۔ ان کی زندگی میں ان کے کلام کی اشاعت کی کوشش فسادات کے باعث کامیاب نہ ہو سکی وفات کے بعد ان کی چھوڑی ہوئی جائیداد کی تقسیم کے مسئلے پر خاندانی تنازعات نے جنم لیا اور ان کے کلام کی اشاعت کی جانب توجہ نہ دی جا سکی۔

میں نے جب تدوین کے کام کا آغاز کیا تو سب سے پہلی مشکل صابر دہلوی کی شاعری کی قراءت کے سلسلے میں سامنے آئی۔ ملے ہوئے الفاظ، قدیم طرز املا، بیاضوں کی خستہ حالی، پنسل سے اور گھسیٹ کر لکھے جانے کے سبب ان کی شاعری کی قرأت انتہائی مشکل مرحلہ تھا۔ اس سلسلے میں ملتان کے ان تمام معروف شاعروں (حزیں صدیقی مرحوم وفات دسمبر ۱۹۹۵ء، پروفیسر عاصی کرنالی، محترم ایاز صدیقی، پروفیسر حسین سحر، محترم ارشد ملتانی، محترم اقبال ارشد) سے بار بار رابطہ کرنا پڑا۔ حزیں صدیقی (مرحوم) نے اپنی بیماری کے باوجود مسلسل کئی کئی گھنٹے مقالہ نگار کے ہمراہ قلمی نسخوں کی ورق گردانی کی اور شکریہ وصول کرنے سے قبل ہی اس دنیا سے سدھار گئے۔ جو الفاظ شاعر کے قلم سے نادانستگی میں چھوٹ گئے تھے انہی محترم شعراء کی سماعتوں کے بھروسے ان کو بھی قیاس کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اور ان کو بریکٹ [ ] میں درج کر دیا گیا ہے۔ متن میں املا کا جدید طریقہ اختیار کیا گیا ہے تاکہ قاری کو اس کے مطالعہ میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے البتہ حاشیے میں قدیم املا بھی درج کر دی گئی ہے۔ ایسی ضروری وضاحتیں بھی حاشیے میں موجود ہیں جو منظومات کے عرصہ تخلیق اور محرکات شعری کی دریافت میں معاونت کا باعث ہیں۔

مقدمے میں شاعر کی شخصیت کی تفہیم میں خانگی ماحول اور ادبی پس منظر سے واقف ہو کر شاعری کے موضوعات اور اس کی شاعری کے عروضی نظام کا جائزہ لیتے ہوئے شعوری کوشش کی گئی ہے کہ قاری کو تنقید کی بھاری بھرکم اصطلاحوں اور ثقیل الفاظ سے محفوظ رکھتے ہوئے شاعر کی شخصیت کے اہم پہلوؤں اور شاعری کے محرکات سے آگاہ کیا جائے۔

صابر دہلوی کی شاعری میں تراکیب سازی کو خاص اہمیت حاصل ہے اسی لئے ان کی شاعری میں استعمال ہونے والی تراکیب کی وضاحت کر دی گئی ہے۔ اشاریہ کی تیاری پر بھی خاص توجہ دی گئی ہے۔ تحقیقی کام کرتے ہوئے اس امر کا

خاص طور پر خیال رکھا گیا ہے۔ کہ تحقیقی اصول و ضوابط کے مطابق حق تدوین ادا کیا جائے اور اس سلسلے میں اپنے صنف نازک سے متعلق ہونے' دیگر خانگی و ملازمتی مصروفیات کو کوتاہی کا جواز نہ بننے دیا جائے۔

گر قبول افتد زہے عزو شرف

اس تحقیقی مقالے کی تکمیل میں استاد محترم ڈاکٹر انوار احمد (نگران مقالہ) پروفیسر عاصی کرنالی' محترم ایاز صدیقی' محترم شوذب کاظمی' محترمہ نصیر فاطمہ (بنت صابر دہلوی) اور بشیری بیگم (زوجہ صابر دہلوی) کے علاوہ ملتان کے دیگر بہت سے ادباء و شعراء کا تعاون بھی مجھے حاصل رہا میں ان تمام خواتین حضرات کا تہ دل سے مشکور ہوں۔

تکمیل کے مراحل تک شفقتوں اور حوصلہ افزائی سے سرفراز فرمانے والی شخصیات ڈاکٹر بشیر سیفی' ڈاکٹر صدیق شبلی اور شعبہ اردو کے دیگر مہربانوں کے ساتھ ساتھ برادر معنوی جاوید اختر بھٹی بھی میرے نزدیک ایسے قرابت داروں میں ہیں جن کے لئے اظہار تشکر کی رسم محض ایک تکلف ہے۔

مقالے کو نوری نستعلیق میں ٹائپ کروایا گیا ہے۔ کمپیوٹر کے اس جدید ترین دور میں بھی اردو ٹائپ کے سلسلے میں اب بھی بہت سی خامیاں موجود ہیں۔ میں نے کاتب کی مدد سے ان خامیوں پر قابو پانے کی اپنی سی پوری کوشش کی ہے۔ اس احتیاط کے باوجود اس سلسلے میں جو خامیاں رہ گئی ہیں انہیں میری مجبوری سمجھا جائے۔

مقالہ نگار

عذرا بتول

رول نمبر ۷۲۶۳۶۴۶

# مقدمہ

صابر دہلوی۔ احوال و آثار

نام و انساب کی بحث...... والدین

صابر دہلوی کا سنِ ولادت ...... مولد

صابر دہلوی کا پیشہ ...... (کاشت کاری۔ سان گری) ...... شادی

اولاد کی تفصیلات

ہجرت ...... قیامِ لاہور

ملتان منتقلی ...... صابر فلور مل

نئی کوٹھی کی تعمیر ...... کراچی منتقلی کا ارادہ

صابر دہلوی کی بیماری

انتقال ...... تعزیتی قرار دادیں ...... احوال تدفین

صابر دہلوی کا قطعہ تاریخ

لوحِ مزار کے لیے عزیز حاصل پوری مرحوم کی طبع آزمائی

بیاضوں کی دستیابی ...... نسخہ اول، دوم و سوم کا تفصیلی تعارف

ماحول شعر ...... دہلی کے ادبی ٹھکانے ...... شاعری کا آغاز

سائل دہلوی ...... بیخود دہلوی سے اصلاح شعر

مشاعروں میں شرکت کا آغاز ...... آل انڈیا مشاعرے

قیامِ ملتان ...... مقامی ماحول شعر اور صابر دہلوی

بزم ضیائے ادب کے مشاعرے اور صابر دہلوی

رائٹرز گلڈ ملتان کا قیام اور صابر دہلوی

ادارہ فکر و فن اور کالونی ٹیکسٹائل مل کے مشاعرے

نمائش کے مشاعرے اور صابر دہلوی

بزم عیش اور علیگڑھ اولڈ بوائز ایسوسی ایشن کے مشاعروں میں صابر دہلوی کی شرکت

صابر دہلوی کا سفر ہندوستان ...... ملتان میں چند آخری مشاعرے

صابر دہلوی کی شخصیت ...... ایک جائزہ

اوزان و بحور صابر دہلوی

صابر دہلوی کی نعتیہ شاعری

صابر دہلوی کی شاعری کا فکری اور فنی جائزہ

# صابر دہلوی

# احوال و آثار

صاؔبر دہلوی کا اصل نام محمد اسحاق خان تھا(۱) نسباً پٹھان تھے اور یوسف زئی قبیلے کی ایک شاخ کمال زئی سے تعلق رکھتے تھے۔ (۲) آپ کے جدِ اعلیٰ گیارہویں صدی کے اوائل میں محمود غزلوی کی فوج کے ہمراہ ہندوستان آئے۔ (۳) اٹھارویں صدی کے وسط میں آپ کے دادا الٰہی بخش نے لکڑی کا کاروبار شروع کیا اور شکارپور (بھارت) میں رہائش اختیار کر لی۔ (۴)

صاؔبر دہلوی کے والد کا نام گل شیر خان اور والدہ کا نام امامن تھا۔ (۵) گل شیر خان کی شادی اکلوتا ہونے کے سبب کم عمری میں ہی کر دی گئی تھی لیکن گھریلو ناچاقی کے باعث وہ گھر چھوڑ کر بمبئی چلے گئے اور عالمِ جوانی میں وہیں وفات پائی۔ (۶)

گل شیر خان کی وفات کے بعد امامن اپنے دو کم سن بیٹوں محمد اسماعیل خاں اور محمد اسحاق خاں (صاؔبر دہلوی) کے ہمراہ اپنے میکے (جہانگیر آباد، ضلع بلند شہر، بھارت) واپس آگئیں اور بارہ بستی (ضلع بلند شہر) کے ایک گاؤں امرپور میں ان کا دوسرا نکاح کر دیا گیا۔ (۷) دوسری شادی سے صاؔبر دہلوی کی بہن لطیفہ خاتون پیدا ہوئیں جو تقسیم ہند کے بعد صاؔبر دہلوی کے ہمراہ پاکستان آئیں اور آج کل (گلستانِ مصطفیٰ) دستگیر کراچی میں رہائش پذیر ہیں۔

---

۱۔ ماہرالقادری کا ایک طویل مراسلہ جو صابر دہلوی کی وفات کے بعد ایک ریڈیو مضمون کی تیاری کے لیے عاصی کرنالی کو لکھا گیا۔

۱۲جولائی ۱۹۶۳ء

۲۔ فضل عباس شوذب کاظمی، انوار انجم احوال و آثار، تحقیقی مقالہ برائے ایم فل اردو، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد ۱۹۹۳ء، ص ۱۴

۳،۴،۵،۶۔ نصیر فاطمہ بنتِ صابر دہلوی کا ایک مراسلہ مقالہ نگار کے نام ۲۹ ستمبر ۱۹۹۵ء

۷۔ نصیر فاطمہ بنتِ صابر دہلوی کا مراسلہ مقالہ نگار کے نام

صابر دہلوی کے سن ولادت کے سلسلے میں مصنفین کے متضاد بیانات خلطِ مبحث کا سبب بنتے رہے ہیں۔ حشمت وفا اور عارفہ مختاری کے مطابق صابر دہلوی کا سن ولادت ۱۹۰۲ء ہے(۸) جبکہ ڈاکٹر طاہر تونسوی نے ۱۹۰۶ء لکھا ہے۔(۹) صابر دہلوی کے قریبی دوست ماہر القادری کا یہ بیان ان مصنفین کے بیانات کو مشکوک کر دیتا ہے۔

"وہ کم و بیش ستّر سال کی عمر میں بھی پچاس سال کے لگتے تھے۔"(۱۰)

ماہر القادری کے خطوط، مضمون اور صابر دہلوی کی اکلوتی صاحبزادی نصیر فاطمہ کے مطابق وفات کے وقت ان کی عمر قریباً ستّر سال تھی۔ ان بیانات سے اگر محتاط اندازہ لگایا جائے تو صابر دہلوی کا سن ولادت ۱۸۹۳ء قرار پاتا ہے۔

صابر دہلوی کی جائے پیدائش کے سلسلے میں عارفہ مختاری، حشمت وفا اور ڈاکٹر طاہر تونسوی دہلی شہر پر متفق نظر آتے ہیں۔(۱۱) جبکہ ماہر القادری کے مطابق

"صابر دہلوی کم و بیش بتیس سال دہلی میں رہے اور دہلوی مشہور ہو گئے۔"(۱۲)

۸۔ حشمت وفا "صابر دہلوی مرحوم" (مضمون) مشمولہ ہفت روزہ "لیل و نہار" لاہور، ۲۴ مارچ ۱۹۶۳ء، ص ۲۷ و عارفہ مختاری، انوار انجم شخصیت و فن، تحقیقی مقالہ برائے ایم اے اردو، بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان ۸۰-۱۹۷۹ء، ص ۷

۹۔ ڈاکٹر طاہر تونسوی "ملتان میں اردو شاعری" سنگِ میل پبلی کیشنز، لاہور، طبع اوّل ۱۹۸۴ء، ص ۹۳

۱۰۔ ماہر القادری کا مراسلہ عاصی کرنالی کے نام، ۱۲ جولائی ۱۹۶۳ء

۱۱۔ عارفہ مختاری، انوار انجم شخصیت و فن، تحقیقی مقالہ، ص ۷ و حشمت وفا "صابر دہلوی مرحوم" (مضمون) ہفت روزہ "لیل و نہار" ص ۲۷ و ڈاکٹر طاہر تونسوی، "ملتان میں اردو شاعری" ص ۹۳

۱۲۔ ماہر القادری کا مراسلہ عاصی کرنالی کے نام، ۱۲ جولائی ۱۹۶۳ء

تابش دہلوی لکھتے ہیں۔

"اپنے آپ کو دہلوی لکھنے لگے۔" (۱۳)

صابر دہلوی کی صاحبزادی نصیر فاطمہ کا بیان اس سلسلے کی سب سے معتبر شہادت قرار پاتا ہے۔

"میرے والد شکار پور (بھارت) میں پیدا ہوئے۔"(۱۴)

صابر دہلوی کی زندگی کا ابتدائی زمانہ امرپور (بھارت) میں گزرا۔ انھیں بچپن ہی سے دنگلوں میں کشتیاں لڑنے اور پنجہ لڑانے کا شوق تھا۔(۱۵) پیشہ کاشتکاری تھا۔(۱۶) اور امرپور کی معروف صنعت چاقوسازی (سان گری) میں بھی مہارت حاصل کر لی تھی۔(۱۷)

صابر دہلوی کی پہلی شادی حمیدن بیگم (جہانگیر آباد، ضلع بلند شہر) سے ہوئی۔(۱۸) شادی کے بعد ۱۹۱۵ء میں معاشی مسائل کے باعث وہ امرپور سے ترکِ وطن کر کے دہلی آئے اور امرپور کی معروف صنعت سان گری کا پیشہ اختیار کر لیا۔(۱۹) اور محلہ نواب گنج، بازار سیتارام، متصل مسجد کلاں رہائش اختیار کی۔(۲۰) حمیدن بیگم کے بطن سے صابر دہلوی کے تین صاحبزادے (حنیف صابری، رفیق صابری، فضل الرحمٰن) اور ایک صاحبزادی نصیر فاطمہ ہیں۔ حمیدن بیگم نے ۱۹۷۴ء میں کرشن نگر لاہور میں وفات پائی۔(۲۱) صابر دہلوی کی دوسری شادی ۱۹۵۴ء میں بشیری بیگم سے ملتان میں ہوئی۔(۲۲) ان کے بطن

---

۱۳۔ تابش دہلوی، مضمون صابر دہلوی از دیدباز دید۔ حیات اکیڈمی، کراچی طبع اول، ۱۹۹۰ء، ص ۵۷

۱۴۔ ۱۸۔ ۲۱۔ ۲۲۔ نصیر فاطمہ بنت صابر دہلوی کا مراسلہ مقالہ نگار کے نام

۱۵،۱۶،۱۷۔ ۱۹۔ ماہر القادری کا طویل مراسلہ عاصی کرنالی کے نام

۲۰۔ فضل عباس شوذب کاظمی، انوار انجم احوال و آثار، تحقیقی مقالہ، ص ۱۴

سے صآبر دہلوی کی کوئی اولاد نہیں ہے۔ صآبر دہلوی کی وفات کے دس برس بعد بشیری بیگم کا دوسرا نکاح لاہور میں کر دیا گیا اور وہ آجکل والٹن لاہور میں مقیم ہیں۔

صآبر دہلوی کے بڑے بیٹے حنیف صابری کی شادی ۱۹۴۰ء میں انوری بیگم المعروف سائرہ بانو سے انجام پائی۔ ان سے حنیف صابری کے سات بچے ہوئے جن کے نام یہ ہیں،

انوار انجم (پیدائش ۱۹۴۲ء وفات ۱۶ مئی ۱۹۶۹ء ملتان) جمیل صآبری (پیدائش ۱۹۴۴ء، مستعفی شاہدرہ کالج لاہور حال مقیم امریکہ) اقبال ظہیر تاشی (پیدائش ۱۹۴۷ء، مقیم امریکہ) کہکشاں جبیں (پیدائش ۱۹۵۲ء، مقیم امریکہ) گلفشاں جبیں (پیدائش ۱۹۵۵ء، مقیم ملتان) زرفشاں جبیں (پیدائش ۱۹۵۷ء، مقیم امریکہ) درخشاں جبیں (پیدائش ۱۹۶۴ء، مقیم امریکہ) (۲۳)

حنیف صآبر کی دوسری شادی ۱۹۶۰ء میں ملتان میں ہوئی۔ (۲۴) بعد میں حنیف صآبری کرشن نگر لاہور منتقل ہو گئے۔ دوسری شادی سے حنیف صآبری کے تین بچے ہیں۔

حنا (مقیم لاہور) حمیرا (مقیم سانده لاہور) گل محمد المعروف "انوار انجم ثانی" (مقیم کراچی)

ممتاز بیگم نے حنیف صآبری کی وفات کے بعد سانده لاہور میں عقد کر لیا اور وہیں مقیم ہیں۔

صآبر دہلوی کے دوسرے بیٹے رفیق صابرؔی کی شادی بھی دہلی میں ہو گئی تھی۔ تقسیم سے قبل ہی ان کی بیوی وفات پا گئی تھیں۔ پاکستان آنے کے بعد انہوں نے تمام عمر تنہا گزاری اور ۱۹۶۷ء میں کراچی میں انتقال کیا۔ (۲۵)

---

۲۳۔ کہکشاں جبیں (صابر دہلوی کی پوتی) سے مقالہ نگار کی ایک ملاقات، یکم ستمبر ۱۹۹۵ء

۲۴۔ ۲۵۔ نصیر فاطمہ بنت صابر دہلوی کا مراسلہ مقالہ نگار کے نام

صابؔر دہلوی کی صاحبزادی نصیر فاطمہ (سرجانی ٹاؤن) کراچی میں مقیم ہیں۔ ان کی شادی ۱۹۴۵ء میں محمد احمد خان سے دہلی میں ہوئی۔ نصیر فاطمہ کی اولاد کی تفصیل یہ ہے۔

اقبال (پیدائش ۱۹۵۱ء وفات ۱۹۹۵ء) شکیل احمد (پیدائش ۱۹۵۹ء) عذرا تبسم (پیدائش ۱۹۶۱ء) انیلا کوثر (پیدائش ۱۹۶۳ء) زہرا جبیں (پیدائش ۱۹۶۵ء)(۲۶)

صابؔر دہلوی نے دہلی میں رہائش اختیار کرنے کے بعد سان گری کا پیشہ اختیار کر لیا تھا۔ یہ پیشہ کافی لمبے عرصے تک ان کے رزق کا وسیلہ رہا۔ حنیف صابؔری اور رفیق صابؔری کے جوان ہونے پر صابؔر دہلوی نے یہ کام مکمل طور پر ان کے حوالے کر دیا اور خود صرف مشاعروں کے ہی ہو کر رہ گئے۔(۲۷)

تقسیمِ ہند کے بعد دہلی میں فسادات پھوٹ پڑے تو صابؔر دہلوی اپنے کنبے کے ہمراہ ہجرت کر کے لاہور آ گئے۔(۲۸) یہاں انھیں انارکلی کی ایک ذیلی گلی میں کتابوں کی دُکان الاٹ ہو گئی جو "راجپال پریس" کے نام سے مشہور تھی۔ ایک مکان بھی (مزنگ)لاہور میں الاٹ ہوا۔ یہ دکان اور مکان صابؔر دہلوی کی ملتان منتقلی کی وجہ سے ان کے صاحبزادے حنیف صابؔری کے تصرف میں رہے۔ رفیق صابؔری بھی اسی دوران لاہور آ گئے۔ دونوں بھائیوں نے مل کر لاہور میں صابؔر دہلوی کی تمام جائداد کا صفایا کر دیا کیونکہ وہ مکان کی قسطیں اور بجلی کے بل ادا کر سکے اور نہ ہی کتابوں کی وہ دکان چلا سکے جو صابؔر دہلوی ان کے سپرد کر کے ملتان آئے تھے۔(۲۹)

---

۲۶۔ نصیر فاطمہ بنتِ صابر دہلوی کا مراسلہ مقالہ نگار کے نام

۲۷۔ ماہر القادری کا مراسلہ عاصی کرنالی کے نام

۲۸۔ ۲۹۔ فضل عباس شوذب کاظمی، انوار

صابر دہلوی لاہور سے ملتان ایک مشاعرے میں شرکت کے لیے آئے تھے جس کا اہتمام میاں محمد شفیع ایڈمنسٹریٹر بلدیہ نے کیا تھا۔(۳۰) اس وقت کے ڈپٹی کمشنر آئی یو خاں صابر دہلوی کے ترنم سے بہت خوش ہوئے۔ مشاعرے کے بعد صابر دہلوی نے ایک ملاقات میں اپنا حال بتایا تو انھوں نے اپنے عملے کو ایک جیپ پر صابر دہلوی کے ساتھ روانہ کیا اور کہا کہ ملتان میں صابر صاحب جو جگہ پسند کریں انھیں مستقل رہائش کے لیے دے دی جائے۔ صابر دہلوی نے پاک دروازے کے باہر ایک فلور مل کو پسند کیا۔(۳۱) آٹے کی یہی چکی بعد میں "لائن فلور ملز" یا "صابر فلور مل" کے نام سے پہچانی گئی۔ یہ فلور مل ابتداً صابر دہلوی اور ماہر القادری کو الاٹ کی گئی تھی لیکن بعد میں کلیم داخل کرنے پر اس میں دو اور ادب دوست شخصیات فیض جھنجھانوی اور خواجہ محمد شفیع دہلوی کا اضافہ ہو گیا۔ فلور مل کے دوسرے شعراء بعد میں یکے بعد دیگرے ملتان سے رخصت ہو گئے اور صابر دہلوی اس کے بلاشرکتِ غیرے مالک بن گئے۔ اسی فلور مل کے ایک ملازم بشیر احمد کی ہمشیرہ بشیری بیگم سے صابر دہلوی کی دوسری شادی ہوئی تھی۔ بعد میں اس ملازم کو مل کے منتظمِ اعلیٰ کا درجہ حاصل ہو گیا تھا۔ صابر دہلوی طبعاً شاعر مزاج تھے اور انتظامی امور سے زیادہ ان کی توجہ مہمان شعراء کی آؤ بھگت پر رہتی تھی۔ عارفہ بخاری لکھتی ہیں۔

"ملتان میں صابر دہلوی کا فلور مل ثقافتی سرگرمیوں کے لیے ایک مرکز کی حیثیت رکھتا تھا۔" (۳۲)

صابر دہلوی نے ۱۹۵۸ء میں بیگم مولوی فیضان انصاری کے مشورے اور اصرار پر ملتان کی نئی آبادی گلگشت کالونی میں ایک کوٹھی کی تعمیر شروع کرا دی اس دوران ان کی مالی حالت کمزور ہوتی چلی گئی۔

---

۳۰۔ ۳۱۔ عاصی کرنالی سے مقالہ نگار کی ایک ملاقات، ۲۶ر اگست ۱۹۹۵ء
۳۲۔ عارفہ بخاری، "انوار انجم۔ شخصیت و فن" تحقیقی مقالہ برائے ایم اے اردو، ص ۱۲

عاصی کرنالی، حسین سحر اور اقبال ارشد اس خراب مالی حالت کی وجہ ان کے برادر نسبتی اور مل کے منتظم محمد بشیر کو قرار دیتے ہیں لیکن محمد بشیر نے جو اس وقت ملتان میں کئی فلور ملوں کے مالک ہیں اس کی تردید کرتے ہوئے بتایا۔

> "مل کے معاملات پر کچھ بدمزگی ضرور ہوئی تھی اس پر میں صابؔر صاحب کو مل کی چابی دے کر راولپنڈی چلا گیا تھا۔ اس کے بعد مل کے معاملات سے میرا کوئی تعلق نہ رہا۔ ان کے مقروض ہونے کا سبب میں نہیں بلکہ گلگشت میں تعمیر ہونے والی کوٹھی تھی۔" (۳۳)

۱۹۶۰ء میں صابؔر دہلوی اس نئی کوٹھی میں منتقل ہو گئے لیکن اس وقت تک وہ تقریباً تیں پنتیس ہزار کے مقروض ہو چکے تھے۔ اپنی دو بیویوں کے علاوہ بڑے بیٹے حنیف صابری کے کنبے کی کفالت بھی ہمیشہ ان کی ذمہ داری رہی تھی۔ گھریلو ذمہ داریوں، معاشی مسائل اور قرض خواہوں کے تقاضوں نے رفتہ رفتہ صابؔر دہلوی کے ذہن و دل پر اپنے منفی اثرات مرتسم کرنا شروع کر دیے تھے۔ ۱۹۶۱ء میں انھیں دل کے پہلے دورے کا سامنا کرنا پڑا تو انہوں نے ملتان چھوڑ کر کراچی جانے کا ارادہ کر لیا اور ماہر القادری کو لکھا۔

> "ماہر! میں نے پکا ارادہ کر لیا ہے کہ کراچی میں آکر رہوں۔" (۳۴)

---

۳۳۔ محمد بشیر سے مقالہ نگار کی ایک ملاقات، ۱۹۹۵ء

۳۴۔ ماہر القادری کا مراسلہ عاصی کرنالی کے نام

اس کی تصدیق عاصی کرنالی کے اس مضمون سے بھی ہوتی ہے جو انہوں نے صابؔر دہلوی کی پہلی برسی پر لکھا۔

"ان کی یہ خواہش میرے دل میں اتنی رچ بس گئی ہے کہ مجھے یہ گمان گزرتا ہے کہ وہ کراچی جا بسے ہیں۔"(۳۵)

صابؔر دہلوی نے گلگشت میں نو تعمیر کوٹھی اور فلور مل فروخت کرنے کا ارادہ کر لیا تھا۔(۳۶) لیکن طبیعت کے لاابالی پن، علاج میں بے قاعدگی اور بے احتیاطی کے باعث ان کی بیماری پیچیدہ صورت اختیار کر گئی تھی۔ حشمت وفا کے مطابق

"آخر کو پھیپھڑے مرض سے متاثر ہو گئے یہ معلوم ہونے کے بعد بھی کہ پھیھڑے زخمی ہو چکے ہیں۔ انہوں نے توجہ سے علاج کرانے کی ضرورت نہیں سمجھی۔ بڑی مشکل سے پچھلے دنوں انھیں نشتر ہسپتال کے پرائیویٹ وارڈ میں داخل کرایا گیا۔"(۳۷)

روزنامہ امروز (لاہور، ملتان) کی ایک اور خبر کے مطابق

"وہ اختلاجِ قلب کے مریض تھے بعد میں مرض اتنا بڑھا کہ وہ تپِ دق کے موذی مرض میں مبتلا ہو گئے۔"(۳۸)

---

۳۵۔ عاصی کرنالی، چراغ نظر، ایجوکیشنل پریس، کراچی، ص ۱۷۷

۳۶۔ عاصی کرنالی سے مقالہ نگار کی ایک ملاقات، ۲۶/ اگست ۱۹۹۵ء

۳۷۔ حشمت وفا، "صابر دہلوی مرحوم" ص ۲۷

۳۸۔ مدیر روزنامہ "امروز" لاہور، ملتان، ۱۲ مارچ ۱۹۶۳ء

صابر دہلوی کو وفات سے چار روز قبل بیگم فیضان کے اصرار پر شعبہ تپ دق کے پرائیویٹ وارڈ میں داخل کرایا گیا۔ وہ یہاں ڈاکٹر شفیق یوسف بخاری کے زیر علاج تھے۔ ۱۰ مارچ کی رات کو وہ پوتے پوتیوں سے ان کے روشن مستقبل کی باتیں کرتے رہے اور پوتے کو اپنی آخری غزل لکھوا کر محبت سے رخصت کیا، اسی شب ۲ بجے ان کے دل میں درد اٹھا جو جان لیوا ثابت ہوا۔(۳۹) اگلے دن روزنامہ 'امروز' (لاہور، ملتان) نے ان کے انتقال کی یہ خبر شائع کی۔

"برصغیر پاک و ہند کے ممتاز غزل گو شاعر اور جگر، جوش اور ماہرالقادری کے ذاتی دوست جناب صابر دہلوی گذشتہ رات ۲ بجے موت کے ہاتھوں شکست کھا گئے۔"(۴۰)

صابر دہلوی کی وفات پر ملتان کے علمی، ادبی اور ثقافتی حلقوں نے تعزیتی قرار دادیں منظور کیں۔ رائٹرز گلڈ ملتان کے سیکرٹری عرش صدیقی نے جو تعزیتی قرارداد درج کی، اس کے الفاظ ہیں۔

"صابر دہلوی کی موت سے ہم رائٹرز گلڈ میں نہ صرف ایک ساتھی سے محروم ہو گئے ہیں بلکہ اردو کا ایک اچھا غزل گو بھی ہم سے چھن گیا ہے۔"(۴۱)

---

۳۹۔ عاصی کرنالی سے مقالہ نگار کی ایک ملاقات ۲۶ر اگست ۱۹۹۵ء

۴۰۔ مدیر روزنامہ "امروز" لاہور، ملتان، ۱۲ مارچ ۱۹۶۳ء

۴۱۔ عرش صدیقی، ڈاکٹر، روزنامہ "امروز" لاہور، ملتان، ۱۲ مارچ ۱۹۶۳ء

اس کے علاوہ ادارہ فکرو فن، بزم ثقافت، بزم فروغ اردو کے اجلاسوں میں ان کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا گیا اور تعزیتی قراردادیں بھی منظور کی گئیں۔ صابرؔ دہلوی کا جنازہ ان کی نئی تعمیر شدہ کوٹھی ۶۰۔اے گلگشت کالونی سے گیارہ مارچ کو رات نو بجے اٹھایا گیا اور انھیں پیر خورشید کالونی ملتان کے زیریں قبرستان میں سپردِ خاک کر دیا گیا۔

# صابؔر دہلوی کا قطعہ تاریخ

## لحد

"صابؔر دہلوی مرحوم، تاریخ وفات ۱۱ مارچ ۱۹۶۳ء

"شاعر باشعور صاحب قال ۱۳۸۲ھ"

"لوحِ تاریخِ وصال"

۲ ۸ ھو ۱۳

"شاعر باشعور صاحب قال"

۲ ۸ ھو ۱۳


"بلبل بوستان جناب صابؔر صاحب دہلوی مرحوم"

۲ ۸ ھو ۱۳

ایک قطعہ بھی کتبے کا حصہ ہے۔ عزیز حاصل پوری کے اس قطعے کے چوتھے مصرع سے وفات کے سال عیسوی ۱۹۶۳ء کے اعداد بر آمد ہوتے ہیں۔

## ”صابرِ دہلوی آہ بالغ شعور ۱۹۶۳ء“

لوح مزار کے لیے عزیز حاصل پوری نے جو طبع آزمائی کی اس کی مکمل صورت، عکس کی شکل میں ملاحظہ کیجئے۔


”رشحۂ خامہ طوطیِ لسان عزیز حاصل پوری“

۱۹ ء ۶۳

چل بسے صابر دہلوی، حسرتا — بخش دے اُن کو جنتِ عدن غفور
صاحبِ طرز دلکش خوش گلو — اُن کی آواز میں درد دل تھا ضرور
اُس کو پاتا ہے احساس دل کے قریب — کوئی پڑھتا ہے جس وقت آنکھوں سے دور
یاد آتا ہے رہ رہ کے اُن کا خلوص — کر گئے آہ صابر ہمیں ناصبور
وہ نہیں آج ہم میں تو ہے اُن کی یاد — بادۂ مرگ ہے زندگی کا سرور

ہے تاریخ برجستہ کہہ دو عزیز
”صابرِ دہلوی آہ بالغ شعور“

۱۹ ء ۶۳

# بیاضوں کی دستیابی

صاؔبر دہلوی اپنے دور کے مقبول شاعروں میں شمار ہوتے تھے۔ وہ اپنے وقت میں ہندو پاک کے یادگار مشاعروں کی جان بھی رہے ان کے ترنم کا طوطی بھی جادو کی طرح سرچڑھ کر بولتا تھا۔ ان کے بیسیوں اشعار، آج بھی ان کے ہمراہ مشاعروں میں شرکت کرنے والوں کو یاد ہیں اور انہی کی معاونت کے باعث کلام صاؔبر کے کثیر حصے کی قرأت ممکن ہوئی لیکن یہ حقیقت اپنی جگہ ہے کہ کلام صاؔبر کی اشاعت ناپذیری، ان کے لازوال ترکے کو تاریخ ادب کا حصہ بنانے کے مانع عوامل میں سب سے بڑی وجہ رہی ہے۔ اس میں بہت کچھ دخل صاؔبر دہلوی کی اپنی طبیعت کا بھی رہا ہے۔ حشمت وفا نے بجا طور پر لکھا ہے کہ

> "مشاعرے کے مقبول خاص و عام ادارے اور اس ادارے میں اپنی بے پناہ مقبولیت ہی کے باعث صاؔبر صاحب نے اپنے کلام کی اشاعت کی جانب بہت کم توجہ کی۔" (۴۲)

اسی مضمون میں ایک اور مقام پر حشمت وؔفا نے ایک ایسا اشارہ بھی رقم کیا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ ہجرت سے پہلے صاؔبر دہلوی کے کلام کو یکجا کرنے کی ایک کوشش کی گئی تھی۔ جو فسادات کے باعث سعی ناکام ثابت ہوئی۔

---

۴۲۔ حشمت وفا "صابر دہلوی مرحوم" (مضمون) لیل و نہار، لاہور، ص ۲۸

" قیامِ پاکستان سے قبل دہلی کے ایک ادارے نے "شعر و نغمہ" کے نام سے ان کا ایک مجموعہ مرتب کیا اس کی کتابت بھی ہو چکی تھی۔ مگر تقسیم کی افراتفری میں سب کچھ خردبرد ہو گیا۔"(۴۳)

صابؔر دہلوی کی صاحبزادی نصیر فاطمہ نے ایک مراسلے میں مقالہ نگار کو لکھا۔

" قیامِ پاکستان کے فوراً بعد دہلی شہر میں فسادات شروع ہو گئے۔ مسلمانوں کے محلوں کو آگ لگا دی جاتی تھی۔ میرے والد کا تمام کلام بھی اس آگ میں جل گیا تھا۔"(۴۴)

اس کے باوجود بعض شہادتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ صابؔر دہلوی کی چند غزلیں مشاعروں سے نوٹ کر کے یا خود صابؔر دہلوی سے حاصل کر کے پاک و ہند کے مختلف جرائد نے وقتاً فوقتاً شائع کی ہیں مثلاً ایک غزل کے آخر میں "مطبوعہ انصاری ویکلی ۱۳ جولائی ۱۹۴۴ء" درج ہے اس غزل کا مطلع ہے۔

اُن کے اندازِ تغافل میں کمی ہونے لگی
یعنی توہینِ مذاقِ عاشقی ہونے لگی

(بیاض اوّل، ص ۱۴)

معروف ادیب اور صحافی اصغؔر گوہندپوری کے صاحبزادے امین اصغر ایڈووکیٹ (مقیم لاہور) نے بتایا۔

" میرے والد ماہنامہ "دستور" کے ایڈیٹر تھے جو ۱۹۵۲ء سے ۱۹۵۴ء تک ہفت روزہ رہا اور ۱۹۵۴ء سے ۱۹۶۱ء تک ماہنامہ کی صورت میں باقاعدہ نکلتا رہا، صابؔر دہلوی اس میں چھپے ہیں۔"(۴۵)

---

۴۳۔ حشمت وفا' "صابردہلوی مرحوم" مطبوعہ "لیل و نہار" لاہور ص ۲۸۔
۴۴۔ نصیر فاطمہ بنتِ صابر دہلوی کا مراسلہ مقالہ نگار کے نام
۴۵۔ امین اصغر ایڈووکیٹ (لاہور) سے مقالہ نگار کی گفتگو، ۵/ اگست ۱۹۹۵ء

صابرؔ دہلوی کی یہ غزل تین مختلف جگہوں پر اشاعت پذیر ہوئی۔(۴۶)

عشق کی بربادیوں کا اک یہی حاصل سہی
تُو نہیں اپنا تو تیرا غم شریکِ دل سہی (بیاض سوم، ص ۵)

دو مختلف جرائد میں یہ غزل انوار انجم کے شکریے کے ساتھ صابرؔ دہلوی مرحوم کے نمونہ کلام کے طور پر چھپی ہے۔

صابرؔ دہلوی کی وفات کے بعد تادیر یہ سوال ادب دوست حلقوں میں گونجتا رہا کہ آخر مرحوم کا مشاعروں کے راستے سماعتوں اور دل میں گھر کر لینے والا کلام آناً فاناً کہاں غائب ہو گیا۔ مولانا ماہر القادری لکھتے ہیں۔

"رسالوں اور اخباروں میں کلام چھپوانے کا انھیں شاید کبھی خیال ہی نہیں آیا۔ نہ جانے ان کی غزلیں ان کے ساتھ چلی گئیں یا کسی بیاض میں محفوظ ہیں۔"(۴۷)

دراصل صابرؔ دہلوی کی وفات مارچ ۱۹۶۳ء کے فوری بعد ہی مرحوم کے عزیز و اقرباء تین دھڑوں میں بٹ گئے لیکن ان کا مقصد نیک یا بد (واللہ اعلم بالصواب) ایک ہی تھا کہ صابرؔ دہلوی کے تمام ترکے کو سمیٹ لیا جائے۔ یہ معاملہ اس حد تک بڑھا کہ عدالت تک جا پہنچا۔ صابرؔ دہلوی کی دوسری بیوی بشیری بیگم نے ان کی ایک شکستہ بیاض کو شوہر کی آخری نشانی سمجھ کر اپنے تصرف میں لے لیا۔ کچھ کلام ان کے پوتوں

---

۴۶۔ (۱) "اردو نامہ" کراچی، ص ۵۳ (۲) "نخلستان" ادبی مجلہ ایمرسن کالج ملتان، جنوری ۱۹۶۱ء، ص ۹۴ (۳) شہاب دہلوی، وادی جمنا سے وادی ہاکڑہ تک، ص ۲۸

۴۷۔ ماہر القادری "صابر دہلوی" (مضمون) "یاد رفتگاں" ص ۳۶۰

کے پاس محفوظ تھا۔ لیکن ہر دو فریقوں نے عاصی کرنالی اور بیگم فیضان جیسے صابر دہلوی کے بہی خواہوں کے شدید اصرار کے باوجود یہ بیاضیں مقامی حلقہ شعروادب کے کسی فرد کے حوالے اس ڈر سے نہیں کیں کہ یہ لوگ صابر دہلوی کے دیوان کو چھپوا کر کمائی کا ذریعہ نہ بنالیں۔ عاصی کرنالی بتاتے ہیں۔

> "صابر دہلوی کی وفات کے بعد مولانا ماہر القادری ان کا کلام چھپوانا چاہتے تھے۔ کلام کی فراہمی کے سلسلے میں انہوں نے متعدد خطوط مجھے لکھے کہ ان کے اہل خانہ سے کلام حاصل کیا جائے۔ میں جب بھی اس سلسلے میں صابر دہلوی کے افراد خانہ سے ملا مجھے کوئی مناسب جواب نہ ملا۔"(۴۸)

صابر دہلوی کے پوتے انوار انجم (جو ان کی وفات کے وقت ایم۔اے کے آخری سال میں زیر تعلیم تھے) لاہور جاتے ہوئے ان کی ایک بیاض اور کچھ دیگر کلام اپنے ہمراہ لیتے گئے تاکہ اسے ترتیب دیا جا سکے۔ وہاں انہوں نے اس تمام دستیاب کلام کو اپنے ہینڈرائٹنگ میں لکھا اور اپنی پھوپھی نصیر فاطمہ کے شدید اصرار پر اس کی ایک فوٹوسٹیٹ انھیں روانہ کر دی۔ انوار انجم اپنی سوتیلی دادی بشیری بیگم (۴۹) سے بھی کلام حاصل کر کے شائع کرانے کا ارادہ رکھتے تھے لیکن ان کی زندگی میں یہ ممکن نہ ہوا اور وہ اپنے دادا صابر دہلوی کی موت کے صرف چھ سال بعد ہی اس دار فانی سے رخصت ہو گئے اور کلام صابر ایک بار پھر اشاعت پذیر

---

۴۸۔ عاصی کرنالی سے مقالہ نگار کی ایک گفتگو، ۲۶ر اگست ۱۹۹۵ء

۴۹۔ نصیر فاطمہ کا ایک مراسلہ مقالہ نگار کے نام، ۲۲ ستمبر ۱۹۹۵ء

ہونے سے رہ گیا۔ انوار انجم کی وفات کے بعد اردو اکادمی ملتان نے ان کا مجموعہ کلام "شاخِ نہالِ غم" شائع کرنے کا بیڑا اٹھایا تو انھیں انوار انجم کا کلام فراہم کرنے کی ذمہ داری اقبال ظہیر تاشی (انوار انجم کے چھوٹے بھائی) نے لی۔ اقبال ظہیر تاشی کی تحویل میں برادر انوار انجم اور دادا صابؔر دہلوی دونوں کا کلام تھا۔ وہ "شاخِ نہالِ غم" کے لیے مواد فراہم کرتے ہوئے ہر دو شعراء کے مابین امتیاز قائم نہ رکھ سکے۔ چناں چہ چند ایسی غزلیں بھی مرتبین ڈاکٹر عرش صدیقی اور معتمد اردو اکادمی فیاض تحسین کے حوالے کر بیٹھے جو حقیقت میں انوار انجم کی بجائے صابؔر دہلوی کی تھیں۔ ان کے اس تساہل کی باعث ایک بہت بڑا تحقیقی مغالطہ یہ ہوا کہ انوار انجم کے محققین نے صابؔر دہلوی کی درج ذیل غزلوں کو بھی انوار انجم کے ذیل ہی میں شمار کیا ہے۔ (یہ مغالطہ تاحال چلا آتا ہے۔)

۱۔ خدا کی شان کہ اب وہ ہیں مائلِ فریاد (شاخِ نہالِ غم، ص۲۱۶)

کلام صابؔر میں یہ غزل بیاض دوم میں صفحہ ۴۲ پر ہے۔ بیاض سوم میں یہی غزل ص ۹۵ پر انوار انجم نے خود کلام صابؔر میں شمار کی ہے۔

۲۔ نہ دن کو چین میسّر نہ رات کو آرام (انوار انجم کی ۱۹۵۷ء کی غیر مطبوعہ غزل شمار کی جاتی ہے)

کلام صابؔر میں یہ غزل بیاض سوم میں انوار انجم کے خط میں صفحہ ۲۱ پر موجود ہے۔

۴۔ کسی ساعت اگر چہ اشک افشانی نہیں جاتی

انوار انجم کے منتخب کلام میں اقبال ظہیر تاشی کی طرف سے ۱۹۶۲ء میں کہی گئی غزل کے طور دی گئی لیکن "شاخِ نہالِ غم" میں شائع ہونے سے رہ گئی۔ کلامِ صابؔر میں یہ غزل بیاض دوم میں ص ۱۷ پر موجود ہے۔

صابؔر دہلوی کے کلام میں اس غزل کا مصرع اولیٰ یہ ہے۔

مرے جذباتِ رنگیں کی فراوانی نہیں جاتی

واضح رہے کہ یہی مصرع انوار انجم کے ہاں مطلع کے مصرعہ ثانی کے طور پر ہے۔

صابؔر دہلوی کے کلام پر

مشتمل ہر سہ بیاضوں کی دریافت کا قصہ الگ تفصیلات کا متقاضی ہے۔ ذیل میں تین بیاضوں کا تعارف پیش خدمت ہے۔

## بیاضِ اوّل

صابؔر دہلوی کے اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی یہ بیاض (7.0"x 9.5") سائز کے ۸۴ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں موجود ۱۲۳ شعری تخلیقات میں ۱۱۳ غزلیں، ۸ نعتیں اور دو نظمیں (جن میں سے ایک نعتیہ نظم ہے) موضوع مقالہ شاعر صابؔر دہلوی کے اپنے ہاتھ سے لکھی ہوئی ہیں۔ بوسیدہ حالت میں دستیاب ہونے والی یہ بیاض غیر مجلدّ ہے۔ اس میں کاغذ کے دونوں طرف لکھا گیا ہے۔ اکثر مقامات پر ایک صفحہ تین تین غزلوں کے اندراج کے لیے استعمال کر لیا گیا ہے۔ اس بیاض میں تیس صفحات ایسے ہیں، جو پینسل سے لکھے گئے ہیں۔ لہذا ان صفحات پر درج کی گئی غزلوں، نعتوں اور نظموں کی قرأت، محققین کے لیے ناممکن نہیں تو انتہائی مشکل ضرور ہے۔ ۶۷ غزلیں ہلکے نیلے رنگ کی روشنائی سے (این) کی نب سے لکھی گئی ہیں۔

ان کا رنگ لحہ بہ لحہ ماند پڑتے جانے کے باعث قرأت میں دشواری کا باعث ہے۔ البتہ ۲۹ غزلیں اور ۲ نعتیں سیاہ روشنائی میں ہونے کے باعث قابل قرأت ہیں لیکن گھسیٹ کر لکھے جانے اور اکثر ملے ہوئے حروف کی بہتات کی وجہ سے، ان کی تفہیم انتہائی دشوار گزار اور جانگسل مرحلہ ہے۔ مقالہ نگار نے اس کی تفہیم کا عمل، باقی دو بیاضوں، اپنے شعری ذوق و وجدان اور صآبر دہلوی کے اشعار کو سینہ بہ سینہ محفوظ رکھنے والے احبابِ صآبر کی مدد اور تعاون سے مکمل کیا ہے۔

بیاضِ اوّل کی دستیابی، مقالہ نگار کی ہمسائی نسرین بیگم (بیوہ محمد نثار) کی وجہ سے ممکن ہوئی۔ جو گذشتہ دو دہائیوں سے علاقہ گلگشت کالونی ملتان کی رہائشی ہیں۔ مقالہ نگار کا تعلق بھی ملتان کے اسی علاقے سے ہے۔ کم و بیش دو سال قبل انہوں نے، لاہور میں مقیم اپنی بڑی ہمشیرہ سے، ان کی ملتان آمد پر مقالہ نگار کی ملاقات کروائی۔ اس ملاقات میں بشیری بیگم نے بتایا کہ وہ معروف شاعر صآبر دہلوی مرحوم کی دوسری بیگم رہی ہیں اور ان کے پاس صآبر دہلوی کا کچھ کلام محفوظ ہے۔ گذشتہ تیس سال سے وہ اس کلام کو صآبر دہلوی کی آخری نشانی سمجھ کر سنبھالے بیٹھی ہیں۔ مقالہ نگار کی دلچسپی اور نسرین بیگم کی سفارش پر بشیری بیگم نے مقالہ نگار کو واپسی لاہور آنے کی دعوت دی اور وہیں یہ بیاض اور چند تصاویر مقالہ نگار کے حوالے کر دیں۔ دراصل مقالہ نگار نے اس ملاقات سے جو تاثر قبول کیا۔ اس کے نتیجے میں اسی موضوع کو اپنے ایم فل اردو کے تحقیقی کام کے لیے چن لیا تھا اور اس کٹھن مرحلے کو سر کرنے کا بیڑا اٹھا لیا تھا۔

# بیاضِ دوم

صاؔبر دہلوی کے ہاتھ سے خطِ نستعلیق میں لکھی ہوئی یہ مجلّد بیاض (7.0"x9.8") سائز کے ۳۱۰ صفحات پر مشتمل ہے۔ جن میں سے صرف ۱۰۲ صفحات کو استعمال کیا گیا ہے۔ باقی ۲۰۸ صفحے خالی ہیں۔ اس نسخے میں صاؔبر دہلوی نے اپنی ساٹھ غزلوں، ایک نعتیہ نظم، ایک نعت اور ایک پابند نظم کو ۵۷ صفحات پر خوبصورت اتارا ہے۔ ان میں سے سینتالیس غزلیں، ایک نعت اور ایک نظم دراصل بیاض اوّل ہی کی بعض مشہور غزلوں کی تکرار اور انتخاب ہے۔ چھ غزلیں ایسی ہیں جو بیاضِ سوم میں بھی موجود ہیں۔ سات ایسی غزلیں بھی ہیں جو کسی اور بیاض میں نہیں ملتیں۔ یہ وہ بیاض ہے جو صابر دہلوی کے پوتے انوار انجم ۱۹۶۳ء

میں اپنے ساتھ لاہور لے گئے تھے لیکن تدریسی ملازمت کا آغاز ہو جانے کے باعث وہ اس بیاض پر مکمل کام نہ کر سکے اور یہ بیاض انوار انجم کے ایم اے کے تحقیقی مقالے کے دو نسخوں اور صاؔبر دہلویؒ کی چند یادگار کتب کے ہمراہ انوار انجم کے خالو یوسف ہارونی کے ہاں پڑی رہ گئی۔ بیاض دوم کی دریافت ۱۹۹۱ء میں اس وقت ہوئی جب انوار انجم پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے تحقیقی کام کی منظوری دی گئی۔ چوں کہ یہ بیاض محولہ بالا تحقیقی موضوع سے براہ راست متعلق نہ تھی، اس لیے مقالہ نگار کی تحویل میں دے دی گئی۔

# بیاضِ سوم

بیاضِ اوّل و دوم کی دستیابی کے بعد مقالہ نگار نے جب ان کا دقتِ نظر سے مطالعہ کیا تو اسے فضل عباس شوذبؔ کاظمی کا یہ اندازہ درست معلوم ہوا۔

"صابر دہلوی کی دستیاب بیاض میں مندرجہ بالا غزل

(عشق کی بربادیوں کا اک یہی حاصل سہی)

شامل نہیں ہے۔ اس سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ صابرؔ دہلوی نے اپنے کلام کا اندراج کسی اور بیاض میں بھی کیا تھا۔"(۵۰)

دونوں دستیاب بیاضوں میں اس غزل کے موجود نہ ہونے کے باعث مقالہ نگار نے ایک بار پھر سرگرمی سے کلامِ صابرؔ کی دریافت و تلاش کا عمل شروع کیا۔ صابر دہلوی کے پوتوں اور بہو انوری بیگم المعروف سائرہ بانو سے امریکہ رابطہ کیا گیا لیکن اس اطلاع کے باوجود کہ صابر دہلوی کا کلام اور ایک ڈائری ان لوگوں کے پاس محفوظ ہے، مقالہ نگار کی حوصلہ افزائی نہ کی گئی۔ اس مرحلے پر ایک بار پھر نسرین بیگم (ہمسائی) نے عبدالحکیم (سماجی کارکن اور نصیر فاطمہ کی بیٹی عذرا تبسم کے شوہر کے چچا) سے ملوایا جنہوں نے فوری طور پر

---

۵۰۔ فضل عباس شوذب کاظمی "انوار انجم احوال و آثار" (مقالہ ایم فل اردو ۱۹۹۳ء) شعبہ اردو، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد، ص۱۶

نصیر فاطمہ (صابر دہلوی کی صاحبزادی) سے رابطہ کروا دیا۔ مقالہ نگار کی درخواست پر نصیر فاطمہ نے بیاضِ سوم بذریعہ ڈاک ملتان بھجوائی۔ جو صابؔر دہلوی کی تصاویر اور دستاویزات کے ہمراہ ۱۶ ستمبر ۱۹۹۵ء کو مقالہ نگار کو موصول ہوئی۔ بیاض سوم فوٹوسٹیٹ کی شکل میں ۱۲۵ اوراق یعنی ۲۵۰ صفحات پر مشتمل انوار انجم کے ہاتھ کا خطِ شکستہ میں لکھا ہوا، صابؔر دہلوی کی غزلوں، نعتوں، رباعیات، نظموں اور قطعات کا ایک قلمی نسخہ ہے۔ ("8.5"x13.5) سائز کی اس بیاض میں پہلے چار صفحات پر بیاض کے مندرجات کی فہرست بنائی گئی ہے اور ۱۱۳ شعر پاروں کو انوار انجم نے دوبارہ صاف کر کے لکھا ہے۔ اگرچہ یہ نسخہ غیر مجلّد ہے لیکن اسے ایم اے اردو کی شاعری کے نوٹس کے چند فوٹوسٹیٹ صفحات میں مضبوطی سے نتھی کر دیا گیا ہے۔ اس نسخے میں ۴۹ غزلیات اور ۱۵ رباعیات، ۳ قطعات اور ۲ نظمیں ایسی ہیں جو کسی اور بیاض میں نہیں۔ باقی تمام بیاض اوّل اور بیاض دوم کی دہرائی ہوئی تخلیقات ہیں۔ یہ وہ بیاض ہے جو انوار انجم نے اپنی پھوپھی (نصیر فاطمہ) کے شدید اصرار پر نامکمل حالت میں ہی فوٹوسٹیٹ کروا کر روانہ کی تھی۔

# ماحولِ شعر

صابر دہلوی 1915ء میں ترکِ وطن کر کے دہلی آئے یہ وہ زمانہ تھا جب دہلی شہر میں ادبی سرگرمیاں عروج پر تھیں، تابش دہلوی لکھتے ہیں۔

"دہلی میں مرغ بازی، بٹیر بازی، کبوتر بازی، پتنگ بازی
غرض تمام بازیاں جو مسلمانوں کے زوال کی علامت
سمجھی جاتی ہیں، عروج پر تھیں اور اسی طرح ادبی محاذ بھی سرگرم تھا۔"(۵۱)

اس زمانے میں دہلی کے ادبی ماحول کا تعارف بے خود دہلوی، سائل دہلوی، آغا شاعر قزلباش اور پنڈت امرناتھ ساحر کے ادبی ٹھکانے تھے ان کے علاوہ دہلی شہر میں ایسی درجنوں انجمنیں تھیں جو بالالتزام مشاعرے منعقد کراتی تھیں۔ شہاب دہلوی کے بقول

"دلّی کا کوئی کونہ ایسا نہ تھا جہاں ہفتہ میں کم از کم ایک مشاعرہ نہ ہوتا ہو۔"(۵۲)

صابر دہلوی نے اپنی افتادِ طبع اور ماحول کے زیر اثر ان مشاعروں میں جانا شروع کیا اور ۱۹۱۷ء میں چوبیس سال کی عمر میں شعر گوئی کا آغاز کیا۔(۵۳)

---

۵۱۔ تابش دہلوی۔ دید باز دید مضمون صابر دہلوی، حیات اکیڈمی، کراچی، طبع اوّل ۱۹۹۰ء، ص ۵۵

۵۲۔ شہاب دہلوی، مسعود حسن "وادی جمنا سے وادی ہاکڑہ تک" مکتبہ الہام، بہاول پور ۱۹۸۷ء، ص ۲۵

۵۳۔ حشمت وفا "صابر دہلوی مرحوم" (مضمون) "لیل و نہار" لاہور ص ۲۷۔

ڈاکٹر طاہر تونسوی ، حشمت وفا اور تابش دہلوی کے مطابق صابر دہلوی بیخود دہلوی کے شاگرد تھے۔(۵۴) جب کہ جمیل الدین عالی، انوار زاہدی، عاصی کرنالی، حزیں صدیقی مرحوم اور نصیر فاطمہ کے مطابق صابر دہلوی ۱۵ ستمبر ۱۹۴۵ء تک سائل دہلوی کے شاگرد رہے اور اس کے بعد ۱۹۴۷ء (تقسیم ہند) بیخود دہلوی سے اصلاح لیتے رہے البتہ عبدالرشید عصیم نے بیخود دہلوی کے تلامذہ کی جو فہرست اپنے تذکرے میں دی ہے۔ اس میں "صابر دہلوی" کا نام شامل نہیں ہے۔(۵۵)

آغاز شاعری کے بعد صابر دہلوی دہلی اور نواح دہلی کے مشاعروں میں شرکت کرنے لگے۔ خواجہ محمد شفیع دہلوی کے گھر پر طرحی و غیر طرحی مشاعرے باقاعدگی سے ہوا کرتے تھے۔ صابر دہلوی ان مشاعروں میں پابندی سے شریک ہوا کرتے تھے۔(۵۶)

۱۹۳۵ء کے بعد صابر دہلوی نے بڑے پیمانے پر ہونے والے مشاعروں میں شرکت کا آغاز کر دیا تھا اور دہلی کی ایک ادبی انجمن "تیموریہ ایسوسی ایشن" کے سرگرم اور فعال رکن بھی تھے۔ اس ادبی انجمن کا تذکرہ شہاب دہلوی نے اس طرح کیا ہے۔

> "محلہ سوئیوالان میں ایک ادبی انجمن "تیموریہ ایسوسی ایشن" کے نام سے قائم تھی جو ہر مہینے مشاعرے کرتی تھی۔"(۵۷)

---

۵۴۔ ڈاکٹر طاہر تونسوی "ملتان میں اردو شاعری" سنگ میل پبلی کیشنز لاہور طبع اول ۱۹۸۴ء، ص ۹۳۔ حشمت وفا "صابردہلوی مرحوم" مطبوعہ لیل و نہار ص ۲۸۔ تابش دہلوی، "دید باز دید" ص ۵۶۔

۵۵۔ عبدالرشید عصیم، "تذکرہ تلامذہ شاہ حاتم دہلوی" بیکن بکس ملتان ستمبر ۱۹۹۴ء طبع اول ۶۰۔

۵۶۔ انوار زاہدی سے لاہور میں مقالہ نگار کی ایک ملاقات۔ ۲۱ اگست ۱۹۹۵ء۔

۵۷۔ شہاب دہلوی "وادی جمنا سے وادی ہاکڑہ تک" ص ۳۵۔

آگے چل کر صابر دہلوی سے اپنے تعارف کا حال لکھتے ہیں۔

"محمد ابراہیم نے ان سے میرا تعارف کرا دیا تو "تیموریہ ایسوسی ایشن" کے مشاعرے میں انہوں نے شرکت کی دعوت دی۔ طرحی مشاعرہ تھا میں نے بھی طرح پر غزل کہہ لی تھی وہ ہی مجھے مشاعرے میں لے کر گئے۔ جب میری باری پڑھنے کی آئی تو مجھ سے غزل نہ پڑھی گئی اور میں نے اپنی غزل صابر صاحب کی طرف یہ کہہ کر بڑھا دی کہ آپ پڑھ دیں چنانچہ انہوں نے میری طرف سے غزل پڑھی اور میں نے داد وصول کی۔"(۵۸)

۱۹۳۹ء میں "تیموریہ ایسوسی ایشن" دہلی کے زیر اہتمام آل انڈیا مشاعرہ ہوا اس مشاعرے کی صدارت جوش ملیح آبادی نے کی۔ صابر دہلوی بھی اس مشاعرے میں شریک تھے۔(۵۹) صابر دہلوی کی مشاعروں میں بھرپور شرکت کا زمانہ قیام پاکستان سے کم و بیش ایک دہائی قبل کا وہ زمانہ ہے جب انہوں نے ہندوستان کے دوسرے شہروں میں جانا شروع کیا۔ حشمت وفا لکھتے ہیں۔

"۱۹۴۰ء تک ان کی شہرت صرف دہلی کے ادباء و شعراء تک محدود تھی اسی سال "راجہ نریندر ناتھ" نے لاہور میں ایک مشاعرے کا اہتمام کیا تو صابر پہلی مرتبہ لاہور آئے۔ یہیں سے کرنل مقبول انھیں بہاول پور کے مشاعرے میں شرکت کے لیے لے گئے۔ اس کے بعد ان کی شہرت پورے برصغیر میں پھیل گئی۔"(۶۰)

---

۵۸۔ شہاب دہلوی "وادی جمنا سے وادی ہاکڑہ تک" ص ۳۵۔

۵۹۔ انوار زاہدی سے لاہور میں مقالہ نگار کی ایک ملاقات، ۲۱/ اگست ۱۹۹۵ء

۶۰۔ حشمت وفا "صابر دہلوی مرحوم" (مضمون) لیل و نہار، لاہور، ص ۲۷

صابر دہلوی ۱۹۴۰ء میں مالیر کوٹلہ میں ہونے والے مشاعرے میں شریک تھے یہیں ان کی ماہر القادری سے پہلی ملاقات ہوئی۔"(۶۱)

۱۹۴۲ء میں ایس ای کالج بہاول پور کے مشاعرے میں، جو یومِ اقبال کے سلسلے میں کالج کے وائس پرنسپل عبدالحمید عرفانی نے کروایا تھا۔ مذاق العیشی اپنے استاد علامہ عیش فیروزپوری کے ہمراہ شریک تھے۔ صابر دہلوی کو دوسری بار اس مشاعرے میں مدعو کیا گیا تھا مذاق العیشی کہتے ہیں۔

"اس مشاعرے میں مشہور ادبی شخصیات، جسٹس سر عبدالقادر مرحوم اور حضرت مولانا ظفر علی خان مرحوم بھی مدعو تھے۔ ہم بہاول پور سے واپسی کے لیے ٹرین میں سوار ہوئے تو ہمارے والے ڈبے میں حضرات، صابر دہلوی، شکیل بدایونی اور نخشب جارچوی (مرحومین) سفر کر رہے تھے۔ رائے ونڈ کے سٹیشن تک صابر مرحوم خوب چٹکلے چھوڑتے رہے اور سفر بہت خوشگوار رہا۔"(۶۲)

صابر دہلوی کی اجمیر کے آل انڈیا مشاعروں میں شرکت کی گواہی مذاق العیشی کے ساتھ معروف صحافی سیّد سلطان احمد نے بھی دی ہے۔ انہوں نے مقالہ نگار کو بتایا۔

"اجمیر میں وہ کئی بار آئے میں صرف ۱۹۴۶ء کے مشاعرے میں ہی انھیں سن سکا۔ اس وقت جوش، جگر، مجاز اور صابر دہلوی ایسے مترنم شعراء کو شوق سے سنا جاتا تھا۔"(۶۳)

---

۶۱۔ ماہر القادری "صابر دہلوی" (مضمون) مشمولہ "یادِ رفتگاں" ص ۵۵

۶۲۔ مذاق العیشی سے مقالہ نگار کی ایک ملاقات، ۹ ستمبر ۱۹۹۵ء

۶۳۔ سیّد سلطان احمد سابق مدیر روزنامہ "امروز" ملتان سے مقالہ نگار کی گفتگو، ۱۲ ستمبر ۱۹۹۵ء

اجمیر کی ایک ادبی تنظیم "انجمن فروغِ ادب" ان کل ہند مشاعروں کا اہتمام کیا کرتی تھی۔ برق اجمیری اس ادبی تنظیم کی سرگرمیوں اور آغاز کے بارے میں لکھتے ہیں۔

"اجمیر شریف میں غالباً ۱۹۳۷ء میں یا اس کے بعد "فروغِ ادب" کے نام سے ہم نے ایک ادبی انجمن قائم کی۔ انجمن کے زیر اہتمام طرحی اور غیر طرحی مشاعرے بھی ہوتے تھے۔ ان کے علاوہ سالانہ کل ہند مشاعرے کا انعقاد بھی بڑے اہتمام سے ٹاؤن ہال یا اسلامیہ ہائی اسکول میں کیا جاتا تھا۔ اس میں جو شعرائے کرام شرکت فرماتے ان کے اسمائے گرامی یہ ہیں۔

حضرت جگر مراد آبادی، علامہ عیش فیروزپوری، احسان دانش، مولانا ضیاء القادری، مجروح سلطان پوری، نہال سیوہاروی، نخشب جارچوی، شمیم جے پوری، صابر دہلوی، شعری بھوپالی اور خواجہ محمد شفیع دہلوی وغیرہ۔"(۶۴)

اس دور میں مشاعروں کے لیے جہاں جگر مراد آبادی اور احسان دانش کا نام ضروری سمجھا جاتا تھا وہاں صابر دہلوی کو بھی نظر انداز نہیں کیا جاتا تھا۔ جگر کے بعد بسمل شاہجہان پوری اور انور صابری کے پڑھنے کا جہاں خاص انداز تھا وہاں صابر دہلوی بھی پڑھنے کا علیحدہ رنگ رکھتے تھے چنانچہ اس دور کے ہندوستان

---

۶۴۔ برق اجمیری، "افکار برق" ذیشان اکیڈمی ایجوکیشنل پریس، کراچی، طبع اول ۱۹۹۲ء، ص ۱۵

کا کوئی مشاعرہ ایسا نہ ہوتا تھا جہاں صابر دہلوی کو بار بار پڑھوایا نہ جاتا ہو۔ ماہر القادری لکھتے ہیں۔

"تقسیم ہند سے قبل دلّی، میرٹھ، رائے پور، مالیر کوٹلہ، ڈیرہ دون، بھوپال، اجمیر، بمبئی، الٰہ آباد وغیرہ شہروں کے آل انڈیا مشاعروں میں شرکت کی۔"(۶۵)

مذاق العیشی کے بیان کے مطابق صابر دہلوی کی نعتیں آل انڈیا ریڈیو سے بھی باقاعدگی سے نشر ہوا کرتی تھیں۔ ماہر القادری کے یہ جملے ان کی تصدیق کرتے ہیں۔

"تقسیم ہند سے چار پانچ سال قبل آل انڈیا ریڈیو دہلی سے ان کی نعتیہ غزلوں کے پروگرام ہوتے تھے۔"(۶۶)

خود صابر دہلوی نے اپنی ایک نعت کے ساتھ یہ جملہ درج کیا ہے۔

"۲۴ فروری ۱۹۴۵ء آل انڈیا ریڈیو سے براڈکاسٹ ہوئی۔"(۶۷)

تقسیم ہند کے بعد صابر دہلوی ۱۹۴۷ء میں لاہور (پاکستان) آگئے اور اپنی بہو انوری بیگم المعروف سائرہ بانو کے بہنوئی یوسف ہارونی کے ہاں انارکلی میں مقیم ہوئے۔ بعد میں انھیں مزنگ میں ایک مکان الاٹ ہو گیا۔

۱۹۴۸ء میں وہ ایک مشاعرے میں شرکت کے لیے ملتان آئے اور پھر یہیں کے ہو رہے۔(۶۸) اس مشاعرے کا اہتمام میاں محمد شفیع ایڈ منسٹریٹر بلدیہ نے کیا تھا۔(۶۹) ملتان کے علاقے پاک دروازے کے باہر

---

۶۵۔ ماہر القادری کا ایک طویل مراسلہ عاصی کرنالی کے نام، ۱۲ جولائی ۱۹۶۳ء

۶۶۔ ماہر القادری (مضمون) صابر دہلوی مشمولہ "یادِ رفتگاں" ص ۳۶

۶۷۔ صابر دہلوی، بیاض اول، ص ۴۷

۶۸۔ ۶۹۔ عاصی کرنالی سے مقالہ نگار کی ایک ملاقات، ۲۶ر اگست ۱۹۹۵ء

ایک فلور مل انھیں الاٹ ہو گئی۔ صابر دہلوی ۱۹۶۰ء تک اسی مل میں قیام پذیر رہے۔ عارفہ بخاری لکھتی ہیں۔

" اس فلور مل کا نام " لائن فلور مل" تھا۔ ملتان میں صابر دہلوی کا فلور مل ثقافتی سرگرمیوں کے لیے ایک مرکز کی حیثیت رکھتا تھا۔ جتنے کل ہندو پاک مشاعرے ۱۹۴۷ء سے صابر دہلوی کی وفات ۱۹۶۳ء تک ہوئے۔ان مشاعروں میں آنے والے اکثر شعراء صابر دہلوی کے ہاں کئی کئی دن مقیم رہتے تھے۔ ان شعراء میں جوش ملیح آبادی، جگر مراد آبادی اور نواب اشک رامپوری خصوصیت سے قابل ذکر ہیں۔"(۷۰)

صابر دہلوی کے ملتان میں قیام کی مدت (۱۹۴۸ـ۱۹۶۳ء) پندرہ سال ہے۔ ان پندرہ سالوں میں صابر دہلوی نے بہت سے مقامی مشاعروں میں شرکت کی۔

ویسے تو صابر دہلوی کی فلور مل بجائے خود ایک بڑے ادبی مرکز کی حیثیت رکھتی تھی لیکن یہاں شعر سنانے کی روایت مہمانوں کی آمد سے مشروط تھی یا پھر جب بھی دوچار شعراء یکجا ہوئے تو اس یکجائی نے شعری نشست کی صورت اختیار کرلی۔ پہلے سے طے شدہ مشاعرے یہاں کم ہی برپا ہوئے۔ البتہ ملتان میں قیامِ پاکستان کے بعد جو چند ادبی انجمنیں باقاعدگی سے سرگرم عمل رہیں ان کے مشاعروں میں صابر دہلوی کی شرکت کے نشانات ملتے ہیں۔

---

۷۰۔ عارفہ بخاری، انوار انجم شخصیت و فن، ص ۱۲

معروف شاعر ایاز صدیقی کے بقول

" قیامِ پاکستان کے وقت ملتان میں صرف ایک ادبی تنظیم باقاعدگی سے طرحی مشاعرے کروایا کرتی تھی اور وہ تھی "بزم ضیائے ادب" جس کی بنیاد تقسیم سے پہلے ضیاء صدیقی مرحوم نے روہتک میں رکھ دی تھی۔ ضیاء صاحب قیامِ پاکستان سے ایک سال قبل اپنا تبادلہ ہونے پر ملتان چلے آئے اور کوٹلہ تولے خان سے ہفتہ وار طرحی مشاعروں کا آغاز کیا۔ قیامِ پاکستان کے بعد کی پہلی دہائی میں، صابؔر دہلوی اس کے باقاعدہ شرکاء میں رہے ہیں۔"(۷۱)

بزم ضیائے ادب کے معتمد ایاز صدیقی اور ان کے برادر بزرگ ممتاز شاعر حزیں صدیقی (جانشین احسان دانش) کے مطابق صابؔر دہلوی نے ۱۹۴۸ء تا ۱۹۵۹ء بزم ضیائے ادب کے طرحی مشاعروں میں جن غزلوں کے ساتھ شرکت کی ان کے مطلعوں کے مصرعہ ہائے اولیٰ درج ذیل ہیں۔

| نمبر شمار | مصرعہ ہائے اولیٰ | قافیہ | ردیف | بیاض | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔ | یوں مشکلاتِ عشق کو آساں بنا دیا | آساں | بنا دیا | دوم | ۵۵ |
| ۲۔ | غلط کیا ہے دلِ مضطر جو بہلایا نہیں جاتا | بہلایا | نہیں جاتا | دوم | ۴۵ |
| ۳۔ | تم جو آجاؤ مری زیست کا حاصل ہو کر | حاصل | ہو کر | اوّل | ۱۵ |
| ۴۔ | مجھے اب پیار آتا ہے جنونِ فتنہ ساماں پر | ساماں | پر | اوّل | ۳۷ |
| ۵۔ | خدا کی شان کہ اب وہ ہیں مائلِ فریاد | فریاد | غیر مردف | دوم | ۴۲ |

۷۱۔ ایاز صدیقی (ملتان کے معروف شاعر) سے مقالہ نگار کی گفتگو، ۵ ستمبر ۱۹۹۵ء

(یہ غزل ۱۹۵۵ء میں بزم ضیائے ادب کے مشاعرے میں پڑھے جانے کے باوجود "شاخِ نہالِ غم" کے مرتبین عرش صدیقی اور فیاض تحسین نے کلامِ انوار انجم میں آخری غزل کے طور پر شمار کی)

| نمبر شمار | مصرعہ ہائے اولیٰ | قافیہ | ردیف | بیاض | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۶۔ | یہ دشمنی درست نہیں دوستی کے بعد | دوستی | کے بعد | اوّل | ۷۱ |
| ۷۔ | زمانے کو بُھلاتا جارہا ہوں | بُھلاتا | جارہا ہوں | اوّل | ۴۵ |
| ۸۔ | زاہدِ خشک تو اگر درد سے آشنا نہیں | آشنا | نہیں | اوّل | ۱۷ |
| ۹۔ | مجھ سے یہ کہہ کے وہ سدھارے ہیں | سدھارے | ہیں | اوّل | ۲۱ |
| ۱۰۔ | ستائے جاتے ہیں پیہم ستائے جاتے ہیں | ستائے | جاتے ہیں | اوّل | ۵۱ |
| ۱۱۔ | عالمِ بالا کی جب حد سے گزر جاتا ہوں میں | گزر | جاتا ہوں میں | اوّل | ۴۹ |
| ۱۲۔ | کیا آفتیں ہیں زندگیِ مستعار میں | مستعار | میں | اوّل | ۶۷ |
| ۱۳۔ | لیں گے جو کام جذبہ دل کے اثر سے ہم | اثر | سے ہم | اوّل | ۲ |
| ۱۴۔ | عشق سے حسن کی رسوائی کا ساماں کیوں ہو | ساماں | کیوں ہو | اوّل | ۷۳ |
| ۱۵۔ | نہ اٹھے گی ترے در سے جبینِ عاشقی اپنی | عاشقی | اپنی | اوّل | ۵۷ |
| ۱۶۔ | نگاہِ دل اگر محوِ جمالِ یار ہو جائے | یار | ہو جائے | سوم | ۶۴ |
| ۱۷۔ | بغیر عشق بھلا حسن کس حساب میں ہے | حساب | میں ہے | اوّل | ۲۳ |

| نمبر شمار | مصرع ہائے اولیٰ | قافیہ | ردیف | بیاض | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱۸۔ | نگاہِ لطف سے دیکھو نہ بار بار مجھے | بار بار | مجھے | اوّل | ۲۲ |
| ۱۹۔ | قائم اس آرزو پہ ہماری حیات ہے | حیات | ہے | اوّل | ۷۹ |
| ۲۰۔ | باوصف لکھو کھا پردوں کے ہم اُنکا جلوہ دیکھیں گے | جلوہ | دیکھیں گے | دوم | ۵۴ |
| ۲۱۔ | ممکن نہیں کہ عشق میں غم سے مفر ملے | مفر | ملے | اوّل | ۷۸ |
| ۲۲۔ | خوشی نہ کوئی خوشی ہے نہ غم کوئی غم ہے | غم | ہے | اوّل | ۴۴ |
| ۲۳۔ | جب عیش میسّر تھا اب رنج اٹھانا ہے | اٹھانا | ہے | اوّل | ۸۵ |
| ۲۴۔ | کیا جانے کیا طلسم تمہاری نظر میں ہے | نظر | میں ہے | اوّل | ۵۴ |
| ۲۵۔ | اُس حسنِ بے جہت کو تصور میں لا کے دیکھ | لا | کے دیکھ | سوم | ۱۰۶ |

بزم ضیائے ادب کے مشاعروں میں صابر دہلوی کے علاوہ درج ذیل شعراء بھی شریک رہے ہیں۔ مرحوم شعراء۔(الف بائی ترتیب سے)(۷۲)

آذر ملتانی، آغا شیر احمد خاموش، ادب سیمابی، اسلم یوسفی، اطہر سلیم مسعودی، افق کاظمی، اکرام الحق، انور مرزا جالندھری، ایف۔ڈی گوہر، پرواز جالندھری، پروانہ جبوری، تاثیر نقوی، جابر علی سیّد، جنون صاحب، حاجی لق لق، حبیب جالب، حزیں صدیقی، حکیم عبدالمجید راحی، حیدر گردیزی، خادم کیتھلی، خلیق ملتانی، راز یوسفی، رشید روہتکی، رنگین فیروز آبادی، رونق بہزادی، ریاض انور، ریاض رام، ساقی الحسینی، سلیم سہسوانی،

۷۲۔ ایاز صدیقی، حزیں صدیقی، حسین سحر، اقبال ارشد اور عاصی کرنالی نے ان ناموں کی تصدیق کی۔

سیّد محمد جعفری، شفق حیدر آبادی، شفقت کاظمی، شمس الاسلام عالی، شمس ہاپڑی، شمیم شمسی، صابر خلیلی، صادق مصور، صبوحی دہلوی، صوفی آلم، طاہر کپور تھلوی، عبدالحمید عدم، عبدالغنی فوق، عتیق فکری، عرش صدیقی، عزیز حاصلپوری، فضا جالندھری، فقیر نور جعفری، قمر لکھنوی، کشفی ملتانی، گلزار حقی، ماہر القادری، مجید امجد، مختار مختاری، ممتاز العیشی، منیر فاطمی، میکش لکھنوی، نثار جاذب، نثار خاور، نسیم حجازی، نسیم لیہ، نواب قمر، وفا حجازی وغیرہ۔

حیات شعراء (الف بائی ترتیب سے)

ارشد ملتانی، اسلم انصاری، افتخار حسین شاہ، اقبال ارشد، اقبال گیلانی، ایاز صدیقی، بیدل حیدری، جری سیمابی، جعفر شیرازی، جمیل صدیقی، حاجی بشیر احمد بشیر، حسین سحر، حضرت اللہ وصال، حفیظ رومانی، دل نواز دل، سجاد بریلوی، سلمان غنی، صادق قمر، ضیاء القاسمی، عاصی کرنالی، قدرت نقوی، گلچیں کرنالی، گوہر ہوشیارپوری، مذاق العیشی، مسرور صابری، مقبول قریشی، نذیر قیصر، وزیری پانی پتی، ہلال جعفری، یوسف خورشید وغیرہ

ان مشاعروں میں شرکت سے نہ صرف یہ کہ صابر دہلوی کے کلام کے بیشتر حصے کا عرصہ تخلیق دریافت ہو جاتا ہے بلکہ حشمت وفا کے اس دعوے کی تردید بھی ہو جاتی ہے کہ صابر دہلوی نے قیامِ پاکستان کے بعد مشاعروں میں آنا جانا چھوڑ دیا تھا۔ حشمت وفا لکھتے ہیں۔

"مشاعروں میں شرکت بھی انہوں نے ختم کر دی تھی۔ کبھی کبھی دوستوں کے اصرار پر کسی مشاعرے یا ریڈیو پروگرام میں شرکت کر لیتے تھے۔"(۷۳)

۷۳۔ حشمت وفا "صابر دہلوی مرحوم" مطبوعہ لیل و نہار، ص ۲۸

حیرت انگیز بات یہ ہے کہ حشمت وفا "امروز" جیسے بڑے میڈیا سے وابستہ ہونے کے باوجود اس بات سے بے خبر ہی رہے کہ ملتان ریڈیو اسٹیشن، صابر دہلوی کی وفات کے کم و بیش سات سال بعد قائم ہوا اور بہاول پور براڈکاسٹنگ اسٹیشن تو اس کے بھی بہت عرصہ بعد۔ حقیقت یہ ہے کہ ریڈیو کے لیے صابر دہلوی کی آواز صرف آل انڈیا ریڈیو دہلی پر ہی گونجی۔ قیامِ پاکستان کے بعد ان کے کسی ریڈیو پروگرام میں شرکت کا نشان تک نہیں ملتا۔ ممتاز صحافی اور نعت گو ولی محمد واجد نے ملتان میں ریڈیو کی نشریات کے بارے میں ۲۰ نومبر ۱۹۷۰ء کو لکھا۔

> " ملتان اور گردو نواح کے لوگ ایک زمانے سے محوِ انتظار اور گوش بر آواز ہیں۔
>
> آج بیس نومبر کو سوا چار بجے وہ لوگ اپنے محبوب ریڈیو سٹیشن سے نشریات سن سکیں گے۔"(۴۷)

سچ تو یہ ہے کہ صابر دہلوی اپنے ملتان کے پندرہ سالہ قیام میں ادبی محفلوں سے گریزاں نہیں رہے بلکہ وقت اور فرصت کے مطابق انہوں نے اپنے دور میں یہاں گاہے بگاہے جنم لینے والی تمام ادبی تنظیموں کی تقاریب میں شرکت کی۔ دراصل یہاں شروع ہی سے علمی و ادبی انجمنیں اپنے اپنے دائرہ کار میں علم و ادب کی ترویج کے لیے کوشاں رہی ہیں۔ وقت کے ساتھ ساتھ کچھ ادبی انجمنیں مٹتی چلی گئیں اور کچھ ابھرتی گئیں۔

نئے زمانے میں جب رائٹرز گلڈ کا قیام عمل میں آیا تو ملتان کے شاعروں اور ادیبوں کو ایک نیا پلیٹ فارم مل گیا۔ اس کی تنقیدی نشستوں میں بھی خاص باقاعدگی رہی۔ رائٹرز گلڈ کے ابتدائی جلسوں میں

---

۴۷۔ ولی محمد واجد "ریڈیو سٹیشن ملتان کی تعمیر قطرہ سے گوہر ہونے تک" (مضمون) روزنامہ "امروز" ملتان اشاعت خاص ۲۰ نومبر ۱۹۷۰ء، ص ۵۔

صابر دہلوی بھی شریک رہے۔ منشی عبدالرحمٰن لکھتے ہیں۔

"گلڈ کا پہلا اجلاسِ عام ۳۰ اگست ۱۹۵۹ء کو زیرِ صدارت مسٹر مختار مسعود، دوسرا ۲۶ ستمبر کو صاؔبر دہلوی کی صدارت میں منعقد ہوا۔"(۷۵)

ادارہ فکر و فن پچاس کی دہائی میں ابھرا۔ اس کے اجلاس پبلک لائبریری لانگے خان باغ ملتان میں بڑے تسلسل کے ساتھ منعقد ہوئے۔ ملتان کے تمام قابلِ ذکر ادیب و شاعر (جن میں صابر دہلوی کا نام نمایاں ہے) ان جلسوں اور شعری نشستوں میں ذوق و شوق کے ساتھ حصہ لیتے رہے۔(۷۶)

ملتان میں کالونی ٹیکسٹائل مل مظفر آباد کے کل پاک و ہند مشاعرے بہت مقبول رہے ہیں۔ اس کے دو مشاعروں میں صاؔبر دہلوی نہ صرف شریک رہے بلکہ باہر سے آنے والے مہمان شعراء بھی ان کے ہاں قیام پذیر رہے۔(۷۷) ان مشاعروں کے بارے میں مل مالک اور معروف سماجی کارکن مغیث اے شیخ نے مقالہ نگار کو بتایا۔

"یہ مشاعرے سالانہ میلے کے موقع پر کروائے جاتے تھے اور مل کی تفریحی اور ثقافتی سرگرمیوں کا حصہ تھے اس موقع پر مل ملازمین کو چھٹی دی جاتی تھی۔ شعراء سے رابطہ پرواؔز جالندھری مرحوم کیا کرتے تھے۔"(۷۸)

۷۵۔ عبدالرحمٰن منشی "بہار رفتہ" جاوید اکادمی، چہلیک، ملتان طبع اوّل ۱۹۷۵ء، ص ۲۲۴

۷۶۔ اے۔بی۔اشرف، ڈاکٹر "ملتان میں علمی ادبی سرگرمیاں" (ادبی کالم) روزنامہ "امروز" ملتان ۲۰ نومبر، ص ۲ کالم ۲

۷۷۔ عاصی کرنالی "چراغ نظر" ایجوکیشن پریس، کراچی، طبع اوّل ۱۹۹۲ء، ص ۱۶۴

۷۸۔ مغیث اے شیخ (مل اونر کالونی ٹیکسٹائل ملز اسماعیل آباد ملتان) سے مقالہ نگار کی گفتگو ۸ ستمبر ۱۹۹۵ء

ریلوے سٹیشن ملتان چھاؤنی کے قریب ایک بڑے گراؤنڈ میں (نمائش کے موقع پر) مشاعرے بھی ہوا کرتے تھے۔ ایک ایسے ہی مشاعرے میں صاؔبر دہلوی نے اپنی یہ غزل سنا کر یہ کل ہندوپاک مشاعرہ لوٹ لیا۔(۷۹)

"بے وفا نکلا جسے اک باوفا سمجھا تھا میں" (بیاض اوّل، ص ۵۵)

ایک اور ادبی انجمن ملتان اکادمی کا آغاز جنوری ۱۹۵۴ء میں ہوا۔ آغا شیر احمد خاموش ۱۹۷۰ء تک اس کے روح و رواں رہے۔ صاؔبر دہلوی اس انجمن کے بھی ایک آدھ مشاعرے میں شریک ہوئے۔(۸۰)

صاؔبر دہلوی نے ملتان میں قیام کے دوران ملتان سے باہر بھی مشاعرے پڑھے۔ ان میں سے ایک ڈیرہ غازی خان میں ہوا۔ اس مشاعرے میں حزیں صدیقی اور عاصی کرنالی بھی شریک تھے، وہ بتاتے ہیں کہ وہاں صاؔبر دہلوی نے اپنی یہ غزل سنائی۔

"مرتا ہوں مگر موت کا ہنگام نہیں ہے" (بیاض اوّل، ص ۸۴)

پروفیسر عاصی کرنالی کی سسرال واقع محلہ شاہ گردیز میں ۱۹۵۲ء اور ۱۹۵۳ء میں کئی یادگار

---

۷۹۔ اقبال ساغر صدیقی سے مقالہ نگار کی ایک گفتگو ۱۵ر اگست ۱۹۹۵ء

۸۰۔ ارشد ملتانی (ادیب و شاعر) سے مقالہ نگار کی ایک گفتگو، ۱۲ر اگست ۱۹۹۵ء

مشاعرے ہوئے۔(۸۱) عاصی کرنالی کے سسر ڈاکٹر محمد اعلم ہاشمی اپنی بیٹی اور داماد(ابوذر جعفری) سے ملنے ساہیوال سے ملتان آیا کرتے تھے۔ ان کی چھوٹی بیٹی (ثمر بانو ہاشمی بیگم عاصی کرنالی) کا قیام بھی مستقلاً یہیں تھا۔ ان کی ملتان آمد پر مشاعرے کا اہتمام کیا جاتا تھا۔ صابرؔ دہلوی نے ان مشاعروں میں شرکت کے ساتھ ساتھ عاصی کرنالی کی شادی میں بھی اہم کردار ادا کیا۔ ثمرؔ بانو ہاشمی نے مقالہ نگار کو بتایا۔

"میرے والد کو اس شادی پر رضامند کرنا آسان نہ تھا صابر صاحب نے یہ کام کر دکھایا۔"(۸۲)

برصغیر پاک و ہند کے استاد شاعر حضرت عیشؔ فیروزپوری کی کوئٹہ سے ملتان آمد پر ادبی تنظیم "بزمِ عیش" میں بھی طرحی اور غیر طرحی محافل شعرو سخن ہوا کرتی تھیں۔ معتمد مذاق العیشی کے مطابق صابر دہلوی نے "بزمِ عیش" کے آٹھ دس مشاعروں میں شرکت کی جن میں سے ایک طرحی مشاعرہ بھی تھا۔ اس مشاعرے کے لئے صابرؔ دہلوی نے جو غزل کہی اس کا مطلع یہ تھا۔

"غم و آلام میں آتا ہے مجھ کو شادماں ہونا" (بیاض اوّل، ص۲۶)

صابرؔ دہلوی کے ملتان میں قیام کے دوران دو یادگار "کل ہندو پاک مشاعرے" قلعہ کہنہ قاسم باغ پر انعقاد پذیر ہوئے یہ ٹکٹ کے مشاعرے تھے۔ ان مشاعروں میں صابرؔ دہلوی مقامی شاعر کے طور پر شریک ہوئے۔(۸۳) ان میں سے ایک کا اہتمام علی گڑھ اولڈ بوائز ایسوسی ایشن نے کیا تھا۔ اس کا احوال بیان

---

۸۱۔ ۸۲۔ ثمر بانو ہاشمی (ادیبہ شاعرہ) سے مقالہ نگار کی ایک گفتگو، ۲۱/ اگست ۱۹۹۵ء

۸۳۔ مسز اقبال فیضان (معروف سیاسی و سماجی کارکن) سے مقالہ نگار کی ملاقات، ۶ ستمبر ۱۹۹۵ء

کرتے ہوئے معروف قانون دان پیرزادہ عبدِ سعید نے بتایا۔

"میرے والد پیرزادہ عبدالمجید ایسوسی ایشن کے صدر تھے۔ انہوں نے ملک کے تمام مشہور شاعروں کو اس مشاعرے میں مدعو کیا تھا۔ باہر سے آنے والے اکثر شعراء کا قیام صابر دہلوی مرحوم کے ہاں رہا۔ انہوں نے بھی مہمان نوازی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔ ایسوسی ایشن کے لئے یہ بے مثال تعاون تھا۔ اس مشاعرے کی آمدن سے علیگڑھ ماڈل سکول قائم کیا گیا جو آج بھی ملتان کے چند اچھے سکولوں میں شمار کیا جاتا ہے۔"(۸۴)

باہر سے آنے والے اکثر شعراء صابر دہلوی کے ہاں قیام کو ترجیح دیتے تھے اور ان کے ہاں کئی کئی دن مقیم رہتے تھے۔ ان شعراء میں جوشؔ ملیح آبادی، جگرؔ مراد آبادی، نواب اشکؔ رامپوری، نخشبؔ جارچوی، ادیبؔ سہارنپوری، طفیلؔ ہوشیارپوری، سلیم بیتابؔ، ماہرؔ القادری، جمیل الدین عالیؔ، حبیب جالبؔ، قمرؔ جلالوی، ساغرؔ صدیقی، رازؔ مراد آبادی، شورؔ علیگ اور احسان دانشؔ شامل ہیں۔(۸۵)

قیام ملتان کے دوران صابر دہلوی کو دو بار ہندوستان کے مشاعروں میں جانے کا موقع بھی ملا۔ پہلے ۱۹۵۶ء میں اور اس کے بعد ۱۹۶۱ء میں۔ ۱۹۵۶ء میں جب صابر دہلوی بمبئی گئے تو روزنامہ "انڈین ایکسپریس" نے انھیں یوں خراج تحسین پیش کیا۔

"اردو کے ہر دلعزیز غزل گو شعراء میں سے ایک شاعر صابرؔ دہلوی ہیں جن کی

۸۴۔ پیرزادہ عبدِ سعید سے مقالہ نگار کی ملاقات، ۴ ستمبر ۱۹۹۵ء

۸۵۔ عاصی کرنالی سے مقالہ نگار کی ایک گفتگو، ۲۶ اگست ۱۹۹۵ء

غزلیں بمبئی میں ہونے والے یومِ کیفی کے مشاعرے میں بے حد پسند کی گئیں۔

انھیں بطور خاص ملتان سے مدعو کیا گیا تھا۔"(۸۶)

صابر دہلوی کے دوسری بار ہندوستان کے سفر کے بارے میں معتمد اردو اکادمی ملتان نے لکھا۔

"جنھوں نے ۱۹۶۱ء میں دہلی کا سفر کیا تھا اور وہاں خوب شہرت پائی۔"(۸۷)

معلوم ہوتا ہے اس بار بھی صابر دہلوی بمبئی سے دہلی پہنچے تھے غالباً یہ ۱۹۶۱ء کا اوائل ہو گا کیوں کہ حشمت وفا نے لکھا ہے۔

"۱۹۶۰ء میں انہوں نے بمبئی میں یومِ غالب کے موقع پر شرکت کی۔"(۸۸)

ہندوستان سے واپسی پر وہ کراچی بھی گئے اور ماہر القادری کے ساتھ کئی مشاعروں میں شریک ہوئے۔(۸۹) صابر دہلوی کے آخری مشاعرے میں شرکت سے متعلق دو آراء محل نظر ہیں۔ پہلی رائے پروفیسر حسین سحر کی ہے۔

"۱۹۶۴ء کے آخر میں صابر صاحب کی وفات سے کچھ عرصہ پیشتر چھٹیوں میں ہم نے "جامہ تعلیم و تربیت" اندرون بوہڑ گیٹ میں ایک مشاعرہ کرایا (ان کی علالت اور چراغ سحری ہونے کو پیش نظر رکھتے ہوئے ان ہی کی صدارت رکھی گئی۔ اس میں

---

۸۶۔ مدیر روزنامہ "انڈین ایکسپریس" بمبئی ۳۱ مئی ۱۹۵۶ء

۸۷۔ معتمد اردو اکادمی، ملتان مراسلہ بنام ڈائریکٹر آل انڈیا ریڈیو (ریکارڈ) ۲ مئی ۱۹۶۹ء

۸۸۔ حشمت وفا "صابر دہلوی مرحوم" مطبوعہ "لیل و نہار" لاہور، ص ۲۸

۸۹۔ عاصی کرنالی "چراغ نظر" ایجوکیشن پریس، کراچی، ص ۱۷۹

انہوں نے اپنی وہ مقبول غزل پڑھی جو الفاظ کے در و بست، معاملہ بندی، سادگی اور ترنم کی وجہ سے اکثر سنی جاتی تھی۔ اس غزل کا مطلع ہے۔

میری جانب سے جو منہ موڑے ہوئے جاتے ہیں آپ
آج کچھ بیگانے بیگانے نظر آتے ہیں آپ

یہ صدارت عاصی کرنالی کی فرمائش اور تجویز پر رکھی گئی تھی۔ ملتان میں ہونے والے اکثر و بیشتر مشاعروں میں انہی کی صدارت ہوا کرتی تھی۔(۹۰) یہ مشاعرہ "چناب اکیڈمی" ملتان کے زیر اہتمام ہوا تھا۔

دوسری رائے حشمت وفا کی ہے جس میں انھوں نے ٹاؤن ہال کے مشاعرے کو ان کا آخری مشاعرہ قرار دیا ہے، لکھتے ہیں۔

"پچھلے سال یومِ جگر کے موقع پر ٹاؤن ہال ملتان کے آخری مشاعرے میں شرکت کی۔"(۹۱)

صابر دہلوی کی جس غزل کو ان کی آخری غزل کا درجہ حاصل ہے وہ انھوں نے (وفات ۱۱ مارچ ۱۹۶۳ء) سے چند گھنٹے قبل اپنے پوتے سے لکھوائی تھی۔ اس غزل کا مطلع ہے۔

عشق کا حسن ہی باقی نہ رہا میرے بعد
کر سکا کوئی نہ تجدیدِ وفا میرے بعد

---

۹۰۔ پروفیسر حسین سحر سے مقالہ نگار کی ایک ملاقات ۲ ستمبر ۱۹۹۵ء۔

۹۱۔ حشمت وفا، "صابر دہلوی مرحوم" مطبوعہ "لیل و نہار" لاہور ص ۲۸۔

# صابر دہلوی کی شخصیت ۔ ایک جائزہ

بچپن ہی میں باپ کی شفقت سے محروم ہو جانے والے صابر دہلوی کو ابتدائی زندگی ہی سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اپنی ماں کی دوسری شادی کے باعث ان کا بچپن اور لڑکپن امر پور میں گزرا۔ تلاشِ معاش کیلئے وہ امر پور سے دہلی آئے اور سان گری کا پیشہ اختیار کیا جو ان کے قصبے امر پور سے مخصوص تھا۔ (۹۲) سان گری کا یہ پیشہ کافی لمبے عرصے تک ان کے رزق کا وسیلہ رہا لیکن حسن سے متاثر ہونے اور لطف اندوز ہونے کی جو صلاحیت فطرت نے انھیں ودیعت کی تھی یہاں آکر اور نمایاں ہو گئی۔ دہلی کی شعری اور ادبی فضا نے اس جوہر کو مزید نکھارا۔ مشاعروں میں شرکت اور شعراء کی محفلوں میں اٹھنے بیٹھنے سے ان میں وہ سلیقہ آگیا جو ان محفلوں میں برتا جاتا ہے۔(۹۳) شاگردانِ داغ کی صحبت میں رہ کر انہوں نے خود بھی شاعری شروع کر دی اور بیٹوں کے جوان ہونے پر کاروبار انھیں سونپ کر خود شعر و شاعری ہی کے ہو کر رہ گئے۔(۹۴)

۱۹۳۹ء میں دوسری جنگ عظیم شروع ہونے کے باعث سرکار برطانیہ کا پروپیگنڈہ محاذ نہایت سرگرم تھا۔ رسد اور نفری کے لیے جگہ جگہ "میں تو چھورے کو بھرتی کرائی آئی رے" کے نئے نئے

---

۹۲۔ ماہر القادری کا طویل مراسلہ عاصی کرنالی کے نام

۹۳۔ تابش دہلوی، "دید و باز دید" ص ۵۷

۹۴۔ ماہر القادری کا طویل مراسلہ عاصی کرنالی کے نام

پروگرام شروع کیے گئے۔ انہی پروگراموں میں جنگی مشاعرے بھی تھے۔(۹۵) ان مشاعروں کا انتظام علاقے کا کمشنر یا ڈپٹی کمشنر کرتا اور شعراء کو جیبیں بھر بھر کے معاوضہ ملتا تھا۔ عام خوش گلو شعراء اس میں مدعو ہوتے۔ ان شعراء میں صابر دہلوی بھی تھے۔ مختلف ریاستوں کے نواب اور رئیس بھی نہ صرف شاعروں کے قدردان تھے بلکہ شعراء کو نوازنے میں مخل نہ کرتے تھے۔ صابؔر دہلوی کے بھی کچھ نوابوں سے قریبی تعلقات تھے۔

صابؔر دہلوی ایک کثیرالاحباب شخص تھے۔ ان احباب کی اکثریت ان شعراء پر مشتمل تھی جن کے ہمراہ وہ مشاعروں میں شرکت کیا کرتے تھے۔ تابش دہلوی لکھتے ہیں۔

> " صابر دوستوں کے دوست تھے اور وہ احباب کی خوش دلی کے لیے بڑی سے بڑی قربانی دینے کے لیے تیار رہتے ـــــ وہ ہمہ وقت شاعری، احباب اور سرمستیوں میں بسر کرنا پسند کرتے تھے۔"(۹۶)

جگر مرادآبادی ، صابؔر دہلوی کے ان انتہائی قریبی دوستوں میں تھے جن کو صابؔر دہلوی قیام دہلی کے زمانے میں اپنے گھر پر مدعو کیا کرتے تھے۔ ماہر القادری لکھتے ہیں۔

> " صابر دہلوی مرحوم کے گھر میں پردے کی سخت پابندی تھی۔ دلّی میں سب سے پہلی بار جب میں ان کے یہاں گیا تو بولے

۹۵۔ تابش دہلوی "دید و باز دید" ص ۵۷

۹۶۔ تابش دہلوی "دید و باز دید" مضمون "صابر دہلوی مرحوم" ص ۵۸

ماہر! میں نے قصداً اس وضع کا مکان کرایہ پر لیا ہے تاکہ کسی کو مکان میں ٹھہرانا نہ پڑے۔ دوستوں میں جگر مراد آبادی کے بعد تم دوسرے شخص ہو جس کو میں نے اپنے گھر کھانے پر بلایا ہے۔"(٩٧)

جگر مراد آبادی سے صابر دہلوی کی دوستی کا تذکرہ کرتے ہوئے تابش دہلوی اپنے مضمون "صابر دہلوی مرحوم" میں رقم طراز ہیں۔

"صابر دہلوی کی حضرتِ جگر سے دوستی تھی وہ دلّی میں اکثر جگر کی محفلوں میں پائے گئے اور خاص بے تکلفی سے پائے گئے۔"(٩٨)

صابر دہلوی کے قیام ملتان کے زمانے میں بھی جگر مراد آبادی مشاعروں کے سلسلے میں کئی بار ملتان آئے اور انہوں نے ہمیشہ صابر دہلوی کی فلور مل میں قیام کو ترجیح دی۔ عاصی کرنالی لکھتے ہیں۔

"اسماعیل آباد ملز (ملتان) میں کل پاکستان مشاعرہ ہوا، اکثر شعراء کا قیام معمولاً صابر دہلوی مرحوم کے گھر پر ہوتا تھا۔ حتیٰ کہ حضرتِ جگر اور حضرتِ جوش بھی وہیں قیام کرتے تھے۔"(٩٩)

ملتان میں قیام کے دوران جگر اپنے دوستوں کے ہمراہ عطاء اللہ شاہ بخاری (پیر طریقت) سے ملنے

---

٩٧۔ ماہر القادری "صابر دہلوی مرحوم" از "یادِ رفتگاں" ص ٣٥٧

٩٨۔ تابش دہلوی "صابر دہلوی مرحوم" از "دید و باز دید" ص ٥٨

٩٩۔ عاصی کرنالی "چراغ نظر" ص ١٦۴

ان کے مکان پر گئے لیکن شاہ صاحب اس وقت اپنے گھر پر موجود نہ تھے جگر صاحب نے ایک کاغذ پر اپنے ساتھ آنے والے دوستوں کے نام درج کیے اور یہ مصرع شاہ صاحب کے نام چھوڑا۔

"ہمہ شوق آمدہ بودم ہمہ حرماں رفتم

جگر، ادیب، صابر دہلوی، ملک رشید احمد" (۱۰۰)

ماہر القادری سے بھی صابر دہلوی کی دوستی بے ریا خلوص و محبت پر استوار تھی۔ دونوں کے مزاج میں ایک ایسی ہم آہنگی تھی جو عام طور پر دوستوں میں کم ہی نظر آتی ہے۔ قیامِ پاکستان کے بعد صابر دہلوی کی ملتان آمد پر ماہر القادری بھی ملتان چلے آئے اور خواجہ محمد شفیع دہلوی و فیض جھنجھانوی کے ہمراہ فلور مل میں صابر دہلوی کے شراکت دار ہوئے۔ ان افراد نے تقریباً تین سال ملتان میں قیام کیا بعد میں خواجہ شفیع دہلوی لاہور، فیض جھنجھانوی فیصل آباد (لائلپور) اور مولانا ماہر القادری کراچی چلے گئے۔ جہاں سے ماہر القادری نے ادبی ماہنامہ "فاران" جاری کیا۔ صابر دہلوی بھی کراچی جانے کا ارادہ رکھتے تھے لیکن موت نے انھیں مہلت نہ دی۔ صابر دہلوی سے اپنی سچی اور بے غرض دوستی کا تذکرہ کرتے ہوئے ماہر القادری لکھتے ہیں۔

"شائستہ اور سنجیدہ محفلوں میں، مشاعروں میں اور پارٹیوں میں صابر اور میں جس طرح لطف لیتے تھے، مسکراتے تھے اور ہنستے تھے اسے کوئی دوسرا سمجھ ہی نہیں سکتا

---

۱۰۰۔ عطاء اللہ شاہ بخاری کے نواسے سید کفیل شاہ کے ریکارڈ میں محفوظ جگر مراد آبادی کی ایک مختصر تحریر

تھا کہ کس بات پر یہ دونوں ہنسی کے مارے دہرے ہوئے جا رہے ہیں۔ خندہ و قہقہہ کے "رموز" ہم دونوں نے ایجاد کیے تھے جو ہر کسی کی سمجھ میں کہاں آتے تھے، ایک لفظ، ایک اشارے اور ایک حرکت و ادا پر دونوں دیوار قہقہہ اور کشت زعفران بنے ہوئے۔"(١٠١)

صابر دہلوی کے احباب میں جوش ملیح آبادی بھی شامل تھے۔ جوش ملیح آبادی جب بھی ملتان آئے صابر دہلوی سے ملے بغیر واپس نہ گئے۔ حشمت وفا کے بقول

"ایک مرتبہ جب جوش مظفرگڑھ مشاعرے میں آئے تو ایک دن ملتان میں قیام فرمایا۔ ملتان پہنچتے ہی جوش صاحب نے سب سے پہلے جو بات کی وہ یہ تھی کہ بھئی صابر صاحب سے ملنا ہے۔ کسی صاحب کو ان کا گھر معلوم ہے۔"(١٠٢)

احسان دانش بھی صابر دہلوی کے قریبی دوستوں میں تھے۔ محمد اسحاق خان شور، احسان دانش کی دہلی میں آمد کے بارے رقم طراز ہیں۔

"احسان صاحب کی آمد پر یہ خطہ ارضی مسرتوں سے لبریز ہوتا۔ صابر دہلوی، نخشب جارچوی، شمس زبیری ان کے قیام کے زمانے میں ان کے ساتھ ہی رہتے۔"(١٠٣)

---

١٠١۔ عاصی کرنالی "چراغ نظر" ص ١٧٠

١٠٢۔ حشمت وفا، ہفت روزہ لیل و نہار، لاہور، ص ٢٨

١٠٣۔ شور، محمد اسحاق خاں (مضمون) "احسان دانش" نقوش، لاہور، عصری ادب نمبر، شمارہ نمبر ١٢٩، ستمبر ١٩٨٢ء، ص ٥٦٨

صابر دہلوی کے احباب میں کنور مہندر سنگھ بیدی سحر کا نام بھی اہم ہے۔ دونوں حضرات کی آپس میں دوستی، خلوص اور محبت کا اندازہ اس امر سے لگایا جاسکتا ہے کہ صابر دہلوی نے سحر کو اپنے ایک شعر کا موضوع بھی بنایا ہے۔

ہم کو تو اک نظر میں ہی اپنا بنالیا
یعنی کچھ اس ادا سے جناب سحر ملے (۱۰۴)

اردو کے مشہور شاعر و ادیب، سینیٹر جمیل الدین عالی قیامِ دہلی اور قیامِ ملتان کے زمانے میں صابر دہلوی سے بہت قریب رہے۔ صابر دہلوی انھیں بہت عزیز رکھتے تھے اور اپنا بیٹا سمجھتے تھے۔ صابر دہلوی کی وفات پر عاصی کرنالی نے ماہر القادری کو جو تعزیتی خط لکھا اس سے یہ واضح ہو جاتا ہے کہ واقعتاً صابر دہلوی جمیل الدین عالی کو اپنے بیٹوں کی طرح چاہتے تھے۔

"آپ جمعرات کو ان سے ملنے ہسپتال گئے، جمعہ کو میں پہنچا، تین گھنٹے رہا، زیادہ ذکر کراچی کا رہا، کہنے لگے میں آپ کو ایک خوشخبری سناتا ہوں، صحت یاب ہوتے ہی میں ملتان چھوڑ دوں گا ۔۔۔۔ کراچی چلا جاؤں گا۔ وہاں میرا ماہر جو ہے۔ تمھیں بھی لے چلوں گا عاصی! یا جلد بلا لوں گا۔ اپنا بیٹا عالی وہاں ہے، وہ تمہارے لیے بہت کچھ کر دے گا۔ پھر مولانا تم پر شفقت کرتے ہیں۔"(۱۰۵)

۱۰۴۔ صابر دہلوی، بیاض اوّل، ص ۷۸، دوم، ص ۳۵، سوم، ص ۱۰۹

۱۰۵۔ ماہر القادری "صابر دہلوی" (مضمون) "یادِ رفتگاں" ص ۳۶۰

صابر دہلوی کے قیامِ ملتان کے دوران عاصی کرنالی ان کے بہت قریب رہے، تابش دہلوی لکھتے ہیں۔

"ملتان میں عاصی کرنالی ان کے احباب میں خاص قرب رکھتے تھے۔"(١٠٦)

ماہر القادری، صابر دہلوی کے دیگر دوستوں کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

"جگر مراد آبادی کے علاوہ کنور مہندر سنگھ بیدی سحر، شعری بھوپالی، شکیل بدایونی، خمار بارہ بنکوی، مجروح سلطان پوری، وامق جونپوری، نخشب جارچوی وغیرہ شعراء سے صابر دہلوی کا یارانہ تھا۔"(١٠٧)

صابر دہلوی جس سے ملتے ٹوٹ کر ملتے، منافقت، مصلحت اندیشی اور زمانہ سازی ان کو آتی ہی نہ تھی۔ اپنی صاف گوئی اور سادہ دلی کے باعث انہوں نے دوستوں کے ہاتھوں زخم بھی اٹھائے۔ دکھ اور مصیبت کے وقت میں دوستوں کی بے مروتی، ان کے لیے سوہانِ روح تھی لیکن ان کے لب پر حرفِ گلہ نہ آیا۔(١٠٨)

زندگی کی عطا کردہ محرومیوں اور دکھوں نے انھیں زندگی پر ہنسنے کا حوصلہ عطا کر دیا تھا۔ باپ کا سایہ سر سے اٹھنے کے بعد وہ خود تو دھوپ میں جلے لیکن دوسروں کے لیے سایہ دار درخت کی حیثیت اختیار کر گئے۔ اپنے بیٹوں کی نا اہلی کے باعث پوتے پوتیوں کی پرورش کی ذمہ داری انہوں نے خود اٹھائی اور مالی آسودگی کے ساتھ انھیں بہترین تربیت بھی فراہم کی۔ ان کے پوتے انوار انجم (معروف جواں مرگ شاعر)

---

١٠٦۔ تابش دہلوی "صابر دہلوی مرحوم"۔ "دید و باز دید" ص ٥٨.

١٠٧۔ ماہر القادری کا ایک طویل مراسلہ عاصی کرنالی کے نام، ١٢ جولائی ١٩٦٣ء

١٠٨۔ عاصی کرنالی "چراغ نظر" ص ١٨٠

نے انہی کے زیر اثر شاعری کا آغاز کیا۔ اپنوں کے علاوہ غیروں کے ساتھ بھی ان کا رویہ ہمدردانہ اور مخلصانہ تھا۔ وہ دوسروں کے درد کو اپنے دل میں محسوس کرتے تھے۔ بقول مسز اقبال فیضان

"دکھ سننا اور دکھ بانٹنا ان کا خاص وصف تھا۔"(۱۰۹)

ملتان کے بزرگ شاعر مذاق العیشی ۱۹۵۶ء میں بیمار ہوئے تو صابر دہلوی کئی مرتبہ ان کی مزاج پرسی کے لیے گئے۔

"صابر دہلوی کئی مرتبہ آئے، یہاں کے دوسرے شعراء نے خبر ہی نہیں لی۔ یہاں سے ان کی انسان دوستی ظاہر ہوتی ہے۔"(۱۱۰)

صابر دہلوی خوش گلو ہونے کے علاوہ خوش خوراک اور خوش لباس بھی تھے۔ صبح اٹھ کر سب سے پہلے شیو کرنا ان کا معمول تھا۔ ماہر القادری لکھتے ہیں۔

"صابر دہلوی مرحوم کا چہرہ وجیہہ اور خوش منظر تھا۔ کسرتی بدن کے مالک تھے۔ ہر لباس ان پر جچتا تھا۔"(۱۱۱)

صابر دہلوی کی شخصیت کی تشکیل میں ان کے فن اور ان کے سراپا دونوں کا حصہ تھا۔ وہ ہر محفل اور ہر مجلس میں چھا جانے کی خصوصیت رکھتے تھے۔ بقول عاصی کرنالی

"موضوعات کی رنگا رنگی اور معلومات کی کثرت ان کی شخصیت کا لوہا منوا دیتی تھی۔

---

۱۰۹۔ مسز اقبال فیضان سے مقالہ نگار کی ایک ملاقات، ۶ ستمبر ۱۹۹۵ء

۱۱۰۔ مذاق العیشی سے مقالہ نگار کی ایک ملاقات، ۵ ستمبر ۱۹۹۵ء

۱۱۱۔ ماہر القادری کا ایک طویل مراسلہ عاصی کرنالی کے نام، ۱۲ جولائی ۱۹۶۳ء

وہ ایک زندہ تہذیب تھے۔ ان کے دم قدم سے ایک تہذیب زندہ تھی۔"(۱۱۲)

اگرچہ صابر دہلوی نے رسمی طور پر کسی مکتب میں تعلیم حاصل نہ کی تھی لیکن ان کا ادبی مزاج بڑا لطیف تھا۔ وہ ایک مجلسی آدمی تھے۔ ان کا کمال یہ ہے کہ شاعری میں ان کی واجبی تعلیم، ان کے مشاہدے کی گہرائی، شعرو ادب کے لسانی رویوں اور بیانی محاسن میں معدوم ہو گئی ہے۔

صابر دہلوی نہایت وضع دار اور مہمان نواز تھے۔ صلح کل اور وسیع المشرب تھے۔ وہ سب کے لیے خندہ جبیں اور کشادہ آغوش تھے۔ ملتان میں قیام کے بعد ان کی فلور مل کو ادبی مرکز کی حیثیت حاصل ہو گئی تھی اور سارا دن شعراء کا آنا جانا لگا رہتا۔ باہر سے آنے والے شعراء کا قیام بھی اکثر وہیں رہتا۔ مہمانوں کی تواضع اور خاطر مدارات سارا دن جاری رہتی لیکن ان کے ماتھے پر کبھی شکن نہ آئی۔ وہ سیر چشم اور عالی ظرف تھے۔ دوستوں کے لیے اکثر گھر پر پائے اور کبابوں کی دعوت کا اہتمام کرتے۔(۱۱۳) انھوں نے ہر دور میں وضع داری کو قائم رکھا۔ اپنی نشست و برخاست، گفتگو، رہن سہن، عادات و اطوار میں وہ دہلوی تہذیب کے نمائندہ تھے اور یہ تہذیب ان کے ساتھ ہی رخصت ہو گئی۔

لٹ گئی قدرِ وفا، مِٹ گئی تہذیبِ وفا
مدتوں روئیں گے اربابِ وفا تیرے بعد (۱/۱۱۳)

---

۱۱۲۔ عاصی کرنالی "چراغ نظر" ص ۱۸۰

۱۱۳۔ مسز اقبال فیضان سے مقالہ نگار کی ایک ملاقات، ۶ ستمبر ۱۹۹۵ء

۱/۱۱۳۔ عاصی کرنالی "تمام و ناتمام" (کلیات) طبع اوّل، ایجوکیشنل پریس، کراچی ۱۹۹۴ء، ص ۶۴۴

# اوزان و بحور صابر دہلوی

صابر دہلوی کی شاعری کا دور دراصل مشاعروں کی شاعری کا دور ہے۔ مشاعرے کے شاعر کو اپنی شاعری میں مشاعرے کی نزاکتوں کا خاص خیال رکھنا پڑتا ہے۔ وہ ایسے موضوعات و واقعات کو اپنی شاعری کا موضوع بناتا ہے جو سامعین مشاعرہ سننا چاہتے ہوں اور ان موضوعات کو شاعری کے سانچے میں ڈھالنے کے لئے ایسے اوزان و بحور کا استعمال کرتا ہے جو سامعین کے لئے نامانوس نہ ہوں جن میں بہاؤ، روانی، موسیقیت اور نغمگی پائی جاتی ہو۔ یہاں ہم صابر دہلوی کی شاعری کے عروضی نظام پر ایک نظر ڈالیں گے اور ان اوزان و بحور کا جائزہ لیں گے جنہیں صابر دہلوی نے اپنی شاعری میں کامیابی سے برتا۔

## وزن نمبرا :-

بحر مضارع مثمن اخرب مکفوف محذوف، مقصور

مفعول فاعلات مفاعیل فاعلن، فاعلات (دوبار)

یہ بحر اپنی روانی، ترنم اور موسیقیت کے باعث صابر دہلوی کی پسندیدہ بحر ہے۔ مقالے میں شامل ۲۲۶ منظومات میں سے (چھتیس) ۳۶ منظومات کے لئے اس بحر کا استعمال کیا گیا ہے۔ ان منظومات کے نمبر شمار اس مقالے کی فہرست کے مطابق درج ذیل ہیں۔

۱، ۵، ۹، ۱۱، ۱۴، ۲۶، ۳۸، ۴۰، ۴۲، ۴۴، ۴۹، ۵۶، ۵۷، ۵۹، ۶۳، ۸۰، ۸۴، ۸۸، ۱۰۸، ۱۱۶، ۱۲۷، ۱۲۹، ۱۳۰، ۱۳۶، ۱۴۳، ۱۴۵، ۱۶۸، ۱۷۶، ۱۸۲، ۱۸۶، ۱۸۷، ۱۹۴، ۲۱۰، ۲۱۴، ۲۱۸، ۲۲۳ کل تعداد :- ۳۶

## وزن نمبر۲ :-

بحر ارمولہ مثمن مخبون محذوف مسکن

فاعلاتن فعلاتن فعلاتن فعلن (دوبار)

اس بحر کے کثرت سے استعمال کا باعث بھی اس کا ترنم اور روانی ہے۔ مقالے میں شامل جو (چونتیس) ۳۴ منظومات اس بحر میں ہیں فہرست کے مطابق ان کے نمبر شمار درج ذیل ہیں۔

۱۲، ۱۳، ۱۵، ۲۴، ۲۵، ۲۹، ۳۱، ۳۴، ۳۶، ۴۱، ۴۵، ۵۰، ۵۲، ۶۶، ۹۰، ۹۲، ۹۶، ۹۷، ۹۸، ۱۰۱، ۱۰۶، ۱۱۲، ۱۲۰، ۱۳۲، ۱۳۳، ۱۳۵، ۱۵۳، ۱۶۴، ۱۸۴، ۱۹۱، ۲۰۱، ۲۰۳، ۲۱۶، ۲۲۶ کل تعداد :- ۳۴

### وزن نمبر۳:۔

بحر مجتث مثمن مخبون محذوف

مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلن (دوبار)

مقالے میں شامل (پینتیس) ۳۵ منظومات کے لئے اس بحر کا استعمال کیا گیا ہے۔ ان منظومات کے نمبر شمار فہرست کے مطابق درج ذیل ہیں۔

۳۰، ۳۵، ۳۷، ۴۳، ۴۶، ۶۰، ۶۱، ۶۲، ۶۴، ۷۲، ۷۳، ۸۵، ۸۶، ۸۹، ۹۳، ۱۰۲، ۱۰۵، ۱۱۵، ۱۲۶، ۱۳۸،

۱۴۱، ۱۴۴، ۱۶۰، ۱۶۶، ۱۶۹، ۱۷۲، ۱۷۸، ۱۸۸، ۱۹۷، ۱۹۸، ۱۹۹، ۲۰۸، ۲۱۱ ۲۱۵ ، ۲۲۱ کل تعداد :۔ ۳۵

### وزن نمبر۴ :۔

بحر ہزج مثمن سالم

مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن مفاعیلن (دوبار)

شامل مقالہ ۲۲۲ منظومات میں سے (اٹھائیس) ۲۸ اس بحر میں ہیں ان کے نمبر شمار بمطابق فہرست درج ذیل ہیں۔

۱۰، ۱۶، ۲۱، ۲۲، ۲۷، ۴۷، ۵۴، ۵۵، ۶۷، ۸۱، ۸۳، ۹۴، ۱۰۰، ۱۱۰، ۱۱۳، ۱۱۷، ۱۲۲، ۱۳۹، ۱۴۰، ۱۴۲،

۱۴۶، ۱۴۷، ۱۵۰، ۱۶۱، ۱۷۱، ۱۸۳، ۱۹۵، ۲۲۰ کل تعداد :۔ ۲۸

### وزن نمبر۵ :۔

بحر رمل مثمن محذوف الاخر مقصور الاخر

فاعلاتن فاعلاتن فاعلاتن فاعلن ر فاعلات (دوبار)

شامل مقالہ (چھبیس) ۲۶ منظومات اس بحر میں ہیں ان منظومات کے نمبر شمار بمطابق فہرست درج ذیل ہیں۔

۲، ۳، ۴، ۱۷، ۱۹، ۲۰، ۲۸، ۵۱، ۵۳، ۵۸، ۶۵، ۶۹، ۷۴، ۷۷، ۸۲، ۹۵ ۱۱۱، ۱۱۸، ۱۲۴، ۱۳۷،

۱۵۵، ۱۵۶، ۱۵۸، ۱۶۷، ۲۱۹، ۲۲۴ کل تعداد :۔ ۲۶

### وزن نمبر۶ :۔

بحر خفیف مسدس مخبون محذوف

فعلاتن مفاعلن فعلن ر فعلان (دوبار)

شامل مقالہ منظومات میں (چودہ) ۱۴ منظومات اس بحر میں ہیں۔ ان کے نمبر شمار بمطابق فہرست یہ ہیں۔

۱۸، ۲۳، ۶۸، ۷۶، ۱۲۸، ۱۷۰، ۱۷۵، ۱۷۷، ۱۸۱، ۱۸۵، ۲۰۰، ۲۰۲، ۲۱۳، ۲۲۵، کل تعداد:۔ ۱۴

**وزن نمبر ۷ :۔**

بحر ہزج مثمن اخرب مکفوف محذوف الاخر (اہزوجہ مثمن)

مفعول مفاعیل مفاعیل فعولن (دوبار)

شامل مقالہ جو منظومات اس بحر میں ہیں ان کے نمبر شمار بمطابق فہرست درج ذیل ہیں۔

۶، ۷، ۳۳، ۱۱۴، ۱۲۱، ۱۳۴، ۱۶۲، ۱۷۹، ۱۸۰، ۱۹۳، ۲۰۷ ۲۱۲ کل تعداد:۔ ۱۲

**وزن نمبر ۸ :۔**

بحر متقارب مثمن سالم

فعولن فعولن فعولن فعولن (دربار)

شامل مقالہ جو (آٹھ) ۸ منظومات اس بحر میں ہیں ان کے نمبر شمار فہرست کے مطابق درج ذیل ہیں۔

۳۹، ۴۸، ۱۰۷، ۱۳۹، ۱۵۷، ۱۶۵، ۱۷۳، ۱۹۶ کل تعداد:۔ ۸

**وزن نمبر ۹ :۔**

بحر رمل مسدس محذوف الاخر ر مقصور الاخر (ارمولہ مسدس)

فاعلاتن فاعلاتن فاعلن ر فاعلان ر فاعلات (دوبار)

شامل مقالہ منظومات میں سے (چھ) ۶ منظومات میں اس بحر کا استعمال کیا گیا ہے۔ ان کے نمبر شمار مطابق فہرست یہ ہیں۔ ۹۹، ۱۰۳، ۱۱۹، ۱۵۱، ۱۷۴، ۱۹۲ کل تعداد :۔ ۶

**وزن نمبر ۱۰ :۔**

بحر رجز محذوف الاخر ر مقصور الاخر

مفاعیلن مفاعیلن فعولن ر مفاعیل (دوبار)

شامل مقالہ منظومات میں سے (چار) ۴ منظومات میں اس بحر کا استعمال ملتا ہے ان کے نمبر شمار فہرست کے مطابق یہ ہیں۔ ۳۲، ۷۱، ۷۵، ۱۹۰ کل تعداد:۔ ۴

**وزن نمبر ۱۱ :۔**

بحر متزاوج مثمن مطوی مخبون

مفتعلن مفاعلن مفتعلن مفاعلن (دوبار)

شامل مقالہ منظومات میں سے (چار) ۴ منظومات میں اس بحر کا استعمال ملتا ہے۔ ان کے نمبر شمار فہرست کے مطابق درج ذیل ہیں۔ ۷۰، ۷۸، ۱۰۹، ۱۵۹ کل تعداد :۔ ۴

**وزن نمبر ۱۲ :۔**

بحر ہزوج مثمن اخرب سالم الاخر

مفعول مفاعیلن مفعول مفاعیلن (دوبار)

مقالے میں شامل منظومات میں (چار) ۴ منظومات میں اس بحر کو استعمال کیا گیا ہے۔ ان منظومات کے نمبر شمار فہرست کے مطابق درج ذیل ہیں۔ ۱۰۴، ۱۴۸، ۱۵۴، ۱۸۹ کل تعداد :۔ ۴

**وزن نمبر ۱۳ :۔**

بحر متقارب اثرم مضاعف

مفعولن فع مفعولن فع مفعولن فع مفعولن فع (دو بار)

شامل مقالہ منظومات میں سے صرف (تین) ۳ منظومات میں یہ استعمال ہوئی ہے۔ ان منظومات کے نمبر شمار فہرست کے مطابق یہ ہیں۔ ۸، ۸۷، ۱۳۱ کل تعداد :۔ ۳

**وزن نمبر ۱۴ :۔**

بحر ہزج مثمن اخرب دائرہ

مفعول مفاعلن مفاعیلن فع (دو بار)

شامل مقالہ منظومات میں سے (تین) ۳ منظومات میں اس بحر کا استعمال ہوا ہے۔ ان کے نمبر شمار فہرست کے مطابق درج ذیل ہیں۔ ۲۰۴، ۲۰۵، ۲۰۶ کل تعداد:۔ ۳

وزن نمبر۱۵ :۔

بحر جامہ مثمن محذوف

فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فعلن فع (دوبار)

(فعلن فعلن فعلن فع فعلن فعلن فعلن فع) (دوبار)

شامل مقالہ منظومات میں صرف (دو) ۲ منظومات اس بحر میں ہیں۔ ان منظومات کے نمبر شمار فہرست کے مطابق درج ذیل ہیں۔ ۷۹، ۱۵۲ کل تعداد :۔ ۲

وزن نمبر۱۶ :۔

بحر مرغوب مثمن مخبون مرفل

مفاعلاتن مفاعلاتن مفاعلاتن مفاعلاتن (دوبار)

شامل مقالہ منظومات میں یہ بحر بھی صرف (دو) ۲ منظومات میں استعمال ہوئی ہے۔ ان منظومات کے نمبر شمار فہرست کے مطابق درج ذیل ہیں۔ ۱۴۳، ۲۰۹ کل تعداد :۔ ۲

وزن نمبر۱۷ :۔

بحر مقتضب

فاعلن مفاعیلن فاعلن مفاعیلن (دوبار)

یہ بحر شامل مقالہ منظومات میں صرف ایک کے لئے استعمال ہوئی ہے۔ اس کا نمبر شمار فہرست کے مطابق یہ ہے۔ ۱۲۳ کل تعداد :۔ ۱

وزن نمبر۱۸ :۔

بحر متدارک

فاعلن فاعلن فاعلن فاعلن (دوبار)

یہ بحر بھی شامل مقالہ منظومات میں صرف ایک کے لئے استعمال کی گئی ہے۔ اس کا نمبر شمار بمطابق فہرست یہ ہے۔ ۱۲۵

کل تعداد :۔ ۱

**وزن نمبر۱۹ :۔**

بحر نشید

مفا علن مفا علن مفا علن مفا علن (دوبار)

شامل مقالہ منظومات میں اس بحر کو بھی صرف ایک کے لئے استعمال کیا گیا ہے اس کا نمبر شمار فہرست کے مطابق یہ ہے۔ ۹۱، ۲۲۲ کل تعداد :۔ ۲

**وزن نمبر۲۰ :۔**

بحر کامل مثمن سالم

متفا علن متفا علن متفا علن متفا علن (دوبار)

شامل مقالہ منظومات میں یہ بحر صرف ایک بار استعمال ہوئی ہے اس کا نمبر شمار بمطابق فہرست یہ ہے۔ ۲۱۷ کل تعداد :۔ ۱

## صابر دہلوی کی نعتیہ شاعری

اردو شاعری میں صنف نعت ایک خاص عظمت اور حرمت کی حامل ہے۔ نعت کے لفظی معنی تو تعریف وتوصیف کے ہیں لیکن اصطلاحی معنوں میں وہ اشعار جن میں حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ و علیہ و آلہ وسلم کی ذات اقدس سے اظہارِ عقیدت و محبت کیا جائے' نعت کہلاتے ہیں۔

اردو نعت گوئی کا آغاز بھی اردو شاعری کے آغاز کے ساتھ ہی ہوا۔ اردو اور فارسی شعراء اپنے دواوین کا آغاز عام طور پر حمد و نعت سے کیا کرتے تھے اور اس روایت کو ہندو شعراء بھی پورا کرتے تھے۔ اردو کی قدیم شاعری میں قلی قطب شاہ' نظامی' وجہی' نصرتی اور غواصی سب کے ہاں نعتیہ مضامین قلمبند ہوئے ہیں۔ ولؔی دکنی کی شاعری میں بھی کہیں کہیں نعتیہ اشعار مل جاتے ہیں۔ شمالی ہند کے ممتاز اردو شعراء' سوداؔ' میر تقی میرؔ' میردردؔ' محمد باقر آگاہ اور نظیرؔ اکبر آبادی سے لے کر جدید تر شعراء تک تقریباً" تمام شاعر صنف نعت کے ذریعے آنحضور صلی اللہ و علیہ و آلہ وسلم کے حضور اپنی محبت و عقیدت کا اظہار کرتے چلے آئے ہیں۔ صابر دہلوی بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہیں۔

صابر دہلوی کی نعت کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ ہر مسلمان کی طرح ان کا دل عشق رسولؐ سے منور اور روح حب رسول سے سرشار ہے یہ عشق شاعر کو ہمہ وقت ایک بے خودی اور از خود رفتگی کی کیفیت میں مبتلا رکھتا ہے لیکن شاعر کو بخوبی علم ہے کہ یہ بے خودی دراصل ہوشیاری ہی کی ایک شکل ہے اور وہ اس کا اظہار اس طرح کرتا ہے۔

بے خود و سرشار ہو کر لاکھ ہشیاروں میں ہوں
جس کا عاشق ہے خدا اس کے طلب گاروں میں ہوں
(بیاض اول ص ٣٦)

شاعر کے لئے یہ امر باعث فخر قرار پاتا ہے کہ اس نے جس محبوب کا انتخاب کیا ہے وہ بے مثل و بے نظیر ہے اور دنیا قیامت تک اس کا جواب لانے سے معذور ہے۔

رکھتا ہوں عشق' دل میں رسالت مآبؐ کا
اب کیا جواب ہوگا' مرے انتخاب کا
(بیاض اول ص ٣٤)

آقائے دو جہاں کا عشق صابر دہلوی کی زندگی کا قیمتی ترین اثاثہ ہے اور شاید اسی لئے محبوب سے زمانی و مکانی دوری کا کرب ان کی شاعری میں بہت نمایاں ہو کر ابھرتا نظر آتا ہے۔ دیدارِ محبوب کی خواہش ان کی پہلی اور آخری خواہش بن جاتی ہے لیکن شاعر اس امر سے بھی بخوبی واقف ہے کہ حقیقی زندگی میں اس خواہش کا پورا ہونا ممکن نہیں اس لئے وہ آنحضورؐ کی جناب میں یہ التجا کرتا ہے۔

ہو جائے خواب ہی میں زیارت مجھے نصیب
آنکھیں ہیں رات دن مری گریاں ترے لئے
(بیاض اول ص ۷۴)

مستقرِ نبیؐ اور مرقدِ نبی ہونے کے باعث شہرِ مدینہ کا دیدار اور روضہ رسولؐ پر حاضری کی خواہش بھی بے اختیار شاعر کے دل میں جنم لیتی ہے۔

دیکھوں میں الٰہی درو دیوارِ مدینہ
مل جائے مجھے دولتِ دیدارِ مدینہ
(بیاض اول ص ۸۰)

اپنے روضے پر بلا لو یا شہِ ہر دوسرا
درد مندِ ہجر ہوں، تقدیر کے ماروں میں ہوں
(بیاض اول ص ۴۶)

حضور اکرم صلی اللہ و علیہ و آلہ وسلم کی ذات بابرکات درد و غم کے ماروں کے لئے ایک مسیحا کی حیثیت رکھتی ہے۔ آپؐ کا وجود بے بس و بے کس انسانوں کا سہارا ہے۔ صابر دہلوی نے آنحضور صلی اللہ و علیہ و آلہ وسلم کی شخصیت کے ان پہلوؤں کو بطور خاص اپنی نعت کا موضوع بنایا ہے۔

بیکسوں کا آسرا ہو یا حبیبِ **ذوالمنن**
درد مندوں کی دوا ہو یا حبیبِ **ذوالمنن**
(بیاض اول ص ۴۸)

وہ آپؐ ہی کا نام ہے وہ آپؐ ہی کی ذات
ٹوٹے ہوئے دلوں کا سہارا کہیں جسے
(بیاض اول ص ۸۲)

آنحضور صلی اللہ و علیہ و آلہ وسلم کی رحمت و مہربانی صرف مسلمان قوم سے مخصوص نہیں رہی بلکہ ہر قوم، طبقے اور مذہب سے تعلق رکھنے والے ان کی رحمت سے فیض یاب ہوئے یہاں تک کہ ان کے بدترین دشمن بھی ان کے حسن سلوک اور حسن اخلاق کے معترف تھے۔ صابر دہلوی نے حضور صلی اللہ و علیہ و آلہ وسلم کی اس ہمہ گیر رحمت کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا۔

دشمنوں پر بھی ہمیشہ لطف فرماتے رہے
اللہ اللہ کس قدر معصوم ہے خوئے رسولؐ
(بیاض اول ص ۷۰)

انسان خطا کا پتلا ہے۔ صابر دہلوی کو بطور انسان اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں کا نہ صرف بخوبی احساس ہے بلکہ اس امر پر ندامت ہے کہ وہ آپؐ کا گناہ گار امتی ہے۔

اپنے دامن میں چھپا لیجے شفیعِ المذنبین
آپؐ کی امت میں ہوں لیکن گناہ گاروں میں ہوں
(بیاض اول ص ۴۶)

لیکن اس ادراک کے باوجود شاعر کو یہ یقین کامل بھی ہے کہ دامن رسولؐ سے وابستگی ہی اس کے لئے باعث نجات ہوگی۔

بخشش کا غم، نہ خوف عذاب و ثواب کا
دامن پکڑ لیا ہے رسالت مآبؐ کا

صابر دہلوی کو روز حشر نہ صرف اپنی شفاعت کا یقین ہے بلکہ ان کا عقیدہ ہے کہ آنحضور صلی اللہ و علیہ والہ وسلم پوری اُمت کے گناہوں کی بخشش کے لئے اللہ تعالی سے اصرار کریں گے۔

محشر میں نبی جتنے ہونگے حیرت سے وہ سب تکتے ہونگے
اللہ سے بخشش کی خاطر اصرارِ محمدؐ دیکھیں گے
(بیاض سوم ص ۴۷)

ہر اُمتی کے دھوئے گئے حشر میں گناہ
اِک جوش تھا کہ نُور کا دریا کہیں جسے
(بیاض اول ص ۸۲)

صابر دہلوی کی نعت حضور اکرم صلی اللہ وعلیہ وآلہ وسلم سے ان کے والہانہ عشق کی تفسیر اور ان کے خلوص و وفا کی آئینہ دار ہے۔ عشق رسولؐ کا اظہار محض رسماً" یا روایتاً" ان کی نعت کا حصہ نہیں بنا بلکہ یہ ان کا زندگی کا تجربہ ہے اور شاید ان ہی خصوصیات کے باوصف آل انڈیا ریڈیو سے ان کی نعت کے پروگرام باقاعدہ طور پر نشر بھی ہوئے۔ ملتان کے اردو نعت گو شاعروں میں بھی دہلوی کو ایک ممتاز مقام حاصل ہے۔ ملتان میں اردو کے فروغ کا ذکر کرتے ہوئے عاصی کرنالی صاحب نے اپنے ایک مضمون میں صابر دہلوی کو ملتان کے اہم نعت گو شاعروں میں شمار کیا ہے۔ (۱۱۴)

---

۱۱۴- عاصی کرنالی، "ملتان میں فروغ نعت" (مضمون) مشمولہ م محمد صلی اللہ و علیہ وسلم، مرتبہ مرتضٰی اشعر، بزم فکر نو ملتان طبع اول ۱۹۹۳ء ص ۱۲-

## صابؔر دہلوی کی شاعری کا فکری اور فنی جائزہ۔

صابؔر دہلوی کی شاعری کے پس منظری مطالعے میں یہ طے کیا جا چکا ہے کہ صابؔر دہلوی کی شاعری کے آغاز(۱۹۱۷ء) کے لگ بھگ کا زمانہ دہلی کے حوالے سے داغ دہلوی کے تلامذہ کا زمانہ ہے۔ یہ عہد وہ ہے جہاں دہلی میں کہی جانے والی اردو غزل ایک نئے دور میں داخل ہو رہی تھی۔دہلی کا دبستان شاعری اس سے قبل اپنے پانچ ادوار مکمل کر چکا تھا۔ ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی کے مطابق آخری دور داغ دہلوی کا ہے۔

"پانچویں دور میں داغ آفتاب دہلی ہیں لیکن ......... پرانی معنوی دہلویت
دہلی سے رخصت ہو گئی ......زبان البتہ بے حد صاف اور رواں ہوگئی۔" (۱۱۵)

ڈاکٹر موصوف کی رائے میں داغ کے بعد دہلویت کا چراغ گل ہو گیا تھا۔ اور ساتویں اور آخری دور کے شاگردان داغ یعنی سائلؔ، بےخودؔ اور آغا شاعؔر وغیرہ بھی ٹمٹماتے چراغ کی طرح تھے۔ نیز انہوں نے سوائے محاورہ بندی کے کوئی رنگ پیدا نہیں کیا۔ دوسرے لفظوں میں کوئی ایسی بات پیدا نہیں کی جس سے دہلی کی مرکزیت قائم رہ سکتی ۔ ڈاکٹر نورالحسن ہاشمی کے اس نظریے پر نئے محققین نے اپنی کشادہ نظری سے خط تنسیخ کھینچ دیا۔ اس کی ایک مثال ڈاکٹر عنوان چشتی کی ہے جو دہلی میں اردو شاعری کے جدید ترین ادوار (یعنی شاگردانِ داغ، تقسیم اور اس کے بعد تک) کا جائزہ لیتے ہوئے اس نتیجے پر پہنچے ہیں۔

"کہا جاسکتا ہے کہ دبستان دہلی کا وجود اپنی جگہ باقی ہے اگرچہ اس کی پرانی
خصوصیات میں مرور زمانہ کے ساتھ تبدیلیاں آگئی ہیں مگر ان کی اپنی خوشبو
اور اپنا ذائقہ ہے۔" (۱۱۶)

اسکی وجہ شاید یہ ہے کہ بیسویں صدی کے نصف اول میں بطور خاص یہاں کی سماجی، تہذیبی، سیاسی اور اقتصادی زندگی میں جو تیز رفتار تبدیلیاں آئیں، اردو غزل نے انھیں اپنے مزاج کے مطابق قبول کیا۔ ویسے بھی غزل کسی ٹھہرے ہوئے جوہڑ سے عبارت نہیں بلکہ ایک بہتا ہوا دریا ہے۔

دہلی کی جس ادبی فضا میں صابؔر دہلوی نے شاعری شروع کی اس میں شاگردان داغؔ یعنی بےخوؔد دہلوی، سائلؔ دہلوی آغا شاعؔر قزلباش اپنے اپنے مقام پر دہلی کی ادبی روایت کو آگے بڑھا رہے تھے۔ مشاعروں کا زور تھا اور مشاعروں میں ترنم سے پڑھنے کا رواج ہو گیا تھا۔ شاعر کو اپنے کلام میں مشاعرے کی نزاکتوں کا بھی خیال رکھنا پڑتا تھا ورنہ اسے قبولِ عام کی سند حاصل نہ ہوتی تھی۔ صابر دہلوی کی ادبی اور شعری تربیت میں ان مشاعروں کا بھی بڑا حصہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی شاعری میں وہ تمام خصوصیات (جو ان کے اساتذہ میں موجود تھیں) بدرجۂ اتم موجود ہیں۔

صابر دہلوی نے اظہار کے لیے جس پیمانے کو اپنایا وہ غزل کا سدا بہار پیمانہ تھا۔ جس کا ہر شعر دو مصرعوں کے

۱۱۵ - نور الحسن ہاشمی، ڈاکٹر "دلی کا دبستان شاعری" اردو اکادمی سندھ کراچی ۱۹۸۹ء ص ۴۶۵۔

۱۱۶۔ عنوان چشتی، ڈاکٹر "دہلی میں اردو غزل" اردو اکادمی دہلی ۱۹۹۲ء ص ۳۱۔

ذریعے انسانی زندگی کی مکمل داستان کا احاطہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ یہ صنف شعر شاعر کی ذات سے الگ ہو کر خلا میں جذبات کا اظہار نہیں کرتی بلکہ شاعر کی زندگی اور اس کا عمل جس طرح معاشرے میں شریک ہوتا ہے' اس احساس شراکت کو لفظوں میں ڈھالتی ہے۔ شاعری کو شاعر کے گرد و پیش سے الگ کر کے تفہیم کے مشکل مرحلے کو سر نہیں کیا جا سکتا کیونکہ ہر انسان کا شعور اس کے لاشعور میں ڈھلتا چلا جاتا ہے۔ شاعر کی زندگی کی خواہشات' حادثات' محرومیاں' حسرتیں' تمنائیں اور دکھ سکھ وغیرہ بھی شعر کے روپ میں ڈھل کر اس کے تزکیۂ نفس کا باعث بنتے ہیں۔ مثلاً" میر نے اپنی حسرتوں اور ناکامیوں کو شعری تجربے سے مربوط کر دیا ہے۔ اسی طرح صابر دہلوی کے قریبی دوست اور برصغیر کے مقبول ترین غزل گو حضرت جگر مراد آبادی نے اپنی زندگی کے نشیب و فراز سے جو کچھ اخذ کیا' اسی کو اپنی شاعری کا موضوع بنایا اور غزل کی صالح روایات کو منوا کر مذاق جمہور کی تسکین کا سامان فراہم کیا اور اس صنف کو نیا رنگ روپ عطا کر کے توانائی اور تازگی بخشی۔ صابر دہلوی اور جگر مراد آبادی کی طویل رفاقت کا متصل نقطہ یہ ہے کہ ان کی زندگی میں کئی ایسے نشیب و فراز آئے جو مشترکہ نوعیت کے تھے اور ہر دو شعراء نے مشربِ رندانہ' استعمالِ لحن اور طرز سازی جیسے مشترک طریقہ ہائے اندمالِ غم سے دکھوں کو شعر کے پردے میں چھپانے کی راہ سجھائی۔ جسطرح میر کے ہاں دل' دلی کا استعارہ بن کر میر کے معاشرے کی ٹوٹتی اور بگڑتی ہوئی اقدار کا نوحہ بکھیرتا ہے' صابر دہلوی بھی شعر کو سخن کا پردہ ٹھہرا کر غزل میں دل کی واردات رقم کرتے ہیں۔

کسی سے کام ہی کیا' کیوں کسی کی بات کریں
غزل میں صرف رقم دل کی واردات کریں

(بیاض سوم ص ۹۳)

## فکری جائزہ

صابر دہلوی کی شاعری کا فکری جائزہ لیا جائے تو مضامین کا ایک دبستان کھلتا نظر آتا ہے۔ متنوع مضامین اپنی رنگینیٔ بیان کی آبداری سے بستانِ غزل کی آبیاری کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ ان کے ہاں انسان کا تصور عالمگیریت کی حدوں کو جا چھوتا ہے۔ وہ انسان کو سچا اور بے ریا دیکھنا چاہتے ہیں۔ کیونکہ اعلیٰ ترین خوبیوں کا حامل ہو کر ہی وہ اپنی عظمت کو برقرار رکھ سکتا ہے۔ اور زمین پر نائب خدا ہونے کا فریضہ انجام دے سکتا ہے۔ صابر دہلوی اقبال کی طرح انسان کے لیے خودی کی طرح مہیا کوئی مربوط فلسفہ تو بیان نہیں کرتے البتہ اپنی غزل میں ایسے اشارے ضرور چھوڑ جاتے ہیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ وہ مثالی انسان کو کن خوبیوں کا حامل دیکھنا چاہتے ہیں مثلاً"

عظیم تر نہ ہو انساں تو بات ہی کیا ہے
یہ زندگی کی ہے توہین زندگی کیا ہے

(بیاض سوم ص ۱۹)

صابر دہلوی کے نزدیک احسان کو یاد رکھنا انسانیت کی شرطِ اول ہے۔

اس سے بڑھکر نہیں دنیا میں کوئی جرمِ عظیم
کچھ ہو انساں مگر احسان فراموش نہ ہو

مرزا اسد اللہ خان غالؔب اور محمد اسحاق خان صاؔبر کا مستقر ایک ہی ہے یعنی دہلی جس کی روایات یہاں کے رہنے والے مرتے مرتے بھی نبھاتے ہیں۔ بیکساری کے عمل کو جہاں غالؔب حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں اور سرگرانی کے سبب کی دریافت کے لیے بھی منت گزار نہیں ہونا چاہتے۔ صاؔبر دہلوی بھی اپنی انانیت اور ایک شانِ بے نیازی کے قائل ہیں۔ انھیں فخر ہے کہ ان کا شمار خوشامد کرنے والوں میں نہیں۔

زمانہ تجھ کو نہ سمجھے تو غم نہ کر صاؔبر
یہ فخر کر کہ خوشامد کی زندگی نہ رہی

(بیاض اول ص ۳۵)

غرض یہ کہ صاؔبر دہلوی جنہوں نے دوسری جنگ عظیم کے دھماکوں کی دھمک اپنی تہذیب پر پڑتی دیکھی تھی، تقسیم کے ہنگاموں کا سامنا کیا تھا اور مذہب کے نام پر سیاسی انتقام کی آگ کے شعلے اپنے دامن تک محسوس کیے اور ہندو مسلم فسادات کے بھیانک مناظر میں انسانیت کے پرخچے اڑتے دیکھے تھے، انسانی تذلیل پر خوش نہیں بیٹھ سکتے تھے۔

زمانہ لاکھ ترقی کیا کرے لیکن
دلوں میں عظمتِ انساں نہیں تو کچھ بھی نہیں

(بیاض سوم ص ۱۳)

انسانی رویوں میں دوستی اور سچی دوستی کا رتبہ مسلمہ ہے۔ ہر ہاتھ ملانے والا دوست نہیں ہو سکتا۔ یہ جانتے ہوئے بھی صاؔبر دہلوی نے دوستی اور دوستوں کی جس انداز میں پذیرائی اور خاطرداری کی اسکا منہ بولتا ثبوت ملتان میں لائن فلور ملز کے ادبی ٹھکانے کے ذیل میں آچکا ہے۔ اس سے یہ نتیجہ اخذ کرنا چنداں دشوار نہیں کہ صاؔبر اپنے دوستوں سے تازندگی بے حد مخلص رہے۔ البتہ ان کے نظریہ دوستی کے مطابق انسانوں کی ایک محدود اقلیت ہی دوستی کے قابل ہو سکتی ہے۔ یہ پہلو بھی قابل غور ہے کہ انہوں نے دوستوں سے کبھی توقعات وابستہ نہیں کیں۔ دوستوں کا بے حد وسیع حلقہ رکھنے کے باوجود صابر دہلوی کے لیے دوستی کا تجربہ خاصا تلخ تھا جسے انہوں نے جگہ جگہ شاعری کا موضوع بنایا۔

ملے ہیں دوستی سے ایسے انعام
نہ لوں گا نام تک اب دوستی کا

(بیاض سوم ص ۴۲)

دوست سے وہ رنج پہنچے ہیں کہ اب
کانپتا ہوں دوستی کے نام سے
(بیاض سوم ص ۷۶)

یہ ایک فطری امر ہے کہ آدمی جن احباب سے مخلص ہو ان سے ریاکاری نہ برتے۔ پھر اگر انہی سے دکھ پہنچے تو شدید تر ہوتا ہے۔ صابر دہلوی کی ذات عمر کی آخری دہائی میں جس کرب کا شکار رہی اور انتشار کی جس کیفیت سے وہ گزرے' اس کے اسباب میں غیروں کے نہیں اپنوں ہی کے نام آتے ہیں۔ صابر تیر کھا کے کمیں گاہ کی طرف دیکھتے ہیں تو اپنے ہی دوستوں سے ملاقات ہو جاتی ہے۔

مجھے دشمنوں سے شکایت نہیں ہے
مجھے دوستوں نے بنایا نشانہ
(بیاض سوم ص ۱۰۵)

صابر دہلوی کے نزدیک نئے زمانے کے دوست مخلص نہیں اور اپنے رویوں میں منافقت سے کام لیتے ہیں۔ صرف اوپری سطح پر چاہت کا اظہار کرتے ہیں اور ضرورت کے وقت کام نہیں آتے۔ دوستوں کی یہی دو عملی انھیں قلم اٹھانے پر مجبور کر دیتی ہے۔

مصیبت میں نہ آیا کام کوئی
یہ ہے انجام صابر دوستی کا
(بیاض سوم ص ۴۲)

معاشرتی رویوں کا تجزیہ کرتے ہوئے صابر دہلوی یہ نتیجہ اخذ کرتے ہیں کہ احباب کی دو عملی دراصل ان کی غیر مخلصانہ سوچ اور زمانہ سازی کے تقاضوں کے عین مطابق ہے۔

کچھ زمانے کا عجب انداز ہے
دیکھیئے جس کو زمانہ ساز ہے
(نسخہ دوم ص ۲۴)

اردو غزل کے بیشتر شعراء کی مانند عشق صابر دہلوی کی شاعری کا بنیادی اور بڑا موضوع ہے۔ اسی لازوال جذبے پر غزل کی زندہ روایت کا انحصار ہے لیکن نظریہ عشق نے صابر دہلوی کے زمانے تک آتے آتے طویل اور دشوار گزار پگڈنڈیوں کا سفر کیا ہے۔ اردو غزل کی روایت پر نظر دوڑائی جائے تو مختلف ادوار میں اس کی مختلف صورتیں سامنے آتی ہیں۔

قلی قطب شاہ کے زمانے میں عشق محض ہوس پرستی اور پیاریوں سے چھیڑ چھاڑ کا نام تھا۔ ولی دکنی نے اسے ایک پاکیزہ جذبے کا روپ دینا چاہا لیکن اس کا ایک نہیں ہزار ساجن ہیں۔ چنانچہ ولی کے عشق میں کوئی سچی' واضح اور گہری واردات نظر نہیں آتی۔ یہ عشق برائے عشق ہے جس میں محبوب دل لگی کا ایک ذریعہ ہے اور بس۔ البتہ میر کے عہد تک آتے آتے یہ پاکیزہ جذبہ ایک گہرائی کے ہمراہ سانس لینے لگتا ہے۔ میر کے ہاں یہ ہجر و فراق کا دوسرا نام ہے اور ایک ناکام عاشق کا تجربہ ہے۔ میر کی طرح صابر دہلوی کے حصے میں بھی محرومیاں' دکھ' ناکامیاں اور کرب آئے تھے۔ میر نے کہا تھا۔

ہم کو شاعر نہ کہو میرؔ کہ صاحب ہم نے
درد و غم کتنے کیے جمع تو دیوان کیا
(میر تقی میر)

صابر اس مضمون کو یوں رقم کرتے ہیں

ہیں حقیقت میں مرے قلب و جگر کے ٹکڑے
جو بظاہر تمھیں اشعار نظر آتے ہیں
(بیاض سوم ص ۶۷)

صابر دہلوی کا تصور عشق اس لحاظ سے مختلف بھی ہے کہ وہ جذبہ و شعور کا امتزاج ہے۔ وہ صبر کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑتے۔ اظہار میں ایک خاص طرح کے رکھ رکھاؤ اور پاسداری کو کام میں لاتے ہیں۔ صابر محبوب کو رسوا کرنے کے قائل نہیں۔ وہ جانتے ہیں کہ راہ عشق میں سو سو جتن کرنے پڑتے ہیں تب کہیں جاکر لمحہ وصال آتا ہے۔ وہ عشق کو ایک مسلسل جستجو سمجھتے ہیں۔

عشق جب صابرؔ مسلسل جستجو کا نام ہے
ابتدا سے کام کیا پھر انتہا سے کیا غرض
(بیاض دوم ص ۱۸)

صابر دہلوی کے عشق کے ڈانڈے ان کی حُسن پرستی سے جا ملتے ہیں۔ ان کی زندگی حُسن ہے اور حُسن پرستی ہے۔ وہ حسن کا بیان خارجی زاویہ نظر کے حوالے سے نہیں کرتے بلکہ اس میں مشاہدے اور احساس دونوں کا اثر ہے۔ انسانی حسن کے علاوہ کائنات کا حسن بھی ان کی توجہ اپنی جانب کھینچ لیتا ہے۔

آسماں پر جو چاند تارے ہیں
حُسن کے چند استعارے ہیں
(بیاض اول ص ۳۱)

انسانی حسن کے مختلف اور متنوع پہلوؤں کے بیان میں بھی صابر دہلوی کی جمال آفرینی اپنے عروج پر نظر آتی ہے۔ حسن پرستی اور محبوب کے حسن پر ان کے یہ اشعار جمال آفرینی کا نہایت عمدہ نمونہ ہیں۔

جہاں میں کوئی تیرا ثانی نہیں ہے
یہاں دخلِ بہزاد و مانی نہیں ہے
(بیاض دوم ص ۵)

تیرے تصورِ رُخِ رنگیں کے فیض سے
تصویر کھینچتا ہوں خزاں میں بہار کی
(بیاض سوم ص ۱۰۳)

پر تو سے جس کے دونوں جہاں جگمگا اٹھے
میری نظر میں وہ رُخِ تاباں ہے آجکل
(بیاض اول ص ۳۴)

اعضائے جسمانی میں قد، زلف اور نگاہ کا حسن صابر دہلوی کو سرشار و بے خود کیے رکھتا ہے۔ محبوب کے قد کی تعریف میں کہتے ہیں۔

لوگ تو سرو کی تعریف میں دیوانے ہیں
میں بیاں وصفِ قد یار کروں یا نہ کروں
(بیاض سوم ص ۸۷)

زلفوں کا حسن بھی صابر دہلوی کو اپنی جانب متوجہ کرلیتا ہے۔

آگئی زلفِ مسلسل پھر رخِ انوار پر
ہو گیا پھر اتصالِ کفر و ایماں دیکھیے
(بیاض دوم ص ۳۹)

ان کا رُخ اُن کی زلف کیا کہنا
صبح اُن کی ہے وقتِ شام اُن کا
(بیاض اول ص ۵۹)

لیکن اعضائے جسمانی میں وہ نگاہ کا ذکر بار بار کرتے ہیں۔ ان کی زندگی کی خوشیاں اور غم محبوب کی نگاہ کے محتاج ہیں۔

تری نگاہ کی معجز نمائیوں کی قسم
یہ زندگی کبھی جنت کبھی جہنم ہے
(بیاض سوم ص ۶۴)

جو آگیا تری زد پر وہ بچ نہیں سکتا
تری نگاہ کے ناوک عجیب ہوتے ہیں

(بیاض سوم ص ۶۰)

تیری آنکھوں کے تصور ہی سے وہ سرشار ہیں
مست تیرے خواہشِ جام و سبو کرتے نہیں
(بیاض اول ص ۸)

صابر دہلوی کی غزل سے جس محبوب کا سراپا تشکیل پاتا ہے وہ اردو شاعری کے روایتی محبوب سے اس لیے ذرا مختلف ہے کہ وہ خود بھی عاشق کی طرح اپنے اندر ایک دھڑکتا ہوا دل رکھتا ہے۔ اس میں چاہنے کی تمنا بھی ہے اور چاہے جانے کی بھی۔ وہ محض قاہروجابر یا ستم گار و دل آزار ہی نہیں بلکہ عام انسانوں کی طرح درد مندی کے جذبے سے بھی آشنا ہے۔ وہ الطاف ' عنایات سے نوازنا بھی جانتا ہے اسی لیے صابر دہلوی محبت کی بعض جان لیوا منزلیں سر کرنے کے باوجود بے دلی' نا امیدی' محرومی وناکامی کے زیر اثر نہیں آئے بلکہ لمحات محبت کے تصورات نے انھیں حوصلہ مندی کی طرف راغب کیے رکھا۔ اسی مضبوط جذبے کے تحت وہ غم جاناں سے وہ حوصلہ کشید کرلیتے ہیں جس سے خزاں رسیدہ موسم میں بھی بہار کا تصور کیا جاسکتا ہے۔ عشق کے زیر اثر وہ زمانے کی تلخیوں کا زہر بھی برضا و رغبت خود میں سمولینے پر تیار ہیں۔

وہ نگاہِ لطف آگئیں مجھ سے گر مخاطب ہو
پھر مجھے گوارا ہے تلخیٔ زمانہ بھی
(بیاض اول ص ۱۹)

صابر دہلوی کے ہاں عشق ایک نہایت پاکیزہ اور مقدس جذبہ ہے۔ سچا عاشق عشق کے عطا کردہ زخموں کو خوشدلی سے قبول کرتا ہے۔ اضطراب' بے چینی 'گھبراہٹ اور فریاد عاشقوں کا شیوہ نہیں ان کے خیال میں مس خام بھٹی میں خوب پک کر

ہی کندن بنتا ہے۔ خود کہتے ہیں۔

کسی کا قول ہے کیا خوب عشق میں صآبر
وہ آگ کچی ہے جس آگ میں دھواں ہے ابھی
(بیاض سوم ص ۷۷)

دراصل صابر دہلوی کائنات کے نظام کا محور و مرکز جذبہ محبت ہی کو قرار دیتے ہیں۔

اسی سے ہوتی ہے تکمیلِ زندگی صآبر
محبت اصل میں وجہِ نظامِ عالم ہے
(بیاض اول ص ۴۴)

یہ حقیقت اپنی جگہ درست ہے کہ صابر کی عشقیہ شاعری کا محور و مرکز ان کے معاصرین جگر' جوش اور ماہر وغیرہ سے مختلف نہیں اور ہمہ گیریت سے بھی تہی ہے۔ لیکن انداز و اثرات کے لحاظ سے ان کا راستہ الگ ضرور ہے۔

لوگ کہتے ہیں کہ صابرؔ یہ ہے آخر کیا بات
تیرے ہر شعر کا انداز نیا ہوتا ہے
(بیاض اول ص ۱۵)

بیخود دہلوی اور سائل دہلوی کے محبوب کی طرح سے صابر دہلوی کا موضوع غزل پیکر بلا کا شوخ ہے۔ لیکن صابر اسے حسرت کی طرح کوٹھے پر ننگے پاؤں نہیں بلاتے بلکہ میل جول میں ایک خاص طرح کی وضع داری کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے روایتی شرم و حیا کا لحاظ کرتے ہیں۔ اس کی وجہ شاید ان کی رومانی سوچ اور ورثے میں ملنے والا غیرت مندانہ مزاج ' دو ایسی چیزیں تھیں جو انھیں داستان حسن و عشق کو چٹخارے لیکر بیان کرنے کی اجازت نہ دیتی تھیں۔ چنانچہ انہوں نے اپنے لہجے کو حد اعتدال سے متجاوز نہیں ہونے دیا۔ حسن بیان آداب عشق اور پاس گریباں کو ملحوظ خاطر رکھنے کے باعث ہی ان کی شاعری کی فضا ناخوش گوار نہیں ہونے پاتی۔

محبت دل میں رہتی ہے محبت دل سے ہوتی ہے
کسی کے سامنے یہ راز دہرایا نہیں جاتا
(بیاض دوم ص ۴۵)

ان کے ستم بھی سہہ کے رہا محوِ صد نشاط
کیا حوصلہ ہے دل کا ز ہے عزوشانِ دل
(بیاض اول ص ۶۹)

ان کی وراثت میں ملنے والی غیرت و خود داری اگرچہ آداب عشق اور احترام محبت کی قائل ہے لیکن اردو کے بعض دیگر شعراء کی مانند وہ عاشق کی بجائے گدا گر یا سوالی ہونا پسند نہیں کرتے اور یہی وجہ ہے کہ اگر محبوب بے نیازی و بے رخی سے پیش آتا ہے تو وہ فورا" پکار اٹھتے ہیں۔

یہ ترا حسنِ عارضی یہ تری شانِ بے رخی
تیری نظر میں کچھ سہی میری نظر میں کچھ نہیں
بیاض دوم ص ۵۶)

نہ اب میرا سر تیرے در پر جھکے گا
بہت ہو چکا احترامِ محبت
(بیاض اول ص ۷)

صابر دہلوی کی غزل کا جس رخ سے بھی مطالعہ کریں' رجائیت کا پہلو ان کی فکر پر غالب معلوم ہوتا ہے۔ یہ شاید انکی رومان پرور اور تخیل پسند طبیعت کا فیضان ہے کہ وہ خواب حسن اور افسانہ عشق کے طلسم کے زیر اثر' ہر تیرگی میں روشنی' درد میں شادمانی' اضطراب میں آسودگی' تپش میں ٹھنڈک اور دوری میں قربت محسوس کر لیتے ہیں۔انھیں یقین ہے کہ رات کے بعد صبح ضرور طلوع ہوتی ہے۔ برے حالات کے بعد اچھے دن بھی ضرور آتے ہیں اور یہی یقین ان کی زندگی کا قیمتی سرمایہ ہے۔

ضرور آئے گا . وہ دن ضرور آئے گا
کہ حسن روئے گا اور عشق مسکرائے گا
(بیاض سوم ص۲۶)

مآلِ غم خوشی ہے رنج کا انجام راحت ہے
نویدِ وصل دیتی ہیں مری ناکامیاں مجھکو
( بیاض سوم ص ۵)

آنے والے اچھے وقت کی امید ہی انہیں زندگی اور مسائل سے نبرد آزما ہونے کا حوصلہ دیتی ہے اور وہ غم و آلام کو بھی ہنسی خوشی قبول کرتے چلے جاتے ہیں۔

غم و آلام میں آتا ہے مجھکو شاداں ہونا
مری فطرت میں داخل ہی نہیں ہے نوحہ خواں ہونا
(بیاض اول ص ۳۶)

ہے عزم اگر عزمِ راسخ موڑیں گے نہ منہ تجھ سے ہرگز
کب تک تو ستائے گا ہم کو ہم اے غمِ دنیا دیکھیں گے
(بیاض دوم ص ۵۴)

اگر عزم مصمم ہے تو صابرؔ خوف کیا معنی
چمن کے راستے میں لاکھ ویرانے بھی آئیں گے
(بیاض سوم ص۱۰۱)

واعظ ' ناصح' شیخ' زاہد جیسے مختلف ناموں سے اردو کی روایت میں ایک ہی کردار کو موضوع بنایا جاتا رہا ہے اور وہ معاشرے میں موجود اس شخص کا کردار ہے جس کا ظاہر و باطن ایک جیسا نہیں۔ جو بظاہر پارسائی کا دعویٰ رکھتا ہے لیکن اپنے گریبان میں کبھی نہیں جھانکتا۔صابر دہلوی نے بھی روایت کی پاسداری کرتے ہوے اسے بار بار اپنے اشعار میں تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔

زاہدِ خشک نہ سمجھا ہے نہ سمجھے گا کبھی
عشق کی آگ میں جلنا بھی مزا دیتا ہے
(بیاض دوم ص۴۱)

یہ نصیحت تو بجا ناصحِ مشفق لیکن
کوئی دیوانہ سمجھتا بھی ہے سمجھانے سے
(بیاض اول ص۸۱)

اردو شاعری میں کردار کے اس دہرے پن اور تضاد کا تذکرہ رہبر و رہنما کے ذیل میں بھی کیا جاتا ہے۔ ایسا محسوس ہوتا ہے کہ صابر دہلوی نے بھی روایتی انداز میں اس موضوع کو اپنی شاعری میں برتا ہے اور یہ بھی ممکن ہے کہ وہ خود اس تجربے سے گزرے ہوں۔

کیا کیا نہ زندگی میں فریبِ نظر ملے
رہزن تھے اصل میں جو ہمیں راہبر ملے
بیاض دوم ص۴۴)

ایسے بہت سے کردار یکجا ہو کر جب سچی لگن رکھنے والوں کو نشانہ ستم بناتے ہیں تو زمانہ یا دنیا کہلاتے ہیں۔ شاید یہی وجہ ہے کہ درویش و غنی ہمیشہ دنیا اور زمانے سے بے نیاز اپنے سفر پر رواں رہتے ہیں۔ صابر دہلوی بھی دنیا کی حقیقت کو بہت اچھی طرح سمجھتے ہیں۔

یورشِ پیہم کا صابرؔ غم نہ کر
یہ ہے دنیا اس کا دنیا نام ہے
(بیاض سوم ص۴۱)

اردو غزل کی تعمیر و تشکیل میں علامتوں اور اشاروں کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں۔ ان علامتوں کی وضاحت کرتے ہوئے عبادت بریلوی لکھتے ہیں۔

" غزل کی علامتوں اور اشاروں میں گل و بلبل ، شمع، پروانہ ، بہار، گلشن، صیاد، گلچیں، قفس، آشیانہ، شراب، ساقی، جام، صراحی، دشنہ، خنجر، تیغ، مقتل وغیرہ خاص طور پر اہمیت رکھتے ہیں یہ علامتیں صرف الفاظ نہیں ہیں۔ ان کے اندر مفاہیم و معانی کی دنیائیں ہیں۔ ان پر جتنا بھی غور کیا جائے، ان میں تہہ داری کی خصوصیت اجاگر ہوتی جاتی ہیں۔" (۱۱۷)

صابر دہلوی کی غزل میں بھی یہ تمام علامتیں اپنی پوری معنویت کے ساتھ جلوہ گر نظر آتی ہیں۔ شمع پر جان نثار کرنے والا پروانہ ایک حقیر کیڑا نہیں رہتا بلکہ ایسے باوفا عاشق کی علامت بن جاتا ہے جو دستور وفا کے مطابق محبوب پر اپنی جان نچھاور کردیتا ہے۔

تڑپ کر شمع کے قدموں میں اپنی جان دیتا ہے
کوئی پروانے سے پوچھے کہ دستورِ وفا کیا ہے
(بیاض سوم ص۱۴)

اردو غزل کی دوسری علامتوں کی مانند ساقی صرف شراب پلانے والا ہی نہیں ہوتا بلکہ اس دنیا میں کیف و سرور پہنچانے والے کی ایک علامت ہے۔ ڈاکٹر عبادت بریلوی کے بقول:۔

" وہ ایک مرشد اور رہنما بھی ہو سکتا ہے اس کو محبوب اور معشوق بھی کہہ سکتے ہیں اور جس شراب سے وہ ساقی گری کرتا ہے وہ شراب نہیں اس کے علاوہ بھی بہت کچھ ہوتی ہے اس کو معرفت کی شراب بھی جاسکتا

۱۱۷۔ عبادت بریلوی، ڈاکٹر "غزل اور تغزل" (مضمون) مشمولہ "اردو ادب کے آٹھ سال" مرتبہ عشرت رحمانی، کتاب منزل لاہور ۱۹۵۶ء ص ۱۱۳۔

ہے-"(۱۱۸)

صابر دہلوی کے ہاں اس موضوع پر اشعار کا بڑا ذخیرہ موجود ہے اور ان کی ایسی غزلوں کی فضا بڑی والہانہ اور رندانہ ہے- ساقی سے خطاب کرتے ہوئے ہیں-

ختم کیوں دورِ جام ہے ساقی
کیف ابھی ناتمام ہے ساقی
تیرے میناو جام کیا کہنے
دل مگر تشنہ کام ہے ساقی

(بیاض سوم ص۸۵)

مجھ کو مے نوش بنانا تھا اگر اے ساقی
دونوں عالم کا تو پیمانہ بنایا ہوتا

(بیاض دوم ص۳۹)

اردو غزل کی روایت میں تلمیحات اور تمثیلات بھی خاص اہمیت کی حامل رہی ہیں- ان کی وجہ سے غزل کی فضا میں وسعت اور ہمہ گیری پیدا ہوتی ہے اور اس کی کی معنویت کئی گنا بڑھ جاتی ہے صابر دہلوی کی غزل بھی ان تلمیحات و تمثیلات سے مزین ہے

آج بھی بارگہِ حسن سے آتی ہے صدا
کوئی منصور اگر ہو سرِ دار آجائے
میں بھی ہوں منتظرِ طُور مگرائے موسیٰ
ان کے آئینہ دل میں نہ غبار آجائے

(بیاض سوم ص۸۴)

## فنی جائزہ

صابر دہلوی کی شاعری کا فنی اعتبار سے جائزہ لیا جائے تو معاملہ بندی کا وہی انداز نمایاں نظر آتا ہے جو داغ دہلوی اور ان کے تلامذہ (بیخود دہلوی، سائل دہلوی، آغا شاعر قزلباش وغیرہ) کی غزل کا طرۂ امتیاز رہا ہے- شاعری میں معاملہ بندی سے مراد ان معاملات یا واقعات کا بیان ہے جو عشق و عاشقی میں پیش آتے ہیں- محسناتِ شعری کی اصطلاح میں اسے واقعہ گوئی کا نام بھی دیا جاتا ہے اور شعراء نے معاملہ بندی یا واقعہ گوئی کو کام میں لاتے ہوئے یہ احتیاط بہرطور رکھی ہے کہ عشق و عاشقی کا بیان کرتے ہوئے فلسفیانہ فکر کی بجائے جذبے کا عنصر غالب رہے کیونکہ تفکر کا غلبہ شاعری کے موضوع محبوب کو جامد و ساکت شخصیت

---

۱۱۸- عبادت بریلوی "ڈاکٹر" "غزل اور تغزل" (مضمون) مشمولہ "اردو ادب کے آٹھ سال" ص ۱۱۴-

بھی بنا سکتا ہے چنانچہ عشق کا موضوع بننے والا محبوب غزل میں اپنی تمام تر جمالیاتی جہتوں کے ساتھ نمایاں ہونا چاہیے۔ بصورت دیگر شاعری محض لفظوں کی کاریگری رہ جاتی ہے چنانچہ اردو شاعری میں واقعات عشق کو واقعی واردات سمجھ کر بیان کیا گیا تاکہ محبوب گوشت پوست کا انسان نظر آئے اور یہی صابر دہلوی اور ان کے ہم عصر شعراء نے کیا ہے۔ ویسے بھی مشاعروں میں جو فضا شاعر کے حق میں جاتی ہے وہ ایسے ہی سامعین سے پیدا ہوتی ہے جن کی سمجھ میں شاعر کی بات آسانی سے آجائے اور شاعر کا بیان اسے سوچ کی گنجلک راہوں میں نہ دھکیل دے چنانچہ مشاعرے کے شعراء (جن کی صف میں صابر دہلوی جیسے شعراء کا نام نمایاں ہے) شعر میں عنصر جمال کی اہمیت سے خوب واقف تھے اور اسے اپنی غزل میں نمایاں کرنا ان کے لئے مجبوری ہی نہیں مقبولیت کی ایک بڑی وجہ بھی تھی۔ معاملہ بندی کے بیان میں شاعر صنائع مصنوی سے خوب کام لیتا ہے۔ اردو شعر کے مزاج میں یہ اس طرح شامل ہیں کہ اردو کا شاید ہی کوئی ایسا شاعر ہو جو بنیادی صنائع یعنی حسن تعلیل، تضاد، مراعاۃ النظیر، ایہام، تناسب اور مبالغے کی صورت کا استعمال نہ کرتا ہو۔ یہ چیزیں ہماری ادبی روایات کا جزو ہیں۔ نظم ہو یا غزل ان کو ہمیشہ جگہ ملتی ہے اور ملتی رہے گی۔ صابر دہلوی نے بھی معاملہ بندی کو ان صنعتوں سے مزین کر کے شعری لطف کو دو آتشہ کر دیا ہے۔ چند مثالیں ملاحظہ کیجیے:

صنعت مراعاۃ النظیر

امید و یاس و حسرت و ارمان و آرزو
کیا کیا نہ راہِ غم میں مجھے ہم سفر ملے
(بیاض اول ص ۷۸)

کوئی ہو اہلِ بصیرت تو اس کو سمجھاؤں
نہ جام ہے نہ صراحی نہ ے نہ ے خانہ
(بیاض اول ص ۵۶)

صنعت تضاد

آگئی زلفِ مسلسل پھر رخِ انوار پر
ہو گیا پھر اتصالِ کفر و ایماں دیکھیے
(بیاض اول ص ۱۰)

پرسشِ غم کیوں دلِ درد آشنا سے کیا غرض
تم جفا جُو ہو تمھیں مہرو وفا سے کیا غرض
(بیاض دوم ص ۱۸)

شاعری میں روز مرہ اور محاورہ کا استعمال خاص اہمیت کا حامل رہا ہے۔ اس کے ذریعے شاعر وارداتِ قلبی اور جذبات و کیفیات کے اظہار میں اپنے قاری تک پہنچنے کا براہِ راست مختصر راستہ اختیار کرتا ہے۔ روز مرہ لسانیات کی اصطلاح ہے

اور اہل زبان کی گفتگو کے انداز کو کہا جاتا ہے۔ جبکہ لفظ جب اپنے معروف معنوں کے بجائے غیر لغوی اور مجازی معنوں میں استعمال ہو تو استعارہ مجاز مرسل اور محاورہ کہلاتا ہے۔ استعارے اور مجاز مرسل میں تو تشبیہ کا تعلق ہونا یا تشبیہ کے علاوہ کوئی تعلق ہونا رابطے کا باعث ہوتا ہے جبکہ محاورے کے حقیقی اور غیر حقیقی معنوں کے درمیان کوئی چیز رابطے کا نام انجام نہیں دیتی چنانچہ محاورہ اپنے تعینات و معنی میں مکمل ہوتا ہے۔ اردو زبان و ادب میں محاورات کا ذخیرہ دنیا کی تمام زبانوں سے زیادہ ہے اس لئے برصغیر کے مختلف مقامات پر جنم لینے والے لسانیاتی یا ادبی دبستانوں نے اپنے الگ الگ لہجے وضع کیے اور اپنے محاورے تخلیق کئے۔ صابر دہلوی دہلی کی اس ادبی روایت کے جدید دور میں ہو گزرے ہیں جو شاہ حاتم دہلوی سے شروع ہوئی تھی اور جس نے شعر و ادب کے تمام گوشوں کو زبانوں کے لحاظ سے بہت کچھ دیا ہے اس لئے آج کے جدید دور میں اس روایت سے متعلق کوئی بھی شاعر اپنی زبان دانی پر اپنے تفاخر کی بنیاد رکھتا ہے۔ داغ دہلوی نے یہ دعویٰ بے جا نہیں کیا تھا۔

اردو ہے جس کا نام ہمیں جانتے ہیں داغ
سارے جہاں میں دھوم ہماری زباں کی ہے

صابر دہلوی کی شاعری زبان کے اسی رچاؤ کا نہایت عمدہ اظہار ہے۔

شکستہ حالی سے دل تنگ ہو نہ اے صابر
کبھی کسی کو محبت بھی راس آئی ہے
(بیاض سوم ص ۸۸)

تری دوستی نے کہیں کا نہ رکھا
مجھے مار ڈالا تری دوستی نے
(بیاض سوم ص ۲۸)

ہو گیا دنیا کی نظروں میں ذلیل
اب مری رسوائی طشت از بام ہے
(بیاض سوم ص ۴۱)

ان کے در پر ہی پڑا رہنا ہے عین آرزو
یہ دل بے مدعا کا مدعا سمجھا تھا میں
(بیاض اول ص ۵۵)

صابر دہلوی کی شاعری کا مجموعی جائزہ لیا جائے تو اندازہ ہوتا ہے کہ ان کی شاعری کے عروج کا زمانہ وہ ہے جب ترقی پسند تحریک بام عروج پر پہنچ کر اپنے زوال کے سفر کا آغاز کر چکی تھی اور شعر و ادب میں نئی نئی راہوں کی تلاش کا عمل جاری تھا۔ صابر دہلوی نے ایسے میں روایت سے رشتہ جوڑا اور اسے کامیابی سے نبھایا۔ انہوں نے ترقی پسند تحریک سے اتنا اثر تو لیا کہ

ادب کو زندگی سے مربوط سمجھا لیکن اسے کسی نصب العین یا کسی نعرے کے لئے تبلیغ کا وسیلہ نہیں بنایا- بلکہ فنی بنیادوں پر شعر کی تازگی کو برقرار رکھا اور اسکا رشتہ وقتی یا لمحاتی مضامین کی بجائے آفاقیت سے استوار کیا-

صابر دہلوی کی غزل اپنے موضوع اور ہیئت کے لحاظ سے اپنے اندر ایک انفرادیت لئے ہوئے ہے- تمام روایتی مضامین ان کی شاعری کا جزو ہیں لیکن صابر دہلوی نے ان روایتی مضامین کو اپنے مخصوص انداز بیان اور لب و لہجے سے ذاتی تجربہ بنا کر پیش کیا ہے اس حوالے سے ان کا سفر ذات سے کائنات کی تلاش کا سفر قرار پاتا ہے-

اردو غزل کا بنیادی موضوع حسن و عشق ہے- صابر دہلوی کی غزل بھی حسن و عشق کی نفسیات' لطیف کیفیات و واردات کا بیان ہے صابر حسن کے پجاری ہیں- وہ حسن کو کائنات کا مرکز و محور اور زندگی کا حاصل خیال کرتے ہیں اسی لئے پروانہ وار حسن کا طواف کرتے نظر آتے ہیں- حسن محبوب کی کشش انھیں از خود رفتہ کئے رکھتی ہے اور وہ اسی حوالے سے شاعری میں محبوب کا سراپا بیان کرتے دکھائی دیتے ہیں اور مشاق سراپا نگار کی مانند محبوب کے چہرے' لب و رخسار' زلف و کاکل' آنکھوں اور قد و ابرو کی تصویر کھینچ کر رکھ دیتے ہیں- ان کی غزل سے جس محبوب کا سراپا تشکیل پاتا ہے وہ حسین بھی ہے اور شوخ بھی یہ محبوب ناز و ادا کے تیروں سے عاشق کو گھائل کرنے کا ہنر جانتا ہے- وہ عاشق سے وعدہ وصل تو کر لیتا ہے لیکن یہ وعدہ کبھی پورا نہیں کرتا اور عاشق کی بے قراری سے لطف اندوز ہوتا ہے- صابر کی غزل کا محبوب تو شوخ ہے ہی ان کے عاشق میں بھی زندگی کی تڑپ اور حرارت پائی جاتی ہے وہ اردو شاعری کے روایتی عاشق کی مانند رنج و غم کا مرقع نہیں بلکہ زندگی سے محبت کرنے اور اس سے بھرپور لطف اٹھانے صلاحیت رکھتا ہے- وہ ایک ایسے عاشق کے روپ میں جلوہ گر ہوتا ہے جو عشق میں بھی اپنے احساس انا اور خوداری کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتا اور محبوب سے برملا کہہ اٹھتا ہے-

یہ ہمیں تسلیم ہے ہم عشق میں مجبور ہیں
تم سمجھتے ہو جہاں تک اس سے کوسوں دور ہیں
(بیاض دوم ص ۳۰)

صابر دہلوی کی شاعری میں عاشق و محبوب دونوں زندہ اور سانس لیتے ہوئے محسوس ہوتے ہیں اور یہی ان کی بڑی کامیابی ہے عشق کی ناکامیوں کا تذکرہ بھی ان کے ہاں موجود ہے لیکن ان ناکامیوں سے پھوٹنے والے غم کی لے بہت زیادہ بلند نہیں ہونے پاتی اور ان کا لب و لہجہ غم و الم کی کیفیات کی ترجمانی کے باوجود یاسیت کی حدوں کو نہیں چھوتا-

صابر دہلوی کی شاعری کی ایک اور نمایاں خوبی زبان کا بہترین اور فنکارانہ استعمال ہے- روز مرہ اور محاورے کے برمحل اور خوبصورت استعمال نے ان کی شاعری میں سہل ممتنع کی خصوصیت پیدا کر دی ہے- رمز و ایما' اشاریت' تشبیہ واستعارے کے تمام لفظی وسیلے پوری طرح ان کی گرفت میں ہیں اور صابر ان کو جب اور جہاں چاہیں بڑی مہارت کے ساتھ استعمال کرتے ہیں- مجموعی طور پر کہا جاسکتا ہے کہ ان کی شاعری موضوعات اور زباں و بیان کے حوالے سے قدیم و جدید کا خوبصورت امتزاج ہونے کے باوصف ہر زمانے کے لئے قابل قبول ہے-

# صابر دہلوی کے کلام کی تدوین

بلحاظ اصناف ردیف وار

## شعر و نغمہ

ایک روایت کے مطابق صابر دہلوی نے اپنے مجموعہ کلام کے لئے یہی نام تجویز کیا تھا

## نعت و منقبت

## غزلیات

## قطعات

## رباعیات

## متفرقات

## نظمیں

کل منظومات ۲۲۶ اشعار ۱۷۹۱ حواشی ۱۹۰ ناکمل مصرع ۳۲ مقامات قیاس ۸۰

# نعت و منقبت

کل نعتیں ۱۱ منقبت ۱ اشعار ۹۴ حواشی ۱۴ نامکمل مصرع ۱ مقامات قیاس ۷

# ردیف "الف"

کل نعتیں ۱ اشعار ۷ حواشی ۲ نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

رکھتا ہوں عشق، دل میں رسالت مآبؐ کا ۔۔۔ اب کیا جواب ہو گا مرے انتخاب کا

بخشش کا غم، نہ خوف عذاب و ثواب کا ۔۔۔ دامن پکڑ لیا ہے رسالت مآبؐ کا

تُم مل گئے تو دولتِ کونین مل گئی ۔۔۔ ممنون کیوں نہ ہوں کرمِ بے حساب کا

ہجرِ نبیؐ میں اشک جو نکلے گہر بنے ۔۔۔ کیا مُرتبہ ہے اب مری چشمِ پُر آب کا

جو آپؐ سے ملا وہ خُدا تک پہنچ(۱) گیا ۔۔۔ ادنیٰ سا، وصف ہے یہ رسالت مآبؐ کا

اُس پیکرِ جمیلؐ کا دل میں(۲) قیام ہے ۔۔۔ اللہ رے حوصلہ نگہِ کامیاب کا

صابرؔ سوائے خاکِ مدینہ جہان میں
کیا ہے کوئی علاج مرے اضطراب کا

---

۱۔ مسودے میں املاً "پہونچ" درج ہے۔ ۲۔ مسودے میں ملا کر لکھا ہے یعنی "دلمیں"۔

# ردیف "ل"

کل نعتیں ۱ اشعار ۸ حواشی ۴ نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

روح کو تڑپا رہی ہے یادِ گیسوئے رسولؐ(۳) اے صبا تُو ہی اُڑا لے چل مجھے(۴) سُوئے رسولؐ

اُسکی ٹھوکر پر، سلاطینِ زمانہ کا وقار ہو حقیقت میں اگر کوئی سگِ کُوئے رسولؐ

چشم گریاں، دل پریشاں حال اور چہرہ اُداس دیکھیئے قسمت دکھائے کب مجھے(۵) کُوئے رسولؐ

رحمت اللعالمینؐ اِس واسطے کہتی ہے خَلق ہر طرف ہے سایۂ دامانِ گیسُوئے رسولؐ

دُشمنوں پر بھی ہمیشہ لُطف فرماتے رہے اللہ اللہ کس قدر معصُوم ہے خُوئے رسولؐ

دَم میں ہو جاتی تھی دُنیا، عِطر بیز و مشک ریز گر کبھی جُنبش میں آجاتے تھے گیسُوئے رسولؐ

کَوثر و تسنیم کی اب کُچھ مُجھے(۶) حاجت نہیں میرے سینے میں بہا کرتی ہے اب جُوئے رسولؐ

پھر سے اے صابرؔ مقدر جگمگا اُٹھے مِرا
خواب ہی میں دیکھ پاؤں میں اگر رُوئے رسولؐ

❀ ✍ ❀

---

۳- یہ نعت نسخۂ اوّل میں دو جگہ درج ہے دوسری بار شعر نمبر ۵ اور ۶ کا اضافہ پایا گیا ہے۔ ۴، ۵، ۶۔ مسودے میں قدیم دہلوی انداز املا کے مطابق اس لفظ کو "مجھے" لکھا گیا ہے۔

# ردیف "ن"

کل نعتیں ٢ اشعار ١٢ حواشی ٤ نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

بیکسوں کا آسرا ہو یا حبیبِ ذوالمنن — درد مندوں کی دوا ہو یا حبیبِ ذوالمنن

ابتدا بھی عشق کی ہو آپؐ ہی کے نام سے — آپؐ ہی پر انتہا ہو یا حبیبِ ذوالمنن

دُوں جواب اِسکا دلیرانہ، توؐ ہے کس کا غُلام؟ — مُجھ سے کوئی پوُچھتا(۷) ہو یا حبیبِ ذوالمنن

بحرِ غم میں ناخدا بنکر بچا لینا مجھے(۸) — جب سفینہ ڈوبتا ہو یا حبیبِ ذوالمنن

حشر کے دن راہزن کا پھر کوئی کھٹکا نہیں — جبکہ تُم سا رہنما ہو یا حبیبِ ذوالمنن

صابرؔ مہجور ہو جب آپ کے دربار میں — پُورا اس کا مدعا ہو یا حبیبِ ذوالمنن

❀ ✍ ❀

بے خود و سرشار ہو کر لاکھ ہُشیاروں میں ہوں — جسکا عاشق ہے خُدا اُسکے طلب گاروں میں ہوں

اپنے رَوضے پر بُلا لو یا شہِؐ ہر دو سَرا — درد مندِ ہجر ہوں، تقدیر کے ماروں میں ہوں

عاصیوں کے سر پہ سایہ دیکھ کر روزِ جزا — پارسا بھی کہہ اُٹھے گا، "مَیں گنہ گاروں مِیں ہوں"

کیا کریں گے آپ میرا حضرتِ عیسیٰ علاج — جو مسیحؐ معصیت ہیں اُن کے بیماروں میں ہوں

اپنے دامن میں چھپا(۹) لیجے شفیع المذنبینؐ — آپ کی اُمت میں ہوں لیکن گنہ گاروں میں ہوں

فکر کیا ہے مُجھ(۱۰) کو صابرؔ، ہے اگر روزِ حساب — کلمہ گوئے مصطفا، جنت کے حقداروں میں ہوں

❀ ✍ ❀

---

۷۔ مسودے میں اس لفظ کی املا "پونچھتا" کی گئی ہے۔ ۸۔ مسودے میں قدیم دہلوی اندازِ املا کے مطابق اس لفظ کو "مجھے" لکھا گیا ہے۔
۹۔ مسودے میں املا "چھپا" کی گئی ہے۔ ۱۰۔ مسودے میں اس لفظ کو "مجھہ" درج کیا گیا ہے۔

# ردیف "و"

کل نعتیں ۱ اشعار ۵ حواشی - نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

وا کیوں نہ اُس کے واسطے جنت کا باب ہو     جو مُبتلائے عشقِ رسالت مآبؐ ہو

اللہ کے حبیب ہیں سردارِ انبیاء     دونوں جہاں میں آپؐ کا کیونکر جواب ہو

تڑپا ہوں عُمر بھر جو نبیؐ کے فراق میں     ہر داغِ دل بہشتِ بریں کا جواب ہو

ہو، پرتوِ نبیؐ جو مجھے خواب میں نصیب     دل میرا آفتاب، نظر ماہتاب ہو

صابرؔ ترے عروج کی پھر انتہا نہیں     دربارِ مُصطفےٰؐ میں جو تُو بار یاب ہو

# ردیف "ہ"

کل نعتیں ۲ اشعار ۲۱ حواشی ۲ نامکمل مصرع - مقامات قیاس ۳

سمجھا مجھے ہر شخص نے میخوارِ مدینہ  چھپتا نہیں مستِ مئے پندارِ مدینہ
آتے ہیں نظر خواب میں انوارِ مدینہ  اللہ دکھائے مجھے دربارِ مدینہ
اب مجھکو بُلا لیجئے سرکارؐ مدینہ  آنکھوں میں مری، پھرتا ہے گلزارِ مدینہ
رہتی ہے مری رُوح طلب گارِ مدینہ  ایک ایک نفس میرا پرستارِ مدینہ
جنت کے بھی مختار ہیں، مختارؐ مدینہ  سرکارِ دو عالمؐ ہوئے سرکارِ مدینہ
دیکھوں میں الٰہی دَر و دیوارِ مدینہ  مل جائے مجھے دولتِ دیدارِ مدینہ
اللہ وہاں تک ہمیں پہنچائے تو جانیں  چھائے ہیں جہاں اَبر گُہر بارِ مدینہ
اب دَیر و حرم خاک ہیں [سب] میری نظر میں  نسبت ہے بڑی نسبتِ دربارِ مدینہ
پھر کیوں نہ ہمیں دولتِ کونین ہو حاصل  جب آپؐ ہوئے احمدِؐ مختارِ مدینہ
ہر(۱۱) منظرِ دلچسپ سے ہے دل کو تنفر  دیکھا ہے مری آنکھ نے گلزارِ مدینہ
کونین کی ہر چیز کو نظروں سے گرادوں  ہو جائے کسی طرح جو دیدارِ مدینہ
[طیبہ کے] ہر اک غنچے نے مہکا دیا عالم  کیا بات ہے اے خالقِؐ گلزارِ مدینہ
یہ محویتِ شوق، یہ مشتاق نگاہیں  ہر سمت نظر آتے ہیں انوارِ مدینہ
دُنیا کے کسی ظُلم سے گھبرا نہیں سکتا  مغرور ہے مستِ مئے دیدارِ مدینہ
ہاں ایک نظر صابرِ مجبور کی جانب  محبوبِ خدا آپ ہیں مختارؐ مدینہ
دنیا ہی میں جنت ہے مرے واسطے صابر  آنکھوں میں لئے بیٹھا ہوں گلزارِ مدینہ

❀ ❀

اللہ رے یہ عظمتِ دارائےؐ مدینہ  آقائے دو عالمؐ بھی ہے آقائےؐ مدینہ
اللہ رے یہ اَوجِ مقامِ دلِ عاشق  کونین بھی مِلکر نہیں ہمتائے مدینہ
دنیا کے لئے امن و اماں لے کے(۱۲) جو آیا  وہ حاملِ قرآنؐ ہے آقائےؐ مدینہ
بہتر ہے وہ اِک لحہ حیاتِ ابدی سے  جس لحہٗ سرشار میں یاد آئے مدینہ
اے جذبِ تصور ذرا [روشن ہو] نظر تک  انوار میں ڈوبا ہوا آجائے مدینہ

❀ ❀

---

۱۱۔ نسخۂ سوم میں صفحہ نمبر ۲۰ پر یہ مصرع یوں ہے۔ "ہر منظرِ دلچسپ سے ہے دل متنفر" جبکہ راقمہ نے اسے نسخۂ اول سے یہاں نقل کیا ہے کیونکہ نسخۂ اول شاعر کے اپنے ہاتھ سے لکھے ہونے کے باعث اولیں ماخذ ٹھہرتا ہے جبکہ نسخۂ سوم شاعر کے پوتے کے ہاتھ سے لکھا ہونے کے باعث ثانوی ماخذ کی حیثیت رکھتا ہے۔ ۱۲۔ مسودے میں ان الفاظ کو ملا کر لکھا گیا ہے یعنی "لیکے" درج ہے (ص ۱۱۴)

# ردیف "ے"

کل نعتیں ۴ منقبت ۱ اشعار ۴۱ حواشی ۲ نامکمل مصرع ۱ مقامات قیاس ۴

جس سمت نگاہیں اُٹھیں گی اَنوارِ محمدؐ دیکھیں گے
اِس جذب و کشش کے صدقے میں دربارِ محمدؐ دیکھیں گے

جو مُنکر ہیں وہ محشر میں ایثارِ محمدؐ دیکھیں گے
گُفتارِ محمدؐ سمجھیں گے، رفتارِ محمدؐ دیکھیں گے

رحمت کی گھٹائیں چھائیں گی جنت سے ہوائیں آئیں گی
مستی میں دو عالم کے جلوے میخوارِ محمدؐ دیکھیں گے

محشر میں نبی جتنے ہوں گے حیرت [سے] وہ سب تکتے ہوں گے
اللہ سے بخشش کی خاطر اِصرارِ محمدؐ دیکھیں گے

دُنیا سے اُنھیں مطلب کیا ہے دنیا کی تمنا لعنت ہے
گُلزارِ محمدؐ کے شیدا گلزارِ محمدؐ دیکھیں گے

صابرؔ ہی [پہ] کچھ موقوف نہیں ہر مؤمن کا ایمان یہ ہے
دربارِ محمدؐ دیکھیں گے، دربارِ محمدؐ دیکھیں گے

❀ ❀

غُنچے ترے لئے گُلِ خنداں ترے لئے(۱۳)
سب مُنتظر ہیں جانِ بہاراں ترے لئے

مایوس و مضطرب ہے مری جاں ترے لئے
حیراں ہے کب سے دیدۂ حیراں ترے لئے

اَے عشقِ مصطفےٰؐ تری عظمت کے میں نثار
آنسو ہوئے ہیں زینتِ مِژگاں ترے لئے

ہو جائے خواب ہی میں زیارت مجھے نصیب
آنکھیں ہیں رات دن مری گِریاں ترے لئے

اُمیدوار ہے نگہِ التفات کی
ٹھہری ہوئی ہے عُمرِ گریزاں ترے لئے

کَلیاں چٹک چٹک کے یہ کہتی ہیں بار بار
مہکا ہوا ہے صحنِ گُلستاں ترے لئے

عشقِ رسولِ پاکؐ کہاں اور تو کہاں
اب میں نہیں ہوں گردشِ دوراں ترے لئے

اِس کشمکش سے دہر کی گھبرا گیا ہوں میں
دشواریٔ حیات ہے آساں ترے لئے

مایوسیوں کا نام نہ لے چشمِ انتظار
ہو کر رہے گا دِید کا ساماں ترے لئے

آئی [ یہ ] میرے کان میں آوازِ غیب سے
صابرؔ نہیں ہے اب غمِ ہجراں ترے لئے

❀ ❀

مبارک دورِ فصلِ گُل چمن میں آنے والا ہے
جہاں کا ذرہ ذرہ جلوہ گاہِ حق تعالیٰ ہے

نسیمِ صبح اِٹھلاتی ہوئی آئے گی پُھولوں میں
غُنچوں کی روح بھر جائے گی گرمی [سی] بگولوں میں

ہر اک ذرّہ اُٹھے گا آفتابِ آرزُو لے کر
ہر اک سانس آئے گا اب مژدۂ لا تقنطو لے کر

سرور وکیف سے کلیوں کے چہرے تمتمائیں گے
نگارانِ چمن شبنم کی بارش میں نہائیں گے

یہ سب اک روحِ نو وارد کا استقبال ہے گویا
مبارک زندگی کا اک مبارک سال ہے گویا

دُعا یہ ہے گُلِ نو کِھل کے گُلشن بھر کو مہکا دے
بھرے کلیوں میں تازہ روح اور سبزے کو لہکا دے

۱۳- اس نعت کے اختتام پر نسخہ اولیٰ میں شاعر نے یہ جملہ تحریر کیا ہے "۲۴ فروری ۱۹۴۵ء کو آل انڈیا ریڈیو سے براڈ کاسٹ ہوئی"

مانوسِ اعتبارِ تمنا کہیں جسے — وہ ایک میں ہوں آپؐ کا شیدا کہیں جسے
پہچان لے گی حشر میں رُوئے رسولؐ پاک — یہ آنکھ وہ ہے دیدۂ بینا کہیں جسے
وہ آپؐ ہی کا نام ہے وہ آپؐ ہی کی ذات — ٹوٹے ہوئے دِلوں کا سہارا کہیں جسے
یارب مجھے بھی اُس کی زیارت نصیب ہو — کیا چیز ہے وہ گُنبدِ خضرا کہیں جسے
ہر اُمتی کے دُھوئے گئے حشر میں گناہ — اِک جوش تھا کہ نُور کا دریا کہیں جسے
ہر اِک حسیں کے حُسن میں خامی ضرور ہے — وہ آپؐ ہیں کہ حُسنِ سَراپا کہیں جسے
"بعد از خُدا بزرگ تُوئی قصہ مُختصر" — دونوں جہاں میں کون ہے تجھ سا کہیں جسے
(مصرعِ اولیٰ کا اندراج نسخے میں نہیں ہے)،،.............. — ظاہر میں لوگ خاک کا پُتلا کہیں جسے
یکسر مری نگاہ میں مردود ہو گئی — صابؔر وہ چیز عشرتِ دنیا کہیں جسے

## منقبت

آج یہ مُژدۂ جاں بخش صبالائی ہے — کس قدر دُھوم سے کعبے میں بہار آئی ہے
سجدے کرتے ہیں فرشتے بھی یہاں حُوریں بھی — ہند میں خُلد کی تصویر اُتر آئی ہے
چار غزلوں کا تو لکھنا کوئی آسان نہ تھا — آج کی رات مجھے نیند نہیں آئی ہے
اے صبا مجھ کو بھی کعبے میں مرے پُہنچا دے — میرا دل بھی تو زیارت کا تمنائی ہے
فیض ہر شخص کو پُہنچا ہے ترے کوچے سے — تیرے دربار میں ہر شخص کی شُنوائی ہے
آج جو مانگوں وہی مجھ کو عطا ہو جائے — خالی اُٹھنا ترے در سے تری رسوائی ہے
نُور ہی نُور برستا ہے تری محفل میں — آج کعبے میں تو جنت ہی اُتر آئی ہے
اُس کو جنت کی فِضائیں بھی نہ راس آئیں گی — جس نے اک بار بھی کعبے کی ہوا کھائی ہے
بارشِ جُود و سَخا آج کہیں پر ہو گی — ترے دربار پہ رحمت کی گھٹا چھائی ہے
سہل ہو جائیں گی دشواریاں اُس مومن پر(۱۴) — جس نے دربار میں صابؔر کی قسم کی کھائی ہے

---

۱۴- یہ شعر درگاہِ صابریہ (رحمتہ اللہ علیہ) سے متعلق ہے۔ یہ درگاہ فیض بازار دریا گنج دہلی میں واقع ہے اس کے سجادہ نشین (میاں صابر حسین) تقسیم پاک وہند تک حیات تھے بحوالہ "میرے زمانے کی دلی" از ملا واحدی دہلوی، مطبوعہ: گلڈا بجمن کتاب گھر ۳ صدر کواپر ٹیو مارکیٹ وکٹوریہ روڈ کراچی (نقشِ ثانی یکم جون ۱۹۵۸ء) ص ۵۸،

# غزلیات

کل غزلیں ۱۸۳ اشعار ۱۶۱۹ حواشی ۱۷۳ نامکمل مصرع ۲۸ مقامات قیاس ۷۵

# ردیف "الف"

کل غزلیں ۲۴ اشعار ۲۰۸ حواشی ۳۹ نامکمل مصرع - مقامات قیاس ۹

چل دیے پھیر کے مُنہ وہ دلِ شیدا دیکھا(۱) تو نے اظہارِ تمنا کا نتیجہ دیکھا
اُٹھ گیا جلوہ گہہِ ناز کا پردہ دیکھا دیکھ سکتی ہے تجھے(۲) چشمِ تمنا دیکھا
جُز غمِ عشق نہ نکلا کوئی دنیا میں رفیق اپنے جینے کا یہی ایک سہارا دیکھا
تابِ نظارہ کہاں تھی جو بجا رہتے حواس دیکھ سکتا تھا جہاں تک ترا جلوہ دیکھا
کیوں [نہ](۳) پھر آئے گا اُسکو ترے وعدے کا یقیں جس نے سو بار ترا وعدۂ فردا دیکھا
جذبِ دل کھینچ تو لایا تھا مگر وائے نصیب لے گیا ان کو اُڑا کر مرا کہنا(۴) دیکھا
میں وہاں پُہنچا(۵) فرشتوں کو جہاں دخل نہ تھا پھر بھی کس مُنہ سے کہوں میں ترا جلوہ دیکھا
میری کشتی ہی نہیں بحرِ حوادث کا شکار کس نے دریائے محبت کا کنارا دیکھا
وہ یہ کہتے ہیں کہ جب شعر سُنے صابر کے ایک جذبات کا، بہتا ہوا دریا دیکھا

❀ ❀

یہ مستیاں نظر میں، یہ عالم شباب کا اب بُھول کر بھی نام نہ لوں گا شراب کا
عالم یہ ہوگیا ہے مرے اضطراب کا نقشہ بدل دیا ہے جہانِ خراب کا
کیا واسطہ ہے اُن کو کسی اہلِ درد سے پوچھیں(۶) وہ حال کیوں کسی خانہ خراب کا
میں دیکھتا ہوں جس کو تمہارا شکار ہے کیا قہر ڈھا رہا ہے زمانہ شباب کا
آنکھیں بھی سُرخ سُرخ ہیں چہرہ بھی لال لال لائے گا تاب کون، یہ عالم عتاب کا
ہر شے جہاں کی اب نظر آتی [ہے] مُضطرب ہر شے پہ [ہے] گُماں دلِ خانہ خراب کا
صابر کسی کے عشق میں شاید یہ حال ہے چہرہ اُداس اُداس ہے کیوں آں جناب کا

❀ ❀

میں نے پوچھا(۷) تھا کہ پُورا مرا ارماں ہو گا کھینچ(۸) کر تیغ وہ فرماتے ہیں ہاں ہاں ہو گا
باز آ، چاہ سے کم بخت پشیماں ہو گا تجھ(۹) سا، نادان بھی کوئی، دلِ ناداں ہو گا
چُٹکیاں لے گی جو اس یُوسفِ گُم گشتہ کی یاد داغِ دل، حُسن میں رشکِ مہِ کنعاں ہو گا
وہ یہ کہتے ہیں کہ صابر کو تو ہم جانتے ہیں بھول(۱۰) کر بھی نہ وہ شرمندۂ احساں ہو گا

---

۱۔ پوری غزل میں ردیف کو "دیکھا" املا کیا گیا ہے جو مسودے میں قدیم طرزِ اندراج پر دال ہے۔ ۲۔ مسودے میں "تجھے" درج ہے۔ ۳۔ قوسین کے درمیان کا لفظ یہاں قیاساً درج کیا گیا ہے۔ ۴۔ نسخہ اول کے مطابق اسکی املا "کہنا" ہے۔ ۵۔ اسکی املا نسخے میں "پہونچا" پائی گئی ہے۔ ۶۔ اس لفظ کی قدیم املا "پوچھیں" ہے۔ ۷، ۸، ۹، ۱۰۔ بالترتیب املا "پوچھا" "کھینچ" "تجھ" اور "بھول" درج ہے۔

تماشا بزم میں تیری یہ اے بیداد گر دیکھا(۱۱)
کوئی تھامے(۱۲) ہوئے دل ہے، کوئی تھامے جگر دیکھا

دمِ رُخصت مری جانب جو اُس نے اِک نظر دیکھا
نہ پہلو میں مرے دل تھا نہ قابو میں جگر دیکھا

بڑا ہی بے وفا نکلا، بڑا بیداد گر دیکھا
مِرا دل لے کے مجھ سے اب چُراتا ہے نظر دیکھا

مجھے وہ دیکھنا کب چاہتے ہوں گے، مگر دیکھا
محبت کی نظر دیکھی، محبت کا اثر دیکھا

مِرا دیدار پر اِصرار کرنا، اُن کا یہ کہنا
گرفتارِ بلا ہو جاؤ گے ہم کو اگر دیکھا

وہ پھر کیوں کر نہ اپنی زندگی پہ ناز فرمائے
رِجسے تم نے محبت کی نظر سے اِک نظر دیکھا

محبت میں نیاز و ناز کی تفریق ارے توبہ
وہ محوِ خواب تھے ہم نے یہ منظر رات بھر دیکھا

نہ دینا دل کسی کو تم سے صابر ہم نہ کہتے تھے
رہا کرتے ہو اب آٹھوں پہر باچشمِ تر دیکھا

❀ ❀

تُو نے یہ اِحسان مُجھ پر چشمِ گریاں کر دیا
مئیرے ہر آنسو کو ہررنگِ گلستاں کر دیا

کیا سے کیا دل کو، نگاہ جلوہ ساماں کر دیا
ایک مُرجھائے(۱۳) ہوئے غُنچے کو خنداں کر دیا

اب مری بیچارگی وبیکسی پر رحم کر
اے ستم ایجاد اب تو خانۂ ویراں کر دیا

میں نے ہر ممکن طریقے سے کیا حاصل سکوں
تونے ہر ممکن طریقے سے پریشاں کر دیا

کیوں ہر اک شے میں نظر آتی ہے رنگینی مُجھے
اُس نے کیا اپنے رُخِ رنگیں کو عُریاں کر دیا

میری نظروں میں نہیں دَیر و حرم کی عظمتیں
عِشق نے اَب، بے نیازِ کُفر و اِیماں کر دیا

جان بھی قربان کی، دل بھی کیا تم پر نثار
ہو سکا جو کچھ بھی ہم سے، تابہ اِمکاں کر دیا

ہو گیا شیرازۂ ہستی ہمارا مُنتشر
تُم نے جب زُلفِ مُسلسل کو پریشاں کر دیا

اُس کو میری زندگی کا ہے مکمل اختیار
اُس نے جب چاہا مرے دل کو پریشاں کر دیا

پھر اُسی صورت سے دیکھا آپ نے میری طرف
پھر مِرے جذباتِ خاطر کو پریشاں کر دیا

دِل لگا کر اک وفا دشمن سے صابر کیا ملا(۱۴)
اپنی بربادی کا، اپنے آپ ساماں کر دیا

❀ ❀

کیا کرے سوزِ نا تمام اُن کا
بے رخی رنگ ہے دوام اُن کا

اب تو جلوہ نہیں ہے عام اُن کا
اب مرے دل میں ہے قیام اُن کا

---

۱۱۔ پوری غزل میں ردیف کو "دیکھا" املا کیا گیا ہے جو مسودے میں قدیم طرزِ اندراج پر دال ہے۔ ۱۲۔ مسودے میں اسے "تہامے" لکھا گیا ہے۔ ۱۳۔ نسخۂ اوّل اور دوم میں جہاں جہاں بھی یہ لفظ آیا ہے اسکو "مرجھائے" املا کیا گیا ہے۔ ۱۴۔ مقطع کے مصرع ثانی کی ایک اور صورت بھی پائی جاتی ہے جسے شاعر نے لکھ کر قلمزد کر دیا ہے وہ صورت یہ ہے "خود ہی بربادی کا اپنے ہاتھ ساماں کردیا"

کوئی ناواقفِ محبت تھا    بے وفا جس نے رکھا(۱۵) نام اُن کا
اُن کے آگے نظر نہیں اُٹھتی    دل سے کرتا ہوں احترام اُن کا
درد اُٹھتا ہے، جب کبھی دل نے    ہر تڑپ میں لیا ہے نام اُن کا
بے نیازی کا بھی جواب نہیں    حُسن بھی حُسنِ لا کلام اُن کا
مہرباں ہیں کبھی، کبھی برہم    یہ بھی کام اُن کا، وہ بھی کام اُن کا
کچھ نہ کچھ بات ہے ضرور اِس میں    کچھ تو ہے مقصدِ سلام اُن کا
ماہ و انجم بھی رقص کرتے ہیں    مہرِ تاباں بھی ہے غُلام اُن کا
خامیاں ہیں مرے مقدر میں    کوئی وعدہ نہیں ہے خام اُن کا
اُن کا رخ، اُن کی زلف، کیا کہنا    صبح اُن کی ہے وقتِ شام اُن کا
عشق اب اپنا رُخ بدلتا ہے    ہو چکا خوب احترام اُن کا
مِٹ گئے، ولولے محبت کے    ہے خیال اب، برائے نام اُن کا
اور کچھ روز، آزماتا ہوں    عُمر بھر پھر نہ لوں گا نام اُن کا
تجھکو صابؔر کچھ اور کام نہیں    ذِکر کرتا ہے صبح و شام اُن کا

❀ ✍ ❀

آخرش عجز و نیازِ عشق کام آ ہی گیا(۱۶)    حُسن کی مغرور نظروں کا سلام آ ہی گیا
اپنی منزل تک جنونِ شاد کام آ ہی گیا    یعنی اُن رنگیں لبوں پر میرا نام آ ہی گیا
اب زبانِ حُسن پر ہے الحفیظ و الاماں    عشق کا طوفاں بشکلِ انتقام آ ہی گیا
اب مجھے جو سانس آتا ہے وہ تیری یاد ہے    زندگی کو زندگی کا اِہتمام آ ہی گیا
گردشیں اس چشم کی پُہنچی(۱۷) ہیں میری روح تک    محفلِ اُنفاس میں بھی دَورِ جام آ ہی گیا
مُضطرب ہو کر تمہارا ہر تبسم، ہر جمال    دل کی بزمِ خاص سے تا بزمِ [عام] آ ہی گیا
ایک جُنبش میں خِرد بے کار ہو کر رہ گئی    وہ اَدائے خاص سے بالائے بام آ ہی گیا
ذرہ ذرہ چُبھ رہا ہے تیر و نشتر کی طرح    خاکِ صحرا کو جنوں کا احترام آ ہی گیا
بن گیا ہر اشک آخر اک مکمل داستاں    چشمِ تر کو عشق کا رنگِ کلام آ ہی گیا
اب گرے بجلی، دو عالم خاک ہو جائیں تو کیا    اِک قدم تو دل میں وہ محشر خرام آ ہی گیا

۱۵۔ مسودے میں ہر مقام پر یہ لفظ "رکھا" لکھا گیا ہے۔ ۱۶۔ معروف شاعر حزیں صدیقی مرحوم کے مطابق یہ غزل تقسیم سے قبل آل انڈیا ریڈیو کے ایک ریلے مشاعرے میں پڑھی گئی۔ ۱۷۔ مسودے میں ہر جگہ اس لفظ کو لکھنے کا انداز "پہونچی" ہے۔

آگے بڑھنا بھی قیامت پیچھے ہٹنا بھی محال
راہِ اُلفت(۱۸) میں اک ایسا بھی مقام آ ہی گیا

آج ہے ساقی تری دریا دلی کا امتحاں
آج محفل میں تری اک تشنہ کام آ ہی گیا

بیٹھے بیٹھے جب کبھی اُن کے ستم یاد آگئے
شکر کی صورت میں لب پر اُن کا نام آ ہی گیا

صبر کا انجام صابرؔ کس قدر اچھا ہوا
اک وفا دشمن کے لب پر میرا نام آ ہی گیا

تک رہی ہے میری جانب نرگسِ مستانہ کیا
دیکھنا پھر چاہتی ہے ہوش سے بیگانہ کیا

ہوگیا مشہورِ عالم اَب مرا افسانہ کیا
جانے کیا کیا کہہ رہے ہیں لوگ، اِک دیوانہ کیا

کیا ضرورت ہے اُنہیں، وہ کیوں سُنیں رُودادِ غم
حُسن کی محفل میں دردِ عشق کا افسانہ کیا

جذب جلووں میں ہوا ایسا کہ جلوہ بن گیا
مجھ کو سمجھو(۱۹) شمعِ محفل، ہستیٔ پروانہ کیا

ذرہ ذرہ ہے جہاں کا آج رشکِ آفتاب
پھر کوئی دُہرا رہا ہے طُور کا افسانہ کیا

سامنے وہ ہیں، جُھکا(۲۰) سر اُنکے پائے ناز پر
کام تُو اب بھی نہ دے گی، ہمتِ مردانہ کیا

لطف تو جب ہے کہ ڈھونڈے ہم کو شمعِ بزمِ حُسن
اُنکی محفل [میں] رہیں اب صورتِ پروانہ کیا

ٹھوکریں(۲۱) کھا(۲۲) کر بھی جاتا ہے اسی کوچے [کی] سمت
سوچتا ہے پھر خدا جانے دلِ دیوانہ کیا

جان کر میں ان کے قدموں پر گرا ہوں جھوم(۲۳) کر
مصلحت تھی عشق کی، یہ لغزشِ مستانہ کیا

اللہ اللہ، آج تو وہ بھی گریباں گیر ہیں
سُن لیا ہے صابرِؔ ناشاد کا افسانہ کیا

کوئی دیوانہ تیری بزم میں داخل تو کیا ہو گا(۲۴)
جو پہنچا بھی دلیری سے سرِ محفل، تو کیا ہو گا

محبت میں میسر اب سکونِ دل تو کیا ہو گا
اگر دل بٹ گیا اور پھر ہوا حاصل، تو کیا ہو گا

دلِ مہجور، اوّل تو رسائی غیر ممکن ہے
شرف قُربت کا اُسکی ہو گیا حاصل، تو کیا ہو گا

محبت جسکی رگ رگ میں سرایت کر گئی ہو گی
اسے احساسِ قُرب و دُوریٔ منزل، تو کیا ہو گا

مرے دل کا تعلق اب، براہِ راست(۲۵) ہے ان سے
کوئی پردہ یہاں اب پردۂ حائل، تو کیا ہو گا

تلاشِ دوست میں نکلا تو ہوں دل کے سہارے پر
اگر گم ہو گیا راہِ طلب میں دل، تو کیا ہو گا

کسی دن دیکھنا منزل کو اُسکی جستجو ہو گی
تیرا جویا، رہینِ جادۂ منزل، تو کیا ہو گا

---

۱۸- مصرع کے آغاز کی یہ ترکیب مسودے میں ایک مقام پر "راہ محبت" بھی درج ہے جو درست نہیں۔ ۱۹- مسودے میں ہر بار اس لفظ کو "سمجھو" املا کیا گیا ہے۔ ۲۰- اس لفظ کی قدیم املا "جھکا" ہے۔ ۲۱-، ۲۲-، ۲۳- شاعر نے ان الفاظ کو بالترتیب "ٹھوکریں" "کہا" اور "جھوم" املا کیا ہے۔ ۲۴- یہ غزل نسخۂ اول میں دو بار درج ہے پہلی بار سات اشعار لکھ کر قلمزد کر دیے گئے ہیں جبکہ دوسری بار پانچویں اور آٹھویں شعر کا اضافہ کیا گیا ہے، نسخۂ ثانی میں بھی یہی نو اشعار دستیاب ہیں۔ ۲۵- قدیم ترنسخے میں یہ ترکیب "برائے راست" بھی درج ہے جو درست نہیں ہے۔

اُٹھائی ہوں نہ جس نے سختیاں راہِ محبت کی — بھلا وہ آشنائے رازِ سوزِ دل تو کیا ہو گا
کوئی ہمدرد مِل جائے تو پوچھیں اس سے اے صابر — سُنائی اُسکو ہم نے داستانِ دل تو کیا ہو گا

❀ ❀

غم و آلام میں آتا ہے مجھ کو شاداں ہونا — مری فطرت میں داخل ہی نہیں ہے نوحہ خواں ہونا
ذرا پہلے سمجھ کر، سوچ کر، تم میہماں ہونا — بُہت مُشکل ہے پھر دل سے مرے دامن کشاں ہونا
تعین کیا، تعین کی حدوں سے بھی گزرنا ہے — سکھاؤں(۲۶) گا جبیں [ کو ] بے نیازِ آستاں ہونا
تمہیں اس سے غرض کیا ہے کوئی مرتا ہے مرجائے — تمھیں آتا نہیں، جب چارہ سازِ بیکساں ہونا
تجھے پھر دیکھنے کو آج تک آنکھیں ترستی ہیں — یہ کیا اندھیر ہے ظالم عیاں ہو کر نہاں ہونا
مخالف باغباں، صیاد کا ڈر، برق کا خطرہ — چمن میں غیر ممکن ہے اب اپنا آشیاں ہونا
تجھے الزام کیوں [ دیں] (۲۷) اپنی بربادی کا اُلفت میں — مری تقدیر میں لکھا(۲۸) تھا بے نام و نشاں ہونا

❀ ❀

رنجشِ بے پناہ نے مارا — روز کی، آہ آہ نے مارا
میں پرستارِ حُسن ہوں لیکن — عشق کی، رسم و راہ نے مارا
جلوۂ مہر و ماہ کیا معنی — ایک سادہ نگاہ نے مارا
کیوں نہ سمجھے(۲۹) گناہ کی عظمت — ہم کو عُذرِ گناہ نے مارا

❀ ❀

رُخ ہے گلشن کی طرف، عزم ہے ویرانے کا — کیا ارادہ ہے نجانے ترے دیوانے کا
ایسے دیوانے کو کیا کام ہے سمجھانے کا — قصد رکھتا ہے محبت میں جو مر جانے کا
عشق میں کام نہیں ہے کسی فرزانے کا — کام میخانے میں ہوتا نہیں دیوانے کا
رنگ دُنیا سے جدا ہے ترے دیوانے کا — ساتھ کعبہ ہے مگر عزم ہے میخانے کا
وہ میرا دیکھنا(۳۰) خاموش بصد حسرت ویاس — ہائے وہ منظرِ جانکاہ ترے جانے کا
رنگ فق، چاک گریباں، نمی آنکھوں(۳۱) میں — حال دیکھا نہیں جاتا ترے دیوانے کا
میرے احباب کو تھی جسکی شکایت مجھ(۳۲) سے — اب وہ عُنوان نہیں ہے مرے افسانے کا
عُمر بھر کے لئے قدموں میں جگہ دے دیجے — عمر بھر نام نہ لوں گا میں کہیں جانے کا

---

۲۶۔ قدیم رسم الخط کے مطابق اس لفظ کی املا "سکہا" ہے۔ ۲۷۔ قوسین میں درج الفاظ قیاس کیے گئے ہیں۔
۲۸۔ مسودے میں تمام مقامات پر اسکی املا "لکہا" ہے جسے راقمہ نے جدید املا سے بدل دیا ہے۔ ۲۹۔ مسودے میں اسے "سجہے" املا کیا گیا ہے۔ ۳۰۔ ۳۱۔ ۳۲۔ مسودے میں اسکی املا بالترتیب "دیکہنا، آنکہوں اور مجہہ" ہے۔

قصۂ غم تو سُنا جائے گا کیونکر تم سے — پہلے عُنواں ہی سُن لو مرے افسانے کا
وہ مرا دیکھنا مُڑ مُڑ کے بصد حسرت و یاس — ہائے منظر وہ خموشی سے نکل جانے کا
میں نہ ہوں گا تو رہے گا مرا چرچا جاری — حشر تک نام رہے گا مرے افسانے کا
رنگ فق، چاک گریباں ہے، نمی آنکھوں میں — حال دیکھا نہیں جاتا ترے دیوانے کا

❀ ❀

کام کچھ ساقیٔ مے خانہ بنایا ہوتا — مُجھ سے فرزانے کو دیوانہ بنایا ہوتا
خیر گزری کہ مرے سامنے تھا تیرا جمال — حُسن والوں نے تو دیوانہ بنایا ہوتا
چشمِ گریاں، تُو اگر خون کے آنسو روتی — بن تو سکتا تھا، جو افسانہ بنایا ہوتا
مجھ کو مَے نوش بنانا تھا اگر اے ساقی — دونوں عالم کا تو پیمانہ بنایا ہوتا

❀ ❀

یوں مُشکلات عشق کو آساں بنا دیا(۳۳) — دل کو حریفِ گردشِ دوراں بنا دیا
مشکل کو تیری یاد نے آساں بنا دیا — دو ہچکیوں نے خُلد کا مہماں بنا دیا
ہلکی سی اک نگاہِ محبت نواز نے — دُشواریٔ حیات کو آساں بنا دیا
میرے جنونِ شوق کی ہمت تو دیکھنا — خواہانِ دل کو جان کا خواہاں بنا دیا
ضبطِ فغاں سے اور مرے دَم پہ بن گئی — ہر ایک غم کو کیوں غمِ پنہاں بنا دیا
تیری نگاہِ لُطف نے اے جانِ آرزو — انساں بنا دیا مجھے انساں بنا دیا
دیوانگانِ عشق نے فصلِ بہار میں — دامن کو جیب، جیب کو داماں بنا دیا
کوئی بھی اب کہیں مجھے پہچانتا نہیں — کیا تو نے مجھکو اے غمِ جاناں بنا دیا
دُنیائے شاعری میں مری کیا بساط تھی — تیری عنایتوں نے غزل خواں بنا دیا
اک دُشمنِ حیات سے ناحق بڑھا کے ربط — کیوں زندگی کو خوابِ پریشاں بنا دیا
ہے ظلم پھر بھی ظلم مگر اِس کا کیا علاج — ہر اِک ادا کو جُزوِ رگِ جاں بنا دیا
میں اور ان کا دامنِ اَلطاف کیا کہوں — صحرا کو اِک نظر سے گُلستاں بنا دیا
نظارۂ جمال سے تھی مطمئن نگاہ — جلووں کی احتیاط نے حیراں(۳۴) بنا دیا

---

۳۳۔ یہ غزل ۱۹۵۴ء میں بزمِ ضیائے ادب ملتان کے طرحی مشاعرے میں پڑھی گئی۔ بقول حزیں صدیقی ۲۵۰/۱۱ اکتوبر ۹۵ء ۳۴۔ حیراں بنانا روزمرہ نہیں۔

بحرِ الم میں اُف مری مشکل پسندیاں
ہر موجِ انبساط کو طوفاں بنا دیا

دل، اور وہ بھی میرا سا دل جس نے عشق میں
ہر جَور بے پناہ کو ارماں بنا دیا

اِس عشقِ سادہ کار نے صابر مرے لئے
ہر مرحلے کو مرحلۂ جاں بنا دیا

❀ ❀

غلط کیا ہے دلِ مضطر جو بہلایا نہیں جاتا(۳۵)
کسی بھٹکے ہوئے کو راہ پر لایا نہیں جاتا

سراپا عجز بن کر التجا ہی التجا ہو جا
یہاں خود داریوں کو کام میں لایا نہیں جاتا

محبت دل میں رہتی ہے، محبت دل سے ہوتی ہے
کسی کے سامنے، یہ راز دہرایا نہیں جاتا

وفا کا ذکر کیوں کرتے ہو آخر مدعا کیا ہے
مری آنکھوں سے اب تو خُون برسایا نہیں جاتا

❀ ❀

سُوچتا ہوں اپنے دل میں ہائے یہ کیا ہو گیا
عشق کی بربادیوں سے حُسن رُسوا ہو گیا

آپ کے اُلطاف نے بخشا ہے یہ ہم کو شرَف
اب ہماری زندگانی کا سہارا ہو گیا

دل ہی پر تنہا نہیں میری تباہی کا مدار
کچُھ نہ کچُھ(۳۶)دَر پردہ، اُن کا بھی اِشارا ہو گیا

ضبط کی ناکامیوں کا اب اُنھیں کیا دوں جواب
میرے اِک اِک سانس سے غم آشکارا ہو گیا

اب مجُھے آباد یا برباد رکھو، کچُھ کرو
اب تو ہر صورت سے، میں بندہ تمہارا ہو گیا

یا خوشی بھی [تھی] کبھی(۳۷)میرے لئے سوہانِ روح
یا نہ جانے کیوں مجھے اب غم گوارا ہو گیا

❀ ❀

میرا دل اب بھی یونہی شُعلہ بجاں ہے کہ جو تھا
تُو مگر پہلا سا اے دوست کہاں ہے کہ جو تھا

شعلۂ عشق مرے دل میں نہاں ہے کہ جو تھا
سرد مہری کا وہی تجھ پہ گُماں ہے کہ جو تھا

تو مرے دل کی تباہی پہ نہ جانا اے دوست
عشق کا اب بھی وہی عزمِ جواں ہے کہ جو تھا

آپ تکلیفِ کرم بھی نہ کریں میرے لئے
اب محبت کا وہ احساس کہاں ہے کہ جو تھا

عشق بربادِ تمنا تھا، رہے گا برباد
حُسنِ رعنا پہ بہاروں کا گُماں ہے کہ جو تھا

زندگی میں کوئی اب کیف نہیں ہے باقی
مُجھ میں اور اُن میں وہ اب ربط کہاں ہے کہ جو تھا

شکریہ پُرسشِ حالات کا لیکن اے دوست
میری آہوں میں ابھی تک وہ دھُواں ہے کہ جو تھا

اُن پہ اَب کیُوں نہیں ہوتا کسی نالے کا اثر
اپنا اب تک وہی اندازِ فُغاں ہے کہ جو تھا

جُستجو میں تری میں خُود بھی ہُوا گُم، لیکن
ہائے تُو پھر مری آنکھوں سے نہاں ہے کہ جو تھا

---

۵-ایاز صدیقی اور حسین سحر کے مطابق یہ غزل مارچ ۱۹۹۵ء میں بزم ضیائے ادب کے طرحی مشاعرے میں پڑھی گئی۔
۳۶- مسودے میں ہر جگہ اس لفظ کو "کچھ" املا کیا گیا ہے۔ ۳۷- مسودے میں اسکی املا "کبھی" ہے۔

آج بھی دل میں تری یاد کا عالم ہے وہی    آج بھی سلسلۂ اشک، رواں ہے کہ جو تھا
اور تو کوئی بھی اپنا نہ ہوا اے صابر    اک غمِ دوست، شریکِ دل و جاں ہے کہ جو تھا

❀ ✍ ❀

ضرور آئے گا وہ دن ضرور آئے گا    کہ حُسن روئے گا اور عشق مُسکرائے گا
کسی کے دل کا دکھانا تو کوئی کھیل نہیں    سزا تُو اپنے کئے کی ضرور پائے گا
دیا ہے تُجھ سے ستمگر کو جس نے دل اے دوست    اُسی کا جذبۂ معصوم رنگ لائے گا
خُدا کی لاٹھی میں آواز تو نہیں ہوتی    یہ سوچ لے جو کسی کو کوئی ستائے گا
یہ سوچتا ہوں کہ اُس سے نجات کیوں کر ہو    بُھلاؤں گا اُسے جِتنا وہ یاد آئے گا
میں اپنا مرکزِ دل ترک کر تو دوں لیکن    نظر میں اُس کے رسوا کون پھر سمائے گا
ترے سمجھنے میں یہ چوک ہو گئی کہ مُجھے    یہ بُھولی شکل کا اِنسان کیا ستائے گا
غُرورِ حُسن ہے ناپائیدار چیز اے دوست    غُرورِ حُسن کا نقشہ بدلتا جائے گا
مری نگاہ کی مایوسیوں پہ غور نہ کر    یہ وقت ہے جو کبھی تجھکو یاد آئے گا
بُلاؤں کِس طرح اپنے یہاں اُسے صابر    نہ آیا وہ، تو مرا دَم نِکل نہ جائے گا

❀ ✍ ❀

وا، نہ ہوتے لبِ اِظہار تو اچھا ہوتا    عشق رہتا جو پُر اَسرار تو اچھا ہوتا
میں تو کرتا ہوں جفاؤں پہ تری ناز، مگر    تو نہ ہوتا جو جفا کار تو اچھا ہوتا
زندگی ہے بھی تو کس کام کی ہے، تیرے بغیر    مر ہی جاتا ترا بیمار تو اچھا ہوتا
ایک ہی غم میں گزرتے ہیں مرے لَیل و نہار    کاش ہوتا نہ یہ آزار تو اچھا ہوتا
سرنگوں دیکھ کے تجھ کو مُجھے شرم آتی ہے    کم نہ ہوتا ترا پِندار تو اچھا ہوتا
خُود کشی کے مُترادف ہے یہ جینے کا عذاب    موت آتی جو سرِدار تو اچھا ہوتا
لوگ سُن سُن کے مُجھے دادِ سخن دیتے ہیں    تُو بھی سُنتا مرے اشعار تو اچھا ہوتا
تیرے اِیوان کے چکّر تو لگا سکتا تھا    میں اگر ہوتا نہ بیمار تو اچھا ہوتا

❀ ✍ ❀

گِلہ کیوں ہو، کِسی کی کجروی کا    ہُوا بھی ہے کبھی کوئی کسی کا
چڑھا ہے رنگ مُجھ پر بے خودی کا    خُدا حافظ مری فرزانگی کا

الم کے نام سے چلتا رہے گا ۔۔۔ الم ہی نام نکلا زندگی کا
وہ مجھکو زندگی میں مل تو جاتے ۔۔۔ بھروسہ ہی نہیں اب زندگی کا
میں اب خود سے بھی بیگانہ ہوا ہوں ۔۔۔ یہ عالم ہے مری دیوانگی کا
خدا بس اپنا ہی محتاج رکھے ۔۔۔ نہ ہو کام آدمی سے آدمی کا
رہے قائم، جو مکروہاتِ عالم ۔۔۔ زمانہ آئے گا کیوں کر خوشی کا
ملے ہیں دوستی سے، ایسے انعام ۔۔۔ نہ لوں گا نام تک، اب دوستی کا
تمہاری برہمی ہے حق بجانب ۔۔۔ زمانہ ہے تمہاری برہمی کا
مصیبت میں نہ آیا کام کوئی ۔۔۔ یہ ہے انجام صابر دوستی کا

❀ ✍ ❀

مر جاؤں گا نکلا نہ گر ارمان تمنا ۔۔۔ مضبوط پکڑ رکھا ہے دامانِ تمنا
آیا ہے کوئی آج گلستانِ تمنا ۔۔۔ پھولوں سے بھرے بیٹھا ہوں دامانِ تمنا
کچھ رحم مرے حال پہ اے جانِ تمنا ۔۔۔ برباد ہوا جاتا ہے ایوانِ تمنا
اتنا سا مرے دل میں ہے، ارمانِ تمنا ۔۔۔ اک بار مجھے مل تو لے او جانِ تمنا
ہو جائیں خبردار نگہبانِ تمنا ۔۔۔ اٹھا ہے مرے قلب سے طوفانِ تمنا
تو مجھکو نہ گردان کہ میں کچھ بھی نہیں ہوں ۔۔۔ تو جانِ تمنا، تمنا، تو ہی ارمانِ تمنا
کس طرح سناؤں میں تمہیں کیفیت دل ۔۔۔ آئیں تو ذرا ہوش میں اوسانِ تمنا
کچھ ہو مگر اس رشتہ کو اب قطع نہ کیجے ۔۔۔ باندھا ہے اگر آپ نے پیمان تمنا
اتنا تو مجھے خانہ خرابی سے ملا وقر(۳۸) ۔۔۔ اب لوگ مجھے کہتے ہیں سلطانِ تمنا
اے، ہمتِ مردانہ ترا عزم سلامت ۔۔۔ لکھنا ہے مجھے خون سے عنوانِ تمنا
اے خالقِ ارمان دہائی ہے دہائی ۔۔۔ چھٹتا(۳۹) ہے مرے ہاتھ سے دامانِ تمنا
اب آپ مجھے ضبط کی تلقین نہ فرمائیں ۔۔۔ روکے سے کہیں رکتا ہے طوفانِ تمنا
اچھا ہو کہ اس در پہ نکل جائے مری جاں ۔۔۔ صابر ہے یہی اصل میں ایمانِ تمنا

❀ ✍ ❀

---

۳۸۔ وقر کے لغوی معنی عزت، بڑائی اور مرتبے کے ہیں مثلاً اشرف صبوحی دہلوی نے اپنی کتاب "دلی کی چند عجیب ہستیاں" میں لکھا ہے۔ "ہم سے اس طرح بے وقری کے ساتھ نہ بولئے" ملاحظہ کیجئے "دلی کی چند ہستیاں" طبع اول آفتاب عالم پریس، مکتبہ صبوحی واٹرورکس روڈ لاہور۔ ص ۲۰۔

۳۹۔ مسودے میں اس لفظ کو شاعر نے "چھٹنا" املا کیا ہے۔

تیرا جلوہ جو مرے کام نہ آیا ہوتا
حُسن والوں نے تو دیوانہ بنایا ہوتا

میرے ہاتھوں پہ ہی کچھ رحم تو آیا ہوتا
عالمِ نزع میں دامن نہ چھڑایا ہوتا

پھر وہی شُعلہ بھڑک اٹھا ترے آنے سے
اِس سے اچھا تو یہ ہوتا کہ نہ آیا ہوتا

اِک تمنا تھی سو وہ بھی مری پوری نہ ہوئی
میرا مسکن تری دیوار کا سایہ ہوتا

اور تو کچھ نہیں کہتا ترے جلووں کی قسم
کاش تُو نے مجھے اپنا نہ بنایا ہوتا

پھر زمانے میں کہاں مِثل بھلا ظالم کی
حُسن کے ساتھ جو اَخلاق بھی پایا ہوتا

اب ہے بیکارِ زمانے کی شکایت صابؔر
تُو نے بارِ غمِ اُلفت نہ اُٹھایا ہوتا

❀ ❀

تیرا پتہ تو اِک آسان کام تھا لیکن
مُجھے تو آپ ہی اپنا نِشاں نہیں ملتا

سُراغ، منزلِ مقصود کا، ملے کیونکر
رہِ طلب میں کوئی ہم عناں نہیں ملتا

خطا معاف وہ کچھ اور لوگ ہوتے ہیں
ہر ایک کو تو ترا آستاں نہیں ملتا

جو صاحبانِ بصیرت ہیں، وہ سمجھتے ہیں
کہاں ہے تیرا ٹھکانہ، کہاں نہیں ملتا

❀ ❀

ضبط کا پاس مجھے دیدۂ گریاں نہ رہا
رازِ دل ہو گیا اَفشا مجھے اوساں نہ رہا

شوق سے مشقِ ستم اور بڑھاؤ لیکن
کیا کرو گے دمِ بیکس جو مری جاں نہ رہا

واہ رے جوشِ غضب، واہ رے دستِ وحشت
تُجھ سے دامن کو بچایا، تو گریباں نہ رہا

میرے گھر پہ جو بلا پہلے ہوئی ہے نازل
کیا کوئی اور ٹھکانہ، شبِ ہجراں نہ رہا

یاد نے کس کی، محبت میں ستایا صابؔر

کِس کی زُلفوں کا تصوّر شبِ ہجراں نہ رہا

# ردیف "ب"

کل غزلیں ۱ اشعار ۸ حواشی - نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

کبھی زمیں کے، کبھی کھائے آسماں کے فریب | مرے نصیب میں لکھے تھے دو جہاں کے فریب
دلِ تباہ کی اس سادگی کو کیا کہیئے | بڑے خلوص سے کھاتا ہے راز داں کے فریب
کچھ اِس طرح سے بھی ہوتی ہے قلب کو تسکیں | کہ ہم نے جان کے کھائے ہیں پاسباں کے فریب
کبھی حرم میں، کبھی دَیر میں، کیے سجدے | تری تلاش میں کھائے کہاں کہاں کے فریب
گماں خلوص کا ہر شخص پہ ہُوا مُجھ کو | مری وفا ہی نے بخشے مجھے جہاں کے فریب
کبھی فلک ہے، کبھی یار درپئے آزار | کبھی ہیں پیر کے چکّر، کبھی جواں کے فریب
ہزار شکر کے سجدے گزار اے صابر | رکے کے ہیں میسّر، اُس آستاں کے فریب

ہر اِک مقام پہ ثابت قدم رہا صابر
ہزار بار دیئے تم نے امتحاں کے فریب

# ردیف "پ"

کل غزلیں ۱ اشعار ۹ حواشی ۲ نامکمل مصرع - مقامات قیاس ۳

تسکینِ اضطراب نہ فرمایئے گا آپ — اِک خوگرِ الم کو نہ تڑپایئے گا آپ

مانا کہ اب کرم ہی سے پیش آیئے گا آپ — لیکن مذاقِ عشق کہاں پایئے گا آپ

ہو جائے سامنا جو سرِ رہگزر مرا — نظریں بچا بچا کے گزر جایئے گا آپ

بھولے سے میری یاد بھی آجائے گر کبھی! — اشکِ الم نہ آنکھوں میں بھر لایئے گا آپ

مجھکو بھلا کے کیا [اب] ارادہ ہے آپ کا — کچھ لطف، زندگی میں سوا پایئے گا آپ

ہو سکتا ہو تو اِتنا کرم چاہتا ہوں میں — یاد آیئے گا آپ، نہ یاد آیئے گا آپ

وہ وقت بھی قریب ہے وہ دِن بھی ہیں قریب — جب پاس [سے] بھی دور نظر آیئے گا آپ

آئے کبھی(۴۰) جو] (۴۱) ترکِ تعلق کا کچھ خیال — کچھ دل ہی دل میں سوچ کے شرمایئے گا آپ

صابرؔ ضرور چلنے زمانے کے ساتھ ساتھ
بدلیں جو وہ نگاہ بدل جایئے گا آپ

---

۴۰۔ شاعر نے اس لفظ کو مسودے میں "کبھی" املا کیا ہے۔
۴۱۔ قوسین میں درج الفاظ غزل کے مسودے میں محذوف پائے جانے کے باعث قیاس کر لیے گئے ہیں۔

# ردیف "ت"

کل غزلیں ۳ اشعار ۱۷ حواشی ۴ نامکمل مصرع - مقامات قیاس ۱

چلا خنجرِ بے نیامِ محبت     یہی ہے یہی فیضِ عامِ محبت
وضو کر کے زاہد لے نامِ محبت     ارے فرض ہے احترامِ محبت
اُلٹ دو اُلٹ دو ذرا رُخ سے پردہ     بدل دو بدل دو نظامِ محبت
تجھے تیری دریا دلی کی قسم ہے     اِدھر بھی ہے اک تشنہ کامِ محبت
اُدھر آئے وہ اور اِدھر جان نکلی     کہاں ہو گئی ہائے شامِ محبت
مرے دل کے ذروں کو پامال کر دے     اِدھر آ اِدھر، خوش خرامِ محبت
نہ اب میرا سَر تیرے در پر جُھکے(۴۲) گا     بُہت ہو چکا احترامِ محبت
مِلے گا نہ صابؔر سا اِنسان تم کو     اگر چاہتے ہو غلامِ محبت

❀ ✍ ❀

مُجھ سے یہ کہہ رہی ہے میری تلخئ حیات     دُنیا سے ترک کیجئے رسمِ تعلقات
ناصح یہ تیری پَند لگاتی ہے دل پہ چوٹ(۴۳)     ہوتے ہیں کچھ عجیب محبت کے واقعات
صابؔر جو اہلِ دل ہیں اٹھائیں گے اِسکا لُطف     میرے ہر ایک شعر میں ہوتی ہے واردات

❀ ✍ ❀

میں ہی تھا جب تری [نفرت](۴۴) کا نشانہ اے دوست     یاد ہو گا تُجھے شاید وہ زمانہ اے دوست
تُو نے کیوں اپنی نگاہوں سے گرایا مُجھ کو     کیا یہی ہوتا ہے دُستورِ زمانہ اے دوست
جو مری جان پہ گزرے گی گزر جائے گی     تو مرے حال پہ آنسو نہ بہانا(۴۵)اے دوست
جب مرے واسطے آغوشِ کَرم وَا ہو گی     کیا کبھی آئے گا پھر بھی وہ زمانہ اے دوست
تُو مرے حال پہ للہ ترس کھا کہ مرا     اب نہیں ہے کوئی دُنیا میں ٹھکانہ اے دوست
تُو بھی اب اپنے رونے کو بدل دے کہ یہاں     رات دن رنگ بدلتا ہے زمانہ اے دوست

❀ ✍ ❀

---

۴۲۔ مسودے میں شاعر نے اسے "جھکے" املا کیا ہے۔ ۴۳۔ نسخہ ثانی میں "چوٹ" کی جگہ لفظ "ضرب" پایا جاتا ہے۔ ۴۴۔ قوسین میں درج لفظ قیاس کیا گیا ہے۔ ۴۵۔ شعری ضوابط کے مطابق "ہ" پر اختتام پذیر ہونے والے قوافی پر مبنی غزل میں "الف" کا قافیہ لانا فصیح نہیں تا آنکہ مطلع کے ایک مصرع میں "ہ" اور دوسرے میں "الف" کا قافیہ لا کر اسکا پیشگی اعلان نہ کر دیا جائے۔

# ردیف "د"

کل غزلیں ۴ اشعار ۴۱ حواشی ۳ نامکمل مصرع - مقامات قیاس ۲

یہ دشمنی دُرست نہیں دوستی کے بعد(۴۶)　　اچھا نہیں ہے رنج کا دینا خوشی کے بعد
اب کیا خوشی ملے گی مُجھے اِس خوشی کے بعد　　نعمت ہی اور کیا ہے غمِ بندگی کے بعد
ناواقفِ مآلِ مَسرت خبر بھی ہے!　　اَشکوں کا سلسلہ بھی رہے گا ہنسی کے بعد
کِس درجہ آشنائے حقیقت ہے میری ذات　　گہرائیاں [ ہیں] پیشِ نظر آگہی کے بعد
جاتی ہے جان، جانئے محبت میں غم نہ کر　　"اک اور زندگی بھی ہے اس زندگی کے بعد"
مانا کہ غم کے بعد مَسرت ضرور ہے　　لیکن جئیے گا کون تری بے رخی کے بعد
عقل و خِرد سے کام نہ لے راہِ عشق میں　　ملتے ہیں وہ ضرور مگر گمرہی کے بعد
یہ جانتا تو تُجھ سے نہ رکھتا میں رسم و راہ　　دَورِ اَلم بھی آئے گا عہدِ خُوشی کے بعد
مَحرومِ اِلتفات ہوں، مجبورِ عشق ہوں　　کرنی تھی اک کرم کی نظر بے رُخی کے بعد
مِلتی رہی ہے دادِ محبت، خُدا کا شُکر　　دیتے رہے ہیں غم وہ ہمیشہ خُوشی کے بعد
اب تابِ گُفتگو ہے نہ یارائے نُطق ہے　　کیا چیز بن گیا [ہوں] تری بے رُخی کے بعد
صابؔر سمجھ میں آ نہ سکا آج تک یہ راز　　ہوتا ہے کیوں عتاب مری حاضری کے بعد

❀ ✍ ❀

خُدا کی شان کہ اب وہ ہیں مائلِ فریاد(۴۷)　　جنونِ شوق کو دینی پڑی مبارک باد
سنائے جاؤ جہاں تک سُنا سکو لیکن　　مری زباں پہ نہ آئے گی عُمر بھر فریاد
تڑپنے لگتا ہے دل، روح کانپ جاتی ہے　　عجیب طرح سے آتی ہے اب تمہاری یاد
جگر سے ہوک سی اُٹھتی ہے، دل لرزتا ہے　　غمِ جدائی میں آتی ہے جب تمہاری یاد
اُسے میں اپنے لیے زندگی سمجھتا ہوں　　تمہارے غم میں جو ہو جائے زندگی برباد
کُچھ اِس طرح سے مری رُوح میں سمائی ہے　　نہ جا سکے گی مرے دل سے اب تُمہاری یاد
اَثر نواز ہوئی آہِ دل گداز مری　　جُلا دیا مری آہوں نے خانۂ صیاد

---

۴۶۔ یہ ایک طرحی غزل ہے اسی زمین میں صابر دہلوی کے ہم عصر حزیں صدیقی کی غزل بھی ہے جو انہوں نے اول اللہ کر کو سنائی تھی نمونہ

ہاں میں بھی سوچتا ہوں یہی جانِ زندگی
اب تک جیا ہوں کیسے تری بے رخی کے بعد
(حزیںؔ)

۴۷۔ یہ غزل نبیرۂ صابر دہلوی انوار انجم کے مجموعۂ کلام "شاخِ نہالِ غم" میں شامل ہے جو انجم کی وفات کے بعد اردو اکادمی ملتان کی جانب سے ڈاکٹر عرش صدیقی اور فیاض تحسین نے ترتیب دے کر شائع کیا۔ مرتبین کی عدم توجہی کے باعث تاحال اس غزل کو انوار انجم کے کلام میں سمجھے جانے کا مغالطہ عام ہے۔ جب کہ حقیقت یہ ہے کہ کلامِ صابر کے نسخۂ ثانی کے صفحہ ۴۲ پر اسے صابر دہلوی نے خود درج کیا ہے۔ بقول ایاز صدیقی ۱۹۵۵ء میں موضوعِ مقالہ شاعر نے یہ غزل بزمِ ضیائے ادب کے مشاعرے میں "صابر" مقطع کے ساتھ سنائی تھی۔

یہ مصلحت کا تقاضا، یہ ظاہری باتیں — رہیں کے آپ میرے ہمنوا، بجا ارشاد
تمہاری شانِ کریمی پہ حرف آئے گا — زمانہ مُجھ کو کہے گا جو خانماں برباد
اب اِسکے بعد کسی اور کو نہ چاہوں گا — مری وفائے مُسلسل کی آپ دیں گے داد
تباہ کر کے مری زندگی کا ہر گوشہ — نگاہ پھیر کے جاتا ہے او، ستم ایجاد
تمہارے ایک اشارے پہ جان دے دوں گا — یہ کیا کہا کہ تری عاشقی ہے بے بنیاد
یہ جاتے جاتے ذرا ایک بات سُنتے جاؤ — جہاں رہو گے وہیں آئے گی ہماری یاد
یہ زندگی بھی کوئی زندگی ہے اے صابر — یہ بندگی کا زمانہ، یہ خانۂ صیاد
خدا کے واسطے آؤ کرو مسیحائی — تمہارے ہجر میں مرتا ہے صابرِ ناشاد

❀ ✍ ❀

اب ہے زمیں کی یاد نہ کچھ آسماں کی یاد — دل میں بسی ہے اُس لبِ رنگیں بیاں کی یاد
کیوں کر ملے گا منزلِ مقصود کا سُراغ — جب میرِ کارواں کو نہیں کارواں کی یاد
مِٹ جائے نقشِ سجدہ، جبیں سے تو غم نہیں — دل میں اُتر گئی ہے ترے آستاں کی یاد
کیا کیا ملے جواب مری التجاؤں کو — ناسور بن گئی ترے حُسنِ بیاں کی یاد
جتنے تھے نقش، دل سے سبھی محو ہو گئے — پھر کیا خوشی، کہاں کا اَلم اور کہاں کی یاد
جب اپنا اُن سے کوئی تعلق نہیں رہا — پھر کیا مجھے ستائے گی اُس آستاں کی یاد
اے شہر زمینِ پاک، ترا شکریہ مگر — رہ رہ کے پھر بھی آتی ہے ہندوستاں کی یاد

❀ ✍ ❀

عشق کا حُسن ہی باقی نہ رہا میرے بعد(۴۸) — کر سکا کوئی نہ تجدیدِ وفا میرے بعد
تم مجھے اپنے ہی ہمراہ نہ کیوں لیتے گئے — یہ مرے کانوں میں آئی تھی صدا میرے بعد
دل ہی دل میں مجھے پھر دادِ تحمل دینا — جب کسی شخص پہ ہو جاؤ خفا میرے بعد
مسکراہٹ میں بھی غصے کی ادا ہوتی ہے — کون سمجھے گا تری طرزِ جفا میرے بعد
اُف یہ ناقدریٔ اربابِ وفا کا عالم — اُن کا اندازِ تغافل نہ رہا میرے بعد
تم یہ اک بات مرے کہنے سے لکھ کر رکھ لو — ختم ہو جائے گا معیارِ وفا میرے بعد
ہائے "صابر سا وفا دوست کہاں سے لاؤں" — اُس نے لوگوں سے یہ رو رو کے کہا میرے بعد

۴۸۔ یہ صابر دہلوی کی آخری غزل ہے جو انہوں نے بسترِ مرگ پر کہی اور عیادت کے لئے کراچی سے آنے والے اپنے دوست اور "فاران" کے مدیر شاعر حضرت ماہر القادری مرحوم کو موت سے ایک روز قبل سنائی تھی۔ ایک روایت کے مطابق اس میں صابر دہلوی کا تخاطب انکی اہلیہ دوم بشیری بیگم سے ہے جو تا حال حیات اور لاہور میں مقیم ہیں۔

# ردیف "ر"

کل غزلیں ۷ اشعار ٦٦ حواشی ۱۱ نامکمل مصرع - مقامات قیاس ۲

وہ مُلتفت بھی اگر ہوں تو اعتبار نہ کر
خوشی کو غم سے، کسی طرح ہم کنار نہ کر

کِسی بھی منظرِ دلکش کا اعتبار نہ کر
جو ہو سکے تو طوافِ رُخِ بہار نہ کر

تُو اپنی زیست کا، سامانِ مُستعار نہ کر
غمِ حیات کے شیدا، غمِ بہار نہ کر

نگاہِ لطف(۴۹) سے اب مجھکو شرمسار نہ کر
مرے قریب نہ آ، مجھ کو بے قرار نہ کر

بہار اپنی جگہ پر، بہار ہے اےدوست
گلوں کے چاکِ گریباں کا اعتبار نہ کر

اُڑا دے ہستیٔ ناپائیدار کے ٹکڑے
جُنوں میں جیب و گریباں کو تار تار نہ کر

یہ ضبطِ شوق کی توہین ہے ارے ناداں
جو رنج دل میں ہو چہرے سے آشکار نہ کر

بس ایک بے خودیٔ درد ہے تمام و کمال
کسی خوشی کا، کسی غم کا اعتبار نہ کر

نگاہِ لُطف سے للہ اب نہ دیکھ مجھے
جو بے قرار نہ ہو اس کو بے قرار نہ کر

گزر گئیں وہ بہاریں(۵۰)اب انکا ذکر ہی کیا
مجھے حکایتِ دامن سے شرمسار نہ کر

حَریمِ ناز کے پردے لرز گئے، دیکھا
نگاہِ شوق کا تُو اب بھی اعتبار نہ کر

ہمیں نہ دیکھ کہ ہم ترکِ عشق کر بھی چکے
ہمارے واسطے تکلیفِ انتظار نہ کر

تری نگاہ کی رنگینیاں ہیں معنی خیز
نہ دیکھ میری طرف، مجھ کو بے قرار نہ کر

کسی سے کہہ نہ کہانی غمِ محبت کی
ہر اک پہ رازِ محبت کو آشکار نہ کر

دلِ خراب تو گُستاخ و بے اَدب نکلا
مُجھے پسند نہیں تُو بھی اعتبار نہ کر

جو چاہتا ہے محبت کا تکملہ،(۵۱)صاؔبر
مرے خیال میں تسکینِ قلبِ زار نہ کر

❀ ❀

مجھے اب پیار آتا ہے جنونِ فتنہ ساماں پر
ہنسی آنے لگی اُن کو مرے چاکِ گریباں پر

ترس آیا ہے کب اُن کو مرے حالِ پریشاں پر
چُھری اِحساس کی جب پھر گئی ایک ایک ارماں پر

وُہی میں ہوں وُہی تم ہو وُہی جذباتِ خاطر ہیں
مگر تم نغمہ خواں اب کیُوں نہیں سازِ رگِ جاں پر

بگُولے اٹھے، آندھی آئی، برسا [ ابر ]، بھی لیکن
چراغِ یاس جلتا ہی رہا گورِ غریباں پر

مری تقدیر سے بن جاتی ہے زنجیر کی صورت
لکیریں کھینچتا ہوں گر کبھی دیوارِ زنداں پر

سہارا نا خُدا اُس ڈُوبنے والے کو کیا دے گا
کِنارے پر پُہنچ کر بھی، نظر ہو جسکی طوفاں پر

تری سادہ مزاجی پر(۵۲)بڑا افسوس ہے صاؔبر
بھروسہ کر لیا کرتا ہے تُو ہر دُشمنِ جاں پر

---

۴۹۔ نسخۂ ثانی میں شاعر نے یہاں "شوق" کا لفظ لکھ کر قلمزد کر دیا ہے اور "لطف" کے لفظ کو برقرار رکھا۔ ۵۰۔ نسخۂ اول میں پہلے مصرع کے آغاز میں "گزر گیا وہ زمانہ" قلمزد کر کے "گزر گئیں وہ بہاریں" کو صاد کیا ہے۔ ۵۱۔ تکملہ لغت کے لحاظ سے کسی کام کی "تکمیل" یعنی پورا ہونے کے معنی دیتا ہے۔ ۵۲۔ مصرع اولیٰ میں (ایک اور مقام پر درج کرتے ہوئے) آغاز کی صورت یہ بھی رکھی گئی ہے کہ "تری سادہ دلی پر بھی" جو بعد میں اس مقطع سے شاعر نے قلمزد کر کے "تری سادہ مزاجی پر" کو صاد کیا ہے۔

مری روح میں میرے دل میں سما کر — نہ بھولیں مجھے آپ اپنا بنا کر
محبت کی پُر پیچ راہوں میں لا کر — کہاں چُھپ (۵۳) گئے آپ جلوہ دکھا کر
گزر کر تعیّن کی حد سے، یقیناً — تُجھے دیکھنا ہے تجھی میں سما کر
تمہیں مُجھ سے مانوس ہونا پڑے گا — وفاؤں سے اِک دن مری تنگ آ کر
وہ مختار ہیں ہم نے مانا یہ لیکن — ستاتے ہیں کیوں مُجھ کو مجبور پا کر
نہ اُن کا پتہ ہے نہ اپنی خبر ہے — مُجھے دِل نے چھوڑا (۵۴) بُہت دُور لاکر
محبت کی تکمیل چاہو جو صابرؔ — گزر جاؤ ہر راہ سے مُسکرا کر

❀ ✍ ❀

ظاہر کروں گا عشق کو اس بدگمان پر — میں کھیل کر رہوں گا محبت میں جان پر
دُنیا کو رُونا آتا ہے میرے بیان پر — اور آپ ہنس رہے ہیں مری داستان پر
وہ آج ہنس رہے ہیں مری داستان پر — اب کیوں نہ ہو دماغ مرا آسمان پر
کچھ سُوچ کر دِیا تھا دلِ زار آپ کو — ہوتا ہے اِعتماد کسی مہربان پر
کوئی نہ زد میں آنے گا اِس تیرِ خاص کی — میری نظر چڑھی (۵۵) ہے تمہاری کمان پر
صابرؔ ستم ظریف کے سہنا ہزار ظلم — آنے نہ پائے حرفِ شکایت زبان پر

❀ ✍ ❀

تم جو آجاؤ مری زیست کا حاصل ہو کر — کوئی مشکل نہ رہے پھر مری مشکل ہو کر
مُدتوں ساتھ رہا رَہبرِ کامل ہو کر — آج ہوتا ہے جُدا مُجھ سے مرا دل ہو کر
یہ محبت کا اثر ہے کہ مری نظروں میں — آپ قاتل نظر آتے نہیں قاتل ہو کر
بندہ پَرور یہی مہمان نوازی کا ہے فرض — آپ اُٹھاتے ہیں مُجھے بانیٔ محفل ہو کر
اے مرے بھولنے (۵۶) والے یہ پتہ ہے میرا — راہ میں بیٹھا (۵۷) ہوں گم کردہٗ منزل ہو کر
تم سے کرنا ہے مجھے اپنی مصیبت کا گلہ — تم مرے دل میں اُتر آؤ مرا دل ہو کر
بحرِ اُلفت میں جِسے ڈُوب کے مرنا ہو عزیز — وہ رہے گا کہیں (۵۸) منت کشِ ساحل ہو کر
تُم وہ ہو آج زمانہ ہے تمہارے بس میں — تُم جہاں چاہو رہو زینتِ محفل ہو کر
صابرؔ خستہ کو اَو یاد نہ کرنے والے — یاد سے تیری رہے گا نہ یہ غافل ہو کر

---

۵۱- تکملہ لغت کے لحاظ سے کسی کام کی "تکمیل" یعنی پورا ہونے کے معنی دیتا ہے۔ ۵۲- مصرع اولیٰ میں (ایک اور مقام پر درج کرتے ہوئے) آغاز کی صورت یہ بھی رکھی گئی ہے کہ "تری سادہ دلی پر بھی" جو بعد میں اس مقطع سے شاعر نے قلمزد کر کے "تری سادہ مزاجی پہ" کو صاد کیا ہے۔ ۵۳، ۵۴- مسودے میں بالترتیب "چھپ" اور "چھوڑا" املا کیا ہے۔ ۵۵، ۵۶، ۵۷- مسودے کے مطابق ان الفاظ کی املا "چھڑھی" "بھولنے" اور "بیٹھا" پائی گئی ہے۔ ۵۸- نسخۂ ثانی میں مصرع کی صورت اس طرح سے بھی پائی گئی ہے "وہ رہے گا کہیں آسودۂ ساحل ہو کر"

کہہ غزل صابرؔ ابھی تو بھی بہ عنوانِ بہار — جمع ہیں اِس وقت گلشن میں محبانِ بہار
رُوح کو گرما رہے ہیں نغمہ سنجانِ بہار — جوش میں آئے ہوئے ہیں میگسارانِ بہار
بات ہی کچھ اور ہے اُن کے خرامِ ناز کی — کیوں نہ کہہ اٹھے زمانہ اُن کو سُلطانِ بہار
آپ کے قدموں پہ جُھک جائے نہ کیونکر کائنات — آپ ہیں جانِ تمنا، آپ ہیں جانِ بہار
جِس طرف بھی دیکھئے رنگیں نظارے جاں فزا — آپ کے قدموں سے دوبالا ہوئی شانِ بہار
آج اُس نے چہرۂ رنگیں سے اُلٹی ہے نقاب — ہوش میں آئیں ذرا اب شکوہ سنجانِ بہار
جب سے اُس جانِ بہاراں نے نظر کی شوق کی — لوگ کہتے ہیں مجھے اُس دن سے سُلطانِ بہار
میری جانب خاص، ساقی کی توجہ دیکھ کر — خاک جل کر کیوں نہ ہو جائیں حریفانِ بہار
آمدِ دورِ خزاں کیا منظرِ جانکاہ ہے — آہ کرتے ہیں تڑپ کر دردمندانِ بہار
مُسکراتے ہیں درو دیوارِ گلشن دیکھنا — خود بخود ہونے لگا ہے مجھکو عرفانِ بہار
اب نشیمن بجلیوں کی زد میں آسکتا نہیں — آگ برسانے لگے ہیں شُعلہ سامانِ بہار
دیکھ کر تجھ کو نہ گلشن کی طرف دیکھیں گے ہم — ہے تو ہی جانِ گُلستاں، ہے تو ہی جانِ بہار
اُن کو جب دیکھا تو کلیاں مسکرا کر رہ گئیں — چاک کر ڈالا ہے پھُولوں نے گریبانِ بہار
آج وہ صحنِ چمن میں اِس اَدا سے ہنس دیئے — بھر گیا پھُولوں سے اک دم سارا دامانِ بہار
جگمگا دے صابرؔ ناشاد کا ظُلمت کدہ — اِک نظر ہاں اِک نظر شمعِ شبستانِ بہار

❀ ✍ ❀

اپنا سِکّہ دلِ دشمن پہ بٹھائیں کیونکر — بنتے بنتے تو بگڑ جائے منائیں کیونکر
اُن کو کچھ میرے تڑپنے میں مزہ آتا ہے — وہ مری ہستیٔ ناشاد مٹائیں کیونکر
تیری زلفوں کا تصور جو رہے گا دائم — دُور ہو جائیں گی پھر مُجھ سے بَلائیں کیونکر
تجھ کو بھی مُجھ سے محبت ہے عجب بات ہے یہ — آج تُجھ سے، مری نظروں میں سَمائیں کیونکر
عَرض کرتا ہوں تمنّا تو وہ کہہ دیتے ہیں — تیری بگڑی ہوئی قسمت کو بنائیں کیونکر
قطرۂ اَشک جو گِرتا ہے وہ جَل جاتا ہے — آتشِ اَشک سے جلتے ہیں [بجھائیں] (۵۹) کیونکر

❀ ✍ ❀

---

۵۹۔ قوسین کے درمیان کا لفظ موضوعِ مقالہ شاعر کے ہم عصر حزیں صدیقی مرحوم کی عنایت سے قیاس کر کے درج کیا گیا ہے ورنہ اصل مسودے میں کاغذ کی بوسیدگی کے باعث قراءت ممکن نہ تھی۔

# ردیف "ض"

کل غزلیں ۱ اشعار ۸ حواشی ۲ نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

پُرسشِ غم کیوں دلِ درد آشنا سے کیا غرض
تم جفا جُو ہو تُمھیں(۶۰) مِہر و وفا سے کیا غرض

کَشتیِ اُمید کے ٹکڑے ہوئے مَنجدھار میں
اب خُدا سے التجا ہے ناخُدا سے کیا غرض

کیُوں مری آہ و فغاں پر وَجد فرمانے لگے
آپ کو ٹُوٹے ہوئے دل کی صَدا سے کیا غرض

میں مُجسّم دَرد و حَسرت ہوں، سَراپا رَنج و غَم
اب دَوا سے کام کیا مُجھ کو، دوا سے کیا غرض

اب تو خُود وہ مُلتفت ہُوتے ہیں میرے حال پَر
اب مُجھے اپنے دلِ بے مُدّعا سے کیا غرض

درحقیقت اُس کے حق میں، موت ہے عینِ حیات
جو تُمہارا ہو چکا اُس کو قضا سے کیا غرض

کیوں کِسی مجبورِ اُلفت پر تَرس کھَاتے(۶۱) ہیں آپ
آپ کو اَندیشۂ رُوزِ جزا سے کیا غرض

عِشق جب صابؔر مُسلسل جُستجو کا نام ہے
اِبتدا سے کام کیا پھر اِنتہا سے کیا غرض

۶۰، ۶۱ - مسودے میں ان الفاظ کو قدیم املا کے مطابق بالترتیب "تمہیں" اور "کہاتے" لکھا گیا ہے۔

# ردیف "ک"

کل غزلیں ۲ اشعار ۲۴ حواشی ۲ نامکمل مصرع - مقامات قیاس ۳

نہ میں سمجھا نہ وہ سمجھے یہ اَسرارِ نہاں اب تک
محبت آخرش کیوں ہے حجابِ درمیاں اب تک

مِلا سجدوں کے قابل ہی نہ کوئی آستاں اب تک
جبینِ شوق ہے دَیر و حرم کے درمیاں اب تک

نہ ہوتا میں اگر تکمیل ہو جاتی محبت کی
بُت کچھ کام آئی ہیں مری ناکامیاں اب تک

زمانہ ہو گیا؛ ترکِ مراسم کو مگر پھر بھی
کِسی کا نام رہتا ہے مرے وردِ زباں اب تک

مرے سجدوں نے تیرے آستاں کو زینتیں بخشیں
مِرے سجدوں کا ہے ممنون تیرا آستاں اب تک

نہ ہوتا میں [تو] یہ جلوے بُہت کچھ عام ہو جاتے
ترے جلوؤں نے پائی ہے مرے دل میں اماں اب تک

نشیمن کیا نشیمن کا نِشاں تک بھی نہیں باقی
مگر لہرائے جاتی ہیں وہیں پہ بجلیاں اب تک

نہ ہوتا میں [ تو ] یہ دُنیائے اُلفت مِٹ چکی ہوتی
مِرے دَم سے سلامت ہے محبت کا نشاں اب تک

اَزل میں سازِ فطرت سے، وہ نکلا نغمۂ رنگیں
کہ مَعمورِ ترنُم ہے فضائے دو جہاں اب تک

اُسے سمجھانے آئے ہیں، کوئی سمجھائے ناصح کو
محبت میں جسے سُوجھا نہیں سُود و زِیاں اب تک

نہ موجیں ہیں، نہ طُوفاں ہے، نہ دریا ہے، نہ ساحِل ہے
بہے جاتی ہے لیکن کشتیٔ عُمرِ رواں اب تک

مری دانست میں، تکمیل ہو جائے جفاؤں کی
ہَوا سے اُڑتی پھرتی ہے ہماری داستاں اب تک

تجسّ میں گزاری ہم نے ساری عُمر اے صابؔر
خُدا کی شان وہ ہیں زینتِ کون و مکاں اب تک

جہانِ حُسن پر آخر رہوں بارِ گراں کب تک
دئیے جائے گی میرا ساتھ اے عُمرِ رَواں کب تک

رہوں ثابت قدم آخر، برائے امتحاں کب تک
رہو گے تم جواں کب تک، رہے گا دل جواں کب تک

جنونِ عشق[ کی ]ہو گی مُرتّب داستاں کب تک
بتا اے خانہ بربادی، رہوں بے خانماں کب تک

رہے گی کب تک آخر جُستجوئے دِید لا حاصل
بتا دیجے رہیں گے آپ نظروں سے نہاں کب تک

ہم اپنی آنکھ سے دیکھیں گے کب تک طُور کا منظر
ہمارے خرمنِ دل پر گریں گی بجلیاں کب تک

اَثر ہو کر رہے گا جذبۂ بے تابیٔ دل کا
رہیں گے آپ آخر زینتِ کون و مکاں کب تک

محبت ہے مری فِطرت نہ شاہی ہے مرا مسلک
مجھے آزار پہنچائے گا آشوبِ جہاں کب تک

بالآخر تیرے قدموں کی طرف جھُکنا(۶۲) پڑا مجھکو
جبینِ عشق رہتی بے نیازِ آستاں کب تک

ترے قربان اتنا تو مُجھے(۶۳)معلوم ہو جائے
محبت میں رہے گا یہ حجابِ درمیاں کب تک

تِری نظریں کسی دن خرمنِ ہستی جلا دیں گی
بچاؤں گا بھلا میں، بجلیوں سے آشیاں کب تک

جو ہیں نا آشنائے دَرد صابؔر اُن سے یہ کہہ دو
سُنائے جاؤ گے دُنیا کو پھیکی داستاں کب تک

۶۲، ۶۳ -مسودے میں ان الفاظ کو "جھکتا" اور "مجے" املا کیا گیا ہے۔

# ردیف "ل"

کل غزلیں ۳ اشعار ۵۱ حواشی ۵ ناکمل مصرع - مقامات قیاس ۴

تیرے بغیر کس سے کہوں داستانِ دل
جب جانِ آرزو بھی تُو ہی، تُو ہی جانِ دل

کچھ اِلتفات چاہیئے رُوح و رَوانِ دل
بیٹھے ہیں تیری بزم میں آزردگانِ دل

اللہ رے زمین و خوشا آسمانِ دل
جلوے کسی کے ہونے لگے میہمانِ دل

آساں نہیں ہے شرحِ بیان و فغانِ دل
دِل تھام کر سُنیں تو سُنیں داستانِ دل

ہر ہر قدم پر دیکھتا جا پاسبانِ دل
لُٹ جائے راہ میں نہ کہیں کاروانِ دل

آ اور آ کے دیکھ ذرا راز دانِ (۶۴)دل
تجھ بِن اُداس اُداس ہے میرا مکانِ دل

یہ کشمکش، یہ آفتِ پیہم، بجانِ دل
ڈر ہے نکل نہ جائے تڑپ کر فغانِ دل

تاثیر کر گئی ہے یقیناً فغانِ دل
وہ بانیٔ ستم بھی ہُوا مہربانِ دل

کرتے ضرور اُن سے بیاں داستانِ دل
ہوتی اَثر نواز جو اپنی فغانِ دل

جب دل نہیں تو کیسے سناؤں بیانِ دل
افسوس دل کے ساتھ گئی داستانِ دل

بَن جائے ضبطِ شوق مکمل فُغانِ دل
کچھ زبانِ حال سے، شرحِ بیانِ دل

دامن پہ نقش ہو کے رہی داستانِ دل
اشکوں میں ڈھل کے آگئی آخر فغانِ دل

تڑپا رہی ہے رُوح کو آہ و فغانِ دل
مُجھ پر ہی تیر مار رہی ہے کمانِ دل

دامن کشی محال نہ ہو جائے پھر کہیں
بہتر یہ ہے کہ آپ نہ ہوں میہمانِ دل

اُس کی طلب نے مُجھ کو مِٹایا جہان سے
جس کو سمجھ رہا تھا میں رُوح و رَوانِ دل

اب کوئی نقش بھی ہو، ٹھہرتا نہیں یہاں
بے تابیوں نے اور بڑھا دی ہے شانِ دل

گُم گشتگیٔ اہلِ محبت، نہ پُوچھیئے
منزل سے دُور دُور رہا کاروانِ دل

کی دوستی کے پردے میں، اُس نے بھی دشمنی
وہ، جس کو ہم سمجھتے تھے رُوح و روانِ دل

مُژدہ ہو، ایک بانیٔ بیدادِ ظلم کو
تاثیر ہو گئی [ہے] شریکِ فغانِ دل

بالکل وہی تڑپ، وہی پُر کیف اضطراب
اب اُن کی یاد پر [ہی]، ہے مجھکو گمانِ دل

تیرے نثار ایک یُونہی سی نگاہِ ناز
ظالم تجھے پُکار رہی ہے زبانِ دل

راہِ طلب کی، عشق میں دُشواریاں نہ پوچھ
ہر ہر قدم تھا میرے لئے امتحانِ دل

وہ بھی نظر مِلاتے ہی افسردہ ہو گئے
میری نگاہِ شوق بنی ترجمانِ دل

مُجھ(۶۵)سا بھی کوئی ہوگا نہ مایُوس و نامراد
خُود کھو(۶۶) گیا مگر نہ مِلا کاروانِ دل

---

۶۴ - یہ شعر نسخہ اوّل میں دو مقامات پر دستیاب ہوا ہے دوسری بار مصرع اولیٰ کا قافیہ "رازدان" کے بجائے "پاسبان" درج ہے۔

۶۵، ۶۶ - مسودے میں بالترتیب املا "مجھہ" اور "کھو" پائی گئی ہے نیز توسین میں دیئے گئے الفاظ قیاس کئے ہیں۔

اُنکے ستم بھی سہہ کے رہا محوِ صد نشاط
کیا حوصلہ ہے دل کا زہے عزوشانِ دل

ایسا نہ ہو کہ ظُلمتِ کونین لُوٹ لے
جلوے کے ساتھ ساتھ چلے کاروانِ دل

جب ہم نہیں رہے تو ہماری تلاش ہے
دل مِٹ گیا تو آپ ہوئے قدر دانِ دل

ہر شے تڑپ تڑپ کے بُلاتی ہے اپنی سمت
ہر ایک شے پہ ہوتا ہے مجھکو گمانِ دل

افسوس [ایک] میں ہی نہیں ہوں شریکِ بزم
ورنہ زباں سے اپنی سُناتا بیانِ دل

دیکھو تو کتنی بڑھ گئیں دل [کی] نزاکتیں
تم ہنس دَیئیے تو رو دیئیے آزردگانِ دل

❀ ❀

گِریاں کبھی ہے، تو کبھی خنداں ہے آجکل
کن منزلوں میں تُو دلِ ناداں ہے آجکل

ہر ظلم اُنکی شان کے شایاں ہے آجکل
قبضے میں ایک سیدھا مسلماں ہے آجکل

ایسے میں کوئی آئے محبت کا قدر دان
اُن کے بُھلائے(۶۷) جانے کا امکاں ہے آجکل

اپنی غلط روی کا مُجھے اعتراف تھا
اپنے کیئیے پہ دل بھی پشیماں ہے آجکل

ترکِ وفا ہے صرف، بس اب وضع کے خلاف
دُشوار تھا کبھی مگر آساں ہے آجکل

لو خود بخود ہی یاس کے شُعلے بھڑک اٹھے
ویرانۂ حیات، گلستاں ہے آجکل

اللہ تیرے ہاتھ ہے اب آبروئے عِشق
وہ لاکھ اپنے حُسن پہ نازاں ہے آجکل

وہ سامنے بھی آئیں، مِلائیں نگاہ بھی
میری نگاہِ شوق بھی عُریاں ہے آجکل

احساسِ حُسن و عشق ہی جب دِل سے مٹ گیا
تُو کس خیال میں غمِ جاناں ہے آجکل

دعویٰ تمہارے حُسن کا تسلیم ہے مگر
دل بھی ہمارا تابعِ فرماں ہے آجکل

کیا رُخ کریں گے اب مری جانب نشاط و کیف
ہمراہ میرے گردشِ دوراں ہے آجکل

پرتو سے جس کے دونوں جہاں جگمگا اٹھے
میری نظر میں وہ رُخِ تاباں ہے آجکل

پھر وہ نگاہِ ناز ہوئی مائلِ کرم
میری نگاہ خود ہی پشیماں ہے آجکل

صابرؔ یہ بات کیا ہے، یہ کیا دیکھتے ہیں ہم
ظاہر نظر سے پھر غمِ پنہاں ہے آجکل

❀ ❀

---

۶۷۔ مسودے میں شاعر نے اس لفظ کو لکھنے کا انداز "بھلائے" روا رکھا ہے۔

لمحہ لمحہ آپ تک جاتا ہے اور آتا ہے دل     آئیے اب مجھ سے بہلایا نہیں جاتا ہے دل

ڈھونڈتا ہے اور جب تُجھکو نہیں پاتا ہے دل     پھر سراپا خود تری تصویر بن جاتا ہے دل

ہاں مدد اے صدمۂ ہجراں مدد کا وقت ہے     میرے حق میں لفظِ بے معنی ہوا جاتا ہے دل

رہبرِ منزل نہیں کوئی کسے آواز دوں     عشق کی تاریکیوں میں گُم ہوا جاتا ہے دل

حُسن کی عظمت کہوں اِس کو، کہ جُورِ بے پناہ     جب تُمہارا نام آتا ہے لرز جاتا ہے دل

پوُچھنا(۶۸) یہ ہے خُدا جانے اِسے کیا ہو گیا     بندہ پرور آپ ہی کے گیت کیوں گاتا ہے دل

جس قدر وہ دُور رہتے ہیں دلِ مجبور سے

صاؔبر اُتنا ہی اُنھیں نزدیک تر پاتا ہے دل

---

۶۸-مسودے میں یہ لفظ "پونچھنا" املا کیا گیا ہے۔

# ردیف "م"

کل غزلیں ٦ اشعار ۴٠ حواشی ٦ نامکمل مصرع ٢ مقامات قیاس ١

لیں گے جو کام جذبۂ دل کے اثر سے ہم
کچھ اور آگے جائیں گے حدِ نظر (۶۹) سے ہم

بچ بچ کے چل رہے ہیں تری رہگذر سے ہم
واقف ہیں خاک نقشِ قدم کے اثر سے ہم

پاتے ہیں لُطف، گرمیٔ دردِ جگر سے ہم
مسرور ہو رہے ہیں غمِ معتبر سے ہم

کس درجہ پُر مِحن ہے محبت کی زندگی
پِس پِس گئے ہیں گردشِ شام و سَحر سے ہم

دل پر تری نگاہ ہے، رخ دوسروں کی سمت
سمجھے ترے خیال کو تیری نظر سے ہم

اُٹھتی تھیں انگلیاں کہ وہ دیوانہ آگیا
ظالم ترے خیال میں گزرے جدھر سے ہم

اب اے خیالِ دوست تُجھے آخری سلام
اُکتا گئے ہیں لذتِ زخمِ جگر سے ہم

کیا رنگ لائے دیکھئے اب آرزوئے دید
اللہ کے بھروسے (۷۰) پہ نکلے ہیں گھر سے ہم

صحرا نوردیاں ہیں، گریباں ہے تارتار
کیا وقت تھا وہ نِکلے تھے جس وقت گھر سے ہم

حسرت سے چارہ گر کی طرف دیکھتے رہے (۷۱)
کچھ بھی زباں سے کہہ نہ سکے چارہ گر سے ہم

ہوئی جو عشق کی ہر آہ رائیگاں معلوم
تو اپنی زندگی ہونے لگی گراں معلوم

خدا بچائے مرے خرمنِ محبت کو
تری نگاہ میں ہوتی ہیں بجلیاں معلوم

نہ جانے کون سی منزل میں گُم ہوا ہوں میں
نہ اب جبیں کا پتہ ہے نہ آستاں معلوم

نگاہ و دل میں مرے وہ شگفتگی نہ رہی
ہوا [ ہے] جب سے ترا عہد ناتواں معلوم

کسی سے دل بھی لگائیں تو کس بھروسے پر
کہ پائیداریٔ رنگینیٔ جہاں معلوم

میرے خلوص کا کیوں مضحکہ اُڑاتے ہو
یہ امتحاں ہے تو انجامِ امتحاں معلوم

یہ تیرے ضبط کا کیا رنگ ہو گیا صابرؔ
خموشیوں میں بھی ہوتی ہے اب فُغاں معلوم

---

۶۹، ۷۰- مسودے میں ان الفاظ کو بالترتیب "حدے نظر" اور "بھروسے" املا کیا گیا ہے۔

۷۱- غزل بزم ضیائے ادب کے طرحی مشاعرے میں پڑھی گئی تھی جو ۱۹۵۴ء میں ملتان میں ہوا تھا بقول ایازؔ صدیقی "ہجرت کا یہ المیہ انکی اپنی ایک غزل میں بھی موجود ہے جو اسی مشاعرے کے لئے انھوں نے کہی تھی ایاز صدیقی کا شعر ہے۔

کیا کیا لپٹ کے روئے ہیں دیوار و در سے ہم
نکلے جو عمر بھر کے لئے اپنے گھر سے ہم

نہ دن کو چین میسر نہ رات کو آرام(۷۲) — یہ زندگی ہے تو اِس زندگی کو میرا سلام
تمام عمر مری راہ میں رہی ناکام — اُلجھ رہی ہے مگر پھر بھی گردشِ ایام
خزاں کا راز نہ سمجھے کوئی تو کیا کیجے — گلوں کی تنگ قبائیں تو دے رہی ہیں پیام
غمِ حیات، غمِ بندگی، غمِ جاناں — اِن آفتوں نے مرا کر دیا ہے کام تمام
یہ زندگی میں مری کیسا اِنقلاب آیا — کہ نام ہوتے ہوئے بھی، میں ہو گیا گمنام
(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) ............ — نہ زندگی کی تمنا، نہ زندگی کا نظام

❀ ✍ ❀

تو ظُلم کر، کہیں گے وفا اب جفا کو ہم — تسلیم کر چکے ہیں تری ہر اُدا کو ہم
بڑھتا ہی جا رہا ہے یہاں شوقِ بندگی — اُلفت میں تیری بھُول نہ جائیں خُدا کو ہم
ہُونا ہے ایک دِن ترے جلووں سے ہمکنار — کیوں اِنتہا سمجھتے رہے اِبتدا کو ہم
(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) ............ — کعبہ سمجھ رہے ہیں ترے نقشِ پا کو ہم

❀ ✍ ❀

نہ جانے آج کہاں مسکرا رہے ہو تم — فضائے عالمِ اِمکاں پہ چھا رہے ہو تم
یہ کیا کیا کہ نگاہ کرم کے پردے میں — کسی غریب کی ہستی مٹا رہے ہو تم
کبھی فسردہ، کبھی مُضمحل، (۷۳) کبھی خنداں — ہزار طرح مجھے یاد آرہے ہو تم
مُجھے فریبِ محبت نہ دو خُدا کے لئے — سمجھ رہا ہوں کہ دامن بچا رہے ہو تم
تصوُرات میں آ آ کے چشمِ گریاں سے — سَرودِ حُسن کی محفل جما رہے ہو تم
کبھی جفائیں، کبھی اِلتفات، ارے توبہ — حَیات و مَوت کو اِک جا دکھا رہے ہو تم
نَظر نَظر میں ہے کیفیتوں کا اِک عالَم — نَفَس نَفَس میں مَرے گنگنا رہے ہو تم
تمہارا کون سِوا شیدا جہان سے گُزرا — یہ کِس کی یاد میں آنسو بہا رہے ہو تم
خُود ہی(۷۴) تو تم نے محبت کی اِبتدا کی تھی — قصور وار مجھی کو بتا رہے ہو تم

---

۷۲- یہ غزل صابر دہلوی کے پوتے انوار انجم کی غیر مطبوعہ غزلوں میں بھی شمار کی جاچکی ہے۔ بحوالہ مقالہ "انوار انجم احوال و آثار" از شوذب کاظمی برائے ایم فل اردو ۱۹۹۲ء، صفحہ ۱۲۷۔ جبکہ خود انوار انجم نے بیاض سوم میں صفحہ ۲۱ پر اسکو اپنے دادا کی غزل کے طور پر لکھا ہے۔

۷۳- مسودے میں بالترتیب املا "مضمحل"، درج ہے۔

۷۴- تقطیع میں "ہ" کو اس انداز سے محذوف کر دینے کی روایت اب متروک ہے۔

دلِ تباہ ہوا گُم کہاں نہیں معلوم  بتائے کون اب اس کا نشاں نہیں معلوم

مجھے جنونِ محبّت کی لاج رکھنی ہے  متاعِ ہوش و خرد ہے کہاں نہیں معلوم

تری نظر کے تصدق، تری نظر کے طفیل  تجلیاتِ مہ و کہکشاں نہیں معلوم

اِسی تلاش، اس جُستجو میں ہوں صابرؔ  وہ مہرباں ہیں کہ نامہرباں نہیں معلوم

# ردیف "ن"

کل غزلیں ۳۱ اشعار ۲۸۴ حواشی ۳۹ نامکمل مصرع ۴ مقامات قیاس ۷

پھر دکھا(۷۵) جلوہ، بنا پھر اپنا دیوانہ ہمیں — یاد ہے اب تک وہی اندازِ مستانہ ہمیں
اَب ہمیں جامِ شرابِ ارغواں سے کیا غرض — اُن کی آنکھوں میں نظر آتا ہے میخانہ ہمیں
پھر نگاہوں کو تری دھوکہ(۷۶) نہ ہو جائے کہیں — دیکھ لے اچھی طرح اے چشمِ جانا نہ ہمیں
مَر مِٹے تم پر تو کہلائے شہیدِ باوفا — تھا بہر صورت کسی دن، جان سے(۷۷)جانا ہمیں
کِس قدر وہ اِلتفاتِ خاص تھا پہلے پہل — آج تیری ہر ادا کہتی ہے بیگانہ ہمیں
آپکی اُلفت کے صدقے مِل گئے کیا کیا خِطاب — کوئی سودائی، کوئی کہتا ہے دیوانہ ہمیں
کِتنی اُمیدیں تھیں وابستہ تمہاری ذات سے — تُم نے مِل کے کر دیا، ہر اِک سے بیگانہ ہمیں
تُو ہمیں بھُولا تو بھُولا لیکن اِس کا کیا عِلاج — یاد ہے تیرا وہ اندازِ کریمانہ ہمیں
تُو اگر چاہے تو مُمکن ہے کہ آئیں ہوش میں — ورنہ دُنیا نے بنا رکھا ہے دیوانہ ہمیں
آج صابرؔ اُن سے ایسی شرط ہونی چاہیئے — اُن کی نظریں پھر سمجھ بیٹھیں(۷۸) نہ بیگانہ ہمیں

❀ ✍ ❀

تیرا مُنہ گردشِ ایام کہاں تک دیکھوں — یہ بھیانک(۷۹) سَحر و شام کہاں تک دیکھوں
جذبۂ عشق کو ناکام کہاں تک دیکھوں — ستمِ گردشِ اَیام کہاں تک دیکھوں
عِشق کا شیوۂ خود کام (۸۰)کہاں تک دیکھوں — یہ طِلسمِ سَحر و شام کہاں تک دیکھوں
حُسن کو لرزہ براندام کہاں تک دیکھوں — عِشق و یکسانیتِ عام کہاں تک دیکھوں
او، جفا کیش، جفاؤں سے حذر لازم ہے — تجھکو یوں موردِ الزام کہاں تک دیکھوں
حَرف آتا ہے تری شانِ کرم پر ساقی — اپنے ہاتھوں کو تہی جام کہاں تک دیکھوں
بے نیازی پہ تجھے ناز بجا ہے لیکن — لب پہ آئے نہ مرا نام کہاں تک دیکھوں
ایک جُرعہ تو مجھے بھی، ترے مے خانے کی خیر — دُور سے دورِ مَے و جام کہاں تک دیکھوں
اَب نہ وہ دِل ہے نہ وہ دِل کی اُمنگیں باقی — اور اب عشق کا اَنجام کہاں تک دیکھوں
بے رُخی آپ کی میرے دلِ مجبور کا صبر — کون آتا ہے مرے کام کہاں تک دیکھوں
صَید تو صَید ہے صَیاد بھی پھنس(۸۱)جاتا ہے — تُو نہ آئے گا تہِ دَام کہاں تک دیکھوں
ایک ہی دَر پہ تری عُمر کٹی اے صابرؔ — یُوں تجھے بندۂ بے دام کہاں تک دیکھوں

۷۵-۷۶-۷۸-۷۹- مسودے میں بالترتیب املا "دکھا"، "دہوکا" "سمجھ بیٹھیں" اور "بہیانک" درج ہے۔
۷۷- "ہ" کے قوافی پر مبنی غزل میں "الف" کا (یعنی یہاں "جانا" کا) قافیہ لانا جائز نہیں۔ تا آنکہ اسکا اعلان مطلع میں نہ کردیا جائے۔
۸۰ "شیوہ خود کام" بے معنی ترکیب ہے۔ ۸۱- قدیم املا۔ "پہنس" درج ہے

یہ میری سعئ لا حاصل کا حاصل ہے جہاں میں ہوں
یہاں تو سانس تک لینا بھی مشکل ہے جہاں میں ہوں

محبت کی یہ کوئی خاص منزل ہے جہاں میں ہوں
نہ محفل ہے نہ کوئی جانِ محفل ہے جہاں میں ہوں

جہاں تم ہو وہاں مُشکل کوئی مُشکل نہیں رہتی
ہر اک آساں سے آساں کام مشکل ہے جہاں میں ہوں

نہ کعبے سے غرض کوئی نہ بُت خانے سے کچھ مطلب
محبت بے نیازِ حق و باطِل ہے جہاں میں ہوں

محبت کی بُلندی نے مری فطرت بدل ڈالی
نہ لیلیٰ ہے وہاں کوئی، نہ محمل ہے جہاں میں ہوں

تری فرقت سے اِتنا تُو شرف حاصل ہوا مجھکو
.........................(۸۲).......مقابل ہے جہاں میں ہوں

معاذ اللہ یہ مجبوریاں راہِ محبت میں
مُجھے ایک اک قدم ایک ایک منزل ہے جہاں میں ہوں

جبینِ عشق ہر ہرگام پر تھرائی(۸۳) جاتی ہے
مری دانست میں یہ قُربِ منزل ہے جہاں میں ہوں

مجھے صابؔر خود اپنے حال پر افسوس ہوتا ہے
نہ اب میں اور نہ پہلا(۸۴)سا مرا دل ہے جہاں میں ہوں

❀ ❀

دِیدہ و دِل سے جب وہ دُور نہیں
پاس ہونا کوئی ضُرور نہیں

اِک تجلّی کا میں بھی ہوں مُشتاق
کیا مرا دل جَوابِ طُور نہیں

رہبر و راہِ عشق، آس نہ توڑ
اُسکی اب جلوہ گاہ دُور نہیں

وہ تری منزلت کو کیا سمجھے
تیرے غم کا جسے شُعور نہیں

باتوں باتوں میں تُو بگڑتا ہے
یہ تری عقل کا فتُور نہیں

ناز تیرے اُٹھائے گا پھر کون
میرا ہونا اگر ضرور نہیں

حُسن اور عشق میں تفاوت کیا
اُن سے میں اور وہ مُجھ سے دُور نہیں

عرضِ غم پر وہ مُجھ سے کہتے ہیں
بات کرنے کا بھی شُعور نہیں

تُجھ(۸۵) کو احساسِ کمتری کیوں ہے
تیرا ثانی تو دُور دُور نہیں

مِٹ گیا کچھ رواجِ حُسن و عشق
وہ مذاقِ کلیم و طُور نہیں

جو ترے غم کی تاب لا نہ سکے
زندگی کا اُسے شعور نہیں

آپ ترسیں گے میری صورت کو
یاد رکھیئے وہ دن بھی دُور نہیں

آج ہو فیصلہ محبت کا
حشر کا دن تو کچھ ضرور نہیں

ٹھوکریں(۸۶) کھا رہا ہوں خود صابؔر
اِس میں اُن کا کوئی قُصور نہیں

---

۸۲۔ نقطوں والی جگہ مسودے کے کاغذ کی بوسیدگی اور پینسل سے اندراج کے باعث قراءت ممکن نہیں۔ ۸۳۔ ۸۴۔ قدیم املا بالترتیب "تھرائی" اور "پہلا" درج ہے۔ ۸۵، ۸۶۔ مسودے میں قدیم املا بالترتیب "تجہ" اور "ٹھو کریں" درج ہے۔

کیا کریں اپنے دلِ وحشی سے ہم مجبور ہیں — ورنہ تم کیا ہم تو تم سے بھی سوا مغرور ہیں
یہ ہمیں تسلیم ہے ہم عشق میں مجبور ہیں — تم سمجھتے ہو جہاں تک اُس سے کوسوں دُور ہیں
اللہ اللہ ظلمتِ کونین سے ہم دُور ہیں — خود نہیں جلوہ مگر عکسِ رُخِ پُر نور ہیں
منزلت کو عشق کی، تم نے ابھی سمجھا نہیں — تم اگر ہو شمعِ محفل، ہم چراغِ طُور ہیں
آپ اب زحمت نہ فرمائیں، نہیں ممکن علاج — اب مرے دل میں فقط ناسُور ہی ناسُور ہیں
باریابی کس طرح ہو اُنکی بزمِ ناز تک — ہم اَسیرِ دامِ ظلمت، وہ سَراپا نور ہیں
رہنمائے جادۂ مقصد کوئی ملتا نہیں — یہ وہ رستہ ہے کہ رہرو، راہبر مجبور ہیں
آپ ہی کے جلوۂ رنگیں کا میں بھی عکس ہوں — کون پہچانے مجھے جب آپ مجھ سے دُور ہیں
جگمگا دی تیرے جلووں نے مری شمعِ حیات — جس قدر ذراتِ دل ہیں، سب چراغِ طُور ہیں
ہائے وہ دل ہی نہیں جس پر مدارِ عشق تھا — اب وہ میرے پاس بھی آئیں تو مجھ سے دُور ہیں
دیکھ لیتی ہے اُنہیں ہر سُو محبت کی نظر — لاکھ ہیں پردوں میں پنہاں، لاکھ وہ مستور ہیں
میرے ہی دَم سے لگے صورت کو ان کی چار چاند — میرے ہی دم سے زمانے کی نظر سے دُور ہیں
اک نہ ہونے سے مرے آئیں گی لاکھوں آفتیں — آپ کس بنیاد پر مسرور ہیں، مغرور ہیں
میری ہستی اک مجسم درد بن کر رہ گئی — اب کہاں احساس، وہ نزدیک ہیں یا دُور ہیں
بیٹھے بیٹھے آگیا پھر آج کچھ دل میں خیال — عازمِ کوئے بُتاں، پھر صابرِ رنجور ہیں

❀ ❀

زاہدِ خشک تُو اگر، درد سے آشنا نہیں — تو نہ خُدا کو یاد کر، تیرے لئے خُدا نہیں
حیرتِ جلوہ عام ہے، ہوش میرے بجا نہیں — آپ ہیں سامنے مگر، آپ کا سامنا نہیں
روزِ ازل سے حشر تک، ختم یہ سلسلہ نہیں — حُسن کی انتہا تو ہے، عشق کی انتہا نہیں
سامنے جب وہ آگئے، ہوش میرے بجا نہیں — ان سے کہوں تو کیا کہوں، جرأتِ مدعا نہیں
حسرتِ شوقِ دید پر، سوچ کے فیصلہ کرو — دل کا معاملہ ہے یہ، میرا معاملہ نہیں
دونوں جہاں ہیں برخلاف، اک تری برہمی کے ساتھ — تو نے جو پھیرلی نظر، کوئی بھی دیکھتا نہیں
دل سے ہیں کچھ شکایتیں، حالِ درد کیوں ہوا — آپ ہیں کس لئے خفا، آپ سے کچھ گلہ نہیں
دونوں نہ ہوں جو آشکار، دونوں نہ ہوں جو ہمکنار — میری نظر نظر نہیں، تیری ادا، ادا نہیں
رنج بھی ہے، الم بھی ہے، حسرت و یاس و غم بھی ہے — تیرے کرم سے آج کل، دامنِ دل میں کیا نہیں
صابر اب اپنی جان پر، عشق میں کھیل جائیے — آخری مرحلہ ہے یہ، پھر کوئی مرحلہ نہیں

اگر وہ(۸۷) مُسکرا کر رہ گئے ہیں — دو عالم جگمگا کر رہ گئے ہیں
ہزاروں بار مجبورانِ اُلفت — حقیقت کو چُھپا کر رہ گئے ہیں
ہماری آرزو کیا، گفتگو کیا — حدیثِ دل سُنا کر رہ گئے ہیں
تصوّر بھی کِیا، جب عرضِ غم کا — مرے لب تھرتھرا کر رہ گئے ہیں
اگر وہ چل دیئے ہیں مُسکرا کر — تو ہم آنسو بہا کر رہ گئے ہیں
(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) .................... — فریبِ دوست کھا کر رہ گئے ہیں
کسی کے دَر پہ اب کیوں جاؤں صابرؔ — وہ میرے دل میں آکر رہ گئے ہیں

❀ ✍ ❀

ستائے جاتے ہیں، پیہم ستائے جاتے ہیں(۸۸) — نظر ہے نیچی مگر مُسکرائے جاتے ہیں
یہ جذبِ عشق کے آثار پائے جاتے ہیں — جو دُور تھے، وہی نزدیک آئے جاتے ہیں
مری نظر سے مرے دل میں آئے جاتے ہیں — وہ رفتہ رفتہ مجھی میں سمائے جاتے ہیں
یہ جلوہ گاہِ محبت کی راہ ہے ناداں — قدم قدم پہ یہاں سَر جُھکائے جاتے ہیں
ہمیں تو اس کے سِوا اور کچھ نہیں آتا — ترے خیال میں آنسو بہائے جاتے ہیں
یہ کل کی بات ہے جو لے گئے تھے دل میرا — وہ آج مجھ سے نگاہیں چُرائے جاتے ہیں

❀ ✍ ❀

وہ ہر جگہ ہے کہاں اُس کی جلوہ گاہ نہیں — رہینِ دَیر و حَرم، اب دلِ تباہ نہیں
جگر میں درد نہیں ہے، لبوں(۸۹) پہ آہ نہیں — خُدا گواہ، مجھے اب کسی کی چاہ نہیں
یقینِ خُلد تو ہے عظمتِ گُناہ نہیں — حقیقتوں(۹۰) پہ تو زاہد تری نگاہ نہیں
مرے خیال میں وہ موت سے بھی بدتر ہے — وہ زندگی جو ترے عشق میں تباہ نہیں
دلِ تباہ جہنم بنا ہوا ہے مگر — کمالِ ضبط تو یہ ہے کہ لب پہ آہ نہیں
خِرد، جُنوں کی نظر سے نظر چُراتی ہے — کہ راہ عشق میں اِسکی، یہ گردِ راہ نہیں
یہ دوستوں سے ملا درسِ زندگی صابرؔ — کوئی کسی کا جہاں میں رفیقِ راہ نہیں

---

۸۷- نسخہ ثانی میں مطلع کے مصرع اوّل کا آغاز "اگر وہ" کی بجائے "وہ شاید" سے ہوتا ہے۔ ۸۸- معروف شاعر ایاز صدیقی کے مطابق یہ غزل ۱۹۵۵ء میں شاہد دہلوی کی اقامت گاہ (ملتان) پر منعقد ہونے والی طرحی محفلِ مشاعرہ میں پڑھی گئی۔

۸۹، ۹۰- یہ الفاظ مسودے میں بالترتیب ملا کر یوں لکھے گئے ہیں "لبونپہ" اور "حقیقتونپہ"

عالمِ بالا کی جب حد سے گزر جاتا ہوں(۹۱)میں  
پھر کہیں حُسنِ مکمل کا پتہ پاتا ہوں میں

جب وُفورِ شوق میں نغمہ کوئی گاتا ہوں میں  
سننے والوں کے دلوں کو وَجد میں لاتا ہوں میں

رہبرِ منزل نہیں کوئی، کِسے آواز دوں  
عِشق کی تاریکیوں میں گُم ہوا جاتا ہوں میں

دل مرا باحوصلہ ہے شوق میرا رہنما  
بے دھڑک راہِ محبت میں چلا جاتا ہوں میں

حُسن کی عظمت کہوں اِسکو کہ جَورِ بے پناہ  
جب تمہارا نام آتا ہے، لرز جاتا ہوں میں

دل سے اک بے ساختہ میرے نکل جاتی ہے آہ  
غم کے ہاتھوں جب بہت مجبور ہو جاتا ہوں میں

آپ کو سمجھا ہے میں نے کائناتِ زندگی  
آپ کے جَورِ مسلسل کی قسم کھاتا ہوں میں

میری ہستی ہی اگر ہے، آپ کو وجہِ الم  
لیجئے بیگانۂ ہستی ہوا جاتا ہوں میں

ساتھ ساتھ اپنے بھی رخصت ہو گئے ہوش و حواس  
اس نے جب منہ پھیر کر یہ کہہ دیا جاتا ہوں میں

اس سے بڑھ کر اور کیا ہوں گے بھلا آدابِ حُسن  
دیکھ کر نقشہ ترا، تصویر بن جاتا ہوں میں

مُلتفت ہونے کو ہے صاؔبر، کوئی مَستِ شباب(۹۲)  
اضطرابِ شوق میں اب کُچھ کمی پاتا ہوں میں

❀ ✍ ❀

زمانے کو بھلاتا(۹۳)جا رہا ہوں  
ترے نزدیک آتا جا رہا ہوں

پچیں مجھ سے خِردمندوں سے کہہ دو  
جنُوں کے گیت گاتا جا رہا ہوں

ترے جلوے، ترے جلوے ہیں لیکن  
نظر کو آزماتا جا رہا ہوں

جَفاؤں پر تری اے دشمنِ جاں  
بس [اب] اِیمان لاتا جا رہا ہوں

زمانے کی نِگاہوں سے تجھے چُھپا(۹۴)کر  
دل میں(۹۵)چُھپاتا جا رہا ہوں

مِلیں گے وہ یہ نامُمکن ہے لیکن  
قدم آگے بڑھاتا جا رہا ہوں

❀ ✍ ❀

مُجھ سے یہ کہہ کے وہ سدھارے ہیں  
تُم ہمارے ہو، ہم تُمہارے ہیں

آسماں پر، جو چاند تارے ہیں  
حُسن کے چند استعارے ہیں

سانس بھی اب لیا نہیں جاتا  
تُم نے(۹۶) وہ تِیر، دل پہ مارے ہیں

داغِ فُرقت، مجھے خُدا کی قسم  
آپ سے بھی زیادہ پیارے ہیں

یا کبھی(۹۷)زندگی پہ نازاں تھے  
یا ہم اب گورؔ کے کنارے ہیں

کیا کہُوں تُجھ سے، تیری فُرقت ہیں  
میں نے رِجس طرح(۹۸) دِن گزارے ہیں

۹۱- یہ لفظ مسودے میں یوں املا کیا گیا ہے "ہو میں"۔ ۹۲- عاصی کرنالی اور ایاز صدیقی کے بقول یہ غزل بزم ضیائے ادب کے طرحی مشاعرے منعقدہ ۱۹۵۳ء میں پڑھی گئی اسی زمین میں ایاز صدیقی کا شعر ہے۔ ہم مزاج دوست ہے تو یوں ادب ملحوظ ہے / اے فلک ورنہ تجھے خاطر میں کب لاتا ہوں میں  
۹۳ تا ۹۷- مسودے میں املا بترتیب "بہلاتا"، "چھپا"، "ومیں"، "تمنے" اور "کبھی" درج ہے۔ ۹۸- نسخۂ ثانی میں یہاں "کس طرح" درج ہے۔

دوستی تجھ سے جو ہم اے حیلہ جُو کرتے نہیں
عشق میں برباد اپنی آبرُو کرتے نہیں

کوئی پیدا دل میں ایسی آرزُو کرتے نہیں
جس سے وہ برہم ہو، ایسی گفتگُو کرتے نہیں

کیا بتائیں کیا گزرتی ہے دلِ مجبور پر
خوگرِ آلام، شرحِ آرزُو کرتے نہیں

پختگی ہو جسمیں، جس وعدے میں ہو کچھ زندگی
زندگی بھر ایسا وعدہ، حیلہ جُو کرتے نہیں

کوئی سودائی کہے یا کوئی دیوانہ کہے
ہم بجز(۹۹) دل کے، کسی سے گفتگو کرتے نہیں

فطرتِ خُود دار خُود اپنی جگہ ہے کامیاب(۱۰۰)
ہم حَسینانِ جہاں سے گفتگُو کرتے نہیں

تیری آنکھوں کے تصور ہی سے وہ سرشار ہیں
مست تیرے، خواہشِ جام و سبُو کرتے نہیں

دل میں خود آجائیں وہ صاؔبر یہ ہے معراجِ عشق
ہم کبھی ٹھنڈا چراغِ آرزُو کرتے نہیں

جلوۂ مہر و ماہ کیا، شام و سَحر ہیں کچھ نہیں
اب تری یاد کے سوا، میری نظر میں کچھ نہیں

پہلی نگاہ عشق کی، کرتی ہے سِحر حُسن پر
ایک ہی بار دیکھیے، بارِ دِگر میں کچھ نہیں

اب میں ہوں اُس مقام پر، رنج و خوشی جہاں ہیں ایک
شامِ اَلم کا ذِکر کیا، نورِ سَحر میں کچھ نہیں

ہائے وہ دورِ التفات، ہائے وہ دَورِ انبساط
تو ہی نہیں جو میرے ساتھ، لُطف سفر میں کچھ نہیں

(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) ..........
صلح میں ایک لطف ہے، فتنہ و شر میں کچھ نہیں

تُو ہی نہیں جو ہمکنار، پھول کہاں، کہاں بہار
اب یہ جہانِ لالہ زار، میری نظر میں کچھ نہیں

یہ ترا حُسنِ عارضی، یہ تری شانِ بے رُخی
تیری نظر میں کچھ سہی، میری نظر میں کچھ نہیں

لاکھ سہی ناکامِ محبت، پھر بھی میں ناکام نہیں
دل میں ہے اک یادِ مسلسل، لب پہ کسی کا نام نہیں

میرے جنونِ شوق نے بڑھ کر، حُسن کا دامن تھام لیا
اب اس باب میں حضرتِ ناصح، عقل کا کوئی کام نہیں

آپ پشیماں کیوں ہوتے ہیں، لوگ تو مجھ سے کہتے ہیں
میری بربادی میں شامل اور کسی کا نام نہیں

اب تیرے مے خوار مجھے مسرور نظر کیوں آتے ہیں
اب تیری محفل میں شاید، دَورِ شکستِ جام نہیں

جب سے تُو برہم ہے ظالم اور ہی عالم طاری ہے
صُبح بھی اپنی صبح نہیں ہے، شام بھی اپنی شام نہیں

میری نظر میں رنج و مسرت، ایک ہی درجہ رکھتے ہیں
شکر گزارِ صبح تو ہوں میں، شکوہ گزارِ شام نہیں

ہم(۱۰۱) نے جانا اُن کی طرف سے اذنِ تجلی عام ہوا
دیکھنے والے ہوش میں آئیں، اُن کا جلوہ عام نہیں

---

۹۹۔ نسخۂ ثانی میں "بجز" کی بجائے "سوا" کا لفظ ملتا ہے۔ ۱۰۰۔ نسخۂ ثانی میں مصرع اس طرح ہے "فطرتِ خود دار ہے اپنی جگہ خود کامیاب"۔ ۱۰۱۔ مسودے میں یہ لفظ "ہمنے" درج ہے۔

کیا آفتیں ہیں زندگیٔ مستعار میں — غم اِختیار میں، نہ خوشی اِختیار میں
دونوں کا فیصلہ ہے ترے ایک وار میں — دل کِس شمار میں [ہے]، جگر کس شمار میں
آیا ہر ایک بات کا تیری مجھے یقیں — کیا پختگی تھی وعدۂ ناپائیدار میں
یہ [کیا] کہا کہ ہم سے نہ رکھ رسمِ دوستی — یہ بات تو نہیں ہے مرے اِختیار میں
وہ دن بھی تھے کہ عیش [سے] جب تھا میں ہمکنار — اب لُطف آرہا ہے، غمِ انتظار میں
لُطف اس سے پُوچھ وعدۂ ناپائیدار کا — جو عمر بھر رہا ہو ترے انتظار میں

❀ ❀

وہ مُجھ سے(۱۰۲)امتحاں کیا کیا خدا کی شان لیتے ہیں — لیا تھا پہلے(۱۰۳)دل میرا مگر اب جان لیتے ہیں
نگاہِ لطف کا اِقرار تُو او سنگدل کرلے — ترے کہنے(۱۰۴)سے ہم تجھکو خُدا بھی مان لیتے ہیں
گُلِ تر کیوں نِگاہوں میں کھٹکتے(۱۰۵) ہیں میں اب سمجھا — ترے رُخ کی بلائیں اُف یہ نافرمان لیتے ہیں
غلط نکلا جو کہتے تھے تغافل اُن کا شیوہ ہے — خُدا کا شکر ہے صابر کو وہ پہچان لیتے ہیں

❀ ❀

بے وفا نکلا جسے اک باوفا سمجھا(۱۰۶)تھا میں — کیا سمجھنا چاہیئے تھا اور کیا سمجھا تھا میں
دوستی کے پردے میں، اس نے ادا کی دشمنی — اپنے دل کو کیوں حقیقت آشنا سمجھا تھا میں
تھی یہ کوتاہی نظر کی، تجربے کا تھا قصور — ہائے تجھ سے باریا کو بے ریا سمجھا تھا میں
اُن کے در پر ہی پڑا رہنا ہے عینِ آرزو — یہ دلِ بے مدعا کا مدّعا سمجھا تھا میں

❀ ❀

نظر اَنجام پر کیوں ہو، جو کچھ سوچیں طبیعت میں — ہمیں برباد ہی ہونا ہے جب تیری محبت میں
محبت راس آنی ہی نہ تھی جب میری قسمت میں — مجھے عاشق بنانا آگیا کیا ذہنِ فِطرت میں
پشیماں آپ ناحق ہو رہے ہیں جورِ پیہم سے — بڑی گنجائشیں ہوتی ہیں، عاشق کی طبیعت میں
نیازِ عشق، نازِ حُسن، میں کتنا تفاوت ہے — وہ ہنستا ہے محبت پر، یہ روتا ہے محبت میں
طبیعت جنگ جُو واقع ہوئی ہے کیا کروں صابر — مجھے کچھ لُطف آتا ہے محبت کی عداوت میں

❀ ❀

مانا کہ عشق میں مجھے حاصل خوشی نہیں — دل کے معاملات میں لیکن کمی نہیں
یہ کیا کہا کہ عشق کوئی زندگی نہیں — میں اُس جگہ ہوں اب تو جہاں آپ بھی نہیں

---

۱۰۲تا۱۰۴ - بالترتیب "مجھ"، "پہلے" اور "کہنے" مسودے میں املا کئے گئے ہیں۔ ۱۰۵تا۱۰۶ - مسودے میں املا "نگاہو نمیں کھکتے"، "سمجا" کی گئی ہے۔

تم مہرباں ہو یہ تو مری دل دہی نہیں
غم، بندگی ہے، لطف و خوشی بندگی نہیں

دامن کا چاک کیا ہے مرے دل کا چاک دیکھ
اک اور بھی نشانِ وفا ہے یہی نہیں

انجم بھی ماہتاب بھی، روشن ہیں چرخ پر
تیرے بغیر ان میں مگر روشنی نہیں

میں مٹ گیا تو، تُو بھی نہ ہو گا، یہ یاد رکھ
اوناشناسِ عشق، تجھے آگہی نہیں

جس آرزو کو آپ نے ٹھکرا کے رکھدیا
اب تک وہ آرزو مرے دل سے گئی نہیں

او ہنس کے(۱۰۷)جانے والے فقط یہ ملال ہے
تیری نظر میں ہائے مری بیکسی نہیں

کرنی پڑے نہ مجھ سے ہی فریاد آپ کو
ہنسیئے نہ مجھ پہ آپ یہ اچھی ہنسی نہیں

کچھ اور ہی اثر ترے نقشِ قدم میں ہے
گلشن کی آب و تاب میں یہ بات ہی نہیں

روشن ہے [خوب] عارضِ تاباں ترا اگر
آئینۂ نظر میں مرے روشنی نہیں

تم بے نیاز ہو تو رہو اس سے بے نیاز
میری خوشی ہے عشق، تمہاری خوشی نہیں

اب آرزوئے دِل کا مری پوچھنا(۱۰۸)ہی کیا
اک موج سی ہے وہ بھی کبھی ہے، کبھی نہیں

دیکھو(۱۰۹)مری طرف جو تڑپ جاؤ تو سہی
تم سے کبھی نگاہِ محبت ملی نہیں

❀ ❀

دلِ تباہ جو خنداں نہیں تو کچھ بھی نہیں
خزاں میں رنگِ بہاراں نہیں تو کچھ بھی نہیں

وہ دل جو نامِ محبت پہ مسکراتا ہے
حریفِ گردشِ دوراں نہیں تو کچھ بھی نہیں

یہ کرب و آہ کی دنیا، عجیب دنیا ہے
اگر حیات غزل خواں نہیں تو کچھ بھی نہیں

جہاں کی خاک جو چھانے کوئی تو کیا حاصل
طوافِ کوچۂ جاناں نہیں تو کچھ بھی نہیں

زمانہ لاکھ ترقی کیا کرے لیکن
دِلوں میں عظمتِ انساں نہیں تو کچھ بھی نہیں

❀ ❀

ہوا ہے جن کی محبت میں میرا حال زبوں
یہ سوچتا ہوں کہ میں اُن سے کچھ کہوں نہ کہوں

جو مجھ پہ بیت رہی ہے، کسی سے کیسے کہوں
مجھے تو خاک ہی کر دے گا میرا سوزِ دروں

ترا جمال رگ و پے میں ہو گیا تحلیل
تُو ہی بتا کہ میں تیرے بغیر کیسے جیوں

تڑپ تڑپ کے، کٹی جا رہی ہے عُمرِ عزیز
اِدھر بھی کوئی سکوں کی نظر خدائے سکوں

خدا! وہ دِن نہ دکھائے کہ تُو یہ کہتا پھرے
وہ کون شخص ہے جس نے کیا ہے مجھ پہ فسوں

تری نظر کی تلوّن مزاجیاں، توبہ
مروں تو کیسے مروں میں، جیوں تو کیسے جیوں

غرورِ حُسن، کوئی چیز ہی نہیں صابرؔ
اُسے جُھکا کے ہی دم لے گا میرا جذبِ دروں

۱۰۷،۱۰۸،۱۰۹- مسودے میں بالترتیب املا "ہنسکے" "پوچھنا" اور "دیکو" ہے۔

بے چین ہے کیوں یہ برق بھلا، گرتی ہے کدھر معلوم نہیں
انداز نظر تو ظاہر ہے، مفہوم نظر معلوم نہیں

ہم عشق کے ماروں کو یارب، اتنی بھی خبر معلوم نہیں
کب چاک ہوا کس نے دیکھا: دامانِ سحر معلوم نہیں

برہم سی نظر آتی ہے کیوں، اب ان کی نظر معلوم نہیں
دنیائے محبت ہوتی ہے، کب زیر و زبر معلوم نہیں

یہ راز محبت کا ہمکو، اے دیدۂ تر معلوم نہیں
پروانوں کی خاطر روتی رہی: کیوں شمعِ سحر معلوم نہیں

اصرار نہ کر اب جانے پر اللہ سے ڈر، اللہ سے ڈر
کیا تجھکو مرے دل کی حالت او بانیٔ شر معلوم نہیں

اب کون مرا ہمدرد بنے، اب کون مرا دمساز بنے
یہ میری تباہی کا عالم، ان کو بھی اگر معلوم نہیں

اک بار اُسے دیکھا تھا کبھی، اب تک ہے عجب حالت دل کی
کیا اور قیامت ڈھائے گی: ظالم کی نظر معلوم نہیں

مجبور ہوں میں مختار ہے تُو، لیکن یہ تجھے بھی یاد رہے
کب میری محبت کا تجھ پہ، ہو جائے اثر معلوم نہیں

او مُنکرِ عشق خدا کے لئے، اس بات کا مطلب سمجھا دے
ہر تیری ادا کا کیوں مجھ پر، ہوتا ہے [اثر] معلوم نہیں

یہ شب کا بھیانک سناٹا.........................(۱۱۰)
بیمار محبت کی یارب، کب ہوگی سحر معلوم نہیں

جُز عاشق صادق دُنیا میں، اِس رُاز کو کوئی کیا سمجھے
پھر کس سے کہوں کیفیتِ دل، تجھکو بھی اگر معلوم نہیں

ناکامیٔ پیہم لکھی تھی، قسمت میں ازل سے اے صابر
جس راہ گزر سے نسبت ہے، وہ راہ گزر معلوم نہیں

ہنگامہ ہائے دہر میں عُزلت گزیں ہوں میں
کیا اب بھی تیری یاد کے قابل نہیں ہوں میں

اک عُمر کٹ گئی کہ ملُول و حزیں ہوں میں
یہ بات کیا ہے آپ کہیں ہیں، کہیں ہوں میں

آلامِ روزگار سے اندوہگیں ہوں میں
تیرا غلط خیال ہے، ایسا نہیں ہوں میں

اب اُن کے آستانے کے قابل نہیں ہوں میں
اب دل کہیں، خیال کہیں ہے کہیں ہوں میں

ہر ایک رُمز سے تری غافل نہیں ہوں میں
اپنے خیال میں ہے جہاں تُو وہیں ہوں میں

کچھ کم نہیں ہے مرتبۂ عشق، حُسن سے
گلشن نشیں ہیں آپ، تو صحرا نشیں ہوں میں

یہ زندگی میں مجھ سے بڑی چُوک ہو گئی
اپنا سمجھ کے تجھکو، کہیں کا نہیں ہوں میں

معصوم کس قدر ہے، مرا عشقِ سادہ کار
تم جھوٹ بھی کہو تو سراپا یقیں ہوں میں

تیرے جمال، تیری نظر کے طفیل سے
اب بے نیازِ دولتِ دنیا و دیں ہوں میں

مجھکو، امانتِ غمِ جاناں عطا ہوئی
ایک اِک نفَس کا، حُسنِ ازل سے امیں ہوں میں

تو سامنے ہے، پھر بھی ترا سامنا نہیں
اتنی تو احتیاط کا قائل نہیں ہوں میں

پھر کیوں یہ دیکھتا ہوں زمانے میں اِنقلاب
جب تم وہیں ہو، دل بھی وہیں ہے وہیں ہوں میں

۱۱۰۔ مصرعِ اولیٰ میں مسودے سے اس حصے کی قرأت ممکن نہ تھی۔

اِس ربط باہمی کی کسی کو خبر نہیں    تم ساتھ ساتھ رہتے ہو میرے، کہیں ہوں میں
دُنیا نے مجھکو، شاعرِ فطرت کہا تو کیا    لیکن تری نظر میں تو کچھ بھی نہیں ہوں میں
مجھکو جہانِ عیش و طَرب سے غرض ہے کیا    سب جانتے ہیں صابرؔ گوشہ نشیں ہوں میں

* * *

کبھی کبھی تو یہ لمحے نصیب ہوتے ہیں    میں اُن کے اور وہ میرے قریب ہوتے ہیں
کہاں کے پند و نصائح، کہاں کی بربادی    معاملاتِ محبت عجیب ہوتے ہیں
وہ بدنصیب جو تجھ سے جُدا رہیں لیکن    ہر ایک حال میں تیرے قریب ہوتے ہیں
جو آگیا تری زد پر، وہ بچ نہیں سکتا    تری نگاہ کے ناوک عجیب ہوتے ہیں
تمام عُمر مری کرب و آہ میں گزری    وہ کون لوگ ہیں جو خوش نصیب ہوتے ہیں
جب اُن کی یاد ستاتی ہے مجھکو اے صابرؔ    وہ ایسے وقت میں دِل کے قریب ہوتے ہیں

* * *

جو غمِ عشق سے بیزار نظر آتے ہیں    کچھ وہ ناواقفِ اَسرار نظر آتے ہیں
جب کبھی وہ، دمِ رفتار نظر آتے ہیں    رقص میں کافر و دیندار نظر آتے ہیں
جو مرے نام سے بیزار رہا کرتے تھے    اب وہی میرے طرف دار نظر آتے ہیں
اللہ اللہ، ترے ہجر میں جینے والے    موت سے برسرِ پیکار نظر آتے ہیں
پہلے میخانے کی زینت تھے مگر آج وُہی    صاحبِ جُبہ و دَستار نظر آتے ہیں
تابِ دیدار کی لانا تو کوئی کھیل نہیں    لوگ کیوں طالبِ دیدار نظر آتے ہیں
ہیں حقیقت میں مرے قلب و جگر کے ٹکڑے    جو، بظاہر تمہیں اشعار نظر آتے ہیں
میری آنکھوں سے جو بہہ کر ترے دَامن میں گرے    اب وہ آنسو دُرِشہوار نظر آتے ہیں
مُستحق ہیں وہی جنت کے جنابِ واعظ    دیکھنے میں جو گنہگار نظر آتے ہیں
میری آہیں، مرے نالے، مرا گریہ، مرا غم    سب کے سب، نقش بہ دیوار نظر آتے ہیں
اب اُنھیں، آتا چلا ہے میری الفت کا یقیں    اشکِ حسرت، لبِ گفتار نظر آتے ہیں
اِن میں شامل نہ مرا دِل نہ جگر ہے صابرؔ    یہ زبردستی کے اشعار نظر آتے ہیں

* * *

رہِ طلب میں کیا یہ اِنقلاب دیکھتا ہوں میں(۱۱۱) نگاہِ عشق میں جو کچھ حجاب دیکھتا ہوں میں
نگاہِ دل کو کتنا کامیاب دیکھتا ہوں میں نقاب میں بھی، اُن کو بے نقاب دیکھتا ہوں میں
یہ کون آج مجھ کو لایا ان کی بارگاہ میں ارے کہاں یہ خود کو بار یاب دیکھتا ہوں میں
مری نگاہ میں کہاں مہ و نجوم و کہکشاں تری نظر کا خود کو اب، جواب دیکھتا ہوں میں
فُغاں سے مجھکو کام ہے، فُغاں ہے میری زندگی خوشا نصیب اُن کو محوِ خواب دیکھتا ہوں میں
کشید کی ہوئی شراب بھی کوئی شراب ہے تری نظر سے چھپ کے جو شراب دیکھتا ہوں میں
جو طعنہ زن تھے ہائے میرے اضطرابِ شوق پر انہیں بھی آج محوِ اضطراب دیکھتا ہوں میں
خدا کی شان آج کل ہے اُن کو میری جستجو یہ کیا، کہ اب دعائیں مستجاب دیکھتا ہوں میں
کبھی جو میری زندگی میں جانِ صد قرار تھی اسی نگاہِ ناز میں عتاب دیکھتا ہوں میں

❀ ❀

کُچھ غمِ عشق کا اِظہار کروں یا نہ کروں کہئیے اب وا لَبِ گُفتار کروں یا نہ کروں
اب بھی ذکرِ رَسن و دَار کروں یا نہ کروں اُن کو بھی واَقفِ اَسرار کروں یا نہ کروں
اور تو کوئی نہیں، تیرے سوا میرا رفیق اے غمِ دوست، تجھے پیار کروں یا نہ کروں
حُسن کا دعوٰۓ یکتائی کہاں تک دیکھوں غیرتِ عشق کو بیدار کروں یا نہ کروں
وہ یہ کہتے ہیں تجھے جان سے جانا ہو گا جان دینے سے بھی انکار کروں یا نہ کروں
طُور و موسیٰ کا سا قصہ نہ کہیں ہو جائے جلوۂ دوست کا دیدار کروں یا نہ کروں
لوگ تو سرو کی تعریف میں دیوانے ہیں میں بیاں وصَفِ قدِ یار کروں یا نہ کروں
جو مرے نام سے بیزار نظر آتے ہیں اے ندیم، ان کو میں اب پیار کروں یا نہ کروں
اُن سے اُمید وفا کی، تو ہے اک بات عجیب شدتِ غم کا بھی اظہار کروں یا نہ کروں
اشکِ غم روک تو سکتا ہوں مگر یہ ہے سوال آنسوؤں کو دُرِ شہوار کروں یا نہ کروں

❀ ❀

کسی سے کام ہی کیا، کیوں کسی کی بات کریں غزل میں صرف رقمِ دل کی واردات کریں
کہاں سے لاؤں وہ جرأت، کہاں سے لاؤں(۱۱۲) وہ دِل کہ تیرے سامنے ہو کر بھی تجھ سے بات کریں
تو اپنے آپ میں، ایسی صِفات پیدا کر کہ جَور و ظُلم کے خُوگر بھی اِلتفات کریں

---

۱۱۱ - بقول حزین صدیقی مرحوم یہ غزل ۱۹۸۱ء میں بزم سیماب گنگ منڈی ملتان چھاؤنی کے زیر اہتمام جری سیمابی کی رہائش پر ہونے والے ایک مشاعرے میں صابر دہلوی مرحوم نے سنائی تھی جس میں عاصی کرنالی، پرواز جالندھری مرحوم اور ایاز صدیقی بھی شریک تھے اس مشاعرے میں ایک بنگالی شاعرہ نے بھی کلام پڑھا تھا۔

۱۱۲ - اس مصرعے میں دونوں جگہ "لاؤں" کا نہیں، "لائیں" کا مقام ہے۔

مِرے دل کو وہ اپنی یاد کے قابل سمجھتے ہیں
خوشا قسمت کہ ذرّے کو مہِ کامل سمجھتے ہیں

جنونِ شوق کو ہم رہبرِ منزل سمجھتے ہیں
خرد کی ہر ادا کو دعوۂ باطل سمجھتے ہیں

اُسے اپنی حریمِ ناز کے قابل سمجھتے ہیں
جسے وہ آشنائے رازِ سُوزِ دل سمجھتے ہیں

محبت میں تڑپنے کو سکونِ دل سمجھتے ہیں
ترے غم کو ہم اپنی زیست کا حاصل سمجھتے ہیں

یہ مانا، بزمِ جاناں میں رسائی عام ہے لیکن
اِس آسانی کو ہم اپنے لئے مشکل سمجھتے ہیں

محبّت کرنے والوں پر، یہ اِک الزام آیا ہے
جسے محبوب کہتے ہیں، اُسے قاتل سمجھتے ہیں

یہی دیوانگی اک دِن اُنھیں اپنا بنالے گی
ہم اپنے حال ہی کو جانِ مستقبل سمجھتے ہیں

محبّت سے تُجھے کیا کام، ناصح کام کر اپنا
محبت کی حقیقت صاحبانِ دل سمجھتے ہیں

اُنھیں کیا زندگی کا لطف دُنیانے محبت میں
جو اپنی جان دینا عشق میں مُشکل سمجھتے ہیں

تری قُربت تو اہلِ دل کے حق میں زہرِ قاتل ہے (۱۱۳)
جو ہیں نا اہل، قربت کو تری منزل سمجھتے ہیں

تُمہارا ذکر کیا، تم تو ہر اِک شے سے ہو بالاتر
تُمہارے درد کو بھی ہم تو اپنا دل سمجھتے ہیں

زمانہ کچھ کہے اُن کی محبت کو مُجھے کیا غم
یہ کیا کم ہے وہ میرے دل کو اپنا دل سمجھتے ہیں

وَفا کی پھر مجھے تاکید کرنے کے ہیں کیا معنی؟
مجھے کیا آپ اپنی یاد سے غافل سمجھتے ہیں

مری نظروں سے تابانی ملی ہے جن کے جلووں کو
مجھے وہ اب چراغِ کُشتۂ محفل سمجھتے ہیں

کسی دن دیکھنا، اُن کو ہی میری جستجو ہوگی
ابھی تک جو مجھے آوارۂ منزل سمجھتے ہیں

شکستہ خاطری بھی کچھ عجب شے ہے کہ اے صابر
ترے نغمے کو آوازِ شکستِ دل سمجھتے ہیں

❀ ❀

تجھکو اپنی زندگی کا پاسباں سمجھا تھا میں
یعنی اک نامہرباں کو، مہرباں سمجھا تھا میں

بے وفا نکلا وہ جسکو مہرباں سمجھا تھا میں
اپنی کوتاہی، زمیں کو آسماں سمجھا تھا میں

رحم کا پیکر، وفا کا قدرداں سمجھا تھا میں
اپنے دل میں، تم کو کیا جانِ جہاں سمجھا تھا میں

آنسوؤں کو چادرِ آبِ رواں سمجھا تھا میں
آپکی خاموشیوں ہی کو، زباں سمجھا تھا میں

تم نے نظریں پھیر کر دنیا بدل ڈالی مری
ورنہ اِس دنیا کو فردوسِ جہاں سمجھا تھا میں

تُو تو دل کے ایک کونے میں سما کر رہ گیا
اے غمِ جاناں. تجھے تو بے کراں سمجھا تھا میں

تھا چمن میں ہر طرف میری تمناؤں کا خُوں
غُنچے غُنچے کو دلِ حسرت نشاں سمجھا تھا میں

---

۱۱۳- قوسین کے درمیان کے الفاظ قیاس کئے گئے ہیں۔

ہائے وہ سجدے بھی، سعیٔ رائیگاں ثابت ہوئے
جن کو، اپنی کامیابی کا نشاں سمجھا تھا میں

اب تو وہ دردِ محبت کی خلش بھی مٹ گئی
اس خوشی کو حاصلِ عُمرِ رواں سمجھا تھا میں

اب تمہاری کمِ نگاہی کا نہیں کوئی گلہ
سچ اگر پوچھو تمہیں اپنا کہاں سمجھا تھا میں

اب مکان و لامکاں پر بھی نہیں ہے اعتبار
تم تو کچھ اس سے بھی آگے ہو، جہاں سمجھا تھا میں

وہ تو میرے خانۂ دل میں مکیں ہیں آج کل
جن کو اب تک دُور از وہم و گماں سمجھا تھا میں

وہ مری کوتاہیٔ قسمت سے دن رخصت ہوئے
آپ کی محفل کو جب دارالاماں سمجھا تھا میں

آپ کے آتے ہی دھندلے پڑ گئے سب دل کے داغ
ان چراغوں کو بہارِ بے خزاں سمجھا تھا میں

یا ترے در پہ بھی اب جُھکتی نہیں میری جبیں
یا کبھی ہر در کو تیرا آستاں سمجھا تھا میں

وہ طبیعت، وہ مروّت، وہ محبت، کیا ہوئی
ہر ستم کو جب ادائے دوستاں سمجھا تھا میں

اب مُجھے خود سے زیادہ دوسروں کا ہے خیال
دوسروں کے درد کو پہلے کہاں سمجھا تھا میں

سل کا پتھر تھے کبھی ہم تم، وہ دن ہم کو ہیں یاد
ہائے اُن لمحوں کو عمرِ جاوداں سمجھا تھا میں

آج اُس کے ہاتھ سے تاراج ہو کر رہ گیا
گلشن ہستی کا جسکو، پاسباں سمجھا تھا میں

عشق کے اعجاز سے پایاب ہو کر رہ گیا
اوّل اوّل جس کو بحرِ بیکراں سمجھا تھا میں

برق گرتی ہے گرے، صابرؔ مجھے کیا واسطہ
کون سے دن، آشیاں کو آشیاں سمجھا تھا میں

❀ ❀

# ردیف "و"

کل غزلیں ۶ اشعار ۵۳ حواشی ۲ نامکمل مصرع - مقامات قیاس ۲

عشق سے حُسن کی رُسوائی کا ساماں کیوں ہو — دِل میں جو درد ہو چہرے سے نمایاں کیوں ہو
دل میں رہتے ہوئے، نظروں سے گُریزاں کیوں ہو — میری جمعیتِ خاطر سے پریشاں کیوں ہو
چاکِ دل، چاکِ جگر، چاکِ گریباں کیوں ہو — تم نہ چاہو تو مرا حال پریشاں کیوں ہو
قُربتِ جلوہ بھی راحت کدۂ جاں کیوں ہو — دِل سلامت ہے تو مشکل مری آساں کیوں ہو
دِل کا ہر گوشہ منور ہے ترے جلووں سے — اب مرے ساتھ بَلائے شبِ ہجراں کیوں ہو
جوشِ وحشت ہے جُدا، جذبِ غمِ عشق جُدا — موسمِ گل میں مرا چاک گریباں کیوں ہو
شوق وہ ہے کہ جو چھا جائے تجلّی بن کر — شعلۂ عشق: چراغِ تہہِ داماں کیوں ہو
تم جو حاصل ہو تو ہے دولتِ کونین نصیب — عشق میں مُجھ سا کوئی بے سروساماں کیوں ہو
ذرّے ذرّے میں نظر آتے ہیں انوارِ جمال — ورنہ دنیا مری حیرانی کا ساماں کیوں ہو
آؤ، اور تکملۂ جوشِ جُنوں کر جاؤ — میرے ہاتھوں سے مرا چاک گریباں کیوں ہو
ہم نے مانا کہ نہیں ہم سے تمھیں ربط مگر — واقفِ درد، شریکِ غمِ پنہاں کیوں ہو
اسکی بدعہدی کا افسوس نہ کر اے صابر — اک غرض دوست، بھلا صاحبِ ایماں کیوں ہو

❀ ✍ ❀

او جفا کیش، بس اب اور جفا کوش نہ ہو — کہیں مجبورِ شکایت لبِ خاموش نہ ہو
دِل ہے دِل، کس لئے حسرت کدۂ ہوش نہ ہو — پاس رہ کر بھی جو تُو مجھ سے ہم آغوش نہ ہو
ننگ ہے مُجھ کو، نہ کرنا ترے وعدے کا یقیں — تیری توہین، جو تُو وعدہ فراموش نہ ہو
تُو خفا ہے، تو اِسے کیوں نہ غنیمت جانوں — مَر ہی جاؤں، جو ترا غم بھی ہم آغوش نہ ہو
باخبر عشق میں ہوتا ہے وہی دیوانہ — بے خبر دِین سے، دُنیا کا جسے ہُوش نہ ہو
مٹنے پائے نہ غمِ دوریٔ منزل یا رب — وہ بھی جب سامنے آئیں تو مُجھے ہوش نہ ہو
اِس سے بڑھ کر نہیں دُنیا میں کوئی جُرمِ عظیم — کُچھ [ہو] (۱۱۴)انساں مگر احسان فراموش نہ ہو

❀ ✍ ❀

کھینچ لایا ہے وہاں ذوقِ فراواں مُجھ کو — جہاں دریا نظر آتا ہے نہ طوفاں مُجھ کو
پھونک دے، غیرتِ سوزِ غمِ پنہاں مُجھکو — آج اُس نے بھی کہا سُوختہ ساماں مُجھ کو
اَب دِکھائی ہے اُسے، قُوتِ پنہاں مُجھ کو — جُو سمجھتا ہے چَراغِ تہہ داماں مجھ کو

۱۱۴۔ قوسین کے درمیان کا لفظ قیاساً درج کیا گیا ہے۔

دیکھنے بھی نہیں دیتا ترے جلوے کی بہار — وائے قسمت کہ مِلا دیدۂ حیراں مُجھ کو
فطرتِ عشق بدل دی مری ناکامی نے — یعنی ہر موج ہے اب دامنِ طوفاں مُجھ کو
تیری نظریں نہ سہی، برق ہم آغوش ہوئی — کوئی سمجھا تو سہی سُوختہ ساماں مُجھ کو
اَب ترا، جذبۂ خُوددار، خُدا حافظ ہے — حُسن آتا ہے نظر [سلسلہ جُنباں] مُجھ کو
تُو نے دیکھا جو محبّت کی نظر سے اِک بار — عمر بھر کے لئے کافی ہے یہ احساں مُجھ کو
ضبط کی تاب، نہ فریاد کی طاقت باقی — تُو نے چھوڑا ہے کہاں اے غمِ جاناں مُجھ کو
چَین لینے نہ دیا دِل کی لگی نے صابر — راس آئے گا بس اب: موت کا داَماں مُجھ کو

❀ ❀

رحم کر، او بدگمانِ آرزُو — لُٹ رہا ہے کاروانِ آرزُو
ہوشیار او بدگمانِ آرزو — جاگ اُٹھے اب خفتگانِ آرزو
رنگ لائی ہے فُغانِ آرزو — منفعل ہے اب وہ جانِ آرزو
کیا کِیا تو نے فغانِ آرزُو — کر دیئے ظاہرِ نشانِ آرزو
رُخ بھی اب کرتے نہیں منزل کی سمت — تھک گئے آزردگانِ آرزُو
اُنکی آنکھوں میں بھی آنسو آگئے — سُن کے میری داستانِ آرزو
تھرتھراتی ہے جبینِ عاشقی — سامنے ہے آستانِ آرزُو
دِل ہی دل میں ہائے رے آدابِ حُسن — کہہ رہا ہوں داستانِ آرزُو
بیکسی، نظروں سے تیری آشکار — میرا چہرہ، ترجمانِ آرزُو
آپ کیوں گریاں ہیں میرے حال پر — اور لیجے، امتحانِ آرزُو
میری صورت دیکھ کر وہ رو دیئے — ہو گئی شرحِ نہانِ آرزُو

❀ ❀

یہاں تک جذب کر لے اے خیالِ گُلستاں مُجھکو(۱۱۵) — قفس کی تیلیاں بن جائیں شاخِ آشیاں مُجھکو
کہیں ٹکنے نہیں دیتا ہے دورِ آسماں مُجھکو — مِلے گی موت کے دامن میں شاید اب اماں مُجھکو

---

۱۱۵۔ غزل کے آغاز میں ذیل کا یہ مطلع لکھ کر قلمزد کردیا گیا ہے۔ اس مطلع کو مسترد کرنے کا باعث مصرع اول میں "نہ" کا غیر فصیح استعمال ہے۔

ملا نہ اپنے قابل جب کوئی بھی آستاں مجھ کو
جبیں رکھنی پڑی دیر وحرم کے درمیاں مجھ کو

ترا کوچہ ہی مسکن ہے، ترا کوچہ ہی مدفن ہے / جنونِ عشق اب لے جائے گا آگے کہاں مجھکو
مآلِ غم خوشی ہے، رنج کا انجام راحت ہے / نویدِ وصل دیتی ہیں مری ناکامیاں مجھکو
خدا رکھے سلامت تجھ کو برسوں ناخنِ وحشت / اُڑانی ہیں ابھی دامانِ دل کی دھجیاں مجھکو
رہائی غیر ممکن ہے تو اتنا ہی کرم کر دے / دکھا دے اِک نظر صیاد میرا آشیاں مجھکو

اب نہ یوں دل کو مرے مائلِ فریاد کرو / تم نے کچھ وعدہ کیا تھا، اب اُسے یاد کرو
ایک ہی جنت میں ہو جائے گی طے منزلِ شوق / تم کسی روز ذرا دل سے مجھے یاد کرو
میں بھی ہر طرح سے کمبخت کو سمجھاتا ہوں / کچھ نہ کچھ تُم بھی خیالِ دلِ ناشاد کرو
انقلاب ایسے بھی دُنیا میں ہُوا کرتے ہیں / کیا تعجب ہے کہ تم بھی کبھی فریاد کرو
یا تو مُجھ پہ نگہ لطف و کرم ہو جائے / یا مجھے اپنے تعلق سے بھی آزاد کرو
میں نے مانا کہ تُمہیں مجھ سے غرض کیا لیکن / میں بھی اِنساں ہوں، پریشان کی امداد کرو

شُغلِ احساسِ محبت میں سہی، اے صابؔر
کبھی آہیں، کبھی نالے، کبھی فریاد کرو

# ردیف "ہ"

کل غزلیں ٨ اشعار ٦٤ حواشی ٦ نامکمل مصرع ٤ مقامات قیاس ٣

کوئی چمن ہے نظر میں، نہ کوئی ویرانہ — گزر چکا ہے اب ان منزلوں سے(۱۱۶)دیوانہ
ہر ایک بات ہے ناصح تری حکیمانہ — ہے دُور عاقبت اندیشیوں سے دیوانہ
گواہی دیتا ہے یہ ذوقِ جانفروشانہ — قضا کے گھاٹ(۱۱۷)اُتر کر رہے گا پروانہ
خِرد سے دور ہے جو، مصلحت سے بیگانہ — ترے نثار، وہ اِک میں ہوں تیرا دیوانہ
حریمِ ناز کے پردوں پہ(۱۱۸)جم گئی ہے نظر — نقابِ حُسن اُلٹ کر رہے گا دیوانہ
شعاعِ مِہر بھی مجھ سے نظر چُراتی ہے — مری نظر میں ہے عکسِ جمالِ جانانہ
نگاہِ غور سے دیکھا تو یہ ہوا معلوم — نہ کوئی شمع، نہ محفل، نہ کوئی پروانہ
ہر ایک حکم تمہارا عتاب کی صورت — مری ہر ایک گزارش نیاز مندانہ
کوئی ہو اہلِ بصیرت تو اُس کو سمجھاؤں — نہ جام ہے، نہ صراحی، نہ مے، نہ مے خانہ
کُجا حکایتِ مجنوں، کُجا مری رُوداد — یہ ایک سچی حقیقت، وہ ایک افسانہ
ہر ایک لفظ ہے جاں سوز میری الفت کا — سناؤں کس کو سُنے کون میرا افسانہ
جنونِ شوق [کی] تکمیل ہو چکی شاید — کہ پہنچا منزلِ مقصد سے آگے دیوانہ

❀ ✍ ❀

اے نگاہِ یار تیرا شُکریہ — دیکھ پھر اک بار تیرا شُکریہ
اے لبِ اظہار تیرا شُکریہ — روٹھ بیٹھا یار تیرا شُکریہ
دیکھ کر تجھکو نہ دیکھوں گا چمن — غیرتِ گلزار تیرا شُکریہ
میری نظروں میں زمانہ ہے حَسین — روئے پُر انوار تیرا شُکریہ
میں تجھے سمجھا ہوں محرابِ حرم — ابروئے خم دار تیرا شُکریہ
جُز ترے میرا ٹھکانہ ہی نہ تھا — سایۂ دیوار تیرا (۱۱۹) شُکریہ
بَن گئی ہے چادرِ آبِ رواں — آنسوؤں کے تار تیرا شُکریہ

❀ ✍ ❀

ساقی کِسے کہتے ہیں، کیا چیز ہے مے خانہ — جب دل مرا شیشہ ہے اور آنکھ ہے پیمانہ
تِشنہ رہا جاتا ہے میخانے میں دیوانہ — اے ساقیٔ دریا دل، اک اور بھی پیمانہ
جلنا بھی محبت میں، توہینِ محبت ہے — آداب محبت سے واقف نہیں پروانہ

۱۱۶تا۱۱۸۔ مسودے میں ان الفاظ کی بالترتیب املا یوں ہے "منزلوںسے"، "گہاٹ"، "پردونپہ" ۱۱۹۔ نسخۂ ثانی میں اس شعر کا مصرعِ ثانی یہ ہے "آستانِ یار تیرا شکریہ"

یہ چاک گریبانی، یہ بے سروسامانی
اک راز ہے الفت کا، تم سمجھے ہو دیوانہ

تم سامنے آؤ بھی، پردے کو ہٹاؤ بھی
دیکھا نہیں جاتا ہے. اندازِ حجابانہ

مجھکو ہے ازل سے[ ہی]، مے خانے[سے](۱۲۰) کچھ نسبت
آنکھوں سے لگاتا ہوں: خاکِ درِ مے خانہ

وہ آئے تو کب آئے، صابرؔ کی عیادت کو
لبریز ہوا دیکھا. جب عُمر کا پیمانہ

❀ ✍ ❀

یہ زندگی بھی حقیقت میں اک مُعمہ ہے
کیا ہے کیوں ترے وعدوں کا اعتبار نہ پُوچھ

کہیں حقیقتِ غم کا اِعادہ ہوتا ہے
بس ایک بار سمجھ لے، ہزار بار نہ پُوچھ

کبھی غیاب، شہود اور کبھی شہود، غیاب
کہاں کہاں سے کیا تیرا اعتبار نہ پُوچھ

حَیات و مَوت ہیں یہ عشق و حُسن کے جلوے
کہاں سے آئے ہیں یہ جبر و اختیار نہ پُوچھ

❀ ✍ ❀

ظُلم اور ظُلم بھی اک بندۂ بے دام کے ساتھ
نسبتِ خاص جو رکھتا ہو ترے نام کے ساتھ

خُلد میں جاؤں گا اِک دن اِسی انعام کے ساتھ
دَم نکل جائے گا اے دوست، ترے نام کے ساتھ

غیر کے بعد: پِلائی ہے مجھے ظالم نے
خُون کے گھونٹ پیے بادۂ گلفام کے ساتھ

ہو سکے گر تو مجھے دَر پہ پڑا رہنے دو
زندگی اپنی گزر جائے گی آرام کے ساتھ

دوسروں کا تجھے احساس مُبارک لیکن
مجھ کو بھی خاص تعلق ہے ترے نام کے ساتھ

گردشِ وقت ابھی ساتھ دیئے جاتی ہے
گھومتا رہتا ہوں میں بھی: سحر وشام کے ساتھ

تیرا آنا مری دانست میں ممکن ہی نہیں
اب اجل آئے گی شاید ترے پیغام کے ساتھ

قصۂ حسن و محبت جو کہیں ہو گا بیاں
نام آئے گا تمہارا بھی مرے نام کے ساتھ

(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے).........
سانحہ ہو گیا کچھ کیا، ترے ناکام کے ساتھ

(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے).........
شور اٹھا تھا یہیں سے بڑے کہرام کے ساتھ

بے رخی کا تری اب رنج نہیں ہے مجھ کو
دوستی ہے مری اب گردشِ ایام کے ساتھ

(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے).........
کیوں اُلجھتے ہو کسی رندِ مے آشام کے ساتھ

تو نے اب تک مری فطرت کو نہ سمجھا افسوس
زندگی ہے مری اے دوست ترے نام کے ساتھ

حکم دے دیجئے میں. اٹھ کے چلا جاؤں گا
ترک کیجے نہ تعلق کسی الزام کے ساتھ

---

۱۲۰۔ اس شعر میں قوسین میں آنے والے الفاظ قیاس کئے گئے ہیں۔

باتوں باتوں ہی میں بہلانے چلے جاتے ہو / یہ ستم اچھا نہیں ہے کسی ناکام کے ساتھ

(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے)........................ / اُس کو کیا واسطہ آغاز اور انجام کے ساتھ

عام لوگوں سے مذاقِ سُخن اُس کا ہے بُلند / شعر صابرؔ کے ہوا کرتے ہیں الہام کے ساتھ

محبت بڑھی جس طرف والہانہ / اُدھر دیکھتا رہ گیا ہے زمانہ

ترے غم نے ہموار ہر راہ کر دی / مرا راستہ روکتا تھا زمانہ

خرد کو مُسلسل شکستیں مُبارک / جُنوں کو مُبارک رہِ فاتحانہ

مجھے دُشمنوں سے شکایت نہیں ہے / مُجھے دوستوں نے بنایا نشانہ

محبت کے پھندوں میں کوئی نہ آئے / مری اِک یہی رائے ہے مخلصانہ

کہاں تک تری برہمی کم نہ ہو گی / کہاں تک مخالف رہے گا زمانہ

یہ سب زندگی کے کرشمے ہیں ورنہ / نہ کوئی حقیقت نہ کوئی فسانہ

تجھے دیکھ کر، جان صابرؔ کی نکلی / قضا کو کوئی(۱۲۱) چاہیے تھا بہانہ

اُس حُسنِ بے جہت کو تصوّر میں لا کے دیکھ / نزدیک آ کے دیکھ، کبھی دور جا کے دیکھ

آلامِ روزگار سے دامن چُھڑا کے دیکھ / دل کو رضائے دوست کا خوگر بنا کے دیکھ

اُس پیکرِ جمال کے نزدیک جا کے دیکھ / صابر دل و نگہ کو ذرا آزما کے دیکھ

تُجھ کو اگر سکونِ دلِ زار چاہیئے / ناکامیوں کو اپنی تمنا بنا کے دیکھ

تُجھ کو ترے تبسمِ رنگیں کا واسطہ / اب خرمنِ حیات پہ بجلی گرا کے دیکھ

پندارِ حُسن خاک میں مل جانے تو سہی / مجھ ناتواں کے ہاتھ سے دامن چھڑا کے دیکھ

مذہبِ عشق ہے یہی، مسلکِ عشق ہے یہی / اپنی وفا پہ غور کر، حسن کی برہمی نہ دیکھ

میں تو گدائے عشق ہوں، مُجھ کو وفا سے کیا غرض / اپنے کرم پہ غور کر، میری طرف کبھی نہ دیکھ

میری نگاہِ شوق نے، تُجھ کو حسیں بنا دیا / عشق کی عظمتیں سمجھ، عشق کی سادگی نہ دیکھ

---

۱۲۱۔ بیاض سوم میں انوار انجم نے مقطع کا مصرع ثانی یہ درج کیا ہے "اسے موت کا چاہیے تھا بہانہ"

# ردیف "ی"

کل غزلیں ٢١ اشعار ٢٠٠ حواشی ٢٠ نامکمل مصرع ٢ مقامات قیاس ٧

وہ جب پردے کے باہر ہوں گے، جب جلوہ گری ہو گی　　زمیں سے آسماں تک روشنی ہی روشنی ہو گی
تماشائے جہاں اِک دن مری دیوانگی ہو گی　　مُجھے تصویرِ حیرت بن کے دنیا دیکھتی ہو گی
اگر جذبات میں شاعر کے کچھ افسردگی ہوگی　　ادَب کے باب میں اسکی بھی کوئی زندگی ہوگی
یہ الزامِ محبت، دیکھ اِک دن رنگ لائے گا　　شکستہ خاطری تیری شکستہ خاطری ہو گی
تجھے پہروں رُلائے گا ترا ظلم و ستم کرنا　　تجھے جب [یاد] تنہائی میں میری بیکسی ہو گی
نہ گھبرا ہجر کے صدموں سے(۱۲۲) ہرگز، اے دلِ ناداں　　اگر وہ بندہ پرور ہیں تو بندہ پروری ہو گی
ازَل کے دن سے ناکامی لکھی(۱۲۳) تھی میری قسمت میں　　لکھا تھا یہ بھی قسمت میں کہ تجھ سے دوستی ہو گی
گواہی دے رہا ہے دل، صداقت کے بھروسے پر　　جنھیں نفرت ہے مجھ سے اُن کو میری قدر بھی ہو گی
ازل کے دن سے ہوں میں خُوگرِ آلام اے صابؔر　　تڑپ کر جان دے دوں گا اگر غم [میں] کمی ہو گی

❀ ✍ ❀

اُن کے اندازِ تغافل میں کمی ہونے لگی　　یعنی توہینِ مذاقِ عاشقی ہونے لگی
پھر نگاہِ لُطف(۱۲۴) سے میری طرف دیکھا گیا　　پھر مسلط قلب پر، دیوانگی ہونے لگی
اَب اُنھیں ہوتا چلا ہے خود بخود احساسِ عشق　　اب محبت، کامیابِ زندگی ہونے لگی
اُن کے [اُٹھ] جاتے ہی کیا عالم یہ طاری ہو گیا　　کیوں مری آنکھوں سے رُخصت روشنی ہونے لگی
اِلتفاتِ دوست: میری موت کا پیغام ہے　　اَب مری ہر آہ: جزوِ زندگی ہونے لگی
اُس نے جب ہنس کر مری گردن میں بانہیں ڈال دیں　　زندگی خُود ہی، نثارِ زندگی ہونے لگی
دیکھ لوں جب تک نہ تجھ کو، چین آتا ہی نہیں　　سوچتا ہوں خُود یہ کیا حالت مری ہونے لگی
اب مری رودادِ غم سن کر نکل آتے ہیں اشک　　اَب اُنھیں مجھ سے محبت: واقعی ہونے لگی
کُچھ قیامت سی قیامت ہے خرامِ ناز میں　　ایک میں کیا ساری دنیا آپ کی ہونے لگی
مُجھ پہ اب کیوں التفاتِ خاص فرماتے ہیں آپ　　دوستی کی آڑ میں، کیا دشمنی ہونے لگی
پُوچھتے ہیں کیوں ہر اک سے، صابرِؔ ناشاد کو　　شاید اب محسوس کچھ میری کمی ہونے لگی
مَیں نے صابرؔ اس قدر کھائے ہیں دنیا کے فریب　　اَب تو اپنی ذات سے بھی دُشمنی ہونے لگی(۱۲۵)

❀ ✍ ❀

شامِ فُرقت نہ کبھی صبحِ مَسرت دیکھی　　دونوں عالم سے جدا عشق کی فِطرت دیکھی
میرے عصیاں کو لگایا ہے گلے رَحمت نے　　زاہدو! تم نے مِری شانِ ندامت دیکھی

---

۱۲۲، ۱۲۳۔ مسودے میں بالترتیب املا "صدمونے" اور "لکہی" درج ہے۔
۱۲۴۔ نسخہَ ثانی میں یہاں "لطف" کی بجائے "شوق" کا لفظ تحریر ہے۔ ۱۲۵۔ نسخہَ سوم میں انوار انجم نے اس غزل کے اختتام پر یہ الفاظ تحریر کیے ہیں "مطبوعہ "انصاری" ویکلی ۱۳ جولائی ۱۹۴۴ء"

ظاہری دیکھنے والوں نے تجھے کیا دیکھا — میں نے آئینۂ دل میں تری صورت دیکھی
میں نے اِک عُمر گزاری ہے ترے قدموں میں — زندگی عِشق کی مصروفِ عِبادت دیکھی
جِن کو شکوہ ہے تری ذات سے ہو گا لیکن — میں نے تو صِرف محبت ہی محبت دیکھی
جِس کو دیکھا اُسے اَغراض کا بندہ پایا — خُوب اِس عالمِ رنگیں کی حقیقت دیکھی
لیں پناہیں: ترے جلووں نے مرے دامن میں — تُو نے بے چارگیٔ عشق کی فطرت دیکھی
باریابی جسے حاصل ہے تری محفل میں — اُس نے دنیا میں بھی رہتے ہوئے جنّت دیکھی
پھر غمِ عشق کا پیغام مُجھے دیتا ہے — تو نے میرے دلِ مجبور کی جرأت دیکھی
جِن کو شکوہ ہے تری ذات سے ہو گا لیکن — ہم نے تو صرف عنایت ہی عنایت دیکھی
رو دیا آج تو وہ نامِ محبت سُن کر — تیرے بیمارِ محبت کی یہ حالت دیکھی
بار ہا، جلوۂ رنگیں میں ترے گم ہو کر — بار ہا، میں نے تو جلوت [ہی] میں خلوت دیکھی
میں نے اُس چشمِ فُسوں گر میں کبھی اے صابر — نام کو بھی نہ محبت، نہ مروت دیکھی
پھر وہی بُھولا(۱۲۶)ہوا یاد سبق کرتے ہیں — آپ نے حضرتِ صابر کی حماقت دیکھی

❀ ✍ ❀

نہ اُٹھے گی ترے در سے جبینِ عاشقی اپنی — گزاروں گا ترے قدموں میں رہ کر زندگی اپنی
کہیں جُنبش نہ کھائے گی متاعِ زندگی اپنی — تُمہاری ہر خوشی پر منحصر ہے: اب خوشی اپنی
ہر اک شے پر حقارت کی نظر پڑنے لگی اپنی — نہ جانے کس کے جلووں سے، نظر ٹکرا گئی اپنی
جو اب ہے: ایسی حالت تو کبھی پہلے نہ تھی اپنی — خُدا معلوم تجھ سے ہو گئی کیوں دوستی اپنی
ہوئی کیوں اِک وفا دشمن سے یارب دوستی اپنی — مُرقع بے کسی کا، بن گئی ہے زندگی اپنی
فرازِ طُور سے جب تک نہ اُٹھوں گا، نہ اُٹھوں گا — کہ جب تک لَو نہ دے اُٹھے گی شمعِ زندگی اپنی
جنونِ شوقِ بے حد: کس قدر معصوم فطرت ہے — سمجھ بیٹھا تمہاری غم دہی کو دل دہی اپنی
ترا جلوہ سلامت تو سلامت جانِ نظارہ — فضائے عشق اپنی، چاند اپنا، چاندنی اپنی
ترا غم ہے مرا دَم ہے، مرا دَم ہے ترا غم ہے — بڑے آرام سے اب کٹ رہی ہے زندگی اپنی
کرم کیسا، ستم بھی اب نہیں ہے اُن کے اِمکاں میں — خُدا کا شُکر ہے محنت ٹھکانے لگ گئی اپنی
سَمجھ کر، سوچ کر، مُجھ سے ذرا اب گفتگو کیجے — مُجھے محسوس اب ہونے لگی ہے بے حسی اپنی

---

۱۲۶۔ مسودے میں قدیم طرزِ املا "بہولا" درج ہے۔

مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) ............................ بڑے ہی کام کی نکلی مگر دیوانگی اپنی

جہاں ہنستا ہوا کوئی نظر آیا، ارے توبہ — نکل پڑتے [ہیں] آنسو اب [یہ] (۱۲۷) حالت ہو گئی اپنی

مزاجِ عشق پُوچھا (۱۲۸) اس نے خود آکر، یہ کیا کم ہے — بالآخر کھینچ لائی اُس کو بیگانہ روی اپنی

❀ ✍ ❀

ہر آہ در آغوشِ اثر ہو کے رہے گی — اُن کو مری اُلفت کی خبر ہو کے رہے گی

مُژدہ ہو یہ اُس بانیٔ بیداد و ستم کو — جو بات اِدھر ہے وہ اُدھر ہو کے رہے گی

مشتاقِ تجلی بھی ہوں اور یہ بھی یقیں ہے — خیرہ ترے جلوے سے نظر ہو کے رہے گی

یہ کہتا ہوا دورِ زمانہ سے گزر جا — جب شام ہوئی ہے تو سَحَر ہو کے رہے گی

اللہ رے، یہ ذوقِ فراوانیٔ سجدہ — کیا میری جبیں، آپ کا در ہو کے رہے گی

کہتا ہے ترے رُخ پہ یہ زلفوں کا بکھرنا — تنظیمِ جہاں زیر و زَبَر ہو کے رہے گی

وہ لاکھ چُھپائیں مری اُلفت نہ چُھپے گی — اِک روز، زمانے کو خبر ہو کے رہے گی

وہ لاکھ ستم کیش سہی، لاکھ جفا جُو — تسکین کی صُورت بھی مگر ہو کے رہے گی

میں اُنکے ستم سے کبھی گھبرا نہیں سکتا — اِک روز عِنایت کی نظر ہو کے رہے گی

اتنا بھی نہیں کوئی جو صابؔر سے یہ کہہ دے — تیری شبِ فرقت کی سَحَر ہو کے رہے گی

❀ ✍ ❀

کسی سے پھر کوئی اُمید واقعی نہ رہی (۱۲۹) — تری نگاہ بھی جب وجہِ زندگی نہ رہی

ترے جمال میں پہلی (۱۳۰) سی دل کشی نہ رہی — مرے نیازِ محبت میں تو کمی نہ رہی

الم سے واسطہ خاص تھا کہ جیتے تھے — ہزار حیف، اَلم کی بھی زندگی نہ رہی

نفس نفس میں کبھی جن کا نام جاری تھا — برائے نام بھی، اب اُن سے دوستی نہ رہی

ترا قصور بتاؤں یہ کیا مجال مری — جبینِ عشق ہی مجبورِ بندگی نہ رہی

وہ ایک میں کہ اَزل سے ہوں آج تک تیرا — وہ ایک تُو کہ تجھے میری یاد بھی نہ رہی

خُدا کا شُکر، وفا سے نہ ہم نے مُنہ موڑا — زہے نصیب، سِتم میں ترے کمی نہ رہی

کہاں کہاں نہ جُھکانی پڑی جبینِ نیاز — کہاں کہاں ترے جلوے کی روشنی نہ رہی

---

۱۲۷- قوسین میں دیئے گئے الفاظ مسودے میں نہیں ہیں بلکہ راقمہ نے قیاس کئے ہیں۔ ۱۲۸- شاعر نے اسے قدیم املا کے مطابق "پونچھا" درج کیا ہے۔ ۱۲۹- مسودے میں ردیف کو تمام اشعار میں "نرھی" یعنی ملا کر لکھا ہے۔ ۱۳۰- اس لفظ کی قدیم املا "پہلی" ہے جو مسودے میں پائی گئی ہے۔

یہ انقلابِ محبت، ارے معاذ اللہ
یہ کیا ہوا کہ اُلم میں بھی اب خوشی نہ رہی

زمانہ تُجھ کو نہ سمجھے تو غم نہ کر صابرؔ
یہ فخر کر، کہ خوشامد کی زندگی نہ رہی

❀ ✍ ❀

تم تھے خفا تو غم میں مرے پختگی ہوئی
میری خُوشی ہوئی کہ تمہاری خُوشی ہوئی

جب تم نہ تھے تو سارا جہاں تنگ و تار تھا
تُم آگئے تو دل میں مرے روشنی ہوئی

میں بدنصیب پھر بھی رہا اُس سے دُور دُور
جس کے لئے تباہ؛ مری زندگی ہوئی

ہر بُوالہوس نے آپ(۱۳۱)کا دامن پکڑ لیا
دُشوار اب ہمارے لئے زندگی ہوئی

رہتا ہے اپنے دِل سے ہمیشہ یہی سوال
تُجھ سے سِتم شعار سے کیوں دوستی ہوئی

تُو ظُلم کر، نہ آئے گا شِکوہ زبان پر
مُہرِ وفا ہے جب مرے لَب پر لگی ہوئی

❀ ✍ ❀

حقیقت کیا محبت میں جُنون فتنہ ساماں کی
یہ فرسُودہ سی ترکیبیں ہیں سب چاکِ گریباں کی

محبت میں نہ چھانی(۱۳۲)خاک ہم نے کُوئے جاناں کی
مگر کوشش؛ دلِ وحشت اثر نے تابہ اِمکاں کی

دھڑکتا ہے مرا دل، ڈگمگاتے ہیں قدم میرے
اگرچہ ہیں بہت کچھ عام راہیں کُوئے جاناں کی

تعجب سے نہ دیکھیں(۱۳۳)آپ ہر گز میری صورت کو
غم و آلام میں صُورت بدل جاتی ہے انساں کی

کمالِ عشق ہے. تکمیلِ ضبطِ درد، اے صابرؔ
یہاں نوبت نہ آنے پائے ہر گز چشمِ گریاں کی

❀ ✍ ❀

پھر وہی اشکوں سے بحرِ غم میں طُغیانی ہوئی
پھر میرے جذباتِ خاطر میں پریشانی ہوئی

قتل میں حائل مرے، میری گراں جانی ہوئی
تم پریشاں کیوں ہوئے مجھکو پشیمانی ہوئی

اب کہاں جاؤں بتا اے جُوشِ دِیوانگی
خاکِ صحرا ہے ہزاروں بار کی چھانی ہوئی

پھر وہی ذوقِ طلب ہے پھر وہی دیوانگی
پھر اُسی صورت سے میرے دل کی ویرانی ہوئی

چیخ اُٹھے وہ بھی "مرے جُوشِ جنوں"(۱۳۴)کو دیکھ کر
چاک دامانی مری، اب چاک دامانی ہوئی

---

۱۳۱۔ مصرعِ اولیٰ کا نصف اول غالب کے اس شعر کے مصرعِ اولیٰ کے نصف اول سے ہو بہو مشابہ و مستعار ہے، بحر بھی وہی ہے۔

ہر بوالہوس نے حسن پرستی شعار کی
اب آبروئے شیوۂ اہلِ نظر گئی

۱۳۲، ۱۳۳۔ مسودے کے۔ مطابق املا بالترتیب "چہانی" اور "دیکہیں" پائی گئی ہے۔ ۱۳۴۔ شاعر نے پہلے "مری دیوانگی" لکھا تھا جسے مسودے میں "مرے جوشِ جنوں" سے بدل دیا گیا۔ ۱۳۵۔ مسودے میں اسکی املا "تینت" پائی گئی جو درست نہیں ہے۔

کہہ رہی ہے مجھ سے ویرانی مری — تُم کرو گے، تُم، نگہبانی مری
آج تو وہ بھی گریباں گیر ہیں — رنگ لائی چاک دامانی مری
عُمر بھر مجھ کو رہا اِس کا ملال — تُو نے طینت(۱۳۵) ہی نہ پہچانی مری
آپ اتنا تو بتا دیجے مُجھے — ختم کب ہوگی پریشانی مری
زندگی کا ہے یہی اب مشغلہ — اُن کا در ہے اور پیشانی مری
بندھ گئی آنکھوں سے اشکوں کی جَھڑی — اُس نے جب صُورت نہ پہچانی مری
آپ کی خاطر، کیا دُنیا کو تَرک — رحم کے قابل ہے قُربانی مری
آنسوؤں میں ہے ترا عکسِ جمیل — اللہ اللہ، نُور افشانی مری
کس لئے رہتی ہے صابؔر کیا کہوں — طبع سرگرمِ غزل خوانی مری

❀ ❀

قدر کرتا ہے وہ اب ماہ جبیں تھوڑی(۱۳۶) سی — اب مرے درد کے راحت ہے قریں تھوڑی سی
اب اُنھیں آتا چلا ہے میری اُلفت کا یقیں — اب محبّت کی، محبت ہے امیں تھوڑی سی
او مجھے محفلِ دشمن میں بُلانے والے — شرم کر شرم کہ یہ بات نہیں تھوڑی سی
پھر ترے حُسنِ خُداداد کا ہوتا نہ جواب — تجھ میں ہوتی جو مروّت بھی کہیں تھوڑی سی
سامنے منزلِ مقصود نظر آتی ہے — اور تکلیف اُٹھا، قلبِ حزیں تھوڑی سی
اب اُنھیں اپنی جفاؤں سے پشیمانی ہے — اب مری بات ہوئی ذہن نشیں تھوڑی سی

❀ ❀

یہ پھیر ہے قسمت کا یہ قُدرت ہے خُدا کی — میں، جس کا ہوں شیدا وہ وفا کی مری شاکی
جو ظُلم کا پیکر ہے، جو تصویر جفا کی — اس سے دلِ ناداں کو ہے اُمید وفا کی
کیا سمجھے کوئی اِس کو بھلا میرے علاوہ — عظمت ہے جو دل میں ترے نقشِ کفِ پا کی
رہزن ہی سمجھتا ہوں ہر اک راہ نما کو — جب دیکھتا ہوں شکل کسی راہ نما کی
اِس بات پہ بے ساختہ آنسو نکل آئے(۱۳۷) — جب اُس نے کہا مجھ سے اور "امیدِ وفا کی"
وہ چیں بجبیں جب نظر آئے دَمِ رُخصت — آنکھوں میں مری پھر گئی تصویر قضا کی
مہمان کوئی دَم کا ہے بیمارِ محبت — اب اِسکو ضرورت ہے دُعا کی نہ دَوا کی

۱۳۶۔ مسودے میں املا "تہوڑی" ہے۔
۱۳۷۔ اس مصرع کی ایک اور صورت بھی مسودے میں ہے یعنی "یہ سن کے مری آنکھ سے آنسو ہوئے جاری"

مل جائیں گے وہ، عزم سلامت رہے میرا
اب مجھکو ضرورت ہی نہیں راہ نما کی

اِس کفر روی پر تری افسوس ہے صابرؔ
آئی نہ کبھی دل میں ترے یاد خدا کی

❀ ✍ ❀

مِرے جذباتِ رنگیں کی فراوانی نہیں جاتی
کہ آنکھوں(۱۳۸) سے ترے جلوے کی تابانی نہیں جاتی

فروغِ حُسن ہے یا میری نظروں کی [یہ] خامی ہے
بہر صورت تری تصویر پہچانی نہیں جاتی

محبت آپ کی دل سے بُھلا(۱۳۹)دوں کس طرح، کیونکر
بمشکل شے جو آئی ہو بہ آسانی نہیں جاتی

کہاں تو کھینچ(۱۴۰)لایا، اے مذاقِ عاشقی مجھکو
جہاں مُجھ سے مری تصویر پہچانی نہیں جاتی

مجھے ترکِ تعلق پر نہ کر مجبور اے ناصح
خلافِ عقل کوئی بات ہو مانی نہیں جاتی

تُمہارے جورِ بے حد نے یہ بخشا ہے شرف مجھکو
شکستِ دل کی بھی آواز پہچانی نہیں جاتی

کوئی صابرؔ سے دیوانے کو سمجھائے بُھلا کیونکر
پرستارِ جُنوں کی چاک دامانی نہیں جاتی

❀ ✍ ❀

کروٹیں بدلتا ہے، رات دن زمانہ بھی
آج ہے جو بیگانہ، تھا کبھی یگانہ بھی

شرحِ زندگی نکلی گردشِ زمانہ بھی
ہے یہی حقیقت بھی، اور یہی فسانہ بھی

اِبتدائے اُلفت سے، اِنتہائے اُلفت تک
ساتھ ساتھ چلتی ہے گردشِ زمانہ بھی

حُسن بے مثال اُن کا، عشقِ لازوال اپنا
اس میں اِک حقیقت ہے. اور اِک فسانہ بھی

اب یہاں سے کیا اُٹھوں، اب یہاں سے کیا جاؤں
اب رسوا ترے دَر کے، ہو کوئی ٹھکانہ بھی

یوں تو تیری اِک اِک بات یاد آئے گی برسوں
عُمر بھر رُلائے گا، تیرا مُسکرانا بھی

اُن سے مُجھ سے ہوتی تھی، جنگ جب محبت پر
کس قدر مُبارک تھا، ہائے وہ زمانہ بھی

آپ کے تغافل نے. زندگی کا رُخ بدلا
کام کر گیا آخر. رنگ کافرانہ بھی

وہ نگاہِ لُطف آگئیں، مجھ سے گر مُخاطب ہو
پھر مجھے گوارا ہے. تلخیِ زمانہ بھی

آہ بَن کے آتی ہے. یادِ عشرتِ ماضی
اور پھر ستاتی ہے. گردشِ زمانہ بھی

ہو گئی زیارت بھی. آج تو مقدر سے
یُوں تو آپ رہتے تھے دل میں غائبانہ بھی

اُس کا چہرۂ زیبا کون دیکھ سکتا ہے
کانپ کانپ اُٹھا ہے. عشقِ والہانہ بھی

---

۱۳۸- تا ۱۴۰- مسودے میں ان الفاظ کو بالترتیب "آنکھوں"، "بھلا" اور "کھینچ" املا کیا گیا ہے۔

(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) ........................ ختم کر کے چھوڑوں گا، آج یہ فسانہ بھی
اب جبینِ عشق اپنی، حُسن بن کے چمکے گی ... جذب کر لیا اِس نے، اُن کا آستانہ بھی
کچھ غمِ محبت نے، دل کو روشنی بخشی ... اور کچھ طبیعت تھی، اپنی شاعرانہ بھی
وادیٔ محبت ہیں، ہم نے جب قدم رکھا ... ساتھ ساتھ چل نکلی، گردشِ زمانہ بھی
اب مذاقِ عشق اپنا اُس جگہ ہے اے صابرؔ ... جس جگہ لرزتی ہے، گردشِ زمانہ بھی

عشق کی بربادیوں کا اِک یہی حاصل سہی(۱۴۱) ... تُو نہیں اپنا تو تیرا غم شریکِ دل سہی
زندگی کو زندگی کی کچھ خوشی حاصل سہی ... دردِ محرومی سہی یا سوزِ دردِ دل سہی
تُو اگر ممکن نہیں تو غم بھی تیرا کم نہیں ... ایک شے حاصل سہی اور ایک بے حاصل سہی
سامنے اُن کے مگر پھر بھی نکل آتے ہیں اشک ... کتنے ہی پردوں میں پنہاں رازِ سوزِ دل سہی
خیر ہو یارب مرے عزم و یقیں کی خیر ہو ... لاکھ احساسِ فریبِ دوریٔ منزل سہی
جُستجوئے دوست، آخر جُستجوئے دوست ہے ... رہروِ راہِ طلب، گُم کردۂ منزل سہی
اُس کی ایک اِک آن پر، صابرؔ کے جان و دل نثار ... اِصطلاحِ عام میں مشہور وہ قاتل سہی

یوں شبِ غم مری مختصر ہو گئی ... تارے گنتے ہی گنتے سَحر ہو گئی
آہ کیوں اِس قدر کارگر ہوگئی ... جو اِدھر تھی وہ حالت اُدھر ہو گئی
رازِ اُلفت بہت کچھ چھپایا، مگر ... میری دشمن مری چشمِ تَر ہو گئی
روتے روتے اگر تیرا دھیان آگیا ... شامِ غم میری نُورِ سَحر ہو گئی
اُن کا اور میرا جب سامنا ہو گیا ... دل دھڑکنے لگا آنکھ تَر ہو گئی
آپ گریاں ہیں کیوں اب مرے حال پر ... عاشقی، اتنی نامعتبر ہو گئی
اُن سے پھر عرضِ غم کر کے نادم ہوئے ... یہ خطا ہم سے بارِدگر ہو گئی
اب تری یاد ہے اور مری زندگی ... اب مری زندگی معتبر ہو گئی
بازیٔ عشق ہم نے لگائی تو ہے ... یا اِدھر ہو گئی یا اُدھر ہو گئی

۱۴۱۔ یہ غزل صابر دہلوی کی وفات (۱۱/مارچ ۱۹۶۳ء) کے بعد سہ ماہی "اردو نامہ" کراچی اور "نخلستان" ایمرسن کالج میگزین میں انوار انجم کے شکریے کے ساتھ شائع ہوئی۔

اب بھی اتنا تعلق ہے اُن سے مرا — جب خیال آگیا آنکھ تر ہو گئی
زندگی اور صابرؔ تری زندگی — دیکھنا یہ ہے کیسے بسر ہو گئی

جنوں ہے خام ابھی، آہ ناتواں ہے ابھی — سرورِ عقل جو اُلفت کے درمیاں ہے ابھی
وہ اختلاطِ محبت اثر کہاں ہے ابھی — مزاجِ حُسن سے جب عشق بدگماں ہے ابھی
بہار آئی اسے کیا بہار کہیئے کہ جب — اُداس اُداس بہت رنگِ گلستاں ہے ابھی
اِس التفاتِ نمایاں کا شکریہ لیکن — وہی ہے کربِ مسلسل وہی فغاں ہے ابھی
مجھے نویدِ مسرت سے شاد کام نہ کر — مری زباں پہ ترے غم کی داستاں ہے ابھی
جو لطفِ سجدہ میسر نہیں تو کیا حاصل — مری جبیں سے الگ تیرا آستاں ہے ابھی
جو پہلے تھا وہی اب بھی خلوص ہے مجھ میں — جو پہلے تجھ پہ گماں تھا وہی گماں ہے ابھی
یہ عارضی ہے مسرت جو تجھ کو حاصل ہے — تجھے خلوص کی پہچان ہی کہاں ہے ابھی
ہمارا رنگ تو ظاہر ہے تیرے چہرے سے — دل و نگاہ کی قوت کا امتحاں ہے ابھی
فرازِ طُور کی عظمت سے میں بھی ہوں آگاہ — نظر میں تابِ تجلّی مگر کہاں ہے ابھی
کہاں سلوک کی منزل کہاں وہ حُسنِ جمیل — یہ ذِکر و شُغل مرا، سعیٔ رائیگاں ہے ابھی
ترے خیال کو میں زندگی سمجھتا تھا — ترا خیال بھی کچھ مُجھ سے بدگماں ہے ابھی
تجھے ہو میری تمنا، مجھے ہو تجھ سے گریز — مرے نصیب میں وہ زندگی کہاں ہے ابھی
مجھے تو تیرے سوا اور کوئی دھیان نہیں — یہ اور بات کہ تو مجھ سے بدگماں ہے ابھی
کسی کا قول ہے کیا خوب عشق میں صابرؔ — وہ آگ بجھی ہے جس آگ میں دھواں ہے ابھی

مُدت کے بعد پُرسشِ حالات ہوگئی — وہ آج ہنس دیئے، یہ نئی بات ہو گئی
وہ سوگئے تو ختم مناجات ہو گئی — لو آج ہر خوشی کی مکافات ہوگئی
زُلفیں جو اُس نے چہرۂ زیبا پہ چھوڑ دیں — دِن تھا ابھی ابھی کہ ابھی رات ہوگئی
دُوری میں جو سکون میسر تھا، اب کہاں — یہ کیا ہوا کہ تُم سے ملاقات ہو گئی
کچھ دیر تک وہ میری طرف دیکھتے رہے — اُن کی نظر بھی حاملِ جذبات ہو گئی

میں اور تیرے عشق کی جرأت کروں، مگر — میرے شریکِ حال تری ذات ہو گئی
اللہ، میرے ذوقِ فراواں کی کوششیں — جو کچھ میں چاہتا تھا وہی بات ہو گئی
ہے تابشِ جمال سے چہرہ عرق عرق — دیکھا جو تم نے دھوپ میں برسات ہو گئی

ختم کیوں دورِ جام ہے ساقی — کیف ابھی ناتمام ہے ساقی
جس جگہ پاؤں لڑکھڑاتے ہیں — ایک ایسا مقام ہے ساقی
تو بھی ہے موسمِ بہار بھی ہے — اب نہ پینا حرام ہے ساقی
کاش تو بھی اِسے سمجھ لیتا — آنسوؤں میں پیام ہے ساقی
ترے مینا و جام کیا کہنے — دِل مگر تشنہ کام ہے ساقی
رُک گئیں گردشیں زمانے کی — کون محوِ خرام ہے ساقی
شعلۂ شوقِ پھر بھڑک اٹھا — زِیست کی لَو تمام ہے ساقی
جس کو صابرؔ زمانہ کہتا ہے — تیرا ادنیٰ غُلام ہے ساقی

دیکھا گیا ہے یوں بھی تماشا کبھی کبھی — اُس نے بھی کی ہے میری تمنا کبھی کبھی
اُس نے نگاہِ ناز سے دیکھا کبھی کبھی — یوں بھی ہوا ہے غم کا مداوا کبھی کبھی
دَیر و حرم کے جلوۂ رنگیں کو دیکھ کر — بھٹکا ہے راہ میں ترا جویا کبھی کبھی
تیری ہی بزمِ ناز سے، تیرے ہی سامنے — لایا ہوں آرزو کا جنازہ کبھی کبھی
چمکی ہے دل پہ برقِ تجلی کہیں کہیں — دیکھا ہے ہم نے طُور کا جلوہ کبھی کبھی
اُمید تو نہیں ہے، تجھے چھوڑ دوں مگر — کچھ سوچتا تو ہے دلِ شیدا کبھی کبھی
تیرے فریب سے تجھے شرمندگی نہ ہو — کھایا ہے ہم نے جان کے دھوکا کبھی کبھی
توفیق اس قدر جو خدا دے تجھے تو دوست — سُن دل کی دھڑکنوں کا تقاضا کبھی کبھی
اب کون آئے مری نگاہوں کے سامنے — دیکھا ہے میں نے اُن کا سراپا کبھی کبھی
صابرؔ سے اِک غیور کو اپنا بنا لیا — کیا کیا کمال کرتی ہے دنیا کبھی کبھی

شُہرت سُنی جو آمدِ فصلِ بہار کی — ہم نے قبائے عشق وہیں تار تار کی

بیٹھا ہے کر کے آس ترے انتظار کی — خوش فہمیاں تو دیکھ دلِ بے قرار کی

تیرے تصورِ رخِ رنگیں کے فیض سے — تصویر کھینچتا ہوں خزاں میں بہار کی

اُس حُسنِ دلنواز کی اللہ رے وُسعتیں — اُسکی نظر میں کیا ہے حقیقت بہار کی

تو نعمتِ ستم میں کمی کر نہ جانِ عشق — کچھ وُسعتیں تو دیکھ مرے اعتبار کی

اُس پیکرِ وفا کی نہ کی پھر بھی تُو نے قدر — تصویر بن گیا جو ترے انتظار کی

اُس نے نگاہ بدلی مرا دم نکل گیا — یہ تھی بساط، زندگیٔ مُستعار کی

تیرے بغیر غنچۂ گُل ہے اُداس اُداس — قدموں نے تیرے شکل بدل دی بہار کی

❀ ✍ ❀

# ردیف "ے"

کل غزلیں ۶۵ اشعار ۵۴۶ حواشی ۳۲ نامکمل مصرع ۱۶ مقامات قیاس ۳۱

باوصف لکھوکھا پردوں کے، ہم اُن کا جلوہ دیکھیں گے ۔۔۔ آغازِ تمنّا میں اے دل، انجامِ تمنّا دیکھیں گے
ہم جذب و کشش کے صدقے میں، اِک یہ بھی تماشا دیکھیں گے ۔۔۔ جن [کو] پسِ پردہ دیکھا ہے اُن کو سرِ پردہ دیکھیں گے
مرنے کو تو کب کے مر جاتے، جیتے ہیں فقط اِس حسرت میں ۔۔۔ کب اُن کی طرف سے ہوتا ہے مرنے کا تقاضا دیکھیں گے
مُدت سے تمنّا تھی جس کی، اب وہ بھی زمانہ آہی گیا ۔۔۔ جو ہم کو کبھی تڑپاتے تھے، اب اُن کو تڑپتا دیکھیں گے
بس ایک نگاہِ گرم پڑی، کر دے گی ہمارا دل روشن ۔۔۔ ہم اپنے ہی دل کے داغوں میں، شانِ یدِ بیضا دیکھیں گے
اُس [جلوۂ رنگیں] (۱۴۲) کو اے دل، دیکھا ہے نہ دیکھا جائے گا ۔۔۔ اِک بار نہ جس کو دیکھ سکے، کس طرح دوبارا دیکھیں گے
دل میں تو اپنے رہتے ہیں، پردہ ہے یہ آخر کیا پردہ ۔۔۔ کب تک وہ گریزاں رہتے ہیں، اے ذوقِ نظارا دیکھیں گے
تُم عِشق سراپا بن جاؤ، ہم حُسنِ مجسّم ہو جائیں ۔۔۔ تُم عشق کا جلوہ دیکھ چکے، ہم حُسن کا جلوہ دیکھیں گے
مُژدہ ہو یہ اُن کو جو اکثر، ہنستے ہیں ہمارے رونے پر ۔۔۔ اِک روز ہم اُن کی آنکھوں سے بہتا ہوا دریا دیکھیں گے
ہے عزم اگر [عزمِ] راسخ، موڑیں گے [نہ] منہ تجھ سے ہرگز ۔۔۔ کب تک تُو ستائے گا ہم کو [ہم] (۱۴۳) اے غمِ دنیا دیکھیں گے
آثارِ بظاہر کچھ بھی نہیں، لیکن دل کہتا ہے ہم سے ۔۔۔ اِک روز انُھیں بھی اے صابرؔ مجبورِ تمنّا دیکھیں گے

جس طرف دیکھیے، رنگِ شبِ تنہائی ہے ۔۔۔ اب نہ وہ تُم ہو، نہ وہ انجمن آرائی ہے
فتنہ پرور ہے، ستمگر ہے جو ہرجائی ہے ۔۔۔ آئی بھی اپنی طبیعت تو کہاں آئی ہے
اپنی محفل میں جو نظروں سے گرا دیتے ہیں آپ ۔۔۔ آپ کے سَر کی قسم آپ کی رُسوائی ہے
سلسلہ رسمِ محبت کا نہ توڑا اُن سے ۔۔۔ جن کا اندازِ کرم بھی ستم آرائی ہے
للہ الحمد، اُٹھے حُسن و محبت کے حجاب ۔۔۔ اب تمنّا ہے کوئی اور نہ تمنائی ہے
آپ تصویرِ خیالی کو بھی روکیں، غم کیا ۔۔۔ میرے دُکھ درد کی ساتھی مری تنہائی ہے
اب مُجھے دِل سے بُھلا دو تو تمھیں میں جانوں ۔۔۔ تم نے اب میری محبت کی قسم کھائی ہے
نبضیں ڈوبی چلی جاتی ہیں تری یاد کے ساتھ ۔۔۔ اب بھی آجا کہ ابھی وقتِ مسیحائی ہے
میرے احباب [یہ] سرگوشیاں کرتے ہیں بہم ۔۔۔ حُسن کے جال میں صابرؔ کی قضا آئی ہے
ایک رُتبہ ہے جہاں عشق و ہوس کا صابرؔ ۔۔۔ کھینچ کر گردشِ تقدیر وہاں لائی ہے

---

۱۴۲-، ۱۴۳- قوسین کی تراکیب اور الفاظ کو قیاساً یہاں درج کیا گیا ہے۔

صبر عاشق کو بہر حال خُدا دیتا ہے ۔۔۔ تُو نہیں ہے تو ترا درد مزا دیتا ہے
اک نہ ہونے سے ترے، مُجھ پہ بنے گی کیا کیا ۔۔۔ تیرا چُھٹنا مُجھے پیغامِ قضا دیتا ہے
او میری موت پہ آنسو نہ بہانے والے ۔۔۔ مرنے والا تُجھے جینے کی دُعا دیتا ہے
اب اِس عالم(۱۴۴)میں ہے بیمار محبت ترا ۔۔۔ ہر کوئی دیکھ کے مرنے کی دُعا دیتا ہے
تُو نے کیوں پیار کی نظروں سے مُجھے دیکھا تھا ۔۔۔ کیا کوئی عشق میں ایسی بھی سزا دیتا ہے
زاہدِ خشک نہ سمجھا ہے نہ سمجھے گا کبھی ۔۔۔ عشق کی آگ میں جلنا بھی مزا دیتا ہے
اب شب و روز تری یاد رُلاتی ہے مجھے ۔۔۔ کیا کوئی عشق میں ایسی بھی سزا دیتا ہے
عشق وہ عقل کا دُشمن ہے کہ اللہ کی پناہ ۔۔۔ ہوش مندوں کو بھی دیوانہ بنا دیتا ہے
تیرے اَلطاف و عِنایات کا تو کیا کہنا ۔۔۔ تیرا ہر ظُلم بھی اِک خاص مزا دیتا ہے
میں نے صیاد کے پھندے سے چُھڑایا جس کو ۔۔۔ دیکھنا یہ ہے وہ کیا اس کا صِلہ دیتا ہے
جاتے جاتے جو مری سمت نہ دیکھا تُو نے ۔۔۔ یہی انداز، محبت کا پتہ دیتا ہے
شدتِ غم میں یہ محسوس مُجھے ہوتا ہے(۱۴۵) ۔۔۔ جیسے کوئی ترے دامن کی ہوا دیتا ہے
عشق کا جذبۂ خوددار الٰہی توبہ ۔۔۔ حُسن والوں کو بھی دیوانہ بنا دیتا ہے
اب تصور میں بھی اِس درجہ کشش ہے تیرے ۔۔۔ چاہتا ہے وہ جہاں، مُجھکو رُلا دیتا ہے
سوچتا ہوں جو کبھی ترکِ تعلق کے لئے ۔۔۔ کوئی آکر مجھے آئینہ دِکھا دیتا ہے
تُو اگر لاکھ چُھپائے نہ چُھپے گی صابرؔ ۔۔۔ تیرا ہر شعر محبت کا پتہ دیتا ہے

❀ ❀

مرتا ہوں مگر موت کا ہنگام نہیں ہے(۱۴۶) ۔۔۔ کچھ شام کے آثار تو ہیں شام نہیں ہے
پہنچا وہاں، نظّارہ جہاں عام نہیں ہے ۔۔۔ اب ذوقِ نظر، وَقفِ در و بام نہیں ہے
کیا اب تری نظروں کا چلن عام نہیں ہے ۔۔۔ یعنی مرے حصے میں کوئی جام نہیں ہے
اُن مست نگاہوں کا یہ اِنعام نہیں ہے؟ ۔۔۔ مخمُور ہوں اور بادۂ گلفام نہیں ہے
مُدت سے کوئی نامہ و پیغام نہیں ہے ۔۔۔ شاید اُنھیں اب یاد میرا نام نہیں ہے
ہر وقت ہے اَب: اُس رُخِ رنگیں کا تصوّر ۔۔۔ میرے لئے اب تیرگئ شام نہیں ہے

۱۴۴۔ "اس عالم" میں "ع" وصل ہے جو تقطیع کے قواعد کی رو سے جائز نہیں ہے۔ ۱۴۵۔ غزل کے مصرع اولیٰ میں ردیف سے اس انداز کی صوتی مطابقت سے عموماً گریز ہی کیا جاتا ہے۔ ۱۴۶۔ ۱۹۵۵ء میں یہ غزل گورنمنٹ کالج ڈیرہ غازی خان کے طرحی مشاعرے میں پڑھی گئی بقول عاصی کرنالی اس مشاعرے کے لئے عزم اکبر آبادی کا یہ مصرع بطورِ مصرع طرح تجویز کیا گیا تھا "آغاز ہی آغاز ہے انجام نہیں ہے"

اب بھی ہے تری ذات سے اک گو نہ تعلق — ہر چند مرے لب پہ ترا نام نہیں ہے

معلوم یہ ہوتا ہے رہِ عشق و وفا میں — آغاز ہی آغاز ہے انجام نہیں ہے

ہونا ہے مرا اب تو نہ ہونے کے برابر — یعنی مجھے دنیا میں کوئی کام نہیں ہے

دیوانہ ہر عاشق(۱۴۷)کو کہا کرتی ہے دُنیا — مجھ پر ہی نرالا کوئی اِلزام نہیں ہے

کیوں اُن کی وفاؤں کا گِلہ اُن سے کیا جائے — اپنے ہی مقدر میں جب آرام نہیں ہے

ناکامیٔ پیہم ہے محبت میں بڑی چیز — انجام مرے واسطے انجام نہیں ہے

کیوں اُن سے کروں اپنی تباہی کی شکایت — کیا صابرِ ناشاد مرا نام نہیں ہے

❀ ❀

کیا خبر کچھ دیا کیا آپ نے دیوانے سے — اب دلِ وحشی بہلتا نہیں بہلانے سے

جس کو کچھ ربط ہے ساقی ترے میخانے سے — اُس کو مطلب ہے نہ شیشے سے نہ پیمانے سے

ہم کو تھا چین میسر اُسی دیوانے سے — مِٹ گئے ہم بھی دلِ زار کے مِٹ جانے سے

زندگی ملتی ہے جس شخص کو مر جانے سے — وہ سمجھ سکتا ہے ناصح ترے سمجھانے سے؟

کس قدر رَنج و مُصیبت کا مُرقّع ہوں میں — کانپ جاتا ہے زمانہ مرے افسانے سے

تو نے وہ ظُلم مری جان پہ ڈھائے ہیں کہ اب — کانپ اُٹھتا ہے مرا دِل، تری یاد آنے سے

یہ نصیحت تو بجا ناصحِ مشفق لیکن — کوئی دِیوانہ سمجھتا بھی ہے سمجھانے سے

سامنے آؤ، ہٹا دو رُخِ زیبا سے نقاب — کوئی پردہ بھی کیا کرتا ہے دیوانے سے

ہم نے یہ کہہ کے دلِ زار کو سمجھایا ہے — کام بنتے ہیں کہیں عشق میں گھبرانے سے

میری جمعیتِ خاطر کو پریشاں نہ کرو — زُلفِ برہم کو ہٹاؤ نہ ابھی شانے سے

آپ کے ظُلم کو [بھی] میں نے کرم سمجھا ہے — شرم آتی ہے مجھے آپ کے شرمانے سے

کیا خبر عشق میں انجام مرا کیا ہو گا — اب یگانے بھی نظر آتے ہیں بیگانے سے

دل دُکھانے کا تو انجام بُرا ہوتا ہے — خود تڑپ جائے گا ظالم مرے تڑپانے سے

اللہ اللہ یہ بیمارِ محبت کا عِلاج — رنگ بدلا ترے دامن کی ہوا کھانے سے

جاتے جاتے مری کیفیتِ دل دیکھتا جا — مجھ پہ کیا گزرے گی اے دوست ترے جانے سے

کیا کریں جی کے یہ جینا بھی [کوئی] جینا ہے — جب حیاتِ ابدی ملتی ہے [مر](۱۴۸)جانے سے

---

۱۴۷۔ "ہر عاشق" میں "ع" وصل ہے جو جائز نہیں ہے۔ ۱۴۸۔ اس غزل میں قوسین میں لائے جانے والے الفاظ قیاس کیے گئے ہیں۔

عشق موقوف نہیں چاک گریبانی پر — اس حقیقت کو تعلق نہیں افسانے سے
اب دلِ زار کی تسکین کی کیا صورت ہو — آپ بھی آج نظر آتے ہیں بیگانے سے
جس کی خاطر میں زمانے کو بُھلا بیٹھا ہوں — اُس کو انکار ہے اب بھی مرے گھر آنے سے
اب تری باتوں سے ہوتا ہے مجھے شک ناصح — عقل والے تو اُلجھتے نہیں دیوانے سے
(مسودے میں مصرع اولیٰ درج نہیں ہے) .................... — ہم نے پیمانِ وفا باندھ کے پیمانے سے
آہِ مظلوم اثر کر کے رہے گی اِک روز — خُود تڑپ جائے گا ظالم مجھے تڑپانے سے
مُضطرب ہونا ہے توہینِ محبت صابرؔ — کام چلتا ہے کہیں عِشق میں گھبرانے سے
دَرسِ عِبرت ہوں زمانے کے لئے اے صابرؔ — اب سبق لے گا زمانہ مرے افسانے سے

❀ ❀

مُمکن نہیں کہ عِشق میں غَم سے مفر ملے — مرجاؤں میں قرار کی صُورت اگر ملے
کیا کیا نہ زندگی میں فریبِ نظر ملے — رہزن تھے اصل میں جو ہمیں راہبر ملے
لیکر تمہارا نام جہاں سے گُزر گیا — وہ ایک شخص جس سے نہ تم عُمر بھر ملے
دَیر و حَرم تو سَجدوں کی آماجگاہ ہیں — اُسکا نصیبؔ جس کو ترا سنگِ دَر ملے
اُمید و یاس و حَسرت و ارمان و آرزُو — کیا کیا [نہ] راہِ غم میں مجھے ہم سفر ملے
ہو جائے اُن کو اپنے پرائے میں امتیاز — یارب اُنھیں بھی چشمِ حقیقت نِگر ملے
دل کا مگر جواب نہیں: راہِ عشق میں — ملنے کو یوں ہزار مجھے راہبر ملے
اپنا کے بنائیں، کریں کس کا اعتبار — نالے بھی اُن کے حلقہ بگوشِ اَثر ملے
ناصح اہانتِ غمِ جاناں نہیں قبول — لوں، جان دے کے، مجھکو محبت اگر ملے
پہلی نظر میں مجھکو تو اپنا بنا لیا — یعنی کچھ اس اَدا سے جنابِ سُحر(۱۴۹) ملے
صؔابر جنونِ شوق(۱۵۰) نے آساں بنا دیئے — رستے میں جو مقام مجھے پُر خطر ملے

❀ ❀

عشق کو ہر حال میں مجبُور رہنا چاہیئے — عاقبت اندیشیوں سے دُور رہنا چاہیئے
نُور ہے اُسکو سراَپا نُور رہنا چاہیئے — آنکھ میں ہو یا فرازِ طُور رہنا چاہیئے

---

۱۴۹۔ نسخۂ سوم میں انوار انجم کے مطابق "کنور مہندر سنگھ بیدی سحر" مراد ہیں جو صابر دہلوی کے احباب میں سے تھے۔ ۱۵۰۔ ایک مقام پر یہ ترکیب "شوقِ جنوں" کی بجائے "جنونِ عشق" بھی درج کی گئی تھی جسے شاعر نے قلم زد کر دیا تھا۔

جذبِ دل کی آزمائش اِس طرح ہو جائے گی          تُم کو مُجھ سے، مُجھ کو تُم سے دُور رہنا چاہیے

میکدہ کیا چیز ہے، کیا چیز میں جام و سبُو          چشمِ ساقی دیکھ کر مخمور رہنا چاہیے

کوئی سمجھے یا نہ سمجھے عشق کے اسرار کو          لب پہ جاری نغمۂ منصُور رہنا چاہیے

ترکِ اُلفت اور ہم، ناصح یہ ممکن ہی نہیں          یہ خیالِ خام دل سے دُور رہنا چاہیے

کیا تسلی ہو سکے تصویر سے اے جذبِ عشق          سامنے وہ پیکرِ پُر نور رہنا چاہیے

غم کی افزونی سے گھبرانا تجھے زیبا نہیں          مطمئن تجھکو دلِ رنجور رہنا چاہیے

حُسن کو پندارِ یکتائی کا ہے جب تک جنوں          عشق کو اپنی جگہ مغرور رہنا چاہیے

ہے تصور میں ترے صابرؔ وہ [اک] مستِ شباب          مَے نہ پی کر بھی تجھے مخمور رہنا چاہیے

خُوشی نہ کوئی خُوشی ہے نہ غم کوئی غم ہے          ترے بغیر عجب زندگی کا عالم ہے

تلاشِ کوچۂ جاناں ہے، عزمِ محکم ہے          ہمارے واسطے اب یہ خوشی بھی کیا کم ہے

بُھلا دیا(۱۵۱) مُجھے اُس نے اگر تو کیا غم ہے          میرے جنوں میں کمی ہے نہ شوق ہی کم ہے

نہ جس میں دردِ محبت نہ لذتِ غم ہے          وہ زندگی تو نہیں زندگی کا ماتم ہے

تری نگاہ کی معجز نمائیوں کی قسم          یہ زندگی کبھی جنّت کبھی جہنّم ہے

خُوشی سے رنج مبدل ہُوا ہی کرتا ہے          رہے زوال نہیں ہے وہ اِک ترا غم ہے

کوئی بھی نقش ٹھہرتا نہیں مرے دل پر          تمہاری یاد کا عالم عجیب عالم ہے

کبھی جو میرے لئے مضطرب سی رہتی تھی          وُہی نگاہِ کرم آج مُجھ سے برہم ہے

یہ کیسا اُنکی طبیعت میں اِنقلاب آیا          الٰہی خیر یہ کیوں آج پُرسشِ غم ہے

خفا نہ ہوں تو یہ اِک بات آپ سے پوچھوں          نہ جانے آج مرے دل میں درد کیوں کم ہے

مری وفا کا بھی کچھ جائزہ لیا ہوتا          تری جفا کی تو اِک اِک ادا مسلّم ہے

قدم تو راہِ وفا میں بڑھائے جاتا ہُوں          مِلے مِلے نہ مِلے وہ تو اسکا کیا غم ہے

بُہت دنوں سے یہ محسوس ہو رہا ہے مُجھے (۱۵۲)          مری نظر میں کہ پھولوں میں دلکشی کم ہے

اِسی سے ہوتی ہے تکمیلِ زندگی صابرؔ          محبت اصل میں وجہِ نظامِ عالم ہے(۱۵۳)

---

۱۵۱- اس مطلع کی ایک اور صورت بھی مسودے میں درج ہے اور وہ یہ ہے    بھلادیا ہمیں اس نے تو اس کا کیا غم ہے    ہمارے واسطے اب یہ شرف بھی کیا کم ہے
۱۵۲- یہ شعر ایک مطلع کی صورت میں بھی ملتا ہے۔ مصرع یوں ہے۔ "جگر میں ہوک سی اٹھتی ہے چشم پرنم ہے" اس مصرع کی ایک اور صورت بھی پائی گئی ہے "بہت دنوں سے یہ محسوس مجھ کو ہوتا ہے" ۱۵۳- غالباً یہ غزل بزم ضیائے ادب کی کسی طرحی محفل کے لئے لکھی گئی ہوگی کیونکہ اس زمین میں حزیں صدیقی مرحوم کی غزل کا مطلع یہ ہے    نیا ملال، نیا رنج ہے، نیا غم ہے    کہ آج تیرا تصور بھی ہم سے برہم ہے

ہر اک ذرہ اب اُن کا آستاں معلوم ہوتا ہے
یہ تکمیلِ محبت کا نشاں معلوم ہوتا ہے

کبھی مجھ سے اگر وہ بدگماں معلوم ہوتا ہے
مجھے بدلا ہوا رنگِ جہاں معلوم ہوتا ہے

کسی بیکس کے سجدے کا نشاں معلوم ہوتا ہے
تمہارا آستاں، اب آستاں معلوم ہوتا ہے

محبت اِس مقامِ خاص پر اب مجھکو لے آئی
جہاں نامہرباں بھی، مہرباں معلوم ہوتا ہے

بچھا دیتا ہوں آنکھیں چوم لیتا ہوں قدم بڑھ کر
مجھے جب کوئی اُن کا رازداں معلوم ہوتا ہے

حقیقت میں محبت نام ہے برباد ہونے کا
محبت میں کِسے سُودوزیاں معلوم ہوتا ہے

ارے توبہ یہ آخر کون سی منزل ہے اُلفت کی
یہاں تو سانس بھی لینا گراں معلوم ہوتا ہے

لُٹا دی کائناتِ زیست جس کے عشق میں صابرؔ
وہ کافر پھر بھی مجھ سے بدگماں معلوم ہوتا ہے(۱۵۴)

نگاہِ دل اگر محوِ جمالِ یار ہو جائے(۱۵۵)
تو ہر جلوہ جہانِ حُسن کا بیکار ہو جائے

نیازِ عشق کا یہ کم سے کم معیار ہو جائے
جبیں جُھکتے ہی پیدا آستانِ یار ہو جائے

ارے او شکوہ سنجِ آرزو تجھکو خبر بھی ہے
اگر وہ مُلتفت ہوں زندگی دُشوار ہو جائے

نیاز و ناز کے آئین دنیا سے نرالے ہیں
کہ اِک مجبور ہو تو دوسرا مُختار ہو جائے

تری آنکھوں کی عظمت وہ سمجھ سکتا ہے جو میکش
نگاہیں بھی نہ اُٹھنے پائیں اور سرشار ہو جائے

جہانِ آرزو کو پھونک دینا چاہتا ہوں میں
بس اب ہر آہ میری آہِ آتش بار ہو جائے

کوئی اندازہ کر سکتا ہے اُسکی خوش نصیبی کا
ترے غم میں اگر کوئی مرا غم خوار ہو جائے

سِتم کیجے مگر کوئی سِتم کی حد بھی ہوتی ہے
کہیں ایسا نہ ہو دل آپ سے بیزار ہو جائے

زبانِ حال سے بھی درد کی تشریح ہوتی ہے
سرِ مژگاں ہر ایک آنسو لبِ گفتار ہو جائے

میں اس ویرانیٔ دل سے کبھی گھبرا نہیں سکتا
تعجب کیا جو یہ صحرا کبھی گُلزار ہو جائے

زباں کھلتی نہیں ہے سامنے اُن کے تو اے صابرؔ
نگاہوں سے ہی دردِ عشق کا اِظہار ہو جائے

۱۵۴۔ آٹھ اشعار کی اس غزل میں چھٹے نمبر پر پہلے ایک اور شعر بھی شامل تھا جسے شاعر نے قلمزد کر دیا یہ مسترد شعر اس طرح ہے۔

ستم سے آپ پھر کیوں دست کش ہوتے ہیں کیا معنی
مجھے تو اپنا دل اب تک جواں معلوم ہو تا ہے

۱۵۵۔ یہ غزل اصغر گونڈوی کی زمین میں ہونے کے باعث طرحی قیاس کی جاسکتی ہے اصغر کا ایک شعر ملاحظہ ہو۔

چلا جاتا ہوں ہنستا کھیلتا سیلِ حوادث میں
اگر آسانیاں ہوں زندگی دشوار ہوجائے

کسے تلاش کریں شرحِ آرزو کے لئے
زبانِ حال ہی کافی ہے گفتگو کے لئے

وہ اور ہیں، جو ہیں دُنیائے رنگ و بُو کے لئے
کیا ہے خَلق مجھے، اپنی جستجو کے لئے

ستم کے بعد کرم کی نگاہ کیا معنی؟
جگر کے زخم تو ہوتے نہیں رفو کے لئے

نیاز و ناز کے آئین کوئی کیا جانے
تیری تلاش رہی اپنی جستجو کے لئے

ادا ہوا نہ کبھی مُدعائے دل ہم سے
جو وقتِ مل بھی گیا اُس سے گفتگو کے لئے

غمِ فراق سے وابستہ ہیں کچھ اُمیدیں
لیا ہے ساتھ اسے تیری جستجو کے لئے

مرے خیال میں آئی ہے شامتِ دل آج
مچل رہا ہے جو یہ تجھ سے گفتگو کے لئے

ہزار حیف مرا دل مٹا دیا تو نے
یہی تھا ایک ترے غم کی آبرو کے لئے

ملے ملے، نہ ملے وہ تو اسکا غم کیا ہے
بنی ہے فطرتِ عشق اُسکی جستجو کے لئے

غمِ حیات کہاں اور مجھ سا رند کہاں
یہ کلفتیں ہیں فقط ایک آرزو کے لئے

وہ آئے اور چلے بھی گئے مگر افسوس
میں سوچتا ہی رہا اُن سے گفتگو کے لئے

تری تلاش تو خاموشیوں میں پنہاں ہے
یہ زاہدانِ زمانہ ہیں ہاؤ ہُو کے لئے

ستم ظریفیٔ فطرت نہیں تو پھر کیا ہے
کہ تیرا عشق ہے مجھ سے فرشتہ خُو کے لئے

وفا سرشت [ میں شامل ہے میری] (۱۵۶)اے صابر
میں اپنی زیست مٹا دوں گا آبرو کے لئے

❀ ✍ ❀

جُنونِ شوق کو دیوانہ پن کہنا ہی پڑتا ہے
یہاں تو راہبر کو راہزن کہنا ہی پڑتا ہے

تصور کو ترے جلوہ فگن کہنا ہی پڑتا ہے
ہمیں تنہائی کو بھی انجمن کہنا ہی پڑتا ہے

یہ مجبوری یہ مایوسی، یہ پابندی، ارے توبہ
مصیبت میں قفس کو بھی چمن کہنا ہی پڑتا ہے

کچھ [اس] انداز کے تجھ سے، مجھے آزار پہنچے ہیں
ہر اِک سے قصۂ رنج و محن کہنا ہی پڑتا ہے

مٹانے میں مرے کوئی کمی تُو نے، نہ کی لیکن
تجھے اِس پر بھی رُوحِ جان و تن کہنا [ ہی] پڑتا ہے

جدھر دیکھا ہزاروں زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھے
ترے ابرو کو تیغِ صف شکن کہنا ہی پڑتا ہے

مآلِ بار یابی کیا بتاؤں، مختصر یہ ہے
تری محفل کو اب دارالمحن کہنا ہی پڑتا ہے

جنھیں کوئی تعلق ہی نہیں دردِ محبت سے
اُنھیں غم خوارِ شیخ و برہمن کہنا ہی پڑتا ہے

عجب شے ہے محبت میں جُدائی کا زمانہ بھی
کہ شامِ غم کو بھی صُبحِ وطن کہنا ہی پڑتا ہے

۱۵۶۔ مصرع اولیٰ کا قوسین میں دیا گیا ٹکڑا قیاس کیا گیا ہے۔

خدا محفوظ رکھے اِس جہاں کے خاکساروں سے / کہ اُن کی ہر ادا کو مکروفن کہنا ہی پڑتا ہے
غمِ جاناں رہا ہے بیکسی میں ہم نوا میرا / اِسے بھی اب تو جزوِ جان و تن کہنا ہی پڑتا ہے
تجھے دیکھا تو کلیوں کو ہنسی بے ساختہ آئی / تبسم کو ترے جانِ چمن کہنا ہی پڑتا ہے
حریفوں کو بھی صابرؔ اِس قدر مجھ سے ہے دلچسپی / غزل کو میری معراجِ سخن کہنا ہی پڑتا ہے

❀ ❀

کیا جانے کیا طلسم تمہاری نظر میں ہے(۱۵۷) / میرا تو ذکر کیا ہے زمانہ اثر میں ہے
تیری جدائی کا جو زمانہ نظر میں ہے / ظلمت شبِ فراق کی نورِ سحر میں ہے
اب دل میں خون ہے نہ مری چشمِ تر میں ہے / اب تو حیاتِ عشق اجل کے اثر میں ہے
کعبہ نظر میں ہے نہ کلیسا نظر میں ہے / کچھ ہے کشش تو صرف ترے سنگِ در میں ہے
ناصح زباں نہ کھول محبت کے باب میں / انجامِ عاشقی تو ہماری نظر میں ہے
اب تُو سنبھال مجھکو کہ باقی نہیں حواس / اب کاروانِ عشق تری رہگزر میں ہے
یہ التفات آپ کا دیکھا نہ جائے گا / یہ آج کیوں پیامِ محبت نظر میں ہے
اب حسن و عشق ایک ہی منزل میں آگئے / اُن کی نظر کا نور ہماری نظر میں ہے
جب تم نہ تھے تو سارا زمانہ خلاف تھا / تم ساتھ ہو تو سارا زمانہ اثر میں ہے
نیرنگیوں سے دل نہیں ہٹتا جہان کی / ہر چند بے ثباتیِ عالم نظر میں ہے
ہو خیر میرے جذبۂ بے اختیار کی / اک اضطراب پھر مرے قلب و جگر میں ہے
آتی نہیں پلٹ کے تری جلوہ گاہ سے / شاید ہماری آہ بھی تیرے اثر میں ہے
مدت ہوئی کہ دیکھا تھا اک بار حسنِ دوست / اب تک وہی جمال، ہماری نظر میں ہے
دَیر و حرم بھی دیکھ چکا ہوں ہزار بار / سجدوں کا لطف ہے تو تری رہگزر [میں] ہے
اُس تنگ دل سے عشق [کی](۱۵۸) رُوداد کیا کہیں / لپٹا ہوا جو دامنِ شام و سحر میں ہے
اِس التفاتِ خاص کا ممنون ہوں مگر / پھر بھی کوئی خلش دلِ حسرت اثر میں ہے
جس کے لئے گزار دی صابرؔ تمام عمر / صد شکر اب وہ جلوۂ رنگیں نظر میں ہے

---

۱۵۷- یہ غزل امیر مینائی کی زمین میں ہونے کے باعث طرحی سمجھی جاسکتی ہے۔ امیر کا یہ مقطع مشہور ہے۔
خنجر چلے کسی پہ، تڑپتے ہیں ہم امیرؔ / سارے جہاں کا درد ہمارے جگر میں ہے
۱۵۸- اس غزل میں بھی قوسین میں درج الفاظ قیاس کئے گئے ہیں۔

نگاہِ لُطف سے دیکھو نہ بار بار مُجھے — نہیں رہا ہے مرے دل پہ اختیار مُجھے

ملی حیاتِ غمِ عشق، مُستعار مجھے — خزاں کی گود میں آئی نظر بہار مُجھے

اُٹھاؤں گا نہ کبھی [سر] تمہارے قدموں سے — خُدا نے دی ہے طبیعت وفاشعار مُجھے

مرے نیازِ محبت کی لاج رکھ لینا — کیا ہے پہلے پہل آپ نے شکار مجھے

ترے جہان کی نَیرنگیوں کا کیا کہنا — کبھی خزاں نظر آئی، کبھی بہار مجھے

نہ ہو گا مجھ سا کوئی خوش نصیب دنیا میں — عطا ہوئی ہے ترے غم کی یادگار مجھے

خدا ہی جانے یہ کیا حال ہو گیا اپنا — ترے بغیر اب آتا نہیں قرار مُجھے

یہ اضطرابِ مسلسل، دلیل ہے اِسکی — نَفَس نَفَس سے مِلا ہے پیامِ یار مُجھے

نہ موت آئے، نہ تم آؤ کیا قیامت ہے — یہ تم نے جبر دیا ہے کہ اختیار مجھے

تری نگاہ کی مَے ہے شرابِ تلخ نہیں — تمام عُمر رہے گا یہی خُمار مُجھے

اَثر نواز ہوئی آہِ دلگداز مری — اب آچلا ہے محبّت کا اعتبار مجھے

رہِ طلب میں قدم ڈگمگائے جاتے ہیں — سنبھال ایسے میں آکر خیالِ یار مجھے

خُدا کا شُکر وہی مجھکو مل گئے صابرؔ — تمام عُمر رہا جن کا انتظار مُجھے

❀ ❀

قائم اِس آرزُو پہ ہماری حیات ہے(۱۵۹) — تاخیر کیوں اب اے نگہِ التفات ہے

جب یہ سمجھ لیا کہ جہاں بے ثبات ہے — پھر موت بھی ہماری نظر میں حیات ہے

میرا تو یہ عقیدہ ہے اب کوئی کچُھ کہے — میں گام زَن ہوں جس پہ وہ راہِ نجات ہے

جس کو ہزار بار، مٹایا ہے آپ نے — اب تک وہ نامراد بقیدِ حیات ہے

اپنی نظر سے آپ نے جس کو گرا دیا — اُس کے لئے جہاں میں نہ دن ہے نہ رات ہے

تسلیم کر چکا ہوں تری ہر اَدا کو میں — میرے لئے سِتم بھی ترا التفات ہے

دِل کیا ہے، دین کیا ہے، جگر کیا ہے، جان کیا — تیرے لئے تمام مری کائنات ہے

صابر کو تُو نے اب بھی نہ سمجھا ہزار حیف — وہ آدمی تو ایک فرشتہ صِفات ہے

---

۱۵۹۔ یہ غزل ۱۹۵۳ء میں بزمِ ضیائے ادب ملتان کے طرحی مشاعرے میں پڑھی گئی تھی ایاز صدیقی کے مطابق جو مصرعِ طرح تجویز کیا گیا تھا وہ یہ ہے۔
"اے دردِ ہجر تو ہی بتا کتنی رات ہے۔"

محبت میں کیا اک یہ بھی کارِ آخری میں نے(۱۶۰) بُجھا دی آپ کی خاطر سے شمعِ زندگی میں نے
خوشا ہر اِک مُقدم آپ کی رکھی خُوشی میں نے جہاں تک نبھ سکی مُجھ سے نباہی دوستی میں نے
نہ کی اپنی طرف سے کوئی اُلفت میں کمی میں نے ترے قدموں پہ صدقے کی، متاعِ زندگی میں نے
فرشتوں کے خصائل ہوں تو ہوں اِس طرح کے لیکن نہ دیکھا آج تک دنیا میں تُجھ سا آدمی میں نے
خُدا حافظ تمہارا ،اب ہمیشہ چین سے رہنا یہ کہہ کر ختم کر دی اُن سے رسمِ دوستی میں نے
جبینِ عشق(۱۶۱)اب جھکتی نہیں اُس آستانے پر جہاں تک ہو سکا مُجھ سے اُدا کی بندگی میں نے
مُجھے صابرؔ خُود [اپنے] حال پر اَفسوس ہوتا ہے نہ جانے اُس ستم پیشہ سے کیوں کی دوستی میں نے

❀ ✍ ❀

طبیعت جس قدر بھی لا اُبالی ہوتی جاتی ہے تخیل کی بلندی اور عالی ہوتی جاتی ہے
جو پہلے جُھک کے ملتے تھے وُہی اب کھنچ کے ملتے ہیں الٰہی کیا مری صورت سوالی ہوتی جاتی ہے
مرے احباب مُجھ کو دیکھ کر کیوں مُسکراتے ہیں عیاں چہرے سے کیا آشفتہ حالی ہوتی جاتی ہے
مری دیوانگی میں کچُھ اِضافہ ہوتا جاتا ہے جو دِل سے دُور تصویرِ خیالی ہوتی جاتی ہے

❀ ✍ ❀

ایسے میں مرے دل کا، اللہ نگہباں ہے اِک عشق کی آندھی ہے، اِک حُسن کا طُوفاں ہے
یارب یہ مرے دل میں، اب کون خراماں ہے ہر سانس میں مستی ہے، ہر سانس غزل خواں ہے
اِک تیری توجہ سے، اِک تیرے تغافل سے مرنے کا بھی اِمکاں ہے، جینے کا بھی اِمکاں ہے
جُو تیرے سِوا ہر شے، کونین کی ٹُھکرا دے حسرت وہی حسرت ہے، ارماں وہی ارماں ہے
اَے ہم نفسو چھوڑو، مُجھکو مری حالت پر دیوانۂ الفت کا، اللہ نگہباں ہے
مجبورِ محبت ہوں، مرنے کی اجازت دے (مصرع ثانی کی قرأت ممکن نہیں) ..................

❀ ✍ ❀

اگر آپ کے کچھ اشارے نہ ہوتے تو ہم بازی الفت کی، ہارے نہ ہوتے
کسی طرح پھر وہ ہمارے نہ ہوتے اگر ہجر کے دن گزارے نہ ہوتے
نہ ہوتی کسی طرح تکمیلِ الفت اگر آپ مُونس،(۱۶۲)ہمارے نہ ہوتے

---

۱۶۰۔ ۱۹۵۳ء میں صابر دہلوی نے یہ غزل بزم ضیائے ادب کے ایک مشاعرے میں پڑھی تھی اس مشاعرے کے ایک اور شریک شاعر ایاز صدیقی کا اس زمین میں مطلع یہ ہے۔
ترے غم پر نچھاور کی ہے دل کی ہر خوشی میں نے بڑی مہنگی خریدی ہے متاعِ زندگی میں نے

۱۶۱۔ سودے میں ایک اور مقام پر یہ ترکیب "جبینِ شوق" درج ہے۔ ۱۶۲۔ نسخۂ سوم میں مصرعِ ثانی یہ ہے "خدنگِ محبت جو مارے نہ ہوتے"

وہ چلتے ہوئے ہم سے یہ کہہ گئے ہیں کہ جو پائے غم تم، ہمارے نہ ہوتے
اُنہیں دیکھ کر پھر کسی کو نہ دیکھا یہ ممکن تھا پھر وہ ہمارے نہ ہوتے
یہ بازی محبت کی بازی تھی ورنہ وہ کیا جیتتے ہم جو ہارے نہ ہوتے
کوئی کیا اٹھاتا، ترے آستاں سے جو در پردہ تیرے اشارے نہ ہوتے
نہ ہوتا کرم بھی، جو شامل ستم میں تو پھر ہم محبت کے مارے نہ ہوتے
کئے ترک دونوں جہاں جنکی خاطر کہاں تک وہ آخر ہمارے نہ ہوتے

تعلق اِس طرح ثابت ہوا ہے جسم کا جاں سے تری آواز پر میں چونک اٹھا خوابِ پریشاں سے
شکایت ہے مجھے اپنے جنونِ فتنہ ساماں سے کہ وہ محجوب ہوتے ہیں مرے حالِ پریشاں سے
خدا دُشمن کو بھی یہ دن نہ دکھلائے محبت میں لرز جاتا ہوں میں ذکرِ بلائے شامِ ہجراں سے
تجھے ہنسنا مُبارک میرے رونے پر، مگر پھر بھی ارے نادان کھیل اچھا نہیں ہوتا ہے طوفاں سے
اُٹھا ہی چاہتا ہے بزمِ دنیا سے بس اب صابرؔ یہ نغمہ آخری سُن لیجئے سازِ رگِ جاں سے

کچھ زمانے کا عجب انداز ہے دیکھئے جس کو زمانہ ساز ہے
اب تو یہ احساس بھی باقی نہیں میرا نغمہ سُوز ہے یا ساز ہے
بندہ پرور بے تکلف آئیے چشمِ تمنا باز ہے
سَر کے بل چلنا یہاں کی رسم ہے دیکھ اے دل جلوہ گاہِ ناز ہے
جس نگاہِ ناز پر دنیا نثار مُجھ سے برہم وہ نگاہِ ناز ہے
سُن کے صَوتِ عاشقِ ناشاد کو بولے، کیا مستی بھری آواز ہے
صابرؔ ناشاد کے تم ہو چکے اِسکو اپنی التجا پر ناز ہے

وہ نہ جفائیں چھوڑیں گے، غم سے نہ ہم گھبرائیں گے
وہ بھی نہ باز آئیں گے کبھی، ہم بھی باز نہ آئیں گے

اُس سے کوئی جا کر کہدے، وقت وہ اب آپہنچا ہے
ہم کو تڑپانے والے، ہم بھی تجھے تڑپائیں گے

تَرکِ سِتم کی کیوں سوجھی، آپ کے دل پر کیا گزری
ہم تو سمجھتے تھے تازیست، آپ کرم فرمائیں گے

ظُلم کی کوئی حد بھی ہے، لیجئے کچھ انصاف سے کام
آپ کہاں تک صابؔر پر، تیرِ سِتم برسائیں گے

ہونے بھی دے وہ اگر تُجھ سے خفا ہوتا ہے
جس کا کوئی نہیں ہوتا ہے خُدا ہوتا ہے

جام اُن ہاتھوں سے جس وقت عطا ہوتا ہے
کیا کہوں، حال مرے قلب کا کیا ہوتا ہے

کہہ تو دیتا ہوں خدا حافظ و ناصر لیکن
جب وہ جاتے ہیں مرا حال بُرا ہوتا ہے

میں پرستارِ محبت ہوں کروں گا سجدے
آپ کیوں کھنچتے ہیں مجھ سے کہ یہ کیا ہوتا ہے

میں نے قدموں سے لپٹ کر جو بہائے آنسو
ہوش میں آؤ وہ کہتے ہیں یہ کیا ہوتا ہے

کچھ تبسم ہے، کچھ آنکھوں میں نمی کے آثار
خاص انداز میں وہ مجھ سے خفا ہوتا ہے

لوگ کہتے ہیں کہ صابؔر یہ ہے آخر کیا بات
تیرے ہر شعر کا انداز نیا ہوتا ہے

مجھ عشق کے بندے کو، تجھ حُسن [کے] پیکر سے
اب دادِ وفا لے کر، اُٹھنا ہے ترے در سے

آتی ہے صدا پیہم، میرے دلِ مضطر سے
اُمید کرم کیوں ہے، اِک ظُلم کے پیکر سے

کیوں رنج نہیں رکھتا، اس ظُلم کے پیکر سے
اِنساں ہے بہر صُورت، مجبور مقدر سے

جب تک [نہ] اُسے دیکھوں، بے چین سا رہتا ہوں
مانوس ہوں کس درجہ، اس رُوئے منور سے

مجبورِ محبت ہوں، لیکن یہ سمجھ لیجے
عاشق بھی زمانے میں، ملتا ہے مقدر سے

کیوں آپ پشیماں ہیں، بے چارگیٔ دل پر
اب آپ سے شکوہ کیا، شکوہ [ہے](۱۶۳) مقدر سے

شاید مری بربادی، کچھ رنگ دکھاتی ہے
کچھ روز سے اب وہ بھی، رہتے ہیں مکدر سے

[یا] آکے خبر لے تو، بیمار محبت کی
یا موت اٹھائے گی، آکر اسے بستر سے

مجبور ہے بیکس ہے، ٹھکرا نہ اِسے ظالم
اِک خاص تعلق ہے، صابؔر کو ترے در سے

---

۱۶۳۔ مصرعِ ثانی میں قوسین کے درمیان کا لفظ قیاساً درج کیا گیا ہے۔

کچھ [عجب] عالم میں جانِ عاشقِ ناشاد ہے(۱۶۴)　　آنکھ سے آنسو رواں، دل میں تمہاری یاد ہے
کیوں دیا جائے، محبت کا محبت سے جواب　　عشق کی مجبوریوں پر حُسن کا ارشاد ہے
مجھ سے ہے کس واسطے فریادِ پیہم کا گلہ　　تُم نے کچھ وعدہ کیا تھا کچھ تُمہیں بھی یاد ہے؟
وہ محبت، وہ مروت، کیا خبر کیا ہو گئی　　جاگزیں دل میں نہ اب تو ہے نہ تیری یاد ہے
دیکھنے والے ترس کھاتے ہیں اُس کے حال پر　　آپ کو بھی کچھ خیالِ صابرؔ ناشاد ہے

❀ ❀

فصلِ گُل آئی مری وحشت کا ساماں دیکھیے　　ٹکڑے ٹکڑے ہوں گے اب جیب و گریباں دیکھیے
میں یہ کہتا ہوں ترس کھا میرے حالِ زار پر　　دل یہ کہتا ہے کہ پھر اک بار زنداں دیکھیے
آگئی۔ زُلفِ مسلسل پھر رُخِ انوار پر　　ہو گیا پھر اتصالِ کفُر و ایماں دیکھیے
آپ نے کیوں قہر کی نظروں سے دیکھا تھا مُجھے　　ہو گیا برہم، نظامِ بزمِ امکاں دیکھیے

❀ ❀

جہاں میں کوئی تیرا ثانی نہیں ہے　　یہاں دخل بہزاد و مانی نہیں ہے
محبت کی سی زندگانی نہیں ہے　　کہ عمرِ خضر(۱۶۵)جاودانی نہیں ہے
مرے دیدۂ دل میں پانی نہیں ہے　　جو اب آنسوؤں میں روانی نہیں ہے
محبت کے صدقے محبت کے باعث　　میسر مجھے شادمانی نہیں ہے
کہا جب جفا کو وفا سے بدل دو　　تو بولے یہ کیا مہربانی نہیں ہے
تری زُلفِ برہم کی لی تھیں بلائیں　　یہ مُجھ پر بلا ناگہانی نہیں ہے
سبب کیا ہے صابرؔ جو تیری غزل میں　　وہ پہلی سی کچھ خوش بیانی نہیں ہے

❀ ❀

جس قدر میری نگاہوں سے وہ چُھپتا جائے ہے　　اور مستحکم نظامِ عشق ہوتا جائے ہے
یوں نگاہِ شوق میری تا بجلوہ جائے ہے　　لیکن اِس بَرقِ تپاں کو، کس سے دیکھا جائے ہے
رحم کر ظالم، زبُوں حالی پہ میری رحم کر　　ہر تڑپ کے ساتھ دِل کا درد بڑھتا جائے ہے

۱۶۴۔ دسمبر ۱۹۵۲ء میں یہ غزل شاعر نے محلہ شاہ گردیز ملتان میں عاصی کرنالی کے خسر محمد عالم شاہ کے مکان پر ہونے والے مشاعرے میں سنائی تھی۔
۱۶۵۔ اساتذہ کے ہاں "خضر" کا تلفظ "فعل" کے وزن پر سمجھا جاتا رہا ہے اس لحاظ سے یہاں اس تلمیح کا بالفتحِ "ض" استعمال درست نہیں۔ سند کے لئے استاد ابراہیم ذوق کے یہ اشعار ملاحظہ ہوں جن میں "ض" ساکن ہے۔　　جاں دادگانِ عشق سے پوچھو فنا کی راہ　　اس میں جنابِ خضر ابھی نابلد سے ہیں
ہو عمرِ خضر بھی تو کہیں گے بوقتِ مرگ　　ہم کیا رہے یہاں ابھی آئے ابھی چلے (ذوق)

ظلم تم کرتے ہو، حسرت سے مجھے تکتی ہے خلق / بے رُخی سے عشق کا اعزاز بڑھتا جائے ہے
جس قدر میں ہوتا جاتا ہوں زمانے سے قریب / اُتنا ہی مجھ سے زمانہ دُور ہوتا جائے ہے
ملتفت وہ ہوں کہ صابرؔ موت آجائے مجھے / اب تو اُن مجبوریوں سے دَم الجھتا جائے ہے

دیکھ کے حُسن بے مثال؛ دید کی تاب لاسکے / کس کی مجال ہے جواب، تُجھ سے نظر ملا سکے
دل کے معاملات میں، اور کسی کا ذکر کیا / میرے غمِ حیات کو، تم بھی نہ جگمگا سکے
حُسن کی بارگاہ سے، مجھکو ملی متاعِ عشق / میرے سوا کوئی نہیں، غم میں جو مسکرا سکے
عشق کی خام کاریاں، حُسن کی کم نگاہیاں / ہم نہ تمہیں رُلا سکے، تم نہ ہمیں ہنسا سکے
عشق سے اُس کو کام کیا، حُسن سے اُس کو کیا غرض / رُوئے حسیں جو دیکھ کر، ضبط کی تاب لا سکے
(مسودے میں مصرع پہلا درج نہیں ہے) .................. / جن کی ہمیں تلاش تھی اُن کو ہی ہم نہ پا سکے

دُہائی ہے غمِ جاناں تری دُہائی ہے / کہ زندگی نے فنا سے شکست کھائی ہے
جنونِ شوق، تری خام کاریاں توبہ / کبھی کبھی تو خرد نے ہنسی اُڑائی ہے
کسی اَلم کا الٰہی یہ پیش خیمہ نہ ہو / بہت دِنوں میں مجھے اُن کی یاد آئی ہے
ہماری کوئی بھی سُنتا نہیں زمانے میں / جدھر ہیں آپ اُدھر آپ کی خدائی ہے
ترے تبسمِ رنگیں کے فیض سے اے دوست / ہزار بار قفس میں بہار آئی ہے
شکستہ حالی سے دل تنگ ہو نہ اے صابرؔ / کبھی کسی کو محبت بھی راس آئی ہے؟

نگاہِ ناز توکیا مجھ سے برہم ہوتی جاتی ہے / مرے حق میں ہر اک دُنیا کی شے غم ہوتی جاتی ہے
مجھے کیا غم جو دنیا مجھ سے برہم ہوتی جاتی ہے / سیہ بختی مری جب میری ہمدم ہوتی جاتی ہے
رسائی تو نظر کی ہو چکی ہے تیرے جلوے تک / نگاہوں میں مگر کچھ روشنی کم ہوتی جاتی ہے
یہی اِک شغل لے دے کر ملا تھا اُن کی اُلفت میں / الٰہی کیوں مری دیوانگی کم ہوتی جاتی ہے
بلاتے ہیں مجھے ہر روز لیکن بزمِ دشمن میں / نگاہِ لطف بھی اب جورِ پیہم ہوتی جاتی ہے
اثر یہ ہے مرے جذباتِ کامل کا میں اب سمجھا / تری صورت مری صورت کا عالم ہوتی جاتی ہے
بہت کچھ کام صابرؔ ضبط سے لیتا ہوں اُلفت میں / مگر صورت مری تصویرِ ماتم ہوتی جاتی ہے

ہر ظُلم سے کچُھ تیرے خبردار ہمیں تھے
محفل میں تری صاحبِ اسرار ہمیں تھے

ہونے کو تو ہر شخص کو [ہے] دعویِٔ اُلفت
کچھ تجھے تو ترے غم کے خریدار ہمیں تھے

جو تیری نگاہوں سے چھلکتی تھی سرِ بزم
اُس بادۂ پر جوش سے سرشار ہمیں تھے

سو بار رہے خِضر، رہِ عشق میں پیچھے
کچُھ عشق کی راہوں سے خبردار ہمیں تھے

یہ کیا [کہ] گری خرمنِ اغیار پہ بجلی(۱۶۶)
تیری نگہِ خاص کے حقدار ہمیں تھے

❀ ✍ ❀

ترے تخیل میں غرق ہو کر، ترا ہی ہم سامنا کریں گے
اگر یہ عزم و یقیں ہے قائم، تو کیوں غمِ ماسوا کریں گے

جسے سمجھتے ہو اِنتہا تُم، وہیں سے ہم اِبتدا کریں گے
جنھیں میسر سکونِ دل ہے، وہ پھر بھلا یاد کیا کریں گے

خدا تری عشرتوں کو رکھے، کہ اب بھی خانہ بدوش ہیں ہم
ہماری بربادیوں کے بانی، ترے لئے ہم دعا کریں گے

تری وفا کو جفا جو سمجھیں، ترے کرم کو جو ظُلم جانیں
بُھلا وہ ناواقفِ محبت، جنوں کی تکمیل کیا کریں گے

اگر ہے ذوقِ یقیں سلامت، تو ایک دن یہ بھی ہو رہے گا
جنہوں نے بخشا ہے درد ہم کو، اُنھیں بھی درد آشنا کریں گے

اُسی کے دَم سے تو گلشنِ دہر کی بہاروں میں دل کشی ہے
اُسی [نے] جب پھیرلیں نگاہیں، تو ہم بھلا جی کے کیا کریں گے

❀ ✍ ❀

عِشق کی موت کا ساماں ہے خُدا خیر کرے
زندگی غم سے گریزاں ہے خُدا خیر کرے

اب جنوں کون سی منزل میں ہے یہ کون بتائے
عقل سے دَست و گریباں ہے خُدا خیر کرے

جسکو سینے میں چُھپایا تھا ابھی تک وہ راز
میری صُورت سے نُمایاں ہے خُدا خیر کرے

❀ ✍ ❀

پڑے رہتے تھے ہم جو دَر پر کسی کے
الٰہی وہ دِن کیا ہوئے زندگی کے

بہت روز سے اب یہ اپنا ہے عالم
نہ کوئی ہمارا، نہ ہم ہیں کسی کے

گزُرتی ہے اب گوشۂ عافیت میں
یہ حالات ہیں اب مری زندگی کے

محبت میں جینا ہے مرنے سے بدتر
محبت میں پھر کیا کرے کوئی جی کے

❀ ✍ ❀

بغیر عشق بھلا حُسن کس حساب میں ہے
مری [نگاہ] بھی شامل ترے شباب میں ہے

خدا ہی جانے، یہ کیا شے ترے شباب میں ہے
نگاہ پڑ گئی جس پر وہ اضطراب میں ہے

۱۶۶۔ اس شعر میں غالب کی گونج صاف سنائی دیتی ہے ملاحظہ ہو" گرنی تھی ہم پہ برقِ تجلی نہ طور پر دیتے ہیں بادہ ظرفِ قدح خوار دیکھ کر (غالب)

مری نظر کا، مرے دل کا اضطراب نہ دیکھ
تری نظر بھی، ترا دل بھی اضطراب میں ہے
ہر اِک تڑپ میں ترا نام لَب پہ آتا ہے
سُکون سے بھی سِوا لُطف اِضطراب میں ہے
بَنا کے اپنا نہ اب در بدر پھرا مُجھ کو
یہ اِلتجائے محبت تری جناب میں ہے
ترے نثار، ترے حُسنِ مُطمئن کے نثار
مجھے سکون کی تلقین اِضطراب میں ہے

❀ ❀

بار کیوں اُٹھتے نہیں ہیں اب [تری بیداد] کے
ہائے کیوں خوگر ہُوئے جاتے ہیں ہم فریاد کے
آپ تو قائل نہ ہوتے تھے مری فریاد کے
لیجئے پہلو نِکل آئے مبارکباد کے
مُدعا میرا پَرستش کے سِوا کُچھ بھی نہ تھا
تو نے معنی ہی غلط سمجھے مری فریاد کے
تم نہ ہو گے پھر بھی تم کو بھول سکتا ہی نہیں
سینکڑوں پہلو نظر میں ہیں تمہاری یاد کے
آپ کیوں دیکھیں کسی مجبورِ اُلفت کی طرف
آپ کیوں ہمدرد بنتے ہیں کسی ناشاد کے
شعر کیا ہوتے ہیں صابؔر کے سُنیں کیوں اہلِ بزم
جمع کر لیتا ہے کُچھ ٹکڑے دلِ ناشاد کے

❀ ❀

اب دل ہے تیرے غم کا سہارا لئے ہوئے
قطرہ ہے اپنے ظرف میں دریا لیے ہوئے
کس کو یقین آئے قیامت کی بات کا
بیٹھے رہیں وہ وعدۂ فردا لیے ہوئے
دیکھے وہ تُجھ کو کیا جو تری بزمِ ناز میں
بیٹھا ہو چشمِ شوق کا پردا لیے ہوئے
میرے لئے فراق کی شب بھی ہے تابناک
پھرتا ہوں شمعِ داغِ تمنا لیے ہوئے
ہم تاجدارِ عِشق ہیں دُنیا سے کام کیا
دنیا کے لوگ ہیں غمِ دنیا لیے ہوئے
میں غم کی وادیوں سے گزرتا چلا گیا
تیری عِنایتوں کا سہارا لیے ہوئے
اِک میں ہی کیا ہوں آپ بھی مجبورِ عشق ہیں
ظاہر میں اِختیار کا پردا لیے ہوئے
صابؔر وہ بے نیازِ تمنا رہیں تو کیا
جب میں ہوں اِعتبارِ تمنا لیے ہوئے

❀ ❀

نہ برہمی کبھی دیکھی نہ بے رُخی میں نے
گزار دی ترے قدموں میں زندگی میں نے
کُچھ اِس طرح شبِ فُرقت میں آہ کی میں نے
کہ تیرگی میں بھی دیکھی ہے روشنی میں نے
بنا لیا ہے ترے غم کو زندگی میں نے
عجیب کام کیا ہے یہ واقعی میں نے

ہر ایک منظرِ دلکش سے ہو گیا بیزار — ترے عتاب میں دیکھی جو دلکشی میں نے
وہ تیرا غم ہے جسے روحِ زندگی سمجھا — غمِ زمانہ سے تو بات بھی نہ کی میں نے
مقامِ ترک و طلب سے گزر گیا ہوں میں — سمجھ لیا ہے مذاقِ خود آگہی میں نے
عروجِ گردشِ دوراں کو وہ نصیب کہاں — تری نگاہ میں جو بات دیکھ لی میں نے
(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے)............................ — تڑپ تڑپ کے گزاری ہے زندگی میں نے
وہی نگاہ، جو تھی وجہِ زندگی صابرؔ — اسی نگاہ میں دیکھی ہے برہمی میں نے

***

رُخِ روشن کو دیکھ کر تیرے — چاند تاروں کو نیند آئی ہے
اِس میں بھی کوئی مصلحت ہو گی — بے قراروں کو نیند آئی ہے
زندگی اب ترا خدا حافظ — غم گساروں کو نیند آئی ہے
سایۂ زلفِ یار، کیا کہنا — غم کے ماروں کو نیند آئی ہے
چشمِ میگوں کی گردشیں توبہ — میگساروں کو نیند آئی ہے

***

ہٹا دو آئنے کو، آئنے کا دیکھنا کیا ہے — ادائے حُسن کے ہوتے ہوئے، حُسنِ ادا کیا ہے
جہاں جاؤں، ترا دیوانہ کہتی ہے مجھے دُنیا — جنونِ عشق کی، اِس کے سوا، اب اِنتہا کیا ہے
تڑپ کر شمع کے قدموں میں اپنی جان دیتا ہے — کوئی پروانے سے پوچھے کہ دستورِ وفا کیا ہے
مری رُودادِ غم سُننے سے پہلے برہمی کیسی — ابھی میں نے کہا کیا ہے، ابھی تم نے سُنا کیا ہے
جفائے دوست سے منہ پھیرنے والے، یہ کیا جانیں — کہ راہِ عاشقی میں شانِ تسلیم و رِضا کیا ہے
جو ہیں دیوانگانِ عشق اُن کو اِس سے کیا مطلب — جنون کی اِبتدا کیا ہے، جنوں کی اِنتہا کیا ہے
ہمیں کُچھ جانتے ہیں حُسن کی رعنائیاں صابرؔ — کسی کو کیا بتائیں وہ نگاہِ فتنہ زا کیا ہے

***

عظیم تر نہ ہو اِنساں تو بات ہی کیا ہے — یہ زندگی کی ہے توہین، زندگی کیا ہے
خلوص ہو نہ میسّر تو زندگی کیا ہے — دلوں میں کھوٹ ہو پنہاں تو بندگی کیا ہے
ترے بغیر بھلا میری زندگی کیا ہے — خطا معاف! یہ اندازِ برہمی کیا ہے

غمِ جہاں سے مجھے کیا گزند پہنچے گا
غمِ حبیب سلامت، مجھے کمی کیا ہے

تمام عمر رہے زندگی کے کھوج میں ہم
سمجھ میں پھر بھی نہ آیا کہ زندگی کیا ہے

جو سوچیے تو اُسی کا ہے سب یہ عکسِ جمیل
ارے یہ چاند ستاروں کی روشنی کیا ہے

قفس میں رہ کے قفس کو چمن کہا میں نے
جنونِ عشق، یہ اندازِ بے بسی کیا ہے

ذرا تو چشمِ مروّت کو کام میں لاؤ
..........(۱۶۷)کجروی کیا ہے

مجھے تو رنج و مسرت میں امتیاز نہیں
تری خوشی ہے بڑی شے مری خوشی کیا ہے

کہوں کیوں ستایا ہے مجھ کو کسی نے
مجھے مار ڈالا مری زندگی نے

نہ کوئی ہمارا نہ ہم ہیں کسی کے
یہ انعام بخشا تری دوستی نے

فدا ہوتے ہیں لوگ رنگینوں پر
مجھے گم کیا ہے تری سادگی نے

مجھے تیرے قدموں میں لاکر بٹھایا
یہ دھوکا دیا ہے عجب زندگی نے

کبھی بے رُخی ہے کبھی دل دہی ہے
عجب رنگ بدلا تری کجروی نے

مجھے تو گماں آپ ہی کا ہوا ہے
جب آواز دی ہے کسی کو کسی نے

پھرا ہوں میں دن رات، صحرا بہ صحرا
یہ کیا گُل کھلائے تری دوستی نے

(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) ..........
اندھیرے میں رکھا مجھے روشنی نے

خدا تجھکو آفات سے دُور رکھے
دکھایا تو ہے دِل تری بے رخی نے

تری دوستی نے کہیں کا نہ رکھا
مجھے مار ڈالا تری دوستی نے

حفاظت سے دل میں اُنھیں رکھ لیا ہے
دیے ہیں جو غم آپ کی بے رخی نے

بچا لیجیے صابرِ نیم جاں کو
اُسے پیس کر رکھ دیا زندگی نے

میں ہوں وہ ہیں بادۂ گلفام ہے
اب کہاں تو گردشِ ایّام ہے

ہو رہی ہیں ہر طرف سرگوشیاں
یہ مرے ایثار کا اِنعام ہے

ہو گیا دُنیا کی نظروں میں ذلیل
اب مری رسوائی طشت ازبام ہے

زندگی کے مسئلے کو چھوڑیئے
زندگی آلام ہی آلام ہے

یورشِ پیہم کا صابر غم نہ کر
یہ ہے دُنیا اِس کا دُنیا نام ہے

۱۶۷- مصرع ثانی کے نصف اوّل کی قرأت ممکن نہیں۔

بے وفا مجھ کو کہہ دیا تو نے / یہ وفا کا صلہ دیا تو نے
اور وہ مجھ سے ہو گئے برہم / کیا کیا آہِ نارسا تو نے
چاہتا تھا خوشی، عطا ہوا غم / میں نے کیا چاہا، کیا دیا تو نے
مجھ سے جانباز کو مٹا ڈالا / ہائے افسوس کیا کیا تو نے
دل دیا بھی تو دردمند دیا / (مصرع ثانی مسودے میں درج نہیں ہے)......................
کیوں نہ کرتا میں شکر کے سجدے / رنج بے انتہا دیا تو نے
میں تو بھٹکا ہوا تھا الفت میں / راستے پر لگا دیا تو نے
عمر بھر کی وفاؤں کا انعام / کیا بتاؤں کہ کیا دیا تو نے
عمر بھر ہوش آ نہیں سکتا / جام ایسا پلا دیا تو نے

کیا تم بھی آج عشق کی منزل میں آگئے / کیا دل میں آئی، تم جو مرے دل میں آگئے
کچھ اِس ادا سے آج وہ محفل میں آگئے / ہر شخص چیخ اُٹھا، وہ مرے دل میں آگئے
اللہ رے اُن کی یاد کی معجز نمائیاں / محسوس یہ ہوا وہ مرے دل میں آگئے
دیکھا جو غور سے تو وہ دِل کے قریب تھے / ہم کیوں فریبِ دوریٔ منزل میں آگئے
جو آشنائے لذتِ طوفاں نہ تھے، وہ لوگ / خود آپ بڑھ کے دامنِ ساحل میں آگئے
ہاں اے جنونِ شوق تری عمر ہو دراز / گھبرا کے وہ بھی عشق کی منزل میں آگئے
حسرت سے اُن کی سمت اجل دیکھتی رہی / جو خوش نصیب دامنِ قاتل میں آگئے
نکلے جو سیر کو وہ شبِ ماہتاب میں / دھبے ہزار ہا مہِ کامل میں آگئے
للہ اب تو رُخ سے اُلٹ دیجئے نقاب / عاشق اُمید و بیم کی منزل میں آگئے
میں نے یہ کب کہا تھا کہ تشریف لائیے / اپنی خوشی سے آپ مرے دل میں آگئے
صابرؔ جو میرے نام سے رہتے تھے دُور دُور / آخر وہ ایک روز مرے دل میں آگئے

بے رخی جس کو سازگار آئے / پھر اُسے کیوں کسی پہ پیار آئے
جبر آئے کہ اختیار آئے / کچھ تو اُلفت میں سازگار آئے
موت ہے موت، زندگی کیسی / زندگی میں اگر قرار آئے

میرے اُجڑے ہوئے چمن میں بھی ۔۔۔ کیا عجب ہے کبھی بہار آئے
جس میں تصویرِ دوست ہو محفوظ ۔۔۔ ایسے شیشے پہ کیوں غُبار آئے
کیوں نہ ہو ناز اپنے دل پہ کہ جب ۔۔۔ ہر طرف سے صدائے یار آئے
جو تری یاد میں گُزرتی ہو ۔۔۔ کیوں نہ اُس زندگی پہ پیار آئے
اشکِ غم گر کے اُن کے دامن پر ۔۔۔ حُسن کی زندگی سنوار آئے
کوئی اُس کا سُراغ مِل نہ سکا ۔۔۔ ہم اُسے ہر طرف پُکار آئے
تو ہی جب مجھ سے دُور ہے تو بتا ۔۔۔ کس طرح پھر مجھے قرار آئے
جب ازل ہی سے ہوں میں ہجر نصیب ۔۔۔ کیوں مجھے راس وصلِ یار آئے
تم کو کیا، میں جیوں جیوں نہ جیوں ۔۔۔ تم بڑے میرے غمگسار آئے
تیری محفل کا یہ نظام کہ ہم ۔۔۔ خوش گئے اور دل فِگار آئے
ہے یہ کیا قہر تیری محفل سے ۔۔۔ اور خوش، ہم جِگر فِگار آئے
ہائے وہ دل میں تہ نشیں نکلا ۔۔۔ ہم جِسے ہر طرف پُکار آئے
جُز ترے کوئی نقش جم نہ سکا ۔۔۔ کتنی نظروں کے دل پہ وار آئے
یہ تو مُمکن نہیں کہ تجھکو بھی ۔۔۔ زندگی بھر یُونہی قرار آئے
اُسکی محفل میں جا کے اے صابرؔ ۔۔۔ ہم، لباسِ خوشی اُتار آئے
ہے سکوں ہی سکوں، جہاں صابرؔ ۔۔۔ ہم وہاں سے بھی بے قرار آئے

❀ ❀

ترے نثار، دیا تُو نے مجھ کو سوزِ دوام ۔۔۔ حُضورِ شمع تو جلتے رہے ہیں پروانے
میں جن کے واسطے دُنیا کو ترک کر بیٹھا ۔۔۔ مرا نصیب، وہ پھر بھی ہیں مُجھ سے بیگانے
ترے بغیر ہر اک شے اُداس اُداس سی ہے ۔۔۔ مری نگاہ کو کیا ہو گیا خُدا جانے
ہماری بزم ہے اب اُس مقام پر کہ جہاں ۔۔۔ حقیقتوں کے بھی اکثر سُنے ہیں افسانے

❀ ❀

منزل کا ٹھکانہ ہے نہ جادہ طلبی ہے
کیا زندگیٔ عشق میں بے راہ روی ہے

اِک صورتِ زیبا ہے کہ آنکھوں میں بسی ہے
اے پُوچھنے والو یہی آشفتہ سری ہے

اُس جانِ تمنا پہ گراں ہو کے رہی ہے
بھُولے سے کبھی میں نے جو اِک آہ بھی کی ہے

اپنے سے مجھے کام نہ بیگانوں سے مطلب
سمجھے جو اِسے، اُسکے لئے خوش خبری ہے

جاتے ہوئے تُو نے مجھے مُڑ کر بھی نہ دیکھا
اے دوست، عجب چیز یہ بیگانہ روی ہے

میں ہی نہیں وہ بھی تو ہیں مجبورِ تمنا
میری ہی نہیں اُن کی بھی آنکھوں میں نمی ہے

اظہارِ غمِ دل پہ جو تم چیں بہ جبیں ہو
یہ شانِ مروّت تو نہیں دل شکنی ہے

اظہارِ محبت ہے یہ اظہارِ محبت
وہ آپ کے ہونٹوں پہ ہنسی آئی ہوئی ہے

ہر اِک سے ترا ذکر ہے ہر وقت تری یاد
دیوانہ ترا رسمِ تکلّف سے بَری ہے

اے دوست نہ تُو مجھ سے مری خواہشِ دل پوچھ
جو تیری خُوشی ہے وہی میری بھی خُوشی ہے

اک عالمِ رنگیں ہے تری یاد کا عالم
دل شعلۂ بیتاب ہے اور لب پہ ہنسی ہے

تم اپنی جفاؤں پہ پشیمان نہ ہونا
دل میں تو ابھی لذتِ ایذا طلبی ہے

دیدار کے طالب، ارے دیدار کے طالب
آئینِ محبت میں یہی بے ادبی ہے

اَغیار سے منسوب نہ کر اے دلِ ناداں
اپنوں ہی کی یہ بات پرایوں نے کہی ہے

جو بات نگاہوں نے نگاہوں سے کہی تھی
شاید کہ وہی بات تمہیں بھول گئی ہے

یہ کون ہے صابرؔ ہمیں کیا اِس سے سروکار
قُربان تمہارے، یہ عجب بات کہی ہے

اب دل ہے عشرتِ غمِ جاناں لئے ہوئے
یعنی حیات شوق کا ساماں لیے ہوئے

آئیں وہ جلوۂ رُخِ تاباں لئے ہوئے
بیٹھے ہیں ہم متاعِ دِل و جاں لیے ہوئے

گزرا یہ کون چہرۂ خنداں لئے ہوئے
صحرا ہے اعتبارِ گلستاں لیے ہوئے

گزرا ہوں لاکھ بار محبت کی راہ سے
ہمراہ اپنے گردشِ دوراں لیے ہوئے

یہ بے رُخی درُست سہی آپ کی مگر
نظریں ہیں اِلتفاتِ نمایاں لیے ہوئے

ہلکی سی اِک نظر سے وہ پامال کر گئے
کیا کیا خیال تھا دلِ ناداں لیے ہوئے

اے چشمِ التفات، ترے انتظار میں
ٹھہرا ہوا ہوں عُمرِ گریزاں لیے ہوئے

وہ آئے بھی چلے بھی گئے اِسکا کیا علاج　　بیٹھا رہا میں دیدۂ حیراں لیے ہوئے
اب گردشِ زمانہ مجھے کیا مٹائے گی　　میں ہوں امانتِ غمِ جاناں لیے ہوئے
پُہنچا میں ایک جانِ گلستاں کے سامنے　　ویرانیٔ حیات کا عُنوان لیے ہوئے
اُس آستانِ پاک کی رِفعت نہ پُوچھیے　　ذرّے ہیں آفتابِ درخشاں لیے ہوئے
گزرا ہے اِس طرف سے کوئی جانِ رنگ و بُو　　غُنچے ہیں اِک نمائشِ خنداں لیے ہوئے
ذرّے، دیارِ عِشق کے ذرّے سہی مگر　　ہیں وُسعتوں میں اپنی بیاباں لیے ہوئے
صاؔبر ترے غُرورِ محبت کی خیر ہو　　نظریں ہیں اُنکی پُرسشِ پنہاں لیے ہوئے

ہے جو ماضی وہ اپنا حال بھی ہے　　ہجر جو ہجر تھا وصال بھی ہے
جن پہ تھا زندگی کا دار و مدار　　آج اُن سے ہمیں ملال بھی ہے
جِس کو چاہا بنا لیا اپنا　　تیری نظروں میں یہ کمال بھی ہے
عرضِ غم سُن کے مُجھ سے کہتے ہیں　　اب تری اِس قدر مجال بھی ہے
دھڑکنیں دل کی یہ بتاتی ہیں　　اب اُنھیں کچھ مرا خیال بھی ہے
تیری باتوں کا اب مجھے اے دوست　　کچھ یقیں بھی، کچھ اِحتمال بھی ہے
آپ ہی سے حیات ہے قائم　　آپ ہی سے مجھے ملال بھی ہے
اب مرا عشق کامیاب ہُوا　　ہاں یہی عِشق کا مآل بھی ہے
اُس جگہ پہ ہوں میں جہاں صاؔبر　　کچھ خوشی بھی ہے کُچھ ملال بھی ہے

ہاں ہاں نہیں ہے آپ سے کوئی گِلہ مجھے　　میرے دلِ تباہ نے دھوکا دیا مجھے
جِس کے لئے تباہ ہوئی ساری کائنات　　افسوس آج اُس نے کہا بے وفا مجھے
سجدے نگاہِ دل سے کروں گا ہزار بار　　قسمت سے مِل گیا جو ترا نقشِ پا مجھے
کیا رنگ لائے دیکھیے عشقِ جنوں نواز　　دُنیا سمجھ رہی ہے ترا مُبتلا مجھے
اب میں ہوں اور دردِ جدائی ہے میرے ساتھ　　میری وفا کا اُس نے صِلہ یہ دیا مجھے
جِس نے بنا دیا ہے زمانے سے بے نیاز　　ہاں ہاں اُسی نگاہ سے پھر دیکھنا مجھے

تمہارے حُسن کا اے دل نشیں کوئی ٹھکانہ ہے
تمہارے ہاتھ میں جنت ہے، قدموں میں زمانہ ہے
یہ مانا اور بھی ہیں فیض کے دربار دنیا میں
تمہارا آستانہ پھر تمہارا آستانہ ہے
اب ایسے وقت میں جو مانگنا ہے مانگ لے کوئی
ہے رحمت جوش پر اُن کی دُعاؤں کا زمانہ ہے
سنا ہے سینکڑوں اُس در پہ جاکے فیض پاتے ہیں(۱۶۸)
مجھے بھی دیکھئیے اپنا مقدر آزمانا ہے
مجھے اب چھُو کے چل سکتی نہیں یہ گردشِ دوراں
نگاہوں میں ہے صابر(۱۶۹)دل میں تیرا آشیانہ ہے
بھلا صابر کو پھرناکامیوں سے واسطہ کیوں ہو
تمہاری ذاتِ اقدس سے جو ربطِ غائبانہ ہے

❀ ✍ ❀

دل گرفتہ، جو کوئی عاشقِ زار آجائے
حُسنِ پژمُردہ کے چہرے پہ بہار آجائے
دل کی ہر چوٹ شگفتہ ہے جبینوں پہ نکھار
ایسے عالم میں جو وہ جانِ بہار آجائے
میں بھی ہوں منتظرِ طور مگر اے موسیٰ
اُن کے آئینۂ دل میں نہ غُبار آجائے
وہ کوئی اور ہی ہوں گے، ہے جنھیں صبر عزیز
میں تو مرجاؤں اگر دِل کو قرار آجائے
موسمِ گُل بھی ہے اور پھُول بھی کِھلتے ہیں مگر
تم جو آجاؤ، گلستاں میں بہار آجائے
اب وہ آثار نمایاں ہیں مرے چہرے سے
وہ تو کیامجھ پہ مشیّت کو بھی پیار آجائے
تم جو چاہو تو گلستاں میں بیاباں ہی رہے
تم جو چاہو تو بیاباں میں بہار آجائے
کون ہے آج مری سمت یہ سرگرمِ خرام
کہیں ویرانۂ دل میں نہ بہار آجائے
آج بھی بارگہِ حُسن سے آتی ہے صدا
کوئی منصُور اگر ہو، سَرِ دار آجائے
تیری محفل کے یہ دستور بدل سکتے ہیں
کہیں ایسے میں اگر صابر زار آجائے

❀ ✍ ❀

یہ تو ممکن نہیں ہے جیتے جی دُور تیرا خیال ہو جائے
تُو، اگر پھیر لے نظر مجھ سے زندگانی وبال ہو جائے
جو مرا حال ہے محبت میں کاش تیرا یہ حال ہو جائے

❀ ✍ ❀

۱۶۸-، ۱۶۹- یہ قطعہ بند درگاہِ صابریہ (دہلی) سے متعلق ہے۔

کافر ترے لیے نہ مسلماں ترے لیے — اِک رندِ لا اُبالی مگر ہاں ترے لیے
کیا کیا کیا نہ دشمنِ ایماں ترے لئے — کافر ہوا ہے مجھ سا مسلماں ترے لئے
مجھ خانماں خراب کی حالت پہ غور کر — بدلا ہے میں نے زیست کا عنواں ترے لئے
ہر وقت شعر و نغمہ ہے ہر وقت تیری یاد — بننا پڑا ہے [مجھکو] غزل خواں ترے لئے
اے جانِ عاشقی مجھے اتنا بتا تو دے — کب تک رہوں میں اور پریشاں ترے لئے
یہ منزلت ہوئی ہے مجھے عشق میں نصیب — صحرا نشیں ہوں جانِ گلستاں ترے لئے
ہم دل کو چاک کرتے ہیں وہ اور ہیں کہ جو — رکھتے ہیں صرف چاک گریباں ترے لئے
ان قربتوں کے ساتھ یہ احساس ہے مجھے — دیکھا کروں گا خوابِ پریشاں ترے لیے
اب کوئی میرے جینے کی صورت نکال تو — دشواریٔ حیات ہے آساں ترے لیے
چھیڑا تھا تو نے کیوں اسے مضرابِ لطف سے — بجتا رہے گا سازِ رگِ جاں ترے لیے
(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) .................. — سرزد ہوئے ہیں کارِ نمایاں ترے لیے
اب کوئی بوالہوس نہ یہاں آئے گا نواب(۱۷۰) — مخصوص ہو گیا غمِ جاناں ترے لیے

❀ ✍ ❀

ٹکنے دیا نہ غم نے ترے ہم جہاں رہے — تو ہی بتا کہ اب ترا وحشی کہاں رہے
آخر کو کوئی حد بھی تو ہوتی ہے ضبط کی — کب تک تمہارا دردِ محبت نہاں رہے
دوری میں بھی مزا ہے حضوری میں بھی ہے لطف — لیکن سوال یہ ہے کہ عاشق کہاں رہے
(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) .................. — سائے میں بجلیوں کے، مرا آشیاں رہے
آیا نہ میرا جذبۂ اُلفت بروئے کار — جب تک مری نگاہ میں سود و زیاں رہے
(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے). .................. — آیا کرے بہار کہ دورِ خزاں رہے
رکھنا ہے اس کو اُن سے اگر ربطِ باہمی — صابر کو چاہیئے کہ وہ بے خانماں رہے

❀ ✍ ❀

نصیب کی کہیں خامی رستانی جاتی ہے — وہ آئے ہیں تو مجھے نیند آئی جاتی ہے
نگاہِ شوق کی بے باکیاں، خدا کی پناہ — کہ اب نظر سے تجلی چھپائی جاتی ہے
خرامِ ناز کی کیا بات ہے، خدا رکھے — قیامت آپ کے قدموں میں آئی جاتی ہے

---

۱۷۰۔ بیاض سوم میں غزل کے آخر میں یہ وضاحت کر دی گئی ہے کہ نواب سے مراد "نواب بانو آف آگرہ" ہیں۔

تمہارے ظُلم مسلّم، مگر یہ یاد رہے — حُصولِ غم کے لئے چوٹ کھائی جاتی ہے

وہ بیٹھ کر مرے پہلو میں مُسکراتے ہیں — بُت قریب سے بجلی گرائی جاتی ہے

وہ دیکھتے ہیں مجھے قہر کی نِگاہوں سے — عجیب طرح محبت جتائی جاتی ہے

ہمیں تو ہیں جو فدا اپنی جان کرتے ہیں(۱۷۱) — ہمیں پہ تیغِ ستم آزمائی جاتی ہے

خرامِ ناز کی کیا بات ہے، خدا رکھے(۱۷۲) — قدم قدم پہ قیامت اٹھائی جاتی ہے

عُدو کی بات تو ہوتی ہے جاگزیں دل میں — ہماری بات تو دل سے بُھلائی جاتی ہے

اب اُس مقام پہ لایا جنونِ شوق، جہاں — تری شبیہہ ہر اِک شے میں پائی جاتی ہے

کسی نشاط، کسی عیش میں کہاں صابرؔ — وہ زندگی جو ترے غم میں پائی جاتی ہے

جنابِ شیخ سے پوچھیں گے آج اے صابرؔ — شراب پینے سے کیا پارسائی جاتی ہے؟

❀ ✍ ❀

جب عیش میسر تھا اب رنج اُٹھانا ہے — اِک وہ بھی زمانہ تھا، اِک یہ بھی زمانہ ہے

دُنیا کے حسینوں میں، دُنیا کے جمیلوں میں — بس آپ کو دیکھا ہے، بس آپ کو مانا ہے

جی بھر کے جفا کر لو، جی بھر کے ستم توڑو — ہم کو [تو] محبت میں ہستی کو مٹانا ہے

پھر جوشِ جُنوں اٹھا، پھر یادِ چمن آئی — شاید مری قسمت میں صیّاد کا دانہ ہے

❀ ✍ ❀

محبت تھی بقیدِ رسم لیکن — ترانۂ تازیانہ ہو گیا ہے

خِرد رویا کرے مجھکو کہ میرا — جنوں سے دوستانہ ہو گیا ہے

قفس جِس کو سمجھتا تھا میں صابرؔ — وُہی اب آشیانہ ہو گیا ہے

❀ ✍ ❀

یوں تو جو چاہے تری راہگزر سے گزرے — ہے گزرنا تو اُسی کا جو نظر سے گزرے

ذرہ ذرہ ہمیں واں طُور نظر آتا ہے — کوئی کس طرح تری راہگزر سے گزرے

شامِ فُرقت ہے کہاں، صُبحِ مسرت ہے کہاں — ہم تو اِس مرحلۂ شام و سَحر سے گزرے

(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) .................... — چند ایسے بھی مقامات نظر سے گزرے

(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) .................... — بات تو جب ہے کہ پانی مرے سر سے گزرے

---

۱۷۱- یہی مصرع اولی تیسرے شعر کے پہلے مصرع کے طور پر پہلے بھی آچکا ہے۔ ۱۷۲- مسودے میں اس شعر کے مصرعِ ثانی کی ایک اور صورت بھی پائی جاتی ہے جو یہ ہے۔ "قدم قدم پہ قیامت اٹھائی جاتی ہے"

تُم کو کیا مطلب کسی نا کام سے
کام آنے صرف اپنے کام سے

جِسکو مطلب ہو تمہارے نام سے
اس کو کیا آغاز اور انجام سے

آہِ بیکس رنگ لانے کی ضرور
رہ نہیں سکتے ہو تم آرام سے

دوست سے وہ رنج پہنچے ہیں کہ اب
کانپتا ہوں دوستی کے نام سے

(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) ..................
شمع بجھتی جا رہی ہے شام سے

❀ ❀

وہ سلسلۂ رسمِ ملاقات نہیں ہے
اس طرح کا ملنا تو کوئی بات نہیں ہے

ملنا بھی ہے بیکار، نہ ملنا بھی ہے بیکار
اب تجھ میں وہ پہلی سی کوئی بات نہیں ہے

رونے سے بھی اب عشرتِ غم کم نہیں ہوتی
برسات ہے کیفیتِ جذبات نہیں ہے

(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) ..................
اللہ یہ کیا دورِ مکافات نہیں ہے

(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) ..................
جیسے مرے ہمراہ تری ذات نہیں ہے

❀ ❀

لائی کہاں مُجھے مری قسمت نہ پُوچھیے
کیا کیا ہوئی [ہے] عشق میں ذلت نہ پُوچھیے

یہ راز کیا ہے اِسکی حقیقت نہ پُوچھیے
کیوں زندگی سے ہے مجھے نفرت نہ پُوچھیے

اچھی گزر رہی ہے بہر حال زندگی
لِلّٰہ آپ اب مری حالت نہ پوچھیے

ہوتی ہے دردِ عشق کی لذت جسے نصیب
(مسودے میں مصرع ثانی درج نہیں ہے) ..................

❀ ❀

جو تُم آؤ گے محفل میں تو دیوانے بھی آئیں گے
حُضورِ شمع مر مِٹنے کو پروانے بھی آئیں گے

تُم اپنی بزم کے آئین پر گہری نظر رکھنا(۱۷۳)
یہاں اکثر، بکارِ خویش دیوانے بھی آئیں گے

کِیا ہے عہد تو اس عہد کے پابند بھی رہنا
تمہیں میری طرف سے لوگ بہکانے بھی آئیں گے

جنھوں نے خرمنِ اُمید پہ بجلی گرائی ہے
وہی اک روز اَبرِ لُطف برسانے بھی آئیں گے

اگر عزم مُصمّم ہے تو صابرؔ خوف کیا معنی
چمن کے راستے میں لاکھ ویرانے بھی آئیں گے

---

۱۷۳۔ اس غزل کے دوسرے اور تیسرے شعر کا اندراج علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد سے ۱۹۹۳ء میں مکمل ہونے والے ایم فل اردو کے مقالے "انوار انجم احوال و آثار" کے ابتدائی صفحات میں صابر دہلوی کے ذکر کے ذیل میں ملتا ہے۔

# قطعات

کل قطعات ۸ اشعار ۱۶ حواشی ۲ نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

# ردیف "ر"

کل قطعات ۲ اشعار ۴ حواشی - نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

رہے لاکھ پردوں میں مستُور ہو کر
وہ چمکے مگر شعلۂ طُور ہو کر
غمِ عشق توبہ، غمِ عشق توبہ
یہ کہنا پڑا مجھکو مجبُور ہو کر

❀ ✍ ❀

گزر رہے ہیں عجب طرح اپنے لیل و نہار
خزاں، خزاں ہے نظر میں، نہ اَب بہار، بہار
خُدا ہی جانے یہ کیا گُو مگُو کا عالم ہے
نہ زندگی سے تعلّق نہ زندگی سے فرار

# ردیف "م"

کل قطعات ۱ اشعار ۲ حواشی - نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

جہاں جہاں تری تصویر پا رہے ہیں ہم
وہیں وہیں نگہِ دل جُھکا رہے ہیں ہم
تُجھے خبر بھی ہے او دل کے چِھیننے والے
سمجھ کے جان کی بازی لگا رہے ہیں ہم

# ردیف "ن"

کل قطعات ۱ اشعار ۲ حواشی - نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

چمن کِھلے تو یہ سمجھو ِخزاں نے کروٹ لی
ِجسے بہار زمانہ کہے بہار نہیں
مُجھے تو غم کی خُوشی ہے کہ دائمی شے ہے
خُوشی، خُوشی ہے، خُوشی کا کُچھ اِعتبار نہیں

# ردیف "و"

کل قطعات ۱ اشعار ۲ حواشی - ناکمل مصرع - مقامات قیاس -

جب مجھے زندگی کی آس نہ ہو
کیوں مرا دل بھلا اُداس نہ ہو
آپ کو کس طرح بُلاؤں میں
آدمی جبکہ میرے پاس نہ ہو

# ردیف "ے"

کل قطعات ۳ اشعار ٦ حواشی ۲ نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

❀ ✍ ❀

کہئیے انصاف سے کیا خاک مرا دل ٹھہرے    آئنہ آپ کے جو مدِ مقابل ٹھہرے

دِید سے قبل یہ مُوسیٰ نے کیا تھا دعویٰ    پَرتوِ حُسنِ ازل میرے مقابل ٹھہرے

❀ ✍ ❀

فورٹ منرو(۱)کے پیچ و خَم کی قسم    زُلفِ جاناں تو سیدھی سادی ہے

زندگی رقص کر رہی ہے یہاں    اللہ اللہ کیا یہ وادی ہے

❀ ✍ ❀

نور ہی نور ہے، رَعنائی ہی رَعنائی ہے    فورٹ منرو پہ عجب دَھج سے بہار آئی ہے

شُکر شاکر(۲)کا ادا کیجئے کیوں کر صابرؔ    میرے حق میں تو یہ اِعجازِ مسیحائی ہے

❀ ✍ ❀

---

۱۔ ڈیرہ غازی خان کے نواح میں ایک پُر فضا مقام، جہاں کی سیاحت کے دوران صابر دہلوی نے یہ دونوں قطعات تخلیق کئے۔

۲۔ فورٹ منرو کا تفریحی دورہ شاکر حسن نے ترتیب دیا تھا۔ صابر دہلوی نے اس مصرع میں ان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

# رباعیات

کل رباعیات ۳ اشعار ۶ حواشی ا نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

# ردیف "الف"

کل رباعیات ۲ اشعار ۴ حواشی ۱ نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

احباب کا یاں رنگ نرالا دیکھا
ہر شخص کو ہم پیالہ و ہم نوالہ دیکھا
جب آئی کسی دوست پہ کوئی آفت
اِس وقت محبت کا دوالا (۱) دیکھا

ملتان کی تاریخ کو دُہراؤں گا
اِس شہر سے جب دُور چلا جاؤں گا
دریا میں رہ کر مگر مچھ سے بَیر
اِس قول کے نزدیک نہیں آؤں گا

---

۱۔ قافیے کی مجبوری ہے ورنہ ظاہر ہے شاعر "دیوالہ" کہنا چاہتا ہے۔

# ردیف " ف "

کل رباعیات ۱ اشعار ۲ حواشی - ناکمل مصرع - مقامات قیاس -

اے دوست عجب شہر ہے مُلتان شریف
مِلتا نہیں کوئی یہاں اِنسان شریف
اور عِلم و اَدب کا تُو نہ عالَم پُوچھو
ہے عِلم و اَدب کا تو یہ زندان شریف

# متفرقات

کل متفرقات ۱۶ اشعار ۲۵ - حواشی - نامکمل مصرع ۳ مقامات قیاس -

# ردیف "ر"

کل متفرقات ا اشعار ا حواشی - ناکمل مصرع - مقامات قیاس -

یہ جلسۂ تنظیم ہے بر پشم قلندر
حُکّام کی تعظیم ہے بر پشم قلندر [1]

# ردیف "م"

کل متفرقات ا     اشعار ا حواشی -     نامکمل مصرع -     مقامات قیاس -

خُوشی، مَلال یہ سب کُچھ ہے آپ پر موقوف
بس آپ ہیں مری قسمت کسی کو کیا معلُوم

# ردیف "ن"

کل متفرقات ۳ اشعار ۴ حواشی - نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

تجھے تری بے رُخی مبارک مجھے مری بندگی سلامت
قیودِ رسمِ کہن مٹا کر میں اِک نئی راہ پا رہا ہوں
نصیحتیں تو بجا ہیں ناصح تری مگر اِس کو کیا کروں میں
امینِ رسمِ وفا رہوں گا، امینِ رسمِ وفا رہا ہوں

اپنا یہی عقیدہ ہے دُنیائے عِشق میں
جب دل حسیں نہیں ہے تو دُنیا حسیں نہیں

وہ آنکھ کیا جو ترے غم میں آب آب نہیں
وہ دِل نہیں ہے کہ جس دل میں اِضطراب نہیں

# ردیف "ہ"

کل متفرقات ۱ اشعار ۳ حواشی - نامکمل مصرع ۲ مقامات قیاس -

لب میرے شکایت کو نہ ہوں گے کبھی وا دیکھ
دِل کو تو مِٹا دیکھا ہے مجھکو بھی مِٹا دیکھ
(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے)..............................
آئینِ محبت میں یہ ہوتی ہے خطا دیکھ
(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے)..............................
تو اپنی مصیبت کا فسانہ تو سُنا دیکھ

# ردیف "ے"

کل متفرقات ۱۰ اشعار ۱۶ حواشی - نامکمل مصرع ۱ مقامات قیاس -

آج وہ محوِ خُود نُمائی ہے غیرتِ عشق کی دہائی ہے
غیر تو غیر ہیں محبت میں دوستوں نے ہنسی اُڑائی ہے

ہے دوستی کی شان اِسی میں کہ ہم سے آپ وعدہ تو کیجئے مگر ایفا نہ کیجیے
(مسودے میں پہلا مصرع درج نہیں ہے) .......................... عشقِ جنوں نواز سے پردہ نہ کیجیے
تشویش کیوں ہے صابرِ بیمار کے لئے ممکن نہیں علاج تو اچھا نہ کیجیے

وہ وقت آئے مرے مُحترم خُدا نہ کرے اُٹھاؤں جب نہ میں تیرے ستم خدا نہ کرے
جبینِ شوق ترے آستاں سے ہے منسوب نظر میں آئیں یہ دَیر و حرم خدا نہ کرے

وہ کوئی اور ہی شے ہے وہ محبت تو نہیں دِل کی آواز اگر لفظ و بیاں تک پُہنچے
اب نہ فریاد و فُغاں ہے نہ ترا ذِکر جمیل ہم ترے عشق کے صدقے میں کہاں تک پُہنچے

میں اِس التفات کو کیا کروں، ہے اِس التفات میں کیا مزہ جو لکھا تھا میرے نصیب میں اُسے آپ بھی نہ مٹا سکے
یہ تو عشق کی ہیں کرامتیں مجھے دوسروں سے گِلہ نہیں مُجھے جِن کی ذات کا تھا یقیں وہی میرے کام نہ آسکے

اپنے وطن کو آپ ہی سینچیں تو بات ہے یہ کیا کہ دوسروں کے سہاروں میں ڈھل گئے

ننگِ مَے خانہ تھا میں ساقی نے یہ کیا کر دیا پینے والے کہہ اُٹھے "یا پیرِ مے خانہ" مُجھے

جہاں انسانیت انسانیت آزار ہو جائے وہاں کی زندگانی کیوں نہ پھر دُشوار ہو جائے

ہزار ٹھوکریں کھائیں ہزار رنج سہے رہِ وفا میں مگر پاؤں ڈگمگا نہ سکے

مری نوائے درد پہ نہ آپ مُسکرائیے
غریبِ دل کی داستاں ہے داستاں لئے ہوئے

# نظمیں

کل نظمیں ۴ اشعار ۳۱ حواشی - ناکمل مصرع - مقامات قیاس -

# ردیف "پ"

کل نظمیں ۱ اشعار ۱۲ حواشی - ناکمل مصرع - مقامات قیاس -

# کہاں پائیے گا آپ

مانا کہ اب کرم سے ہی پیش آئیے گا آپ
لیکن مذاقِ عشق کہاں پائیے گا آپ

مانا کہ اب رہے گا ہمیشہ مرا خیال
مانا کہ اب نہ ہو گا میری ذات سے ملال
مانا کہ اب نہ آئے گا لب پر کوئی سوال
مانا کبھی نہ اب مجھے ٹھکرائیے گا آپ
لیکن مذاقِ عشق کہاں پائیے گا آپ

مانا کہ اب نہ ہو گی مری زندگی تباہ
مانا کہ اب نہ ہو گی کبھی قہر کی نگاہ
مانا کہ اب نہ ہوں گے کبھی جور بے پناہ
مانا کہ اشک آنکھوں میں بھر لائیے گا آپ
لیکن مذاقِ عشق کہاں پائیے گا آپ

گنجائش اب نہیں ہے مجھے آزمانے کی
زحمت نہ کیجئے مجھے اپنا بنانے کی
عادت نہیں رہی مجھے اب سر جھکانے کی
اب لاکھ التفات بھی فرمائیے گا آپ
لیکن مذاقِ عشق کہاں پائیے گا آپ

ہم نے کیا ہے آپ کی باتوں کا اعتبار
ہم نے کیا ہے قلبِ حزیں آپ پر نثار
ہم نے کیا ہے دامنِ دل غم سے تار تار
یہ دیکھ کر بھی رحم جو فرمائیے گا آپ
لیکن مذاقِ عشق کہاں پائیے گا آپ

سو بار آپ ہوں مرے غمخوار کچھ نہیں
ہو جائیں آپ دل کے طرفدار کچھ نہیں
میری نظر میں حسنِ فسوں کار کچھ نہیں
اس پر بھی لطفِ خاص جو فرمائیے گا آپ
لیکن مذاقِ عشق کہاں پائیے گا آپ

# ردیف "و"

کل نظمیں ۱ اشعار ۳ حواشی - ناکمل مصرع - مقامات قیاس -

# چوں قضا آمد

صاف ظاہر، صاف باطن، نیک خصلت، نیک خُو
بھیس تھا اِنسان کا لیکن فرشتہ ہُو بہ ہُو

"چُوں قضا آمد طبیب ابلا شود" مشہُور ہے
بس یہی کہتی ہوئی آئی قضائے حیلہ جُو

سب عزیز و اَقربا تھے جمع سب کے سامنے
موت اُنکو لے گئی ہمراہ سب کے رُوبرُو

# ردیف "ی"

کل نظمیں ۲ اشعار ۱۲ حواشی - نامکمل مصرع - مقامات قیاس -

# کھانسی

اب غم انگیز ہو گئی کھانسی
پہلے سے تیز ہو گئی کھانسی

اَسپ کی طرح دوڑتا ہوں میں
یعنی مہمیز ہو گئی کھانسی

اے خُدا تُجھ سے ہے مری فریاد
دَرد انگیز ہو گئی کھانسی

صوفیوں کی طرح جگاتی ہے
شمس تبریز ہو گئی کھانسی

ڈاکٹر کی دوائیں کھا کھا کر
اور بھی تیز ہو گئی کھانسی

رات دن سینہ کوبی کرتا ہوں
شاہ گردیز ہو گئی کھانسی

اِس کی تعظیم اٹھ کے کرتا ہوں
بنتِ پرویز ہو گئی کھانسی

پھُول سے بَن کے بلغم آتا ہے
کتنی گُل ریز ہو گئی کھانسی

## بیانِ دلی

نہ سُنا جائے گا لوگوں سے بیانِ دلی
جمع ہیں آج یہاں مرثیہ خوانِ دلی

پھونکے دیتی ہے مرے دل کو فغانِ دلی
تیر مجھ پر ہی چلاتی ہے کمانِ دلی

آج جو بے سروسامان نظر آتے ہیں
تھی انہی لوگوں کے ہاتھوں میں عنانِ دلی

کچھ دنوں پہلے خبیثوں کی خباثت سے مجھے
دھندلے دھندلے نظر آتے تھے نشانِ دلی

اب وہ بازار کہاں، اب وہ گلی کوچے کہاں
دلی والوں ہی کے دم سے تو تھی شانِ دلی

اتنا مانوس ہوں دلی سے، جدھر جاتا ہوں
مجھکو ہوتا ہے ہر اِک شے پہ گمانِ دلی

آخر کار لٹیروں نے اسے لوٹ لیا
نام کو بھی نہیں اب نام و نشانِ دلی

مختصر سی تو یہ رُوداد نہ تھی اے صابر
سینکڑوں رنگ سے کرنا تھا بیانِ دلی

# تراکیب صابر دہلوی

| ترکیب | متعلقہ مصرع | صفحہ | ترکیب | متعلقہ مصرع | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| **الف** | | | ابروئے خم دار | ابروئے خم دار تیر اشکر یہ | ۱۶۵ |
| آفتاب آرزو | ہر اک ذرہ اٹھے گا آفتاب آرزو لے کر | ۱۰۷ | اندازِ حجابانہ | دیکھا نہیں جاتا ہے اندازِ حجابانہ | ۱۸۶ |
| آغوشِ کرم | جب مرے واسطے آغوشِ کرم وا ہو گی | ۱۲۶ | اتصالِ کفر و ایماں | ہو گیا پھر اتصالِ کفر و ایماں دیکھئے | ۱۹۲ |
| آہِ دلگداز | اثر نواز ہوئی آہِ دلگداز مری | ۱۲۸ | اعجازِ مسیحائی | میرے حق میں تو یہ اعجازِ مسیحائی ہے | ۲۱۶ |
| آتشِ اشک | آتشِ اشک سے جلتے ہیں بجھائیں کیونکر | ۱۳۱ | **ب** | | |
| آزردگانِ دل | بیٹھے ہیں تیری بزم میں آزردگانِ دل | ۱۳۹ | بارشِ جود و سخا | بارشِ جود و سخا آج کہیں پر ہو گی | ۱۰۸ |
| آہ و فغانِ دل | تڑپا رہی ہے روح کو آہ و فغانِ دل | ۱۳۹ | بے نیازِ کفر و ایماں | عشق نے اب بے نیازِ کفر و ایماں کر دیا | ۱۱۲ |
| آرزوئے دل | اب آرزوئے دل کا مری، پوچھنا ہی کیا | ۱۵۴ | بے چارگیٔ دل | کیوں آپ پشیماں ہیں بے چارگیٔ دل پر | ۱۹۱ |
| آشنائے راز | بھلاوہ آشنائے رازِ سوزِ دل تو کیا ہو گا | ۱۱۵ | بارِ غمِ الفت | تو نے بارِ غمِ الفت نہ اٹھایا ہوتا | ۱۲۰ |
| آوارۂ منزل | ابھی تک جو مجھے آوارۂ منزل سمجھتے ہیں | ۱۵۸ | بانیٔ بیداد و ستم | مژدہ ہو یہ اس بانیٔ بیداد و ستم کو | ۱۷۱ |
| آوازِ شکستِ دل | ترے نغمے کو آوازِ شکستِ دل سمجھتے ہیں | ۱۵۸ | بے نیازِ حق و باطل | محبت بے نیازِ حق و باطل ہے، جہاں میں ہوں | ۱۴۸ |
| آرزوئے دید | کیا رنگ لائے دیکھئے اب آرزوئے دید | ۱۴۳ | بانیٔ شر | کیا تجھکو مرے دل کی حالت او بانیٔ شر معلوم نہیں | ۱۵۵ |
| آئینۂ نظر | آئینۂ نظر میں مرے روشنی نہیں | ۱۵۴ | بہارِ بے خزاں | ان چراغوں کو بہارِ بے خزاں سمجھا تھا میں | ۱۵۹ |
| آمدِ فصلِ بہار | شہرت سنی جو آمدِ فصلِ بہار کی | ۱۷۸ | بلائے شبِ ہجراں | اب مرے ساتھ بلائے شبِ ہجراں کیوں ہو | ۱۶۱ |
| آہِ آتش بار | بس اب ہر آہ میری آہِ آتش بار ہو جائے | ۱۸۵ | بندۂ بے دام | یوں تجھے بندۂ بے دام کہاں تک دیکھوں | ۱۴۷ |
| ابرِ گہر بار | چھائے ہیں جہاں ابرِ گہر بار مدینہ | ۱۰۵ | بادہ گلفام | مخمور ہوں اور بادہ گلفام نہیں ہے | ۱۸۲ |
| اوجِ مقامِ دلِ خالق | اللہ رے یہ اوجِ مقامِ دلِ عاشق | ۱۰۵ | بے ثباتیٔ عالم | ہر چند بے ثباتیٔ عالم نظر میں ہے | ۱۸۷ |
| احساسِ قرب و دوریٔ منزل | اسے احساسِ قرب و دوریٔ منزل تو کیا ہو گا | ۱۱۴ | برقِ تپاں | لیکن اس برقِ تپاں کو کس سے دیکھا جائے ہے | ۱۹۲ |
| ایوانِ تمنا | برباد ہوا جاتا ہے ایوانِ تمنا | ۱۱۹ | **پ** | | |
| ایمانِ تمنا | صابر ہے یہی اصل میں ایمانِ تمنا | ۱۱۹ | پیکرِ جمیل | اس پیکرِ جمیل کا دل میں قیام ہے | ۹۷ |
| اندازِ تغافل | ان کے اندازِ تغافل میں کمی ہونے لگی | ۱۶۹ | پرستارِ حسن | میں پرستارِ حسن ہوں لیکن | ۱۱۵ |
| اسرارِ نہاں | نہ وہ سمجھے نہ میں سمجھا یہ اسرارِ نہاں اب تک | ۱۳۷ | پندارِ حسن | پندارِ حسن خاک میں مل جائے تو سہی | ۱۶۷ |
| اسیرِ دامِ ظلمت | ہم اسیرِ دامِ ظلمت وہ سراپا نور ہیں | ۱۴۰ | پرستارِ جنوں | پرستارِ جنوں کی چاک دامانی نہیں جاتی | ۱۷۴ |
| اضطرابِ شوق | جو طعنہ زن تھے ہائے میرے اضطرابِ شوق پر | ۱۵۷ | پردۂ حائل | کوئی پردہ یہاں اب پردۂ حائل تو کیا ہو گا | ۱۱۴ |
| اذنِ تجلی | ہم نے جانا ان کی طرف سے اذنِ تجلی عام ہوا | ۱۵۲ | پرتوِ حسنِ ازل | پرتوِ حسنِ ازل میرے مقابل ٹھہرے | ۲۱۶ |
| اشکِ حسرت | اشکِ حسرت، لبِ گفتار نظر آتے ہیں | ۱۵۶ | پیغامِ قضا | تیرا چھٹنا مجھے پیغامِ قضا دیتا ہے | ۱۸۱ |

| ترکیب | متعلقہ مصرع | صفحہ |
|---|---|---|
| **ت** | | |
| تسکینِ اضطراب | تسکینِ اضطراب نہ فرمائیے گا آپ | ۱۲۴ |
| تکلیفِ انتظار | اب مرے واسطے تکلیفِ انتظار نہ کر | ۱۳۱ |
| تسکینِ قلبِ زار | مرے خیال میں تسکینِ قلبِ زار نہ کر | ۱۳۱ |
| تکملۂ جوشِ جنوں | آؤ اور تکملۂ جوشِ جنوں کر جاؤ | ۱۶۱ |
| تلخیٔ زمانہ | پھر مجھے گوارا ہے تلخیٔ زمانہ بھی | ۱۷۴ |
| تابشِ جمال | ہے تابشِ جمال سے چہرہ عرق عرق | ۱۷۷ |
| تلاشِ کوچۂ جاناں | تلاشِ کوچۂ جاناں ہے عزم محکم ہے | ۱۸۴ |
| تابِ نظارہ | تابِ نظارہ کہاں تھی جو بجا رہتے حواس | ۱۱۱ |
| تصویرِ ماتم | مگر صورت مری تصویرِ ماتم ہوتی جاتی ہے | ۱۹۴ |
| **ج** | | |
| جلوہ گہہ ناز | اٹھ گیا جلوہ گہہ ناز کا پردہ دیکھا | ۱۱۱ |
| جنونِ شاد کام | اپنی منزل تک جنونِ شاد کام آ ہی گیا | ۱۱۳ |
| جلوۂ مہر وماہ | جلوۂ مہر وماہ کیا شام وسحر میں کچھ نہیں | ۱۵۲ |
| جزورگِ جاں | ہر اک ادا کو جزورگِ جاں بنا دیا | ۱۱۶ |
| جذبۂ خوددار | عشق کا جذبۂ خوددار الٰہی توبہ | ۱۸۱ |
| جانِ تمنا | آپ ہیں جانِ تمنا آپ ہی جانِ بہار | ۱۳۱ |
| جستجوئے دید | رہے گی کب تک آخر جستجوئے دید لاحاصل | ۱۳۷ |
| جامِ شرابِ ارغواں | اب ہمیں جامِ شرابِ ارغواں سے کیا غرض | ۱۴۷ |
| جرأتِ مدعا | ان سے کہوں تو کیا کہوں، جرأتِ مدعا نہیں | ۱۴۹ |
| جہانِ عیش وطرب | مجھ کو جہانِ عیش وطرب سے غرض ہے کیا | ۱۵۶ |
| جلوۂ رنگیں | آپ ہی کے جلوۂ رنگیں کا میں بھی عکس ہوں | ۱۴۹ |
| جنونِ شوق | صابر جنونِ شوق نے آساں بنا دیئے | ۱۸۳ |
| جذباتِ رنگیں | مرے جذباتِ رنگیں کی فراوانی نہیں جاتی | ۱۷۴ |
| جستجوئے دوست | جستجوئے دوست آخر جستجوئے دوست ہے | ۱۷۵ |
| جنونِ فتنہ ساماں | حقیقت کیا محبت میں جنونِ فتنہ ساماں کی | ۱۷۲ |

| ترکیب | متعلقہ مصرع | صفحہ |
|---|---|---|
| **چ** | | |
| چشمِ پُر آب | کیا مرتبہ ہے اب مری چشمِ پُر آب کا | ۹۷ |
| چراغِ کشتۂ محفل | مجھے وہ اب چراغِ کشتۂ محفل سمجھتے ہیں | ۱۵۸ |
| چارہ سازِ بیکساں | تمہیں آتا نہیں جب چارہ سازِ بیکساں ہونا | ۱۱۵ |
| چراغِ آرزو | ہم کبھی ٹھنڈا چراغِ آرزو کرتے نہیں | ۱۵۲ |
| چادرِ آبِ رواں | آنسوؤں کو چادرِ آبِ رواں سمجھا تھا میں | ۱۵۸ |
| چراغِ تہہِ داماں | شعلۂ عشق چراغِ تہہِ داماں کیوں ہو | ۱۶۱ |
| چراغِ طُور | جس قدر ذرّات دل ہیں، سب چراغِ طور ہیں | ۱۴۹ |
| چشمِ فسوں گر | میں نے اس چشمِ فسوں گر میں کبھی اے صابر | ۱۷۰ |
| چہرۂ زیبا | اس کا چہرۂ زیبا کون دیکھ سکتا ہے | ۱۷۴ |
| چشمِ حقیقت نگر | یارب انھیں بھی چشمِ حقیقت نگر ملے | ۱۸۳ |
| **ح** | | |
| حسنِ لاکلام | حسن بھی حسنِ لاکلام ان کا | ۱۱۳ |
| حریفِ گردشِ دوراں | دل کو حریفِ گردشِ دوراں بنا دیا | ۱۱۶ |
| حسنِ رعنا | حسنِ رعنا پہ بہاروں کا گماں ہے کہ جو تھا | ۱۱۷ |
| حلقہ بگوشِ اثر | نالے بھی اُن کے حلقہ بگوشِ اثر ملے | ۱۸۳ |
| حجابِ درمیاں | محبت میں رہے گا یہ حجابِ درمیاں کب تک | ۱۳۷ |
| حسرتِ شوقِ دید | حسرتِ شوقِ دید پر سوچ کے فیصلہ کرو | ۱۴۹ |
| حریمِ ناز | اسے اپنی حریمِ ناز کے قابل سمجھتے ہیں | ۱۵۸ |
| حسرت کدۂ ہوش | دل ہے دل کس لئے حسرت کدۂ ہوش نہ ہو | ۱۶۱ |
| حسنِ بے جہت | اس حُسنِ بے جہت کو تصور میں لاکے دیکھ | ۱۶۷ |
| حیرتِ جلوہ | حیرتِ جلوہ عام ہے ہوش میرے بجا نہیں | ۱۴۹ |
| **خ** | | |
| خانۂ صیاد | جلا دیا مری آہوں نے خانۂ صیاد | ۱۲۸ |
| خنجرِ بے نیام | چلا خنجرِ بے نیامِ محبت | ۱۲۶ |
| خواہشِ جام وسبو | مست تیرے خواہشِ جام وسبو کرتے نہیں | ۱۵۲ |

| ترکیب | متعلقہ مصرع | صفحہ |
|---|---|---|
| خدائے سکوں | ادھر بھی کوئی سکوں کی نظر خدائے سکوں | ۱۵۴ |
| خفتگانِ آرزو | جاگ اٹھے اب خفتگانِ آرزو | ۱۶۲ |
| خرامِ ناز | بات ہی کچھ اور ہے ان کے خرامِ ناز کی | ۱۳۱ |
| خالقِ ارماں | اے خالقِ ارمان دہائی ہے دہائی | ۱۱۹ |
| **د** | | |
| دولتِ کونین | تم مل گئے تو دولتِ کونین مل گئی | ۹۷ |
| دردمندِ ہجر | دردمندِ ہجر ہوں، تقدیر کے ماروں میں ہوں | ۱۰۱ |
| دورِ فصلِ گل | مبارک دورِ فصلِ گل چمن میں آنے والا ہے | ۱۰۷ |
| دیدۂ بینا | یہ آنکھ وہ ہے دیدۂ بینا کہیں جسے | ۱۰۸ |
| دیوارِ زنداں | لکیریں کھینچتا ہوں گر کبھی دیوارِ زنداں پر | ۱۳۱ |
| دورِ شکستِ جام | اب تیری محفل میں شاید دورِ شکستِ جام نہیں | ۱۵۲ |
| دلِ وحشت اثر | مگر کوشش دلِ وحشت اثر نے تابہ امکاں کی | ۱۷۲ |
| دلِ حسرت اثر | پھر بھی کوئی خلش دلِ حسرت اثر میں ہے | ۱۸۷ |
| دیدۂ گریاں | ضبط کا پاس مجھے دیدۂ گریاں نہ رہا | ۱۲۰ |
| دمِ رفتار | جب کبھی وہ دمِ رفتار نظر آتے ہیں | ۱۵۶ |
| **ر** | | |
| رنگِ کافرانہ | کام کر گیا آخر رنگِ کافرانہ بھی | ۱۷۴ |
| روحِ جان و تن | تجھے اس پر بھی روحِ جان و تن کہنا ہی پڑتا ہے | ۱۸۶ |
| رندِ مے آشام | کیوں الجھتے ہو کسی رندِ مے آشام کے ساتھ | ۱۶۶ |
| رشکِ آفتاب | ذرہ ذرہ ہے جہاں کا آج رشکِ آفتاب | ۱۱۴ |
| روحِ نووارد | یہ سب اک روحِ نووارد کا استقبال ہے گویا | ۱۰۷ |
| روئے پُرانوار | رُوئے پُرانوار تیرا شکریہ | ۱۶۵ |
| راحت کدۂ جاں | قربتِ جلوہ بھی راحت کدۂ جاں کیوں ہو | ۱۶۱ |
| روح وروانِ دل | کچھ التفات چاہیے رُوح وروانِ دل | ۱۳۹ |
| رشکِ مہ کنعاں | داغِ دل حُسن میں رشکِ مہ کنعاں ہو گا | ۱۱۱ |
| رہبرِ کامل | مدتوں ساتھ رہا رہبرِ کامل ہو کر | ۱۳۲ |

| ترکیب | متعلقہ مصرع | صفحہ |
|---|---|---|
| رہنمائے جادۂ مقصد | رہنمائے جادۂ مقصد کوئی ملتا نہیں | ۱۴۹ |
| رہینِ دَیر و حرم | رہینِ دیر و حرم اب دل تباہ نہیں | ۱۵۰ |
| **ز** | | |
| زینتِ مژگاں | آنسو ہوئے ہیں زینتِ مژگاں ترے لئے | ۱۰۷ |
| زینتِ کون و مکان | خدا کی شان وہ ہیں زینتِ کون و مکاں اب تک | ۱۳۷ |
| زندگیٔ مستعار | یہ تھی بساطِ زندگیٔ مستعار کی | ۱۷۸ |
| **س** | | |
| سایۂ داماں | ہر طرف ہے سایۂ دامانِ گیسوئے رسول | ۹۹ |
| ساقیٔ مے خانہ | کام کچھ ساقیٔ مے خانہ بنایا ہوتا | ۱۱۶ |
| سلسلۂ اشک | آج بھی سلسلۂ اشک رواں ہے کہ جو تھا | ۱۱۸ |
| سرزمینِ پاک | اے سرزمینِ پاک ترا شکریہ مگر | ۱۲۹ |
| سازِ رگِ جاں | مگر تم نغمہ خواں اب کیوں نہیں سازِ رگِ جاں پر | ۱۳۱ |
| سعیٔ لاحاصل | یہ میری سعیٔ لاحاصل کا حاصل ہے جہاں میں ہوں | ۱۴۸ |
| ستم ظریفیٔ فطرت | ستم ظریفیٔ فطرت نہیں تو پھر کیا ہے | ۱۸۶ |
| سازِ فطرت | ازل میں سازِ فطرت سے وہ نکلا نغمۂ رنگیں | ۱۵۷ |
| **ش** | | |
| شہِ ہر دوسرا | اپنے روضے پر بلالو یا شہِ ہر دوسرا | ۱۰۱ |
| شمعِ بزمِ حُسن | لطف تو جب ہے کہ ڈھونڈے ہم کو شمعِ بزمِ حسن | ۱۱۴ |
| شعلہ سامانِ بہار | آہ برسانے لگے ہیں شعلہ سامانِ بہار | ۱۳۱ |
| شمعِ شبستانِ بہار | اک نظر یاں اک نظر شمعِ شبستانِ بہار | ۱۳۱ |
| شانِ کریمی | تمہاری شانِ کریمی پہ حرف آنے کا | ۱۲۹ |
| شیوۂ خود کام | عشق کا شیوۂ خود کام کہاں تک دیکھوں | ۱۴۷ |
| شاعرِ فطرت | دنیا نے مجھ کو شاعرِ فطرت کہا تو کیا | ۱۵۶ |
| شمعِ داغِ تمنا | پھرتا ہوں شمعِ داغِ تمنا لئے ہوئے | ۱۹۵ |
| شانِ یدِ بیضا | ہم اپنے ہی دل کے داغوں میں، شانِ یدِ بیضا دیکھیں گے | ۱۸۰ |
| شکوۂ سنجِ آرزو | ارے او شکوۂ سنجِ آرزو تجھکو خبر بھی ہے | ۱۸۵ |

| ترکیب | متعلقہ مصرع | صفحہ |
|---|---|---|
| متاعِ ہوش و خرد | متاعِ ہوش و خرد ہے کہاں نہیں معلوم | ۱۴۵ |
| مذاقِ کلیم وطور | وہ مذاقِ کلیم وطور نہیں | ۱۴۸ |
| مسیحِ معصیت | جو مسیحِ معصیت ہیں ان کے بیماروں میں ہوں | ۱۰۱ |
| مست مئے دیدار | مغرور ہے مستِ مئے دیدارِ مدینہ | ۱۰۵ |
| مژدۂ لاتقنطو | ہر اک سانس آئے گا اب مژدۂ لاتقنطو لے کر | ۱۰۷ |
| مژدۂ جاں بخش | آج یہ مژدۂ جاں بخش صبا لائی ہے | ۱۰۸ |
| محویتِ شوق | یہ محویتِ شوق، یہ مشتاق نگاہیں | ۱۰۵ |
| مُہرِ وفا | مُہرِ وفا ہے جب مرے لب پر لگی ہوئی | ۱۷۲ |
| مذاقِ عشق | لیکن مذاقِ عشق کہاں پائیے گا آپ | ۱۲۴ |
| مائلِ فریاد | خدا کی شان کہ اب وہ ہیں مائلِ فریاد | ۱۲۸ |
| منت کشِ ساحل | وہ رہے گا کہیں منت کشِ ساحل ہو کر | ۱۳۲ |
| مرحلۂ جاں | ہر مرحلے کو مرحلۂ جاں بنا دیا | ۱۱۷ |
| **ن** | | |
| نگہِ التفات | امیدوار ہے نگہِ التفات کی | ۱۰۷ |
| نغمۂ منصور | لب پہ جاری نغمۂ منصور رہنا چاہیے | ۱۸۳ |
| نگارانِ چمن | نگارانِ چمن شبنم کی بارش میں نہائیں گے | ۱۰۷ |
| نقشِ سجدہ | مٹ جائے نقشِ سجدہ جبیں سے تو غم نہیں | ۱۲۹ |
| نقشِ کفِ پا | عظمت ہے جو دل میں ترے نقشِ کفِ پا کی | ۱۷۳ |
| ناقدریٔ اربابِ وفا | اف یہ ناقدریٔ اربابِ وفا کا عالم | ۱۲۹ |
| نگاہِ لُطف | نگاہِ لطف سے اب مجھ کو شرمسار نہ کر | ۱۳۱ |

| ترکیب | متعلقہ مصرع | صفحہ |
|---|---|---|
| نرگسِ مستانہ | میری جانب تک رہی ہے نرگسِ مستانہ کیا | ۱۱۴ |
| ناواقفِ مالِ مسرت | ناواقفِ مالِ مسرت خبر بھی ہے | ۱۲۸ |
| ناخنِ وحشت | خدا رکھے سلامت تجھ کو برسوں ناخنِ وحشت | ۱۶۳ |
| نگہِ لطف و کرم | یا تو مجھ پر نگہِ لطف و کرم ہو جائے | ۱۶۳ |
| نظامِ بزمِ امکاں | ہو گیا برہم نظامِ بزمِ امکاں دیکھئے | ۱۹۲ |
| **و** | | |
| وقفِ درو بام | اب ذوقِ نظر، وقفِ درو بام نہیں ہے | ۱۸۲ |
| وجہِ نظامِ عالم | محبت اصل میں وجہِ نظامِ عالم ہے | ۱۸۴ |
| وعدۂ فردا | جس نے سو بار ترا وعدۂ فردا دیکھا | ۱۱۱ |
| وعدۂ ناپائیدار | کیا پختگی تھی وعدۂ ناپائیدار میں | ۱۵۳ |
| وفائے مسلسل | مری وفائے مسلسل کی آپ دیں گے داد | ۱۲۹ |
| وقتِ مسیحائی | اب بھی آجا کہ ابھی وقتِ مسیحائی ہے | ۱۸۱ |
| **ہ** | | |
| ہمرنگِ گلستاں | میرے ہر آنسو کو ہمرنگِ گلستاں کر دیا | ۱۱۲ |
| ہستیٔ پروانہ | مجھ کو سمجھو شمعِ محفل ہستیٔ پروانہ کیا | ۱۱۴ |
| ہستیٔ ناپائیدار | اُڑا دے ہستیٔ ناپائیدار کے ٹکڑے | ۱۳۱ |
| **ی** | | |
| یارائے نطق | اب تابِ گفتگو ہے نہ یارائے نطق ہے | ۱۲۸ |
| یوسفِ گم گشتہ | چٹکیاں لے گی جو اُس یوسفِ گم گشتہ کی یاد | ۱۱۱ |
| یادِ گیسو | روح کو تڑپا رہی ہے یادِ گیسوئے رسول | ۹۹ |

*

# ضمیمہ جات

## ضمیمہ الف

# عکسی نقول نسخہ جات

مطبوعہ غزلیں

تحقیقی خلطِ مبحث کی دستاویزی شہادتیں

# عکس بیاض اول

[illegible]

۹۴

لگا دو دل اگر مجھ کو جمالِ یار ہو گا — تو ہر جلوہ جہانِ حسن کا بیکار ہو گا

نیازِ عشق کا یہ کم سے کم معیار ہو گا — جبیں جھکتی رہے گی سدا آستانِ یار ہو گا

ارے او شکوہ سنجِ آرزو تجھ کو خبر بھی ہے — اگر وہ ملتفت ہوں زندگی دشوار ہو گا

تری آنکھوں کی عظمت وہ سمجھا مجھ کو جنہیں — نگاہیں بھی نہ اٹھنے پائیں اور سرشار ہو گا

جہانِ آرزو کو پھونک دینا کام ہے تیرا نہیں — اب ہر اک مہری آہِ آتشیں بار ہو گا

نیاز و ناز کے آئین دنیا سے نرالے ہیں — کہ مجبور ہو ادا اور دوسرا مختار ہو جائے گا

کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کی جوش لگی کا — شریکِ غم بھی اگر کوئی سرِ بازار مجھ سا ہو گا

مثالِ آئینہ دیرانی کا دل کبھی گھبرا نہیں سکتا — تعجب کیا جو یہ صحرا کبھی گلزار ہو جائے

زبانِ حال سے بھی درد کی تشریح ہوتی ہے — سرِ مژگاں ہر اک آنسو لب گفتار ہو گا

زباں کھلتی نہیں ہے سامنے ان کی [illegible] اگر صابر
تو نظروں سے بھی دردِ عشق کا اظہار ہو جائے

# عکسِ بیاضِ دوم

[illegible] تماشا دیکھوں

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] صابر

یوں کہے بندہ ہے دام [illegible] کیا تماشا دیکھوں

[illegible]

# عکس بیاض سوم

## غزل

وا نہ ہوتے لبِ اظہار تو اچھا ہوتا
عشق رہتا جو پسِ پردۂ اسرار تو اچھا ہوتا

میں تو کرتا ہوں وفاؤں پہ تری ناز مگر
تو نہ ہوتا جو جفا کار تو اچھا ہوتا

زندگی جیسے بھی ترسا گئی کچھ تیرے بغیر
مر ہی جاتا ترا بیمار تو اچھا ہوتا

ایسے ہی غم میں گزرتے ہیں مرے لیل و نہار
کاش ہوتا نہ یہ آزار تو اچھا ہوتا

سب کو لوں دیکھ کے تشکر مرا جیسے شرما آتا ہے
تم نہ ہوتے ترا شیدا اس [illegible] تو اچھا ہوتا

خودکشی کا قرار [illegible] ہے جینے کا عذاب ہے
مجھ کو موت آتی جو [illegible] سرِ دار تو اچھا ہوتا

لوگ سن سن کے مجھے دادِ سخن دیتے ہیں
تو بھی [illegible] سنتا مرے اشعار تو اچھا ہوتا

[illegible]

[illegible]

56

# آخری غزل

عشق کا حسن ہی باقی نہ رہے میرے بعد
کس کو ہوگا نہ تجھے رونا میرے بعد

تم مجھے اپنے ہی ہمراہ نہ کیوں لیتے گئے
میرے کانوں میں آئی تھی صدا میرے بعد

دل ہی دل میں مجھے پھر دادِ تحمل دینا
جب کسی شخص پہ ہو جائے جفا میرے بعد

مسکراہٹ میں بھی نغمے کی ادا ہوتی ہے
کون سمجھے گا تری طرزِ صدا میرے بعد

آج سے نا قدریٔ اربابِ وفا کا عالم
اُن کا اندازِ تغافل نہ رہے میرے بعد

تم یہ اک بات مرے کہنے سے اندر رکھ لو
ختم ہو جائے گا معیارِ وفا میرے بعد

ہائے صابر سا وفا دوست کہاں سے لاؤں
اُس نے لوگوں سے یہ رو رو کے کہا میرے بعد

اُردو نامہ، کراچی

شمارہ ۱۳،

# غزل

جناب صابر دہلوی مرحوم نے پچھلے دنوں ملتان میں ناگاہ انتقال کیا۔ مرحوم تیس پینتیس سال تک محفلِ شعر کی رونق رہے تھے۔ ذیل کی غزل اُن کے آخری تبرکات میں سے ہے جسے ہم ان کے صاحبزادے جناب انوار انجم صاحب کے شکریے کے ساتھ شائع کر رہے ہیں۔ (ادارہ)

عشق کی بربادیوں کا اک یہی حاصل سہی
تو نہیں اپنا تو تیرا غم شریکِ دل سہی

زندگی کو زندگی کی کچھ خوشی حاصل سہی
دردِ محرومی سہی یا سوزِ دردِ دل سہی

تو اگر ممکن نہیں تو غم بھی تیرا کم نہیں
ایک شے حاصل سہی اور ایک لاحاصل سہی

سامنے انکے مگر پھر بھی نکل آتے ہیں اشک
کتنے ہی پردوں میں پنہاں رازِ سوزِ دل سہی

خیر ہو یارب مرے عزم و یقیں کی خیر ہو
لاکھ احساسِ فریبِ دوریٔ منزل سہی

جستجوئے دوست آخر جستجوئے دوست ہے
رہروِ راہِ طلب گم کردۂ منزل سہی

اس کی اک اک آن پر صابرؔ کے جان و دل نثار
اصطلاحِ عام میں مشہور وہ قاتل سہی

صابر دہلوی (مرحوم)



(صابر دہلوی کی ایک مطبوعہ غزل)

٩٣ نخلستان جون ١٩٦١ء

# غزل

صابر دہلوی

عشق کی بربادیوں کا اک یہی حاصل سہی
تو نہیں اپنا تو ترا غم شریکِ دل سہی

زندگی کو زندگی کی کچھ خوشی حاصل سہی
دردِ محرومی سہی یا سوزِ دردِ دل سہی

تو اگر ممکن نہیں تو غم بھی تیرا کم نہیں
ایک شے حاصل سہی اور ایک بے حاصل سہی

سامنے ان کے مگر پھر بھی نکل آتے ہیں اشک
کتنے ہی پردوں میں پنہاں رازِ سوزِ دل سہی

خیر ہو یا رب مرے عزم و یقین کی خیر ہو
لاکھ احساسِ فریبِ دوریٔ منزل سہی

جستجوئے شوق آخر جستجوئے دوست ہے
رہروِ راہِ طلب گم کردۂ منزل سہی

اسکی ایک ایک آن پر صابر کے جان و دل نثار
اصطلاحِ عام میں مشہور وہ قاتل سہی

(صابر دہلوی کی ایک مطبوعہ غزل)

# صابر دہلوی اور ان کے بیٹے حنیف صابری کی مماثل زمینیں

ہوئے کبھی جو وہ اگر مجھ سے خفا ہوتا ہے + جھگڑا کوئی نہیں ہوتا ہے جدا ہوتا ہے ۱۵/۱

جام اُن کی نظروں سے جو عشق عطا ہوتا ہے + کیا کہوں حالِ دلِ زار تلپ کا کیا ہوتا ہے

کہہ تو دیتا ہوں خدا حافظ دنیا و لیکن + جب وہ جاتے ہیں مرا حال برا ہوتا ہے

میں پرستارِ محبت ہوں کروں گا سجدے + آپ کیوں تکتے ہیں مجھ سے کہ یہ کیا ہوتا ہے

میں تو درد کے لپیٹے کو رجھا لیا آنسو + ہوش میں آ کے وہ کہتے ہیں یہ کیا ہوتا ہے

مجھ سے بیتے کچھ ابھی کچھ ابھی الفت کے آثار + خاص انداز میں وہ مجھ سے خفا ہوتا ہے

لوگ کہتے ہیں کہ صابر یہ آخر کیا بات
تیرے ہر شعر کا انداز نیا ہوتا ہے

(بیاض اول ص ۱۵

کیا ہوا گر وہ ستم کیش خفا ہوتا ہے — شکوہ کب شیوہ اربابِ وفا ہوتا ہے
چارہ گر لاکھ کریں غم کا مداوا لیکن — درد جو دل میں ہے کب دل سے جدا ہوتا ہے
اور بھی یوں تو بہت اہلِ ادا ملتے ہیں — ان کا اندازِ تخاطب ہی جدا ہوتا ہے
دوستوں نے کیا برباد کہ غیروں نے ہمیں — رنج کیوں کیجئے اب رنج سے کیا ہوتا ہے
آپ کیوں بدلیں بھلا طرزِ جفا کاریٔ حسن — ہونے دیں عشق میں جو حال مرا ہوتا ہے

(حنیف صابری کی یہ غزل ماہنامہ "نور و نار" لاہور شمارہ دسمبر ۱۹۶۸ء میں صفحہ نمبر ۲۹ پر شائع ہوئی۔

ہو بھی رہے وہ اگر مجھ سے خفا ہوتا ہے ... نہ جھکا کوئی جہاں ہوتا ہے خدا ہوتا ہے

جام ارض کی محو ترجیحات ... ہوتا ہے ... کیا کہوں حال مرا تیک کیا ہوتا ہے

کہہ تو دیا ہوں خدا جانتا ... جب وہ آئے ہیں مرا حال برا ہوتا ہے

میں پرستار محبت ہوں کرو گے سجدے ... آپ کہتے ہیں مجھے یہ کیا ہوتا ہے

میں خود ہوں لبیک کو ہو جائے اشعر ... ہوش میں آ کر وہ کہتے ہیں یہ کیا ہوتا ہے

کچھ تو ہے جو کہ آنکھوں میں بھی ہیں آثار ... خاص انداز میں وہ مجھ سے خفا ہوتا ہے

لوگ کہتے ہیں کہ صابر ہے آخر کیا بات
تیرے ہر شعر کا انداز نیا ہوتا ہے

بیاض دوم ص ۱۳

[illegible]

(خط صابر دہلوی میں یہ غزل نسخہ دوم کے صفحہ نمبر ۴۲ پر تحریر ہے)

خدا کی شان کہ اب وہ ہیں مائل فریاد
جنون شوق کو دیتا ہوں خود مبارکباد

سنائے جاؤ جہاں تک سنا سکو لیکن
مری زباں پہ نہ آئیگی کبھی فریاد

اسے میں اپنے لئے زندگی سمجھتا ہوں
تمہارے غم میں جو ہو جائے زندگی برباد

کچھ اس طرح سے مری روح میں سمائی ہے
نہ جا سکے گی مرے دل سے اب تمہاری یاد

جگر سے ہوک سی اٹھتی ہے دل لرزتا ہے
غم جدائی میں آتی ہے جب تمہاری یاد

تڑپنے لگتا ہے دل روح کانپ جاتی ہے
عجیب طرح سے آتی ہے اب تمہاری یاد

اثر نواز ہوئی آہ دلگداز مری
جلا دیا مری آہوں نے خانۂ صیاد

یہ مصلحت کا تقاضا تھا، یہ ظاہری باتیں
رہینگے آپ ہمیشہ مرے بجا ارشاد

زمیں کا نقشہ کوئی بدلے دنیا میں
یہ زندگی کا زمانہ ہے خانۂ برباد

ترا ہے ... جو لوٹی مری جاں
محل محل میں نشانی تری تو ہے تری یاد

تمہاری شان کریمی پہ حرف آئیگا
مجھے کہے گا زمانہ جو خانماں برباد

(خط انوار انجم میں یہ غزل نسخہ سوم میں صفحہ نمبر ۹۵ پر صابر دہلوی کی غزل کے طور پر درج ہے)

مجتث مثمن مخبون مقطوع

مفاعلن فعلاتن مفاعلن فعلان

۲۱۶

خدا کی شان کہ اب وہ ہیں مائلِ فریاد
جنونِ شوق کو دینا پڑی مبارک باد

جگر سے ہوک سی اٹھتی ہے دل لرزتا ہے
شبِ فراق میں آتی ہے جب تمہاری یاد

اثر نواز ہوئی آہ دل گداز مری!
جلا دیا مری آہوں نے خانۂ صیاد!

یہ مصلحت کا تقاضہ یہ ظاہری باتیں!
رہیں گے آپ مرے ہمنوا بجا ارشاد

تمہاری شانِ کریمی پہ حرف آئے گا
زمانہ مجھ کو کہے گا جو خانماں برباد

تباہ کر کے مری زندگی کا ہر گوشہ
نگاہ پھیر کے جاتا ہے او ستم ایجاد

یہ زندگی بھی کوئی زندگی ہے اے انجم
یہ بندگی کا زمانہ یہ خدمتِ صیاد

(انوار انجم کے مجموعہ کلام "شاخِ نہال غم" کے مرتبین نے خلط مبحث کے باعث صفحہ نمبر ۲۱۶ پر اسے انوار انجم کی غزل کے طور پر شامل کیا تھا۔ مقالہ ہذا میں اب یہ غزل صفحہ نمبر ۱۲۸ پر کلام صابر میں شامل کی گئی ہے)

(۴)

دلِ تباہ جو خنداں نہیں تو کچھ بھی نہیں
خزاں میں رنگِ بہاراں نہیں تو کچھ بھی نہیں

وہ دل جو نامِ محبت پہ ہو نہ لرزاں
حریفِ گردشِ دوراں نہیں تو کچھ بھی نہیں

یہ رنگ و بو کی دنیا عجیب ہے دنیا ہی
اگر حیاتِ عشق فروزاں نہیں تو کچھ بھی نہیں

جہاں کی خاک جو چھانے کوئی تو کیا حاصل حاصل
طوافِ کوچۂ جاناں نہیں تو کچھ بھی نہیں

زمانہ تو کچھ بھی ترقی کیا کرے لیکن
دلوں میں عظمتِ انساں نہیں تو کچھ بھی نہیں

(نسخۂ سوم صفحہ نمبر ۱۳ پر یہ غزل انوار انجم نے اسے (اپنے دادا) صابر دہلوی کی غزلوں میں شمار کیا ہے)

دلِ تباہ جو خنداں نہیں تو کچھ بھی نہیں
خزاں میں رنگِ بہاراں نہیں تو کچھ بھی نہیں

وہ دل جو نامِ محبت پہ مسکراتا ہے
حریفِ گردشِ دوراں نہیں تو کچھ بھی نہیں

یہ کرب وآہ کی دنیا عجیب دنیا ہے
اگر حیات غزلخواں نہیں تو کچھ بھی نہیں

جہاں کی خاک جو چھانے کوئی تو کیا حاصل
طوافِ کوچۂ جاناں نہیں تو کچھ بھی نہیں

زمانہ لاکھ ترقی کیا کرے انجمؔ
دلوں میں عظمتِ انساں نہیں تو کچھ بھی نہیں ۱۹۵۹ء

(خلطِ مبحث کے باعث "شاخ نہال غم" میں صفحہ نمبر ۱۹۲ پر اسے انوار انجم کی غزل کے طور پر شاملِ کتاب کیا گیا ہے۔)

نا ہے ٹھوکریں کھائیں ہزار رہگزر سے
رہ وفا میں ہمارا پاؤں ڈگمگا نہ سکے

---

(اوپر دیا گیا عکس نسخہ سوم کے صفحہ نمبر ۲۹ کا ہے جس کے مطابق یہ شعر دراصل صابر دہلوی کا ہے)

۲۱۰

یہ اور بات کہ منزل کو اپنی پا نہ سکے
مگر جو عزم کیا تھا کبھی بھلا نہ سکے

وہ کیا کرے گا بیاں داستانِ غم ان سے
جو ایک بات بھی دل کی انہیں بتا نہ سکے

ہزار ٹھوکریں ڈالے غمِ جدائی نے
مری وفا کے قدم پھر بھی ڈگمگا نہ سکے

رکھے نہ وادیٔ الفت میں وہ قدم ہرگز
خزاں میں بھی جو بہاروں کے گیت گا نہ سکے

ملے ہیں ایسے بھی زیست میں کچھ مقام انجمؔ
دلِ حزیں کو جہاں وہ بھی یاد آ نہ سکے

۱۹۵۸ء

(شاخ نہال غم میں صفحہ نمبر ۲۱۰ پر موجود اس غزل کا تیسرا شعر دراصل صابر دہلوی ہی کے مضمون کی ایک صورت ہے۔ مقالے میں اسے صفحہ نمبر ۲۳۲ پر بھی ملاحظہ کیا جا سکتا ہے)

112

محبت تھی بقیدِ رسم لیکن
ترانہ تازیانہ ہو گیا ہے

خرد رویا کرے مجھکو میرا
جنوں سے دوستانہ ہو گیا ہے

قفس جسکو سمجھتا تھا میں صابر
وہ اب آشیانہ ہو گیا ہے

(بیاض سوم کے صفحہ نمبر ۱۱۲ کے اس عکس میں موجود مقطع یہ ظاہر کر رہا ہے کہ انوار انجم نے اسے اپنے دادا ہی کی غزل کے طور پر درج کیا ہے۔ اس مقالے میں یہ غزل صفحہ نمبر ۲۰۴ پر بھی ملاحظہ کی جاسکتی ہے)

یہ کیا رنگِ زمانہ ہو گیا ہے
ستم بھی تاجرانہ ہو گیا ہے

نگاہِ ناز کے اُٹھنے سے پہلے
ہمارا دل نشانہ ہو گیا ہے

محبت تھی بقیدِ رسم لیکن
ترا غم تازیانہ ہو گیا ہے

نشیمن سے قفس میں رہتے رہتے
قفس ہی آشیانہ ہو گیا ہے

پھر اس کے واسطے بے چین ہے دل
جسے دیکھے زمانہ ہو گیا ہے

۱۹۵۹ء

("شاخِ نہالِ غم" کی اس غزل کا تیسرا شعر دراصل صابر دہلوی کا ہے جس کا عکس گذشتہ صفحے پر آپ ملاحظہ کر چکے ہیں)

(نسخہ سوم صفحہ نمبر ۵۳ پر انوار انجم نے اس غزل کو کلام صابر کے طور پر درج کیا ہے۔ جامعہ ہذا کے تحقیقی مقالے "انوار انجم احوال و آثار" میں صفحہ نمبر ۲۳۵ پر انوار انجم کے غیر مطبوعہ کلام کے طور پر ضمیمے میں شامل ہے)

[illegible]

بے رخی ہم کو سازگار آئے
پھر آئے کیوں کسی پہ پیار آئے

تیرے آنے سے گلشن میں بھی
کیا عجب ہے کبھی بہار آئے

جس میں تصویر مدت سے محفوظ
اس شیشے پہ کیوں غبار آئے

ہجر میں کوئی بھی نہ کام آیا
چند آنسو بروئے کار آئے

جبر آئے کہ اختیار آئے
کچھ تو الفت میں سازگار آئے

موت سے موت زندگی کیسی؟
زندگی میں اگر قرار آئے

کیوں نہ ہو ناز اپنے دل پہ کہ جب
ہر طرف سے صدائے یار آئے

جو ترا یاد میں گزرتی ہے
کیوں نہ اس زندگی پہ پیار آئے

۲۳۵

| | |
|---|---|
| کس طرح درد کو قرار آئے | جب تری یاد بار بار آئے |
| جبر آئے کہ اختیار آئے | کچھ تو الفت میں سازگار آئے |
| عشق میں جب کوئی نہ کام آیا | چند آنسو بروئے کار آئے |
| بیخودی میں بھی تیرے دیوانے | سجدۂ آرزو گزار آئے |
| وہ ہمارے ہی دل میں تھا مہمان | ہم جسے ہر طرف پکار آئے |
| جس سے دل کو سکون ملے انجم | کیوں نہ اس زندگی سے دار آئے |

۱۸

اگر جذبات رنگیں کی فراوانی ہی بن جاتی ہو کہ ترنگینی تیرے جلوے کی تابانی ہی بن جاتی

فروغ حسن ہے یا میری نظروں کی خامی ہے بہر صورت تیری تصویر حیرانی ہی بن جاتی

محبت آپ کی دل سے بھلا دوں کیونکر بہت مشکل ہے جو آسان ہو وہ آسانی ہی بن جاتی

کہاں تو کیجئے لاکھ مذاق عاشقی مجھ کو جیسا مجھ سے تیری تصویر حیرانی ہی بن جاتی

مجھے تیری تعلق پر یہ مجبور آنا ہے کہ خلاف عقل کوئی بات ہو مانی ہی بن جاتی

تمہارے جور بیحد پہ شرارت کو شکایت دل بھی آواز پیشانی ہی بن جاتی

کوئی صابر نے دیوار کو سمجھا نہیں کیونکر
ہر ستار خون کی خاک دامانی ہی بن جاتی

نسخہ اول صفحہ نمبر ۱۸

۱۵۲/۲۶

اگر جذبات رنگیں کی فراوانی ہی بن جاتی ! کہ ترنگینی تیرے جلوے کی تابانی ہی بن جاتی

فروغ حسن ہے یا میری نظروں کی خامی ہے بہر صورت تیری تصویر حیرانی ہی بن جاتی

محبت آپ کی دل سے بھلا دوں کیونکر بہت مشکل ہے جو آسان ہو وہ آسانی ہی بن جاتی

کہاں تو کیجئے لاکھ مذاق عاشقی مجھ کو جیسا مجھ سے تیری تصویر حیرانی ہی بن جاتی

مجھے تیری تعلق پر نہ کر مجبور آتا ہے کہ خلاف عقل کوئی بات ہو مانی ہی بن جاتی

تمہارے جور بیحد پہ نہ کیا ہے شرارت کو شکایت دل بھی آواز پیشانی ہی بن جاتی

کوئی صابر نے دیوار کو سمجھا نہیں کیونکر
ہر ستار خون کی خاک دامانی ہی بن جاتی

نسخہ دوم صفحہ ۱۷

کسی ساعت اگرچہ اشک افشانی نہیں جاتی
مگر جذباتِ رنگیں کی فراوانی نہیں جاتی

کہاں تو کھینچ لایا اے مذاقِ عاشقی مجھ کو
کہ اپنی شکل بھی اب مجھ سے پہچانی نہیں جاتی

ہماری اور فصلِ گل کی حالت ایک جیسی ہے
بدل جاتی ہے یوں صورت کہ پہچانی نہیں جاتی

تمہارے ضبطِ الفت کی بھلا کیا داد دے کوئی
کہ نظریں مضطرب ہیں رخ کی تابانی نہیں جاتی

تمہارے جورِ بے حد نے یہ بخشا ہے شرف مجھ کو
شکستِ دل کی بھی آواز پہچانی نہیں جاتی

یہ کس کی برھمی سے موسمِ گل سہما سہما ہے
کہ کلیاں کھل رہی ہیں اور ویرانی نہیں جاتی

مجھے ترکِ تعلق پر نہ کر مجبور اے ناصح
خلافِ عقل کوئی بات ہو مانی نہیں جاتی

محبت کی صدا سے میں ہی ناواقف ہوں یا اے دل
"وہ یوں آواز دیتے ہیں کہ پہچانی نہیں جاتی"

کوئی انجم سے دیوانے کو سمجھائے بھلا کیوں کر
پرستارِ جنوں کی چاک دامانی نہیں جاتی


---

(خطِ صابر میں یہ غزل نسخہ اول صفحہ نمبر ۱۸ اور نسخہ دوم صفحہ ۱۷ پر دستیاب ہے۔ تحقیقی مقالے "انوار انجم احوال و آثار" میں ص نمبر ۲۳۷ پر یہ اُس مواد میں شامل ہے جو انوار انجم کے کلام کے ذیل میں مقالہ نگار کو دستیاب ہوا)

ضمیمہ ب


# اہم دستاویزات کی نقول

مراسلات



ہمہ شوق آمدہ بودم ہمہ حرماں رفتم
جگر، ادیب، صابر دہلوی - ملاقات نشد

(خط جگر مراد آبادی کا ایک عکس جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے ہمراہ صابر دہلوی بھی عطا اللہ شاہ بخاری سے ملاقات کیلئے گئے تھے۔
تحویل سید کفیل بخاری ملتان)



PROGRAMME

27-11-1945.

1. To accompany the Barat procession from Turkman Gate to the house of the bride in Bazar Sita Ram at 9.20, A. M.

2. Lunch at 2 p. m.

28-11-1945.

Lunch at 1 p. m. at Turkman Gate.

(دہلی میں صابر دہلوی کی صاحبزادی نصیر فاطمہ کی شادی کے موقع پر صابر دہلوی کے سمدھیانے کی جانب سے جاری ہونے والا دعوت نامہ جو موضوع مقالہ کے مسکن کی دستاویزی شہادت فراہم کرتا ہے)

## مراسلات

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماہنامہ
فاران
مدیر:۔ ماہر القادری
ای ۲/۷ ناظم آباد ۴ کراچی (پاکستان)

فون:۔ ۶۱۴۲۰۳

[illegible]

(ماہر القادری کا مراسلہ حاصی کرنالی کے نام)

[illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ماہنامہ

# فاران

مدیر:- ماہر القادری

ای ۱۲۲ ناظم آباد ۲ کراچی (پاکستان)

فون:- ۶۱۴۳۲۰۳

مکرمی ــ السلام علیکم

[illegible]

[illegible]

[illegible]

ص ۳

۱۸ ستمبر ۱۹۴۷ء میں جب دلّی کی زمین مسلمانوں پر تنگ ہوگئی تو [illegible]
میں صابر دہلوی نے اپنے گھر والوں کے ساتھ کئی دن پرانے قلعے میں جو مسلمانوں کی
پناہ گاہ تھی بسر کیے [illegible] کرشن نگر
پناہ گاہ بنا ہوا تھا بسر کیے۔ پھر وہ ہندوستان سے پاکستان آ گئے اور لاہور کے
میں کرایہ کا مکان لے کر اپنے اہل و عیال کے ساتھ رہنے لگے۔ محمود الحسن لاہوری صاحب
ان دنوں لاہور کے ڈپٹی کمشنر تھے انھوں نے انارکلی میں متروکہ کتابوں کی ایک دکان
صابر صاحب کے نام الاٹ کر دی۔ مگر وہ دکان ان کے پاس رہ نہیں سکی
۱۹۴۸ء میں ملتان کے محلہ پاک دروازے میں ایک
مکان ان کے نام الاٹ ہو گیا اور ۱۹۴۹ء سے [illegible] تک وہ اپنے اہل خانہ کو
لے کر ملتان آ گئے اور یہاں اٹھارہ سال قیام کیا۔ ملتان کے مختلف ادبی
حلقوں کے نامور شعرا میں ان کا شمار ہوتا تھا۔

ملتان میں ایک [illegible]
ملتان میں ایک صاحب [illegible] بازی کر کے صابر دہلوی
کو بے گھر کر دیا مگر عدالت کا فیصلہ صابر ہی کے حق میں ہوا۔ صابر
نے ملتان میں کچھ دن کتابوں کی تجارت بھی شروع کر دی۔ ان کا یہ زمانہ
آسودگی میں بسر ہوا [illegible] انھوں نے خانہ آرام [illegible]
گھر بھی بنا لیا تھا۔
ملتان ہی کے زمانۂ قیام میں صابر مرحوم کا ذوقِ جمال

[illegible] تقریباً ۶۴ برس کی عمر میں دوسری شادی [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] گئے [illegible]

دوسری شادی کے بعد چار سال [illegible] جب وہ بیمار [illegible]

[illegible]

[illegible]

[illegible] میں [illegible] ہوئے

[illegible] شب میں [illegible] ہوگئے

[illegible] عالم میں [illegible]

[illegible] سینہ [illegible] ہو گئے

[illegible] ہو گئے !

[illegible]

[illegible] زمانے [illegible]

[illegible]

[illegible] بہت مختصر ہو گئی

ان کی یاد گرمی [illegible] ہو گئی

[illegible] ان کے گھر والوں [illegible]

پروفیسر عابد صدیق
شعبۂ اُردو
گورنمنٹ صادق ایجرٹن کالج
بہاول پور

۳۴۵/سی سٹلائٹ ٹاون
بہاول پور
فون: (۰۶۲۱) ~~۳۳۳۳~~ 80223

محترمہ

السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہٗ۔ آپ کا گرامی نامہ ملا۔ صابر دہلوی صاحب کے بارے میں آپ کو اپنی ذاتی معلومات کے حوالے سے شاید زیادہ نہ بتا سکوں، اُن کی زیارت ضرور ہوتی رہی، اُس کی صورت یہ تھی کہ ہم لوگ کبھی مرحوم انوار انجم کو ملنے کے لیے جاتے تو وہ بھی بزرگانہ شفقت فرماتے ہوئے کبھی ہمیں اپنی خدمت میں باریاب ہونے کا۔ یا خود ہماری محفل میں تشریف لانے کا — شرف بخش دیتے تھے، بڑے نرم لہجے میں تمکین و متانت کے ساتھ گفتگو فرماتے تھے۔ وغیرہ۔

صابر دہلوی صاحب کے دو بیٹوں سے بھی ملاقات رہی، ایک انوار انجم کے والد۔ حنیف صابری صاحب تھے۔ جو شعر بھی کہتے تھے اور ہومیو پیتھک پریکٹس بھی کرتے تھے، اور ڈاکٹر حنیف صابری کہلاتے تھے، کچھ عرصہ ملتان میں، پھر کرشن نگر لاہور میں ~~مطب~~ مطب فرماتے رہے، بڑے سخن طراز آدمی تھے، — غالباً کو کبن کہتے تھے۔ (اس جملے میں غالباً کا لفظ بہت اہم ہے، اس لیے کہ ہم چھوٹے تھے اور ان کا رکھ رکھاؤ ہم سے زیادہ بے تکلف ہونے میں مانع تھا) — دوسرے صاحبزادے رفیق صابری تھے۔ جو ہر طرف مختلف قسم کے نشوں، (خصوصاً شراب — دیسی، ولایتی۔ چرس وغیرہ) کے عادی تھے بلکہ بعد میں گھر کے بڑوں نے انہیں گلگشت والے مکان (جس میں صابر دہلوی صاحب مع حنیف صابری کے بچوں کے رہتے تھے) میں داخلے کی بالکل اجازت نہ تھی، (حنیف صابری۔ انوار انجم کے والد۔ چوری چھپے کبھی اپنی اہلیہ سے ملنے اور حقیقتاً اُن سے کسی نہ کسی بہانے سے پیسے لینے کے لیے ~~کبھی~~ کبھار آ جاتے تھے — وہ بھی کئی کئی مہینوں کے بعد)۔ گویا اجازت حنیف صابری مرحوم کو بھی نہ تھی، رفیق صابری بہت خراب صحبت کے آدمی تھے جوا، شراب، زنا، لواطت غرض کسی کام سے، انہیں عار نہ تھی — غالباً اسی آخری بات کی وجہ سے قتل ہو گئے تھے، اب یاد نہیں کہ قتل ملتان میں ہوئے یا کوئٹہ میں — صابر دہلوی اپنے دونوں بیٹوں سے بہت نالاں تھے، اور اپنے پوتوں پوتیوں کی تربیت و تعلیم کے لیے ضروری گردانتے تھے کہ ان بچوں کو باپ اور چچا کے سائے سے بھی بچا کر رکھیں، باپ اور چچا دونوں کو یہ خیال تھا کہ والد گرامی یعنی صابر دہلوی صاحب ان کو جائیداد سے محروم کر دیں گے، اور جائیداد پوتوں کے نام لگا دیں گے — انوار انجم کی بے وقت موت کا سبب بھی یہی تھا۔ باقی بچے چھوٹے تھے، لیکن انوار انجم پڑھ لکھ کر برسرِ روزگار ہو گئے تھے، چنانچہ انوار انجم

کو دار تیر سے ہٹا دیا گیا۔ لیکن وہ الجھ پڑتے ہی ہوت رہے، یہ سب ہمیشہ بیٹھی کے کرشمے ہیں۔

ان کے ذاتی حالات تو میں اسی قدر جانتا ہوں۔ ان کا دیوان مرتب کرنے میں شاید اس کی زیادہ اہمیت بھی نہ ہو۔ میں 1962ء میں ملتان گورنمنٹ کالج میں بحیثیت لیکچرر آیا تو ملتان کے ادبی حلقوں میں بھی آنے جانے کا اتفاق ہوا۔ جہاں تک مجھے یاد ہے عاصی کرنالی صاحب کو بطرف صابر دہلوی صاحب سے تلمذ حاصل تھا، بلکہ وہ عاصی کرنالی صاحب پر خصوصی شفقت فرماتے تھے، بلکہ ایک تعلق خاطر تھا۔ اس کے علاوہ بھی ملتان کے اس زمانے کے شعراء میں غالباً کئی ان کے شاگرد ہوں گے۔ عاصی صاحب اگر چاہیں تو آپ کو ان کے بارے میں مجھ سے کہیں زیادہ معلومات بہم پہنچا سکتے ہیں۔ لیکن ان سب باتوں کو چونکہ میری شہادت نادر ہی حاصل ہوگا۔ اس لیے اس میں دیانت شرط ہے۔

پاک دروازے سے خونی برج کے درمیان آٹے کی ایک چکی تھی جس کے ایک کمرے میں سیڑھیاں چڑھ کر اوپر کی منزل میں رفیق صابری رہا کرتے تھے، صابر دہلوی صاحب کو ہجرت کے بعد معاش کی سہولت کے لیے ان کے کسی قدردان بیوپاری کریں نے یہ چکی انہیں الاٹ کر دی تھی۔ وہ خود اپنے نفیس ذوق اور نوابانہ وضع کے سبب تجارت میں ماہر نہیں ہو پائے تھے (یا اگر بیٹھتے ہوں گے تو 1962ء سے قبل۔ یعنی میرے ملتان آنے سے پہلے بیٹھ گئے ہوں گے)۔ لیکن ان کا ذریعہ معاش اس وقت بھی یہی چکی تھی۔ مجھے یاد ہے کہ انور اقبال کے چھوٹے بھائی اجمل۔ جو بعد میں اردو کے لیکچرر ہوئے۔ اور ایک مدت تک وادی روڈ اٹر کالج لاہور میں تدریس کے فرائض انجام دیتے رہے) ایک مرتبہ میرے ساتھ رفیق صابری سے چکی کی آمدنی کا حساب جاننے۔ یعنی پیسے لینے گئے تھے۔ میرے ساتھ اس لیے گئے کہ ان سب بچوں میں سے کسی میں اتنا حوصلہ نہ تھا کہ اس قسم کے کام پر صابر چچا سے اکیلے ملنے کی جرأت کر سکتے۔ انہوں نے بہت رد و کد کے بعد بہت کم پیسے (جو مجھے یاد نہیں کتنے تھے، غالباً ۲۰، ۳۰ روپے) اس انداز میں اجمل کے حوالے کیے۔ جیسے وہ مجھ اجنبی پر یہ تاثر قائم کرنا چاہتے تھے، چچا لوگ بھتیجوں پر ایسی شفقت فرماتے ہیں کہ بھتیجا آیا تو اسے جیب خرچ کے لیے اتنی خطیر رقم دے دی۔ حالانکہ صورت حال وہی تھی کہ صابر دہلوی صاحب سورتہ مجھے اپنی عزت کے خوف سے براہ راست رفیق صابری سے معاملہ کرنے سے کتراتے تھے، وغیرہ۔

امید ہے کہ اتنی باتیں کافی ہوں گی۔ خط کے جواب میں دیر ہونے پر معذرت خواہ ہوں۔ دیوان کو دیکھا چھپ سکے تو بڑی محنت درکار ہے۔ اوپر جو واقعات درج کیے ہیں۔ ان میں سے اگر کے لیے داخلی شواہد کے طور پر ان کے دیوان سے شعر تلاش کیے جا سکتے ہیں۔ بہر حال اپنی بیگم کی فہرست میں سے مطمئن کیجیے۔ اللہ تعالیٰ آپ کا کام آسان فرمائے۔ خود بھی اب دنوں سے دعاؤں کا خواستگار رہوں۔ والسلام

مخلص

(عابد صدیق) بہاولپور

ہاں ایک بات یہ ہے کہ جب دیوان چھپ جائے تو مجھے اس کی زیارت سے محروم نہ رکھیے گا — شکریہ۔

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

(۱)

عزیزم سلمہٗ دعائیں

مجھے باوثوق ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ آپ نے اپنے دادا صاحب
مرحوم کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد [illegible]
[illegible]
[illegible] فروخت کر [illegible] مجھے اس کا یقین نہیں
[illegible]
[illegible]
[illegible] تمام [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] مختار عام [illegible]
[illegible]
[illegible]

(صابر دہلوی کی چھوڑی ہوئی جائیداد سے متعلق حنیف صابری کا ایک تنبیہی خط اپنے بیٹے اور مختار عام انوار انجم کے نام)

[illegible]

گذشتہ 5 سال [illegible] ۱۹۶۳

از مارچ ۱۹۶۳ تا اپریل ۱۹۶۸ [illegible]

حساب آمد و خرچ [illegible]

کبھی مجھے یا دوسرے شرکا کو دیا لہٰذا [illegible] سال تک کے لیے تشویش [illegible]

تھی اور [illegible] اور کوئی چارہ کار [illegible] نہ تھا لہٰذا میں

وہ اختیارات جو آپ کو بحیثیت [illegible] عام [illegible] والے ہوں

چنانچہ میں نے 5/2 کو بذریعہ [illegible] ملتان کے روبرو پیش

کر کے [illegible] 5/3/68 [illegible]

اور [illegible] کی اطلاع پانے [illegible]

ملتان مورخہ 5 [illegible] 68 [illegible]

آپکی اطلاع کیلئے اس [illegible] ارسال کیا جاتا ہے

اندریں حالات

تمام ملکیت [illegible] اور وراثت [illegible]

میں آپ کو [illegible] کرتا ہوں کہ آپ تمام [illegible]

مجھے اور دیگر تمام شرکا [illegible]

[illegible]

[illegible] ورنہ آپ تمام قانونی مراحل سے [illegible]

PROVINCIAL ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN

اگر آپ کی جانب سے اندر تیس یوم کوئی تسلی بخش جواب وصول نہ ہوا تو میں اور دیگر ہمشیرگان عدالت مجاز سے رجوع کرنے پر مجبور ہوں گے اور اخلاقی طور پر یہ کس قدر پست اور معیوب بات ہوگی اس کا اندازہ آپ تعلیم یافتہ اور سمجھدار ہونے کی وجہ سے بخوبی لگا سکتے ہیں۔

یقیناً میری یہ سطور اور پیرایہ اقدام آپ کو گراں ہوگا لیکن مجھے اپنے باپ اور اسکی چھوڑی ہوئی اشیا سے جو جذباتی لگاؤ ہے اس سے آپ بخوبی واقف ہیں اور دیکھنا [illegible] ان چیزوں کا [illegible] شاق ہے۔ آپ کے دادا صاحب مرحوم جو اپنی زندگی بھر [illegible] رہے ہیں اُنکی قبر جس کسمپرسی کی حالت میں ہے حال ہی میں ملتان میں دیکھنے کا موقع ملا [illegible] اُنکی آخری آرام گاہ اتنا دور نہ ہوتا تو اپنے ہاتھوں سے اسکی صفائی کا بندوبست کرتا۔

منتظر جواب

[illegible]

حنیف محمد خان صابری

[illegible] اسلام پورہ لاہور

(صابر دہلوی کے نام پر ایک ادبی انجمن کے قیام کا نشان)

بزم صابر دہلوی

عزیز القدر

فتاح حسین صاحب

سلام مسنون

فتاح صاحب! میں [illegible] جواب [illegible]

تحریر [illegible]

[illegible]

[illegible] سخت پریشان [illegible]

[illegible] خدمت میں سلام و دعا کہدیجیے [illegible]

دعاگو

[illegible]

صابر [illegible]

(صابر دہلوی کی جائیداد کے مختار عام انوار انجم پر عدم اعتماد کا نوٹس منجانب حنیف صابری بنام کرایہ داران)

نوٹس

۱۔ بنام مسٹر [illegible]
۲۔ بنام عبدالمجید صاحب مالک مجید ریڈیوز
۳۔ بنام محمد طاہر صاحب مالک [illegible] آٹو
۴۔ بنام محمد اسلم خان [illegible] کرایہ داران دوکانات متعلقہ صابر دہلوی بیرون پاک دروازہ ملتان شہر

مکرمی! سلام مسنون

آپ کو معلوم ہے کہ جائیداد نمبر 65 [illegible] واقع [illegible] بیرون پاک دروازہ ملتان شہر اولاً محمد اسماعیل خان صاحب صابر دہلوی کی ملکیت تھی صاحب موصوف کے انتقال کے بعد ان کے ورثا نے جائیداد مذکور کے انتظام و انصرام کے لیے مسمی انوار انجم صاحب کو مختار عام مقرر کیا تھا۔

مختار عام مذکور نے اپنے فرائض دیانتداری سے انجام نہیں دیئے بلکہ جائیداد کو خورد برد کرنے اور نقصان پہنچانے کی کوشش کی ہے لہذا ان کا مختار نامہ عام منسوخ کر دیا گیا ہے جس کا اشتہار آپ نے اخبارات میں ضرور دیکھا ہوگا۔ جائیداد مذکور الصدر بدستور میری اور دیگر ورثاء صابر صاحب کی ملکیت بلا شرکت غیرے ہے۔

اندریں حالات آپ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ آپ جائیداد مذکورہ کے بارے میں سابق مختار عام انوار انجم صاحب سے کسی قسم کا کوئی لین دین نہ کریں اور آئندہ کرایہ کی ادائیگی [illegible] [illegible] سے رجوع کریں۔

نوٹس ہذا کے ایک [illegible] اندر حالات [illegible] میں کرایہ نامہ تحریر کرائیں۔

نوٹس ہذا کو آپ بحفاظت اپنے پاس رکھیں [illegible]

نوٹس ہذا [illegible] پاس بھی محفوظ ہے۔

والسلام

دستخط [illegible] حنیف صابری [illegible]
[illegible]
مورخہ ۲۵ جون ۱۹۶۸

ایک قطعہ نوٹس وصول پایا
[illegible] حاجی فیض بخش
3/6/1968

ایک قطعہ نوٹس وصول پایا
[illegible]

ایک قطعہ نوٹس وصول پایا
[illegible]

ایک قطعہ نوٹس وصول پایا
[illegible]

# ضمیمہ ج

## صابر دہلوی کی شخصیت اور شاعری سے متعلق مطبوعہ و غیر مطبوعہ تنقیدی مضامین

جناب صابر دہلوی بڑے مجلسی اور کھڑم دم والے اور منکسر مزاج
والے انسان تھے۔ بڑے خوش لباس۔ خوش گو، خوش گفتار، خوش
گوشت خوراک اور خوش خوراک اپنا سالن خود تیار کرتے تھے جو نہایت لذیذ
اور ذائقہ دار ہوتا تھا۔ ظہر کے ناشتے میں اکثر نہاری کا عمل دخل ہو
ہم ہنوز رہتے تھے جب آ کر شاد کر رہے تھے!
کہا کرتے مجھے نہاری کا سالن اس لئے [illegible] کئی مرتبہ
کہ جانے [illegible] جاتے ہوئے مجھ سے ملاقات
میں [illegible] روزانہ کے معمولات میں
میں شام کے وقت دو کیپ کے سگریٹ خرید لیتے بعض دفعہ یہ تعداد تین کی ہو جاتی
تھی (حالانکہ وہ بڑھیا سگریٹ پیتے تھے) کہا کرتے تھے کہ کیپ کا چسکا چھوٹتا
ہی نہیں اور اس کا [illegible] اور وہ [illegible] دونوں کا ساتھی ہے۔
صابر صاحب کے یہاں ہو جیسے ماہر القادری، جمیل الدین عالی، جگر مراد آبادی
احسان دانش جوش ملیح آبادی اور [illegible] جیسے عالی مرتبت حضرات کی محفلیں سجی
رہتیں۔ میں ۱۹۵۲ء میں بیمار ہو گیا اور تقریباً دو ڈھائی ماہ صاحب فراش رہا
صابر صاحب کئی مرتبہ آئے اور یہاں کے دوسرے [illegible] نے خبر بھی نہیں لی میاں
انسان اور دوستی کا ظاہر ہوتی ہے بلکہ اسی دوران میرے بخار کا رخ دماغ
کی طرف ہو گیا تو انہی [illegible] باتیں کرتے ہوئے کہیں کہیں نکل جاتا ایسی حالت
میں آبدیدہ ہو جاتے ہوئے دعا کرتے [illegible]
دیتے ہوئے صحت ہو جائے
صابر صاحب [illegible] کے قیام ملتان کے دوران صابر صاحب [illegible]
بہت [illegible] بہت [illegible] اور میرا تو [illegible] میں کچھ
بڑے افسران ہی ملتان تبدیل ہو کر آئے ان میں جو بھی [illegible]
میں تقسیم ہوئے ان سے ملاقات ضرور ہوتی اور [illegible]
[illegible] ۱۹۵۲ء سے ۱۹۵۸ء تک [illegible]
رہے اور [illegible] اس کے علاوہ بھی ان سے سلسلہ ملاقات [illegible]
رہے اور [illegible] Business [illegible] صابر صاحب کا بھی دخل [illegible] بہر حال

(صابر دہلوی مرحوم پر مذاق العیشی کا ایک غیر مطبوعہ مضمون)

کبھی میری [illegible] نہیں بلکہ [illegible] گھر [illegible] کبھی لگا لیتے تھے
[illegible] وہ [illegible] دو نادر ہی [illegible]
ہیں اور گوہر صاحب [illegible] ان کی آمد [illegible] جانے کے بعد وہ ایک
اور ذات [illegible] تھی اور وہ تھے جناب [illegible] دہلوی [illegible]
[illegible] وقت [illegible]
[illegible]
[illegible] اسباب [illegible] ملتان میں [illegible]
وہ [illegible] خالق اور [illegible] میں فروغ مل جائے!
[illegible] حضرت صابر دہلوی اپنی ذات میں انجمن [illegible]
[illegible] احباب [illegible] ہمیشہ [illegible] دم ملاپ [illegible] اور یہ ایک
بڑی خصوصیات ہے جو خاص لوگوں میں ہوا کرتی تھی
خدا [illegible] بہت کبھی تو بیان [illegible]
[illegible] گوہر صاحب [illegible] دور [illegible] کبھی [illegible]
[illegible] گوہر صاحب [illegible] کبھی [illegible]
جیسے گوشہ [illegible] لگتا ہوتا [illegible]
صابر صاحب اور گوہر صاحب کی [illegible] طرح چلتیں
اور پھر [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible] جناب [illegible]
حضرت صابر نے ان کی [illegible]
کا دور [illegible] ہو گیا تھا تاہم یہ [illegible] سہارا تھا ورنہ [illegible] صابر
کا عالم تو وہی [illegible] جو [illegible] دن سے تھا — صابر [illegible]
بھی [illegible] اللہ [illegible] ملتان میں اپنے قیام [illegible]
[illegible] سے انہوں نے بہت کم [illegible] کی مگر [illegible]

[illegible]

صابر صاحب کا انتقال غالباً 1963ء میں ہوا میں اُس وقت بہاولپور
میں تعینات تھا اور ہمارے اور مجلس (سوئم) [illegible] میں
شریک نہ ہو سکا

حقیقت یہ ہے کہ کچھ عرصہ کے لئے یہاں رہے وہ ہمارے دادا کی نزدیکی میں
قیام پذیر رہے تھے اُن سے دادا جی [illegible] ان کا [illegible]
بہت قریب تھا [illegible] اور مجموعہ [illegible] کے [illegible]
[illegible] اچھے [illegible] اور [illegible] تھے
تھے ۔ حقیقت صابر کے صاحبزادے حضرت روشن صاحب [illegible]
[illegible] صابر صاحب کی [illegible]
عمر نے وفا نہ کی اور یہ تینوں حضرات اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں

اُن کی بیگم [illegible] ہے کہ انہوں نے کلام [illegible]
صابر صاحب کس طرح اپنے سینے سے لگا کر رکھا ہوا [illegible]
علمی کام بھی [illegible] اور اب اللہ کے [illegible]
[illegible] آتی ہیں
اس [illegible] کے کلام کی اشاعت کر کے بھی تم دونوں [illegible]
[illegible] قبول بارگاہ ایزدی ہو جائے
صابر دہلوی صاحب نے [illegible] ایک دن دوران گفتگو بتایا کہ وہ [illegible] جب دہلی
میں ہوتے تھے تو وہ [illegible] دہلی میں نعتیہ کلام [illegible] کے تحت
پیش کرتے تھے

[illegible]

# صابر دہلوی مرحوم

وہ [illegible] تعلیم سے پہلے کا زمانہ تھا۔ [illegible] بازی گری، روپیہ [illegible] زیادہ [illegible] تھے، ہر طرف اطمینان اور سکون تھا، انگریزوں کے [illegible] مضبوط تھی، اور عام آدمی بھی دلی طمانیت کے ساتھ زندگی بسر کرتا تھا۔

دلی کی فضا بھی نہایت پرسکون تھی اور شاید یہی سبب ہے کہ معاشرے میں اونچ نیچ، [illegible] کو اندھیرے میں [illegible] دور ہی کی [illegible] ہے، دلی میں، مرغ بازی، بٹیر بازی، کبوتر بازی، پتنگ بازی غرض تمام بازیاں جو مسلمانوں کے زوال کی علامت بھی ہیں اپنے عروج پر تھیں۔ اور اسی طرح ادبی محاذ بھی سرگرم تھا، چار ادبی [illegible] اس زمانے میں خاصے مشہور تھے، بیخود دہلوی کا ٹھکانہ، سائل دہلوی کا ٹھکانہ، آغا شاعر قزلباش کا ٹھکانہ اور پنڈت امرناتھ ساحر کا ٹھکانہ۔ ان کے علاوہ شہر میں چھوٹے بڑے اور بھی محاذ تھے، ان میں اکبر [illegible] تھے، اور [illegible] کے محاذ تھے [illegible] طالب [illegible] اور [illegible]، شاعری [illegible] رکھنے والوں کا مجمع رہتا۔ استاد [illegible] بیخود دہلوی خاصے تنک مزاج تھے [illegible] بیٹھنے دیتے تھے اور صرف اپنے آپ کو "جانشین داغ" کہتے اور سمجھتے تھے، آغا شاعر اور سائل دہلوی [illegible] رہتے [illegible] مشاعروں میں [illegible] شریک [illegible] رہتے تھے [illegible] ان کے شاگرد [illegible] شاعروں میں پائے جاتے۔ سائل دہلوی اور پنڈت امرناتھ ساحر ان ہنگاموں سے دور ہی رہتے۔ آغا شاعر قزلباش ستائش کی تمنا اور صلہ کی پرواہ سے بے نیاز بالکل الگ تھلگ رہتے۔ آغا شاعر کے شاگردوں میں بعض وقیع نام ملتے ہیں مثلاً آغا حشر کاشمیری (مشہور



ڈرامہ نویس) مہاراج بہادر برق دہلوی اور طالب دہلوی، سائل اور ساحر کے شاگردوں میں کوئی نامور نہیں ہوا۔

بیخود دہلوی میانہ قد، دوہرے جسم، سانولے رنگ اور کتابی چہرہ کے آدمی تھے چہرہ پر بھرواں کھچڑی ڈاڑھی سر پہ ترکی شیر گرد ٹوپی، جسم میں کرتہ اور شیروانی اور سیدھا پاجامہ ہاتھ میں ہر وقت ہزار دانے کی تسبیح۔ قلعہ میں گوروں کو اردو پڑھاتے تھے۔ خالص دلی والوں کا لب ولہجہ، وہی چرب زبانی اور وہی طنطنہ بات ہوئی اور ضلع جگت پہ اتر آئے۔ مٹیا محل میں رہتے تھے محلہ والے اُن سے ڈرتے بھی تھے اور ان کی عزت بھی کرتے تھے۔

سائل دہلوی کا حلیہ یہ تھا دراز قد، سرخ وسفید رنگ، چہرہ پر امارت اور شرافتِ خاندانی کے واضح آثار، سفید بھرواں ڈاڑھی، سر پر مخمل چوگوشیہ ٹوپی، جسم میں انگرکھا، گفتگو میں نرمی اور شائستگی آواز میں سُریلا پن، چال ڈھال مہذب، وضع قطع میں ستھرا پن اور نفاست، گذر بسر خاندانی جائیداد اور لوہارو کے وظیفہ پر تھی شہر کے سب لوگ ان کی عزت کرتے تھے۔ دلی میں ان کے شاگردوں کی کثیر تعداد تھی، وہ پنڈت کے کوچہ کے قریب لال دروازہ میں رہتے تھے۔

آغا شاعر قزلباش میانہ قد سرخ وسفید دوہرے جسم کے آدمی تھے، وضع قطع سے بالکل دلی والے معلوم نہیں ہوتے تھے، کسی زمانے میں نہایت خوبصورت شخصیت کے مالک تھے، سر پر پشاوری کلاہ اور پگڑی، جسم میں ترکش کوٹ، ٹانگوں میں اُٹنگی شلوار، پاؤں میں عام طور پر بوٹ اور ہاتھ میں ایک موٹا سا ڈنڈا۔ آواز میں نہایت غمگینی، لیکن مشاعرے میں غزل پڑھتے تو شیر کی طرح گرجتے اور تحت اللفظ ایسا پڑھتے کہ بڑے بڑے مترنم شعراء کی ہوا اکھڑ جاتی۔ مزاجاً نہایت منکسر، اور طبیعت میں ایک فقیرانہ لٹکا۔

بیخود کی شاعری، محاورہ اور زبان کی شاعری تھی، سائل شعر پھسپھسا کہتے تھے۔ پنڈت جی کی شاعری بے کیف ہوتی لیکن آغا شاعر کے یہاں زبان کے علاوہ فکر وخیال کی جادوگری بھی ہوتی اور میری ناچیز رائے میں داغ کی صحیح جانشینی انہی پہ جچتی تھی۔

پنڈت امرناتھ ساحر دُبلے پتلے، دراز قد اور گندمی رنگ کے مالک تھے، چہرہ لمبا تھا اُس پر نہایت لمبی ڈاڑھی اتنی لمبی کہ آخر میں گرہ دینی پڑتی تھی۔ نہایت مہذب اور اسلامی ہندی تہذیب کا اعلیٰ نمونہ تھے، دلی کی قدیم روایت اور تمدن کے امانتدار تھے

بازار سیتارام میں ان کا مکان تھا بالاخانہ پر ماہانہ مشاعرہ ہوتا اور دلی کے تقریباً سبھی شعراء اس میں شریک ہوتے۔

یہ تھی دلی کی وہ ادبی فضا جس میں صابر دہلوی نے اپنی ادبی زندگی شروع کی ان کا نام محمد اسحق تھا اور وہ بلند شہر کے ایک گاؤں سنبل کے رہنے والے تھے، پیشہ کے اعتبار سے سان گر تھے ان کے دو لڑکے اور ایک لڑکی تھی چونکہ ساری عمر دلی میں رہے اسی مناسبت سے اپنے آپ کو دہلوی لکھنے لگے۔ شعر سیدھا سادہ کہتے، محاکاتی رنگ زیادہ پسند تھا نہایت خوش گو تھے۔ اپنی آواز کے جادو سے مشاعرہ جیت لیتے تھے۔ رفتہ رفتہ دلی کے مشاعروں میں جانے پہچانے جانے لگے اور دہلی کے قرب وجوار کے مشاعروں میں مدعو ہونے لگے پہلے وہ بیخود کے پیر سائل کے اور آخر میں آغا شاعر قزلباش کے شاگرد ہوئے۔

مولانا ماہر القادری سے ان کی پہلی ملاقات، علی گڑھ کی نمائش میں ہوئی اس زمانے میں مولانا ماہر القادری حیدر آباد میں قیام پذیر تھے۔ مگر مشاعرہ میں شرکت کے لئے علی گڑھ آئے ہوئے تھے۔ ماہر حیدر آباد سے بمبئی چلے گئے تھے، وہاں کی فلمی فضا انہیں راس نہ آئی اور وہ بمبئی سے دلی آ گئے سنہ ۱۹۳۹ء میں دوسری جنگِ عظیم شروع ہو چکی تھی اور سرکارِ برطانیہ کا پروپیگنڈہ محاذ بھی نہایت سرگرم تھا۔ رسد اور نفری کے لئے جگہ جگہ "میں تو چھورے کو بھرتی کرائی آئی رے" کے نئے نئے پروگرام شروع کئے گئے انہی پروگراموں میں "جنگی مشاعرے" بھی تھے، ان مشاعروں میں تمام خوش گلو شعراء مدعو ہوتے۔ انتظام علاقہ کا کمشنر یا ڈپٹی کمشنر کرتا اور شعراء کو جیبیں بھر بھر کے معاوضہ ملتا۔ ان مشاعروں کا بڑا چرچا تھا اور تقریباً ہر ہفتہ کسی نہ کسی شہر میں کل ہند مشاعرہ ہوتا اور سامعین بھی ہزاروں کی تعداد میں شریک ہوتے۔ ان مشاعروں میں شرکت کرنے والوں میں ماہر القادری بھی ہوتے۔ اور انہی مشاعروں میں صابر دہلوی، نخشب جارچوی اور ماہر القادری کی دوستی شروع ہوئی اور یہ دوستی زیادہ گاڑھی ہوتی چلی گئی یہاں تک نخشب جارچوی جو میرٹھ میں رہتے تھے ہر روز میرٹھ سے دلی آتے اور دوستوں میں وقت گذارتے صابر دہلوی تھے تو کم سواد مگر اہلِ علم و شعراء کی محفلوں میں بیٹھنے اٹھنے سے اُن میں وہ سلیقہ آگیا تھا جو شرفا کی محفلوں میں بیٹھنے کے لئے ضروری ہوتا ہے، وہ خوش لباس اور



خوش خوراک تھے۔ شام کو تیار ہو کر بن ٹھن کر نکلتے اور دادِ نظارہ دینے چاوڑی یا بازار حسن کا رخ کرتے اور تماش بینی کے مزے لیتے۔ انہوں نے ماہر اور نخشب کو بھی ان راہوں پر لگانا چاہا۔ مختصر والا تھوڑی دیر ان کے ساتھ گئے اور واپس آ گئے لیکن نخشب دور تک اور دیر تک ان کے ہمسفر رہے۔

صابر دہلوی کی حضرت جگر سے بھی دوستی تھی، وہ دلی میں اکثر جگر کی محفلوں میں پائے گئے اور خاصی بے تکلفی سے پائے گئے۔

سنہ ۱۹۴۷ء میں قیام پاکستان کے بعد وہ بھی پاکستان آ گئے اور کچھ دنوں لاہور میں قیام کے بعد وہ ملتان منتقل ہو گئے۔ یہاں خواجہ شفیع اور ماہر القادری کی شرکت میں انہوں نے آٹے کی ایک متروکہ مل اپنے نام کرائی تھی۔ خواجہ شفیع اور ماہر بعد میں اس شرکت سے دستبردار ہو گئے اور وہ بلا شرکت غیرے اس کے مالک بن گئے۔

صابر دہلوی دوستوں کے دوست تھے اور وہ احباب کی خوش دلی کے لئے بڑی سے بڑی قربانی دینے کے لئے تیار رہتے۔ کراچی اور لاہور سے آنے جانے والے شعراء ملتان میں ضرور تیکی لیتے اور صابر ان کی تواضع میں کوئی کسر اُٹھا نہ رکھتے، محبت اور وفاداری ان کی سرشت تھی اور یہی سبب تھا کہ انہوں نے ایک جمیل برخوردار سے جو آجکل پاکستان کے نامور ادیب اور شاعر ہیں نہایت ٹوٹ کر محبت کی اور اُس محبت کو مرتے مرتے نبھایا۔ مختصر یہ کہ وہ عشق پیشہ اور نہایت رنگین مزاج تھے اور اپنے احباب کو بھی اسی رنگ میں رنگنا چاہتے تھے۔ وہ ہر وقت شاعری، احباب اور سرمستیوں میں بسر کرنا پسند کرتے تھے۔

دلی میں ان کے احباب میں ماہر القادری، نخشب جارچوی، فیض جھنجانوی، اور سرخوش دہلوی (فرزند حضرت آغا شاعر قزلباش) خاص درجہ رکھتے تھے۔ ملتان میں ماتمی کرنالی اُن کے احباب میں خاص قرب رکھتے تھے۔ احسان دانش بھی ان کے نہایت بے تکلف دوستوں میں سے تھے ماہر القادری سے ان کو زیادہ محبت تھی اور وہ ہمیشہ ماہر کے لئے دیدہ و دل وا رکھتے اور ماہر کی دلجوئی اور مدارات میں ہمیشہ پیش پیش رہتے۔

اب نہ ماہر القادری ہیں اور نہ صابر دہلوی صرف یادیں ہی یادیں ہیں اور بس ؎

ہم نہ تھے کل کی بات ہے فانی
ہم نہ ہوں گے وہ دن بھی دور نہیں

ہفت روزہ لیل و نہار لاہور ۲۷ ۲۴ر مارچ ۱۹۶۳ء



حشمت وفا

# صابر دہلوی مرحوم

غزل میں داغ دہلوی اور مشاعروں میں جگر مراد آبادی کی روایات کو زندہ رکھنے والا شاعر اور سائل و بیخود کا جانشین صابر دہلوی آخر ۱۱ مارچ کو علی الصبح ہم سے رخصت ہو گیا۔ جن لوگوں نے صابر کو صرف ملتان میں دیکھا ہے انھیں مشکل سے ہی اس بات کا یقین آئے گا کہ یہ شخص ایک زمانے میں کل ہند قسم کے مشاعروں کی جان ہوتا تھا۔ مشاعروں کی کامیابی کے لیے جہاں جگر اور احسان دانش کا نام ضروری سمجھا جاتا وہاں صابر دہلوی کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا تھا۔ جگر کے بعد بسمل شاہجہان پوری اور انور صابری کے پڑھنے کا بھی خاص انداز تھا وہاں صابر دہلوی بھی پڑھنے کا ایک علیحدہ رنگ رکھتے تھے۔ چنانچہ ہندوستان کا کوئی بھی مشاعرہ ایسا نہ ہوتا تھا جہاں صابر صاحب کو بار بار نہ بلایا جاتا۔ جگر اور جوش سے ان کی دوستی ... تھی ... پچھلے دنوں جوش صاحب مظفر گڑھ کے مشاعرے میں آئے تو ایک دن کے لیے انھوں نے ملتان میں بھی قیام فرمایا۔ ملتان پہنچتے ہی جوش صاحب نے سب سے پہلے جو بات کی وہ یہ تھی کہ صابر سے ملنا ہے کسی صاحب نے اس کا ... صابر کی طبیعت میں بے پناہ ... لاابالی پن تھا۔ دو سال قبل ان پر دل کا دورہ پڑا تھا۔ علاج میں بے قاعدگی اور بے احتیاطی کے باعث مرض پیچیدگی ہی اختیار کرتا چلا گیا۔ اور آخر کار پھیپھڑے بھی مرض سے متاثر ہو گئے۔ یہ معلوم ہونے کے بعد بھی کہ پھیپھڑے زخمی ہو چکے ہیں انھوں نے توجہ سے علاج کرانے کی ضرورت نہیں سمجھی۔ بڑی مشکل سے پچھلے دنوں انھیں نشتر ہسپتال کے ایک پرائیویٹ وارڈ میں داخل کرایا گیا۔ ۱۰ مارچ کی رات تک وہ بالکل بھلے چنگے دکھائی دیتے تھے یہاں تک کہ وہ پوتے پوتیوں سے پیار محبت اور ان کے روشن مستقبل کی باتیں کرتے رہے۔ انھوں نے اپنی آخری غزل اپنے پوتے کو قلم سے لکھ کر دی اور رات گئے انھیں پیار محبت سے رخصت کیا۔ اس سے پہلے ان کے دوست ماہر القادری ہسپتال میں ان سے ملاقات کرنے آئے تو انھوں نے ماہر سے کہا "دوست گھبراؤ نہیں کچھ عرصے تک میں بالکل ٹھیک ہو جاؤں گا آئندہ چھ ماہ بعد میں نے کراچی منتقل ہونے کا مستقل ارادہ کر لیا ہے۔ جوش بھی وہیں ہیں۔ بس پھر زندگی کے باقی دن تمھاری رفاقت میں گزاروں گا۔"

ماہر نے مستقبل کا پروگرام طے کیا اور عہد و پیمان کے بعد بے فکر ہو کر کراچی چلا گیا۔ اُسے کیا معلوم کہ صابر کراچی کی بجائے جلد ہی آخرت کے سفر پر روانہ ہو جائے گا اور ہمیشہ کے لیے داغ مفارقت دے جائے گا۔

۱۰ اور ۱۱ مارچ کی درمیانی رات کا ذکر ہے کوئی ڈیڑھ بجے کا عمل تھا جب صابر کو خون کی قے ہوئی۔ قے کے فوراً بعد اُن کی طبیعت زیادہ خراب ہو گئی وہ بستر سے اُٹھے اور کمرے سے باہر نکل کر اپنے معالج کے گھر کی طرف روانہ ہوئے راستہ میں ہی ان پر دل کا دورہ پڑا اور وہ دل کو پکڑ کر بیٹھ گئے اور ایسے بیٹھے کہ پھر نہ اُٹھ سکے یہیں وہ زندگی کے لیے آخری جد و جہد کرتے ہوئے موت کے ہاتھوں شکست کھا گئے۔

ان کا پورا نام محمد اسحٰق خاں تھا صابر تخلص کرتے تھے۔ ۱۹۰۲ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ والد کا نام شبیر محمد خاں تھا جو دہلی کے نواح میں قصبہ امر پور کے رئیس تھے۔ صابر نے ابتدائی تعلیم دہلی میں ہی حاصل کی اور پندرہ برس کی عمر میں شعر گوئی کا آغاز کیا۔ ان کی شاعری کی ابتدا کے وقت ہندوستان میں جگر کا طوطی بول رہا تھا۔ صابر صاحب نے بھی غزل ہی کی صنف سخن کو اپنے لیے وسیلۂ اظہار بنایا۔ ابتدا میں داغ دہلوی کے داماد اور جانشین نواب سائل دہلوی کے ... ہوئے۔ بعد میں بیخود دہلوی سے استفادہ کیا ... کوئی ...

... کے ساتھ ساتھ ترنم کی لطیف دولت سے بھی مالا مال تھے ۱۹۴۰ء تک اُن کی شہرت صرف دہلی کے ادبا و شعرا تک محدود تھی۔ اسی سال راجہ نریندر ناتھ نے لاہور میں ایک مشاعرے کا اہتمام کیا تو صابر پہلی مرتبہ مشاعرے میں شرکت کے لیے لاہور آئے۔ یہیں سے ... مقبول انھیں ... لاہور کے مشاعرے میں ... اس کے بعد اُن کی شہرت پورے برصغیر میں پھیل گئی اور اُن کا شمار ... کے مشاعروں میں ہونے لگا جو شعری رفعتوں کے علاوہ مشاعرے کی نزاکتوں پر بھی پورا پورا ... رکھتے تھے ... نے اس قبول خاص و عام ادارے اور اس ... میں اپنی بے ... کے باعث صابر صاحب نے اپنے ... کی اشاعت کی جانب بہت کم توجہ کی ... دوستوں اور ملنے جلنے ... برتنے کے باوجود خطوط کے

ہفت روزہ لیل و نہار لاہور ۲۴ مارچ ۱۹۶۳ء

جوابیدہ میں بہت کم پابندی روا رکھتے۔ یہ عدم پابندی ان کے مزاج کا حصہ بھی تھی۔ وہ طبعاً بڑے لاابالی اور بے نیاز قسم کے آدمی تھے۔ شعر کہنا شعر سننا اور دوستوں کے لیے مجلسیں آراستہ کرنا یہی اُن کی زندگی تھی۔ قیام پاکستان سے قبل ایک دور وہ بھی تھا کہ کل ہند مشاعروں میں اُن کا نام سُن کر لوگ اُمڈے چلے آتے تھے۔ ن۔م۔ راشد اور مسٹر زیڈ اے۔ بخاری جس زمانے میں آل انڈیا ریڈیو کے پروگرام، ایکسچینج اور سٹیشن ڈائریکٹر تھے وہ باقاعدگی سے ریڈیو پروگراموں میں حصہ لیتے رہے۔ قیام پاکستان تک اُن کا قریبی تعلق نواب کرم علیخان آف پہاسو اور نواب محی الدین خان (ریاست ناگپور) سے رہا۔ ان کے خصوصی احباب میں جوش ملیح آبادی، جگر مراد آبادی مرحوم، ڈاکٹر تاثیر مرحوم، ماہر القادری اور کنور مہندر سنگھ بیدی کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔

قیام پاکستان کے بعد وہ ترک وطن کرکے لاہور آئے تو پنپال۔ روڈ پر کتابوں کے ایک کاروبار میں شرکت کی لیکن دنیا سے ناواقفیت کے سبب وہ اسے نبھا نہ سکے۔ اُنہی دنوں ملتان میں ایک کل پاکستان مشاعرے میں شرکت کے لیے آئے اور پھر یہیں کے ہو رہے۔ ملتان میں پاک دروازے کے باہر فیض جھنجھانوی، ماہر القادری، خواجہ محمد شفیع اور صابر دہلوی کے نام ایک فلور مل الاٹ ہو گئی۔ اوّل الذکر تینوں اصحاب ملتان سے چلے گئے لیکن صابر صاحب نے مستقل طور پر ملتان میں سکونت اختیار کر لی۔ بعد میں یہی فلور مل ان کے معاش کی تمام تر ذمہ دار تھی۔ فلور مل سے بظاہر تعلق انتہائی غیر موزوں تھا۔ مگر بعد میں زندگی کے عملی پہلو کے بہت شدت سے قائل ہو گئے شاید یہی سبب تھا کہ آخری دنوں میں حالات کی ناسازگاری کے باوجود اُنھوں نے کبھی ہمت نہ ہاری۔ ملتان آکر وہ اپنے شعری مذاق سے ایک مدت تک غافل رہنے لگے اور آٹے دال کے چکر میں پڑ کر اپنے فن کو تقریباً تقریباً بھلا بیٹھے۔ شعر گوئی کا موقع بہت کم ملتا تھا۔ مشاعروں میں شرکت بھی اُنھوں نے ختم کر دی تھی۔ کبھی کبھار دوستوں کے اصرار پر کسی مشاعرے یا ریڈیو پروگرام میں شرکت کر لیتے تھے ورنہ اپنی ادبی تشنگی بجھانے کے لیے کبھی کبھار شعر کہہ لیتے یا فراغت کا وقت مطالعے میں صرف کرتے۔ اُردو شعرا میں سے وہ غالب کی عظمت کے بہت قائل تھے۔ اُن کے خیال میں غالب کی اہمیت اس لیے بھی ہے کہ وہ ایک عظیم فنکار ہونے کے ساتھ ساتھ ایک عظیم آدمی بھی تھے جو بڑے سے بڑے غم کو ایک طنزیہ ہنسی میں تحلیل کر دیتا ہے۔ صابر صاحب خاندانی شرافت و نجابت اور عالی نسبی کے بھی بہت پاسدار تھے اور مرزا غالب سے لگاؤ میں ان کی نسلی وجاہت کا بھی بڑا دخل تھا۔ صابر صاحب کی غزلوں کا کوئی مجموعہ ابھی تک شائع نہیں ہوا۔ قیام پاکستان سے قبل وہاں کے ایک ادارے نے "شور و نغمہ" کے نام سے ان کا ایک مجموعہ مرتب کیا۔ اس کی کتابت بھی ہو چکی تھی مگر تقسیم کی افراتفری میں سب کچھ خرد برد ہو گیا۔ ملتان آنے کے بعد ان کے صاحبزادوں حنیف صابری اور رفیق صابری نے کچھ غزلیں بامراز جمع کی تھیں۔ جو ان کے پورے کلام کا احاطہ تو نہیں کرتیں مگر ان کے ایک بھرپور تعارف کی حیثیت ضرور رکھتی ہیں۔

۱۹۶۰ء میں اُنھوں نے بمبئی میں 'یوم غالب' کے موقعے پر جگر، جوش کے ہمراہ اور پاکستان میں پچھلے سال 'یوم جگر' کے موقعے پر ٹاؤن ہال ملتان کے آخری مشاعرے میں شرکت کی۔ مرحوم کے پسماندگان میں دو بیوائیں، دو صاحبزادے اور ایک صاحبزادی شامل ہیں۔ وفات سے چند گھنٹے قبل اُنھوں نے اپنے پوتے سے جو غزل لکھائی تھی وہ ان کی نہ صرف آخری غزل ہے بلکہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اُنھیں اپنی موت کا پختہ یقین ہو گیا تھا۔ وہ غزل یہ ہے:

## آخری غزل

عشق کا حسن ہی باقی نہ رہا میرے بعد
کر سکا کوئی نہ تجدید وفا میرے بعد

تم مجھے اپنے ہی ہمراہ نہ کیوں لیتے گئے
یہ مرے کانوں میں آئی تھی صدا میرے بعد

دل کی راہ میں مجھے پھر داد تحمل دینا
جب کسی شخص پہ ہو جاؤ خفا میرے بعد

مسکراہٹ میں بھی غصے کی ادا ہوتی ہے
کون سمجھے گا تری طرز جفا میرے بعد

اُف یہ ناقدری ارباب وفا کا عالم
ان کا انداز تغافل نہ رہا میرے بعد

تم یہ اک بات مرے کہنے سے گرہ کر لو
ختم ہو جائے گا معیار وفا میرے بعد

اپنے صابر سا وفا دوست کہاں سے لاؤں
اس نے لوگوں سے یہ رو رو کے کہا میرے بعد

---

امروز ۱۲ مارچ ۱۹۶۳ء



# اردو کے ممتاز غزل گو صابر دہلوی وفات پا گئے

[illegible]

ملتان ۱۱ مارچ۔ برصغیر پاک و ہند کے ممتاز غزل گو شاعر اور جگر، جوش اور ماہر القادری کے ذاتی دوست جناب صابر دہلوی گزشتہ رات دو بجے موت کے ہاتھوں شکست کھا گئے۔ [illegible]

دو سال قبل پہلی مرتبہ صابر صاحب پر دل کا شدید دورہ پڑا تھا اور جب سے وہ [illegible] تھے۔ بعد میں مرض اس قدر بڑھا کہ وہ [illegible] کے ساتھ ہی تپدق کے موذی مرض میں مبتلا ہو گئے۔ چند روز پہلے بیگم فیضان کے اصرار پر انہوں نے نشتر ہسپتال کے شعبہ تپدق کے ایک پرائیویٹ وارڈ میں داخلہ لیا تھا اور ڈاکٹر الیس داؤ بخاری کے زیر علاج تھے۔ تین روز پہلے ہی ان کے بے تکلف دوست ماہر القادری نے ہسپتال میں ان سے ملاقات کی تھی۔ صابر صاحب نے ماہر سے عہد و پیمان کیا کہ آئندہ چھ ماہ بعد وہ کراچی منتقل ہو جائیں گے اور کراچی میں دونوں مل کر زندگی کے باقی دن آرام سے گزاریں گے۔ لیکن کسے معلوم تھا کہ یہ دو دوستوں کی آخری ملاقات تھی اور اس کے بعد صابر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے داغ مفارقت دے جائیں گے۔ ۱۰، ۱۱ مارچ کی درمیانی شب میں صابر صاحب [illegible]

رات کے پہلے حصے میں [illegible] پوتیوں کو پیار کیا۔ سونے سے پہلے انہوں نے اپنی آخری غزل مکمل کر دی اور رخصت ہو گیا۔ رات ڈیڑھ بجے کے قریب انہیں کھانسی کی تکلیف ہوئی جس کے بعد طبیعت [illegible] وہ اسی عالم میں بستر سے اٹھ کر کمرے سے باہر آئے اور ڈاکٹر کے کمرے کی طرف چلے لیکن راستے میں ہی نڈھال ہو کر بیٹھ گئے اور ایسے بیٹھے کہ پھر نہ اٹھ سکے۔ انتقال کے وقت مرحوم کی عمر ۶۰ سال تھی۔ آج رات ۸ بجے خورشید کالونی سے متصل قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا۔

مرحوم کے پسماندگان میں دو صاحبزادے حنیف صابری اور رفیق صابری، ایک صاحبزادی اور تین پوتے شامل ہیں۔

تعزیتی پیغام:۔ صابر دہلوی کی وفات پر ملتان کے علمی ادبی اور ثقافتی حلقوں نے شدید رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ آرٹس کونسل ملتان کے سیکرٹری مسٹر عرش صدیقی نے ایک پیغام میں کہا ہے کہ صابر دہلوی کی موت سے ہم نہ صرف ایک ساتھی سے محروم ہو گئے ہیں بلکہ اردو کا ایک اچھا غزل گو بھی ہم سے چھن گیا ہے۔ ادارہ فکر و فن کے سیکرٹری مسٹر ایم اے شمشاد اور بزم ثقافت کے سیکرٹری مسٹر ریاض انور نے بھی تعزیتی پیغامات میں شدید رنج و الم کا اظہار کیا ہے۔ بزم فروغ اردو کے اجلاس میں بھی ایک تعزیتی قرارداد منظور کی گئی۔

# اشاریہ

*

# کتابیات

## قلمی نسخے


انوار انجم' بیاض' "کھوئے ہوؤں کی جستجو" تحویل سائرہ بانو العروف انوری بیگم (امریکہ)

انوار انجم' (ڈائری) تحویل نصیر فاطمہ (کراچی)

صابر دہلوی' بیاض اول (تحویل مقالہ نگار عذرا بتول برائے تدوین)

صابر دہلوی' بیاض دوم ..................ایضاً"...........

صابر دہلوی' بیاض سوم ..................ایضاً"...........

صابر دہلوی' متفرق کاغذات' تحویل بشیری بیگم (لاہور)

عزیز حاصل پوری "بیاض قطعات تحویل محمد مختار علی ملتان


## کتب


| | | |
|---|---|---|
| ارشد حسین ارشد (مرتب) | ملتان قدیم و جدید | بزم ترقی ادب ملتان ۱۹۶۸ء |
| اشرف صبوحی دہلوی | دلی کی چند عجیب ہستیاں | آفتاب عالم پریس' مکتبہ صبوحی واٹر ورکس روڈ لاہور طبع اول |
| انوار انجم | شاخِ نہالِ غم | الحمراء اکیڈمی لاہور طبع اول اپریل ۱۹۷۳ء |
| برق اجمیری | افکارِ برق | ذیشان اکیڈمی ایجوکیشنل پریس کراچی طبع اول ۱۹۹۲ء |
| تابش دہلوی | دید باز دید | حیات اکیڈمی کراچی طبع اول ۱۹۹۰ء |
| ثریا بانو ہاشمی | صرف خواب میرے ہیں | ایجوکیشن پریس کراچی طبع اول ۱۹۹۶ء |
| جگر مراد آبادی | شعلۂ طور | مکتبہ شعر و ادب لاہور طبع اول |
| جگر مراد آبادی | آتشِ گل | مکتبہ اردو ادب لاہور جنوری ۱۹۷۸ء |
| جمیل الدین عالی | غزلیں' دوہے' گیت | مکتبہ اسلوب کراچی طبع اول ۱۹۸۵ء |
| خلیق انجم (مرتب) | غالب کی نادر تحریریں | مکتبہ شاہراہ دہلی فروری ۱۹۶۱ء |
| سحر' کنور مہندر سنگھ بیدی | کلیاتِ سحر | مہران رائٹرز گلڈ کراچی طبع اول ۱۹۹۲ء |
| شہاب دہلوی' مسعود حسن | وادی جمنا سے وادی ہاکڑہ تک | مکتبہ الہام بہاولپور طبع اول ۱۹۸۷ء |
| شاہد احمد دہلوی | اجڑا دیار | مکتبہ دانیال ۳۱۶ محبوب چیمبرز صدر کراچی طبع اول نومبر ۱۹۶۷ء |
| طالب ہاشمی (مرتب) | یادِ رفتگاں | البدر پبلیکیشنز' راحت مارکیٹ اردو بازار کراچی طبع اول |
| طاہر تونسوی' ڈاکٹر | ملتان میں اردو شاعری | سنگ میل پبلیکیشنز لاہور طبع اول ۱۹۸۴ء |
| ظہیر کاشمری (مرتب) | شعری ادب | نیا ادارہ لاہور ۱۹۴۹ء |
| عابد علی عابد | اصولِ انتقاد ادبیات | مجلس ترقی ادب ۲۔ کلب روڈ لاہور طبع دوم مئی ۱۹۶۶ء |
| عاصی کرنالی | چراغ نظر | ایجوکیشنل پریس کراچی طبع اول ۱۹۹۲ء |

عاصی کرنالی — تمام و نا تمام — ایجوکیشنل پریس کراچی طبع اول ۱۹۹۴ء

عبدالرحمن، منشی (مؤلف) — تاریخ ملتان ذیشان — عالمی ادارہ اشاعت علوم اسلامیہ ملتان ۱۹۸۵ء

عبدالرحمن، منشی — بہارِ رفتہ — جاوید اکیڈمی پبلیک ملتان طبع اول یکم مئی ۱۹۷۵ء

عبدالرشید عصیم — تذکرہ تلامذہ شاہ حاتم دہلوی — بیکن بکس ملتان طبع اول ستمبر ۱۹۹۴ء

عشرت رحمانی (مرتب) — اردو ادب کے آٹھ سال — کتاب منزل لاہور ۱۹۵۶ء

عنوان چشتی، ڈاکٹر — دہلی میں اردو غزل — اردو اکادمی دہلی طبع اول ۱۹۹۲ء

ماہر القادری — کلیاتِ ماہر — مرتبہ ڈاکٹر عبدالغنی فاروق، القمر انٹر پرائزز لاہور طبع اول جولائی ۱۹۹۴ء

مرتضیٰ اشعر (مرتب) — م محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم — بزم فکر نو ملتان طبع اول ۱۹۹۳ء

ملا واحدی، — میرے زمانے کی دلی — گلڈ انجمن کتاب گھر ۳ صدر کواپریٹو مارکیٹ وکٹوریہ کراچی طبع دوم ۱۹۵۸ء

نظیر حسنین زیدی، ڈاکٹر — شخصیات و مباحث — مکتبہ مسعود کراچی طبع اول ۱۹۸۳ء

نور الحسن ہاشمی، ڈاکٹر — دلی کا دبستان شاعری — اردو اکادمی سندھ کراچی ۱۹۸۹ء


## اخبارات


روزنامہ ”امروز“ ملتان، ۱۲ مارچ ۱۹۶۳ء

روز نامہ ”امروز“ ملتان، ۲۰ نومبر ۱۹۷۰ء

روز نامہ ”انڈین ایکسپریس“ دہلی، ۳۱ مئی ۱۹۵۶ء

ہفت روزہ ”لیل و نہار“ لاہور، ۲۴ مارچ ۱۹۶۳ء

ہفت روزہ ”انصاری“ ۱۳ جولائی ۱۹۴۴ء


## ادبی مجلّے


اردو نامہ (سہ ماہی) کراچی، جولائی تا ستمبر ۱۹۶۳ء

فاران، کراچی، ماہر القادری نمبر، شمارہ ۹ جلد ۳۰ ۱۹۷۸ء

نخلستان ملتان ایمرسن کالج میگزین جون ۱۹۶۱ء

نگار، کراچی، ”تذکروں کا تذکرہ نمبر“ سالنامہ مئی جون ۱۹۶۴ء

نقوش، لاہور، ”عصری ادب نمبر“ شمارہ نمبر ۱۲۹ ستمبر ۱۹۸۲ء

نقوش (غزل نمبر) ادارہ فروغ اردو لاہور طبع چہارم اکتوبر ۱۹۸۵ء

نور و نار لاہور شمارہ دسمبر ۱۹۶۸ء

## تحقیقی مقالات

رب نواز مونس "جمیل الدین عالی کی شاعری" تحقیقی مقالہ برائے ایم-اے- اردو' بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان ۱۹۸۹ء

عارفہ بخاری "انوار انجم شخصیت و فن" تحقیقی مقالہ برائے ایم- اے- اردو بہاء الدین زکریا یونیورسٹی ملتان ۱۹۸۰ء

فضل عباس شوذب کاظمی "انوار انجم احوال و آثار" تحقیقی مقالہ برائے ایم فل اردو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد ۱۹۹۳ء

## مراسلے

انوار انجم بنام حنیف اللہ (حکیم)' مرقومہ ۸ مارچ ۱۹۶۷ء

انوار انجم بنام صابر دہلوی' مرقومہ ۱۵ اگست ۱۹۶۲ء

تابش دہلوی بنام مقالہ نگار عذرا بتول مرقومہ ۸ اگست ۱۹۹۵ء

جمیل الدین عالی بنام عارفہ بخاری مرقومہ ۱۶ اکتوبر ۱۹۸۰ء



جمیل دہلوی بنام عارفہ بخاری مرقومہ ۳ ستمبر ۱۹۸۰ء

حنیف صابری بنام انوار انجم مرقومہ یکم اپریل ۱۹۶۸ء

حنیف صابری بنام مختار حسین تاریخ مرقوم نا معلوم

حنیف صابری بنام معراج دین' عبدالحمید' محمد ظفر و محمد اسلم ۲۵ جون ۱۹۶۸ء

عابد صدیق' پروفیسر بنام مقالہ نگار عذرا بتول مرقومہ ۲ ستمبر ۱۹۹۵ء

ماہر القادری بنام عاصی کرنالی مرقومہ ۱۲ جولائی ۱۹۶۳ء

معتمد اردو اکادمی (فیاض تحسین) ملتان بنام ایڈیٹر انڈین نیوز ایجنسی آل انڈیا ریڈیو دہلی مرقومہ ۲۰ مئی ۱۹۶۹ء

نصیر فاطمہ بنام مقالہ نگار عذرا بتول ۲۲ ستمبر ۱۹۹۵ء' ۲۹ ستمبر ۱۹۹۵ء

## رابطے (انٹرویوز اور ملاقاتیں)

ارشد ملتانی (ملتان) اسلم انصاری' پروفیسر (ملتان) افتخار حسین شاہ' پروفیسر (ملتان) اقبال ارشد' اقبال تاشی' اقبال ساغر صدیقی اقبال فیضان (ملتان) امین اصغر ایڈووکیٹ (لاہور) انوار احمد' ڈاکٹر (ملتان) انوار زاہدی (لاہور) ایاز صدیقی (ملتان) بشری بیگم (لاہور) ثمر بانو ہاشمی (ملتان) حزیں صدیقی' مرحوم (ملتان) حسین سحر' پروفیسر (ملتان) رشید احمد گوریجہ' ڈاکٹر (جڑانوالہ) زرفشاں جبیں سائرہ بانو (ملتان) سید سلطان احمد (ملتان) طاہر تونسوی' ڈاکٹر (ملتان) عابد صدیق' پروفیسر (بہاولپور) عابد عمیق' پروفیسر (ملتان) عاصی کرنالی' پروفیسر (ملتان) عبدالحکیم خان (ملتان) عبدالسعید' پیرزادہ (ملتان) عذرا تبسم (کراچی) عرش صدیقی' ڈاکٹر (ملتان) عطا اللہ شاہ (لاہور) کفیل بخاری (ملتان) گل فشاں جبیں (ملتان) محمد بشیر (ملتان) مذاق العیشی (ملتان) مغیث اے شیخ (ملتان) نادرہ زیدی (لاہور) نصیر ہمایوں (ملتان)